# آپ کے مسائل

## اور اُن کا حل



جلد ہشتم

پردہ، اخلاقیات، رسومات، معاملات، سیاست، تعلیم اور وظائف، جائز و ناجائز، جہاد اور شہید کے احکام

حضرت مولانا
محمد یوسف لدھیانوی
شہید

# آپ کے مسائل

اور

# اُن کا حل

جلد، ہشتم

مولانا محمد یوسف لدھیانوی

مکتبہ لدھیانوی

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں!

حکومت پاکستان کاپی رائٹس رجسٹریشن نمبر ۱۱۷۲۳

قانونی مشیر اعزازی : --------- حشمت علی حبیب ایڈووکیٹ

اشاعت : ---------------- اگست ۱۹۹۹ء

قیمت : ------------------

ناشر: ---------------- مکتبہ لدھیانوی

18- سلام کتب مارکیٹ، بنوری ٹاؤن کراچی

برائے رابطہ: -------------- جامع مسجد باب رحمت

پرانی نمائش ایم اے جناح روڈ، کراچی

فون:7780337-7780340

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# پیش لفظ

## الحمد للہ وسلام علی عبادہ الذین اصطفٰی

**اما بعد**

مرشد العلماء حضرت اقدس حکیم العصر مولانا محمد یوسف لدھیانوی کے فقہی شاہکار "آپ کے مسائل اور ان کا حل" کی آٹھویں جلد زیور طباعت سے آراستہ ہو کر آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ حسب سابق یہ ان مسائل کا مجموعہ ہے جو گزشتہ ۱۹ سال سے جنگ کراچی اور لندن کے اسلامی صفحہ کے ذریعے لاکھوں قارئین، ہزاروں علماء کرام کی نگاہوں سے گزرا گویا ایک طرح سے نقادوں کی نگاہوں سے چھلنی ہو کر اس کے بعد حضرت اقدس کی نظر ثانی کے مراحل سے گزر کر کتابی شکل میں آپ کے سامنے آتا ہے۔ اس کے باوجود حضرت اقدس کی احتیاط کے پہلو کا اندازہ اس سے لگائیے کہ کتاب کی ابتدا میں تحریر کر دیا کہ :

"بندہ نے یہ مسائل قرآن وسنت اور اکابر علماء کرام کی آراء کی روشنی میں تحریر کئے ہیں اس میں اگر میری تحقیق علماء کے خلاف پاویں یا مجھ سے کچھ فروگذاشت دیکھیں تو مطلع کریں، بندہ رجوع کرنے میں کسی طرح بھی تأمل نہ کرے گا۔"

الحمد للہ حضرت اقدس کے اس تواضع اور احتیاط کی برکت ہے کہ اب تک لاکھوں مسائل آپ کے قرطاس ابیض میں منتقل ہو چکے ہیں لیکن اکّا دکّا مسئلے کے علاوہ کبھی رجوع کی ضرورت نہیں پڑی۔ یہ خالص اللہ تعالیٰ کا فضل وکرم اور حضرت اقدس کے مشائخ اربعہ حضرت شیخ الحدیث مولانا زکریاؒ، حضرت اقدس محدث العصر علامہ محمد یوسف بنوری نور اللہ مرقدہ، حضرت اقدس مولانا خیر محمد صاحب جالندھریؒ، حضرت اقدس عارف باللہ ڈاکٹر عبدالحئی عارفیؒ کے فیض صحبت اور مفتی اعظم پاکستان مفتی ولی حسن ٹونکیؒ، امام اہلسنت جانشین حضرت بنوری مولانا مفتی احمد الرحمٰنؒ، عاشق حرمین شریفین حضرت اقدس مولانا محمد ادریس میرٹھیؒ کے اعتماد کا مظہر اور ثمرہ ہے۔

﴿ذالک فضل اللہ یوتیہ من یشاء ﴾

مسائل کے سلسلے میں اعتماد کی وجہ سے حضرت اقدس کی زبانی بارہا سنا، فرماتے ہیں :

"میں اپنی تحریروں اور مسائل کے سلسلے میں کبھی اپنی رائے پر اعتماد نہیں کرتا۔ بلکہ اکابر علماء کرام کے فیوض و برکات کو اپنے الفاظ کے قالب میں ڈھال لیتا ہوں۔ فلسفہ اور فکر میرے اکابر کی ہے۔ الفاظ میرے ہیں۔ اگر کبھی تحقیق کے زعم میں اپنی کوئی رائے قائم بھی ہو جائے اور دماغ میں وسوسہ آجائے کہ میری رائے ارفع ہے تو فوراً یہ کہہ کر جھٹک دیتا ہوں کہ ان اکابر کے سامنے تیری رائے کی کیا حقیقت ہے۔ میری تحریروں میں اکابر کے علم کے سوا کچھ نہیں ملے گا۔ یہی وجہ ہے کہ کبھی اپنے علم پر ناز نہیں رہا بلکہ اپنے علم کو ان بزرگوں کی جوتیوں کا صدقہ گردانا۔"

جیسا کہ آپ کے علم میں ہے کہ جنگ اخبار میں تو موضوعات کی ترتیب ممکن نہیں بلکہ پہلے سوال پہلے جواب کی بنیاد پر مسائل شائع ہوتے ہیں اس لئے ایک ہی دن فقہی لحاظ سے کئی موضوعات پر مشتمل مسائل طبع ہو جاتے ہیں نہ کتابی شکل کیلئے فقہی ترتیب کا خیال رکھا گیا ہے اور گزشتہ ساتوں جلدیں فقہی ترتیب کے مطابق شائع ہوئی ہیں اسی لحاظ سے اس آٹھویں جلد میں بھی اسی ترتیب کا خیال رکھا گیا ہے۔ پردے کے مسائل سے کتاب کا آغاز ہے پردے کے مختلف عنوانات کے لحاظ سے ایک سو تین سوال اس باب میں جمع کئے گئے ہیں۔ اخلاقیات کے باب میں ۳۲ مسائل، رسومات کے باب میں ۲۹ مسائل، معاملات کے باب میں ۳۵ اس کے علاوہ سیاست، تعلیم، اوراد و وظائف، جہاد اور شہید کے احکام، مختلف جائز اور ناجائز امور اور بعض متفرق مسائل سے اگلے صفحات کو مزین کیا گیا ہے۔

اس کتاب کی تدوین کے سلسلے میں حضرت مولانا سعید احمد جلالپوری، ڈاکٹر شہیر الدین، مولانا نعیم امجد سلیمی، مولانا عبدالشکور اور برادرم عبداللطیف طاہر، محمد اطہر عظیم مولانا محمد طیب لدھیانوی، وسیم غزالی کا شکریہ ادا نہ کرنا ناانصافی ہوگی۔ امید ہے کہ یہ کتاب جنگ کے بانی میر خلیل الرحمٰن کیلئے صدقہ جاریہ اور محترم جناب میر جاوید الرحمٰن اور میر شکیل الرحمٰن کیلئے اس دنیا میں نافع ہوگی۔ اللہ تعالیٰ ان تمام حضرات کو اپنی طرف سے بدلہ عطا فرمائے اور مرشدی حضرت اقدس زید مجدہم کو صحت و عافیت کے ساتھ ان کی اس خدمت کو شرف قبولیت عطا فرمائے۔ برادرم عتیق الرحمٰن مکتبہ لدھیانوی کی وساطت سے آپ کے سامنے پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔

محمد جمیل خان

خاکپائے حضرت اقدس مولانا محمد یوسف لدھیانوی

# فہرست مضامین

## پردہ


پردے کا صحیح مفہوم .......... ۲۵
کیا صرف برقعہ پہن لینا کافی ہے یا کہ دل میں شرم وحیا بھی ہو .......... ۲۶
بغیر پردہ عورتوں کا سرعام گھومنا .......... ۳۲
نامحرموں سے پردہ .......... ۳۲
عورت کو پردہ میں کن کن اعضاء کا چھپانا ضروری ہے .......... ۳۳
عورت کو مرد کے شانہ بشانہ کام کرنا .......... ۳۶
کیا پردہ ضروری ہے یا نظریں نیچی رکھنا ہی کافی ہے .......... ۳۶
بہنوئی وغیرہ سے کتنا پردہ کیا جائے .......... ۳۷
چہرہ چھپانا پردہ ہے تو حج پر کیوں نہیں کیا جاتا .......... ۳۷
پردہ کے لئے موٹی چادر بہتر ہے یا مروجہ برقعہ .......... ۳۸
کیا دیہات میں بھی پردہ ضروری ہے .......... ۳۸
کیا چہرے کا پردہ بھی ضروری ہے .......... ۳۸
کسی کا عمل حجت نہیں شرعی حکم حجت ہے .......... ۳۹
سفر میں راستہ دیکھنے کے لئے نقاب لگانا .......... ۳۹
نیکر پہن کر اکٹھے نہانا .......... ۴۰
عورت اور پردہ .......... ۴۰
مرد کا ننگے سر پھرنا انسانی مروت وشرافت کے خلاف ہے اور عورت ..
کیلئے گناہ کبیرہ ہے .......... ۴۷
نابالغ بچی کو پیار کرنا .......... ۴۸
ٹی وی کے تفہیم دین پروگرام میں عورت کا غیر محرم مرد کے سامنے ....
بیٹھنا .......... ۴۸

کیا غیر مسلم عورت سے پردہ کرنا چاہئے ........ ۴۸
عورتوں کا نیوی میں بھرتی ہونا شرعاً کیسا ہے ........ ۴۹
بالغ لڑکی کو پردہ کرانا ماں' باپ کی ذمہ داری ہے ........ ۴۹
عورتوں کو گھر میں ننگے سر بیٹھنا کیسا ہے ........ ۴۹
کیا بیوی کو نیم عریاں لباس سے منع کرنا اس کی دل شکنی ہے ........ ۵۰
فتنے کا اندیشہ نہ ہو تو بھائی' بہن گلے مل سکتے ہیں ........ ۵۰
عورت کی آواز بھی شرعاً ستر ہے ........ ۵۰
غیر محرم عورت کی میت دیکھنا اور اس کی تصویر کھینچنا جائز نہیں ........ ۵۱
لیڈی ڈاکٹر سے بچہ کا ختنہ کروانا ........ ۵۱
خالہ زاد یا چچا زاد بھائی سے ہاتھ ملانا اور اس کے سینے پر سر رکھنا ..... ۵۱
سگی چچی جس سے نکاح جائز ہو اس سے پردہ ضروری ہے ........ ۵۲
بغرض علاج اعضا مستورہ کو دیکھنا اور چھونا شرعاً کیسا ہے ........ ۵۲
ادھیڑ عمر عورت کو اپنے سامنے جوان ہونے والے سے پردہ کرنا ..... ۵۵
برقعہ کے لئے ہر رنگ کا کپڑا جائز ہے ........ ۵۵
بے پردگی اور غیر اسلامی طرز زندگی پر قہر الٰہی کا اندیشہ ........ ۵٦
نامحرم جوان مرد و عورت کا ایک دوسرے کو سلام کہنا ........ ۵۸
دیور اور جیٹھ سے پردہ ضروری ہے اس معاملے میں والدین کی بات نہ
مانی جائے ........ ۵۸
بے پردگی کی شرط لگانے والی یونیورسٹی میں پڑھنا ........ ۵۹
شادی سے قبل لڑکی کو دیکھنا اور اس سے باتیں کرنا شرعاً کیسا ہے ........ ٦۰
اگر فتنے کا اندیشہ نہ ہو تو عورت چہرہ کھول سکتی ہے ........ ٦۰
شوہر کے مجبور کرنے پر اس کے بھائیوں اور بہنوئیوں سے پردہ نہ کرنا ٦۱
سگے بھائی سے پردہ نہیں ........ ٦۲
منہ بولے بھائی سے بھی پردہ ضروری ہے ........ ٦۲

منہ بولے بیٹے سے بھی پردہ ضروری ہے .................. ۶۲
ساتھ رہنے والے نامحرم سے بھی جوان ہونے کے بعد پردہ لازم ہے .. ۶۳
منگیتر سمیت عورت کو تمام غیر محرم افراد سے پردہ ضروری ہے ........ ۶۳
عورت کو کن کن اعضاء کا چھپانا ضروری ہے .................. ۶۴
عورت کو مرد ڈاکٹر سے پوشیدہ جگہوں کا علاج کروانا .................. ۶۴
کیا بیمار مرد کی تیمار داری عورت کر سکتی ہے .................. ۶۵
لیڈی ڈاکٹر کو ہسپتال میں کتنا پردہ کرنا چاہئے .................. ۶۶
برقعہ یا چادر میں صرف آنکھیں کھلی رکھنا جائز ہے .................. ۶۶
نامحرم عورت کا سر یا بازو دیکھنا جائز نہیں .................. ۶۷
عورت اپنے محرم کے سامنے کتنا جسم کھلا رکھ سکتی ہے .................. ۶۷
نامحرم عورت کو قصداً دیکھنا .................. ۶۷
گاؤں میں پردہ نہ کرنے والی بیوی کو کس طرح سمجھائیں .................. ۶۷
لڑکوں کا عورت لیکچرار سے تعلیم حاصل کرنا .................. ۶۸
عورت کا آفس میں بے پردہ کام کرنا .................. ۶۹
ازواج مطہرات پر حجاب کی حیثیت 'قرآن سے پردہ کا ثبوت ........ ۶۹
سفر حج میں بھی عورتوں کے لئے پردہ ضروری ہے .................. ۶۹
بہنوئی سے بھی پردہ ضروری ہے چاہے اس نے بیٹی کی طرح پالا ہو ..... ۷۱
منہ بولا باپ' بھائی' بیٹا اجنبی ہیں شرعاً ان سے پردہ لازم ہے ........ ۷۲
کیا پردہ صرف آنکھوں کا ہوتا ہے یا برقعہ اور چادر بھی ضروری ہے ..... ۷۵
سن رسیدہ خواتین کے لئے پردے کا حکم .................. ۷۵
کیا شادی میں عورتوں کے لئے پردے میں کوئی تخفیف ہے .......... ۷۶
پردے کی حدود کیا ہیں .................. ۷۶
کن لوگوں سے اور کتنا پردہ ضروری ہے .................. ۷۷
گھر سے باہر پردہ نہ کرنے والی خواتین گھر میں رشتہ داروں سے کیوں ..

پردہ کرتی ہیں ............ ٧٧
بھائیوں سے پردہ کتنا ضروری ہے ............ ٧٨
نرس کے لئے مرد کی تیمارداری ............ ٧٩
بھابھی سے پردہ کی حد ............ ٧٩
بھتیجی اور بھانجی کے شوہر سے پردہ ہے ............ ٨٠
جیٹھ کے داماد سے بھی پردہ ضروری ہے ............ ٨٠
پردہ کے لئے کون سی چیز بہتر ہے برقعہ یا چادر ............ ٨١
عورت کا مردوں کو خطاب کرنا نیز عورت سے گفتگو کس طرح کی جائے . ٨١
پردہ کے مخالف والدین کی اطاعت نیز بہنوئیوں سے پردہ ............ ٨٢
پردہ سے متعلق چند سوالات کے جوابات ............ ٨٣
دیور موت ہے کا مطلب ............ ٨٦
شوہر کے کہنے پر پردہ چھوڑنا ............ ٨٦
شرعی پردہ سے منع کرنے والے مرد سے شادی کرنا ............ ٨٧
پردہ پر آمادہ نہ ہونے والی عورت کی سزا ............ ٨٧
پیر سے بغیر پردہ کے عورت کا ملنا جائز نہیں ............ ٨٨
چہرہ' ہاتھ' پاؤں کیا پردے میں داخل ہیں ............ ٨٨
بیٹی کے انتقال کے بعد اس کے شوہر (داماد) سے بھی پردہ ہے ............ ٨٨
غیر محرم رشتہ داروں سے کتنا پردہ ہے ............ ٨٩
اجنبی عورت کو بطور سیکرٹری رکھنا ............ ٩٠
لڑکیوں کا بے پردہ مردوں سے تعلیم حاصل کرنا ............ ٩٠
عمر رسیدہ عورت کا بے پردہ بچوں کو پڑھانا ............ ٩١
بغیر دوپٹہ کے عورت کا کالج میں پڑھانا اور دفتر میں کام کرنا ............ ٩١
عورت بازار جائے تو کتنا پردہ کرے ............ ٩٢
بے پردگی والی جگہ پر عورت کا جانا جائز نہیں ............ ٩٣

گھر میں نوجوان ملازم سے پردہ کرنا ضروری ہے ........ ۹۳
عورتوں کو تبلیغ کے لئے پردہ اسکرین پر آنا ........ ۹۳
کیا عورت کھیلوں میں حصہ لے سکتی ہے نیز عورت کا جج بننا ........ ۹۴
عورت کے چہرہ کا پردہ ........ ۹۵
عورت کی کلائی پردہ میں شامل ہے ........ ۹۶
بہنوئی سے بھی پردہ ضروری ہے ........ ۹۶
رشتہ دار نامحرموں سے بھی پردہ ضروری ہے ........ ۹۶
بے پردگی سے معاشرتی پیچیدگیاں پیدا ہو رہی ہیں نہ کہ پردے سے .... ۹۷
کیا گھر کی کھڑکیاں اور دروازے بند رکھنا ضروری ہے ........ ۹۹
دودھ شریک بھائی سے پردہ کرنا ........ ۱۰۰

## اخلاقیات

نصیحت کرنے کے آداب ........ ۱۰۱
جوان مرد اور عورت کا ایک بستر پر لیٹنا ........ ۱۰۱
غصہ میں گالیاں دینا شرعاً کیسا ہے ........ ۱۰۲
سور کی گالی دینا ........ ۱۰۴
انسان کا شکریہ ادا کرنے کا طریقہ ........ ۱۰۴
بد اخلاق نمازی اور با اخلاق بے نمازی میں سے کون بہتر ہے ........ ۱۰۴
منافق کی تین نشانیاں ........ ۱۰۵
کسی کے بارے میں شک وبدگمانی کرنا ........ ۱۰۶
غیبت کی سزا ........ ۱۰۷
غیبت کرنا، مذاق اڑانا، اور تحقیر کرنا گناہ کبیرہ ہے ........ ۱۰۷
کسی کے شر سے لوگوں کو بچانے کے لئے غیبت کرنا ........ ۱۰۸
وٹو والے بورڈ والی کمپنی کے خلاف تقریر کرنا غیبت نہیں ........ ۱۰۹

جب کسی کی غیبت ہوجائے تو کیا کیا جائے ........ ۱۰۹
تکبر کیا ہے ........ ۱۱۰
قبلہ کی طرف پاؤں کرکے لیٹنا ........ ۱۱۱
کیا قبلہ کی طرف پاؤں کرنے والے کو قتل کرنا واجب ہے ........ ۱۱۱
لوگوں کی ایذا کا باعث بننا شرعاً جائز نہیں ........ ۱۱۱
کیا قاتل کی توبہ بھی قبول ہوجاتی ہے ........ ۱۱۲
آپ کا عمل قابل مبارک ہے ........ ۱۱۴
گھر میں عورتوں کے سامنے استنجا خشک کرنا ........ ۱۱۴
دیار غیر میں رہنے والے کس طرح رہیں ........ ۱۱۵
معصوم بچوں کی دل جوئی کے لئے بسکٹ بانٹنا ........ ۱۱۸
بچپن میں لوگوں کی چیزیں لے لینے کی معافی کس طرح ہو ........ ۱۱۸
لوگوں کا راستہ بند کرنا اور مسلمانوں سے نفرت کرنا شرعاً کیسا ہے ........ ۱۱۹
گناہ گار آدمی کے ساتھ تعلقات رکھنا ........ ۱۲۰
مجذوم بیمار سے تعلق رکھنے کا حکم ........ ۱۲۰
غلطی معاف کرنا یا بدلہ لینا ........ ۱۲۲
اصلاح کی نیت سے دوستی جائز ہے ........ ۱۲۲


## رسومات


توہمات کی حقیقت ........ ۱۲۴
بچوں کو کالے رنگ کا ڈورا باندھنا یا کاجل کا ٹکا لگانا ........ ۱۲۴
سورج گرہن اور حاملہ عورت ........ ۱۲۵
سورج، چاند گرہن کے وقت جانوروں کے گلے سے رسیاں نکالنا ........ ۱۲۵
عیدی مانگنے کی شرعی حیثیت ........ ۱۲۶
سالگرہ کی رسم انگریزوں کی ایجاد ہے ........ ۱۲۶

سالگرہ کی رسم اور اس میں شرکت کرنا ........................ ۱۲۷
مکان کی بنیاد میں خون ڈالنا ........................ ۱۲۸
نئے عیسوی سال کی آمد پر خوشی منانا ........................ ۱۲۹
دریا میں صدقہ کی نیت سے پیسے گرانا موجب وبال ہے ........................ ۱۲۹
مخصوص راتوں میں روشنی کرنا اور جھنڈیاں لگانا ........................ ۱۲۹
غلط رسومات کا گناہ ........................ ۱۲۹
مایوں اور مہندی کی رسمیں غلط ہیں ........................ ۱۳۰
شادی کی رسومات کو قدرت کے باوجود نہ روکنا شرعاً کیسا ہے ........................ ۱۳۲
شادی کی مووی بنانا اور فوٹو کھنچوا کر محفوظ رکھنا ........................ ۱۳۳
عذر کی وجہ سے انگلیاں چٹخانہ ........................ ۱۳۳
رات کو انگلیاں چٹخانہ ........................ ۱۳۴
کیا انگلیاں چٹخانہ منحوس ہے ........................ ۱۳۴
ماتمی جلوس کی بدعت ........................ ۱۳۴
جھلی میں پیدا ہونے والا بچہ اور اس کی جھلی ........................ ۱۳۹
ماں کے دودھ نہ بخشنے کی روایت کی حقیقت ........................ ۱۴۰
بچے کو دیکھنے کے پیسے دینا ........................ ۱۴۰
عید کارڈ کی شرعی حیثیت ........................ ۱۴۱
جشن ولادت یا وفات ........................ ۱۴۱


## معاملات


دفتر کی اسٹیشنری گھر میں استعمال کرنا ........................ ۱۴۹
سرکاری کوئلہ استعمال کرنے کی بجائے اس کے پیسے استعمال کرنا ...... ۱۴۹
سرکاری گاڑی کا بے جا استعمال ........................ ۱۵۰
سرکاری طبی امداد کا بے جا استعمال ........................ ۱۵۱

فارم اے کی فروخت شرعاً کیسی ہے ............ ۱۵۲
جعلی ایڈنٹی کارڈ استعمال کرنا ............ ۱۵۳
مالک کی اجازت کے بغیر چیز استعمال کرنا ............ ۱۵۳
چوڑیوں کا کاروبار کیسا ہے ............ ۱۵۴
مرد کے لئے سونے کی انگوٹھی بنانے والا سنار ............ ۱۵۴
غیر شرعی لباس سینا شرعاً کیسا ہے ............ ۱۵۵
درزی کا مردوں کے لئے ریشمی کپڑا سینا ............ ۱۵۵
لطیفہ گوئی وداستان گوئی کی کمائی کیسی ہے ............ ۱۵۶
دفتری امور میں دیانت داری کے اصول ............ ۱۵۶
ڈرائنگ ماسٹر کی ملازمت شرعاً کیسی ہے ............ ۱۶۱
جعلی سرٹیفکیٹ کے ذریعہ حاصل شدہ ملازمت کا شرعی حکم ............ ۱۶۱
نقل کرکے اسکالرشپ کا حصول اور رقم کا استعمال ............ ۱۶۲
امتحان میں نقل لگا کر پاس ہونے والے کی تنخواہ کیسی ہے ............ ۱۶۲
گیس، بجلی وغیرہ کے بل جان بوجھ کر لیٹ بھیجنا ............ ۱۶۲
مسجد کی بجلی سے چلنے والی موٹر کا پانی استعمال کرنا ............ ۱۶۴
ناجائز کام کا جواب دار کون ہے افسر یا ماتحت ............ ۱۶۴
اس سال کا بوائز فنڈ آئندہ سال کے لئے بچالینا ............ ۱۶۵
پڑوسی سے بجلی کا تار لینا ............ ۱۶۵
اپنی کمائی کا مطالبہ کرنے والے والد وبھائی کا خرچہ کاٹنا ............ ۱۶۵
قرضہ کی نیت سے چوری کرکے واپس رکھنا ............ ۱۶۷
گمشدہ چیز کی تلاش کا انعام لینا ............ ۱۶۷
شراب وخنزیر کا کھانا کھلانے کی نوکری جائز نہیں ............ ۱۶۸
سور کا گوشت پکانے کی نوکری کرنا ............ ۱۶۸
کیا انسان کو دی ہوئی تکلیف کی معافی صرف خدا سے مانگ لے تو .....
معاف ہوجائے گا ............ ۱۶۹

تمام جرائم سے معافی مانگیں .......... ۱۷۰
چھٹی کے اوقات میں ملازم کو بلا معاوضہ پابند کرنا .......... ۱۷۱
زائد رقم لکھے ہوئے بل پاس کروانا .......... ۱۷۳
گمشدہ چیز اگر خود رکھنا چاہیں تو اتنی قیمت صدقہ کر دیں .......... ۱۷۴
جعلی ملازم کے نام پر تنخواہ وصول کرنا .......... ۱۷۴
غیر قانونی طور پر کسی ملک میں رہنے والے کی کمائی اور اذان ونماز .... ۱۷۶
مسلمان کا غیر مسلم یا مرتد کے پاس نوکری کرنا .......... ۱۷۷
نامعلوم شخص کا ادھار کس طرح ادا کریں .......... ۱۷۷
حصے سے دستبردار نہ ہونے والے بھائی کو راضی کرنا ضروری ہے ..... ۱۷۸
بڑے کی اجازت کے بغیر گھر یا دوکان سے کوئی چیز لینا .......... ۱۷۸
ماں کی رضامندی سے رقم لینا جائز ہے .......... ۱۷۸
بچپن سے لوگوں کی چیزیں لے لینا .......... ۱۷۹
کیا مجبوراً چوری کرنا جائز ہے .......... ۱۸۰
چائے میں چنے کا چھلکا ملانے والی دوکان میں کام کرنا .......... ۱۸۱

## سیاست

کیا انتخابات صالح انقلاب کا ذریعہ ہیں .......... ۱۸۲
مہاجرین یا اولاد المہاجرین .......... ۱۸۵
جمہوریت اس دور کا صنم اکبر .......... ۱۸۹
اولو الامر کی اطاعت .......... ۱۹۶
اسلامی نظام کے نفاذ کا مطلب .......... ۱۹۷
کیا اسراف وتبذیر حکومت کے کاموں میں بھی ہوتا ہے .......... ۱۹۷
اپنے پسندیدہ لیڈر کی تعریف اور مخالف کی برائی بیان کرنا .......... ۱۹۹
مروجہ طریق انتخاب اور اسلامی تعلیمات .......... ۱۹۹

# تعلیم


| | |
|---|---|
| صنف نازک اور مغربی تعلیم کی تباہ کاریاں ........................ | ۲۰۳ |
| علم کے حصول کے لئے چین جانے کی روایت ........................ | ۲۱۲ |
| دینی تعلیم کی راہ میں مشکلات نیز دینی اور دنیاوی تعلیم ........................ | ۲۱۳ |
| اسلام نے انسان پر کون سا علم فرض کیا ہے ........................ | ۲۱۴ |
| کیا مسلمان عورت جدید علوم حاصل کر سکتی ہے ........................ | ۲۱۴ |
| کون سا علم حاصل کرنا ضروری ہے اور کتنا ........................ | ۲۱۵ |
| کالجوں میں محبت کا کھیل اور اسلامی تعلیمات ........................ | ۲۱۶ |
| انگریزی سیکھنا جائز ہے لیکن انگریزی تہذیب سے بچنا ضروری ہے ... | ۲۱۷ |
| دینی تعلیم کے لئے والدین کی اجازت ضروری نہیں ........................ | ۲۱۷ |
| دینی تعلیم کا تقاضہ ........................ | ۲۱۸ |
| مخلوط تعلیم کتنی عمر تک جائز ہے ........................ | ۲۱۸ |
| مخلوط نظام تعلیم کا گناہ کس پر ہو گا ........................ | ۲۱۹ |
| مرد، عورت کا اکٹھا حج کرنے سے مخلوط تعلیم کا جواز نہیں ملتا ........................ | ۲۲۱ |


## اوراد و وظائف


| | |
|---|---|
| قرض سے خلاصی کا وظیفہ ........................ | ۲۲۳ |
| نوکری کے لئے وظیفہ ........................ | ۲۲۳ |
| بچے کی بیماری اور اس کا وظیفہ ........................ | ۲۲۳ |
| رشتہ کے لئے وظیفہ ........................ | ۲۲۴ |
| شہد کی مکھی کے کاٹے کا دم ........................ | ۲۲۴ |
| سانس کی تکلیف کا وظیفہ ........................ | ۲۲۴ |
| جادو کا توڑ ........................ | ۲۲۵ |

پریشانیوں سے حفاظت کا وظیفہ ........................ ۲۲۵
بے خوابی کا وظیفہ ........................ ۲۲۶
چلتے پھرتے یا مجلس میں ذکر کرتے رہنا جبکہ ذہن متوجہ نہ ہو کیسا ہے ..... ۲۲۶
درجات کی بلند کے لئے وظائف پڑھنا ........................ ۲۲۷
حضور اکرم ﷺ کے لئے ہم دعائیں کیوں مانگتے ہیں ........................ ۲۲۸
ماثورہ دعائیں پڑھنے کا اثر کیوں نہیں ہوتا ........................ ۲۲۹
ہماری دعائیں قبول کیوں نہیں ہوتیں ........................ ۲۲۹
جب ہر چیز کا وقت مقرر ہے تو پھر دعائیں کیوں مانگتے ہیں ........................ ۲۳۱
حضور اکرم ﷺ کی زیارت کا وظیفہ ........................ ۲۳۲
تحفہ دعاء (دعاء انس) ........................ ۲۳۳

## صدقہ فقراء وغیرہ سے متعلق مسائل

مجبوراً لوگوں سے مانگنے کے بارے میں شرعی حکم ........................ ۲۵۶
کیا صدقہ دینے سے موت ٹل جاتی ہے ........................ ۲۵۷
کیا سڑکوں پر مانگنے والے گداگروں کو دینا بہتر ہے یا نہ دینا ........................ ۲۵۷
پیشہ ور گداگروں کو خیرات نہیں دینی چاہئے ........................ ۲۵۸

## جائز و ناجائز

کیا الٹی مانگ نکالنے والے کا دین ٹیڑھا ہوتا ہے ........................ ۲۵۹
بچوں کو ٹائی پہنانے کا گناہ اسکول کے ذمہ داروں پر ہے ........................ ۲۵۹
احکام شریعت کے خلاف جلوس نکالنے والی عورتوں کا شرعی حکم ..... ۲۶۰
مدینہ منورہ کے علاوہ کسی دوسرے شہر کو "منورہ" کہنا ........................ ۲۶۱
عربی سے ملتے ہوئے اردو الفاظ کا مفہوم الگ ہے ........................ ۲۶۲
کسی کی نجی گفتگو سننا یا نجی خط کھولنا ........................ ۲۶۳

اغوا کرنے کا گناہ کس پر ہوگا ........ ۲۶۳
خواہشات نفسانی کی خاطر مسلک تبدیل کرنا ........ ۲۶۴
ضرب المثل میں "نماز بخشوانے گئے روزے گلے پڑے" کہنا ........ ۲۶۵
مزار پر پیسے دینا شرعاً کیسا ہے ........ ۲۶۵
خواب کی بنا پر کسی کی زمین میں مزار بنانا ........ ۲۶۵
دست شناسی اور علم الاعداد کا سیکھنا ........ ۲۶۶
بیت الخلاء میں اخبار پڑھنا ........ ۲۶۷
محبت اور پسند کو برا سمجھنا ........ ۲۶۸
نامحرم عورتوں سے آشنائی اور محبت کو عبادت سمجھنا کفر کی بات ہے ..... ۲۶۸
بینک کے تعاون سے ریڈیو پر دینی پروگرام پیش کرنا ........ ۲۶۹
کنواری عورت کا اپنے آپ کو کسی کی بیوی ظاہر کرکے ووٹ ڈالنا ..... ۲۶۹
مجبوراً قبلہ رخ پیشاب کرنا ........ ۲۷۰
کیا کھڑے ہوکر پیشاب کرنا سنت ہے ........ ۲۷۱
مجبوراً کھڑے ہوکر پیشاب کرنا ........ ۲۷۱
درخت کے نیچے پیشاب کرنا ........ ۲۷۲
دوائی میں شراب ملانا ........ ۲۷۲
آیۃ الکرسی پڑھ کر تالی بجانا حرام ہے ........ ۲۷۲
احادیث یا اسلامی لٹریچر مفت تقسیم کرنے پر اجروثواب ........ ۲۷۳
وڈیو سینٹر پر قرآن خوانی کرنا دین سے مذاق ہے ........ ۲۷۳
مسجد میں قالین یا اور کوئی قیمتی چیز استعمال کرنا ........ ۲۷۳
کہانی کی کتابیں، رسالے، ڈائجسٹ پڑھنا شرعاً کیسا ہے ........ ۲۷۳
حضرت علی کو مشکل کشا کہنا ........ ۲۷۴
تبلیغ والوں کا شب جمعہ کی پابندی کرنا ........ ۲۷۵
وکیل کی کمائی شرعاً کیسی ہے ........ ۲۷۵
جعلی ڈگری لگاکر ڈاکٹری کی پریکٹس کرنا ........ ۲۷۶

ترک سگریٹ نوشی کے لئے جرمانہ مقرر کرنا ........ ۲۷۶
اپنے مکان کا چھجہ گلی میں بنانا ........ ۲۷۷
کمپنی سے سفرخرچ وصول کرنا ........ ۲۷۸
رفاہی کام کے لئے اللہ واسطہ کے نام سے دینا ........ ۲۷۹
سگریٹ نوشی شرعاً کیسی ہے ........ ۲۷۹
چونگی ناکہ کم دینے کے لئے خریداری بل کم بنوانا ........ ۲۷۹
یہود و نصاریٰ سے ہمدردی فاسقانہ عمل ہے ........ ۲۸۱
عزت کے بچاؤ کی خاطر قتل کرنا ........ ۲۸۲
عصمت پر حملہ کے خطرہ سے کس طرح بچے ........ ۲۸۲
عصمت کے پیش نظر لڑکی کا خودکشی کرنا ........ ۲۸۲
کیا کوڑے مارنے کی سزا خلاف شریعت ہے ........ ۲۸۳
بے نمازی کے ساتھ کام کرنا ........ ۲۸۳
گورنمنٹ کے محکموں میں چوری شخصی چوری سے بدتر ہے ........ ۲۸۴
رکشہ کے میٹر کو غلط کر کے زائد پیسے لینا ........ ۲۸۵
مذہبی شعار میں غیرقوم کی مشابہت کفر ہے ........ ۲۸۵
نعتیں ترنم کے ساتھ پڑھنا ........ ۲۸۶
قرآن مجید کی ٹیوشن پڑھانا جائز ہے ........ ۲۸۷
اپنے آپ کو تیل ڈال کر جلانے والے کا شرعی حکم ........ ۲۸۷
غلط عمر لکھوا کر ملازمت کی تنخواہ لینا ........ ۲۸۷
مقرر شدہ تنخواہ سے زیادہ بذریعہ مقدمہ لینا ........ ۲۸۸
غیرحاضریاں کرنے والے ماسٹر کا پوری تنخواہ لینا ........ ۲۸۸
غلط بیانی کر کے عہدہ لینے والے کی تنخواہ کی شرعی حیثیت ........ ۲۸۹
اوور ٹائم لکھوانا اور اس کی تنخواہ لینا ........ ۲۹۰
غلط اوور ٹائم کی تنخواہ لینا ........ ۲۹۱
سرکاری ڈیوٹی صحیح ادا نہ کرنا قومی وملی جرم ہے ........ ۲۹۱

| | |
|---|---|
| پریشانیوں سے گھبرا کر مرنے کی تمنا کرنا ........ | ۲۹۲ |
| ماں، باپ سے متعلق قرآن کریم کے احکامات کا مذاق اڑانا ........ | ۲۹۲ |
| پنشن جائز ہے اس کی حیثیت عطیہ کی ہے ........ | ۲۹۳ |
| بچوں کے نسب کی تبدیلی ........ | ۲۹۴ |
| مقدس اسمائے مبارکہ ........ | ۲۹۵ |
| افسران کی وجہ سے غلط رپورٹ پر دستخط کرنا ........ | ۲۹۵ |
| کسی پر بغیر تحقیق کے الزامات لگانا ........ | ۲۹۶ |
| گمشدہ چیز کا صدقہ کرنا ........ | ۲۹۷ |
| دوکان پر چھوڑی ہوئی چیزوں کا کیا کریں ........ | ۲۹۸ |
| گمشدہ بکری کے بچے کا کیا کریں ........ | ۲۹۸ |
| ساس کو بوسہ دینا ........ | ۲۹۹ |
| انجکشن کے نقصان دینے پر دوسرا لگاکر دونوں کے پیسے لینا ........ | ۲۹۹ |
| میاں، بیوی کا ایک دوسرے کے مخصوص اعضاء دیکھنا ........ | ۳۰۰ |
| بیوی کے پستان چوسنا ........ | ۳۰۰ |
| سورۂ النساء کی آیت ۳۱ اور عورتوں کو کاروبار کرنا ........ | ۳۰۰ |
| ایک عبادت کے لئے دوسری عبادت کا چھوڑنا ........ | ۳۰۳ |
| قرآن، خدا اور رسول کا واسطہ نہ ماننا ........ | ۳۰۴ |
| خبروں سے پہلے ریڈیو پر درود پڑھنا کیسا ہے ........ | ۳۰۴ |
| غیر مسلم کے مرنے پر اناللہ وانا الیہ راجعون پڑھنا ........ | ۳۰۵ |
| زبور، تورات، انجیل کا مطالعہ کس کے لئے جائز ہے ........ | ۳۰۵ |
| عورت کا عورت کو بوسہ دینا ........ | ۳۰۸ |
| پردہ کی مخالفت کرنے والے والدین کا حکم ماننا ........ | ۳۰۸ |
| کیا فقہ حنفی کی رو سے چار چیزوں کی شراب جائز ہے ........ | ۳۰۹ |
| ویڈیو گیمز کی دوکان میں قرآنی آیات کا فریم لگانا ........ | ۳۰۹ |
| امتحان میں نقل کروانے والا استاد بھی گناہ گار ہوگا ........ | ۳۱۰ |

صرف اپنا دل بہلانے کے لئے شعر پڑھنا ........................ ۳۱۱

شعائر اسلام کی توہین اور اس کی سزا ........................ ۳۱۱

مشت زنی کی شرعی حیثیت ........................ ۳۱۲

سر کے بالوں کو صاف کرانا ........................ ۳۲۱

غیر مسلم کی تعزیت ........................ ۳۳۹

اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ لفظ "صاحب" کا استعمال ........................ ۳۴۲

بچی کو جہیز میں ٹی وی دینے والا گناہ میں برابر کا شریک ہے ........................ ۳۴۴

نعت پڑھنا کیسا ہے ........................ ۳۴۴

مسجد نبوی اور روضہ اطہر کی زیارت کے لئے سفر کرنا ........................ ۳۴۵

شادی یا کسی اور معاملے کے لئے قرعہ ڈالنا ........................ ۳۴۶

ٹی وی میں کسی کے کردار کی تحقیر کرنا ........................ ۳۴۶

بسم اللہ کی بجائے ۷۸۶ تحریر کرنا ........................ ۳۴۸

مدارس کے چندہ کے لئے جلسہ کرنا ........................ ۳۴۸

مشترکہ مذاہب کا کیلنڈر ........................ ۳۴۹

شہریت کے حصول کے لئے اپنے کو کافر لکھوانا ........................ ۳۵۲

نامحرم مردوں سے چوڑیاں پہننا ........................ ۳۵۴

کسی کو کافر کہنا ........................ ۳۵۴

ایام کے چیتھڑوں کو کھلا پھینکنا ........................ ۳۵۴

شراب، پینٹ اور ٹائی کی شرط والے کالج میں پڑھنا ........................ ۳۵۵


## جہاد اور شہید کے احکام


اسلام میں شہادت فی سبیل اللہ کا مقام ........................ ۳۵۶

کیا طالبان کا جہاد شرعی جہاد ہے ........................ ۳۷۵

حکومت کے خلاف ہنگاموں میں مرنے والے اور افغان چھاپہ مار کیا شہید ہیں

اسرائیل کے خلاف لڑنا کیا جہاد ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۷۷
کیا ہنگاموں میں مرنے والے شہید ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۷۷
افغانستان کے مجاہدین کی امداد کرنا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۷۸
کشمیری مسلمانوں کی امداد ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۷۸
جہاد میں ضرور حصہ لینا چاہئے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۷۹
تبلیغ اور جہاد ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۸۰
تقویٰ اور جہاد ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۸۰
کنیزوں کا حکم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۸۲
اس دور میں شرعی لونڈیوں کا تصور ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۸۳
کیا لونڈیوں پر پابندی حضرت عمرؓ نے لگائی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۸۳

# متفرق مسائل

"انسان کا ضمیر مطمئن ہونا چاہئے" کسے کہتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۸۵
حرام کاری سے توبہ کس طرح کی جائے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۸۶
غیر مسلم جیسی وضع وقطع والی عورت کی میت کو کس طرح پہچانیں ۔۔۔۔۔۔ ۳۸۷
مختلف ممالک میں شب قدر کی تلاش کن راتوں میں کی جائے ۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۸۸
تفتیش کا ظالمانہ طریقہ اور اس کی ذمہ داری ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۸۸
زبردستی اعتراف جرم کروانا اور مجرم کو طہارت ونماز سے محروم رکھنا ۔ ۳۹۰
برے کاموں پر لگانے کا عذاب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۹۱
انسان اور جانور میں فرق ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۹۲
دار الاسلام کی تعریف ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۹۴
کیا اقراری مجرم کو دنیاوی سزا پاک کردیتی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۹۵
کیا مسلمان کا قاتل ہمیشہ جہنم میں رہے گا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۹۵

اعمال میں میانہ روی سے کیا مراد ہے ........ ۳۹۷
ایک قیدی کے نام ........ ۳۹۷
سچی شہادت کو نہیں چھپانا چاہئے ........ ۳۹۹
پیٹ کے بل سونا ........ ۴۰۰
پاخانہ میں تھوکنا ........ ۴۰۰
جب ہر طرف برائی پر برانگیختہ کرنے والا لٹریچر عام ہو اور عورتیں
بنی سنوری پھریں تو کیا زنا کی سزا جاری ہوگی ........ ۴۰۰
کیا نابالغ بچوں کو شعور آنے تک نماز کا نہ کہا جائے ........ ۴۰۲
کیا کرایہ دار کے اعمال بد کا مالک مکان ذمہ دار ہے ........ ۴۰۲
اگر قسمت میں لکھا ملتا ہے تو محنت کی کیا ضرورت ........ ۴۰۳
جنس کی تبدیلی کے بعد شرعی احکام ........ ۴۰۳
کچھ پڑھ کر ہاتھ سے پتھری وغیرہ نکالنا ........ ۴۰۴
تقلید کی تعریف و احکام ........ ۴۰۵
حلال و حرام میں فرق ........ ۴۰۸
مملوکہ زمین کا مسئلہ ........ ۴۰۸
اسلام میں سفارش کی حیثیت ........ ۴۰۹
غیر مسلم کے زمرے میں کون لوگ آتے ہیں ........ ۴۰۹
ڈاک کے ٹکٹ پر آیت قرآنی شائع کرنا ........ ۴۱۰
کیا حضور ﷺ نے ابولہب کے لڑکے کو بددعا دی تھی ........ ۴۱۱
حکومت کی چھٹیوں میں حج کرے یا اپنی چھٹیوں میں ........ ۴۱۲
ہفتہ وار تعطیل کس دن ہو ........ ۴۱۲
کیا پھر سے اتوار کی چھٹی بہتر نہیں تاکہ لوگ نماز جمعہ کا اہتمام کریں ... ۴۱۳
صبر اور بے صبری کا معیار ........ ۴۱۵
کسی عالم سے پوچھ کر عمل کرنے والا بری الذمہ نہیں ہوتا ........ ۴۱۷
کیا قبر پر تین مٹھی مٹی ڈالنا اور دعا پڑھنا بدعت ہے ........ ۴۱۹

آسمان اور زمین کی پیدائش کتنے دنوں میں ہوئی ........ ۴۲۱
جہنم کے خواہش مند شخص سے تعلق نہ رکھیں ........ ۴۲۲
ظالم کو معاف کرنے کا اجر ........ ۴۲۳
اسماء حسنی ننانوے ہیں والی حدیث کی حیثیت ........ ۴۲۴
استخارہ کی حقیقت ........ ۴۲۵
اہم امور سے متعلق استخارہ ........ ۴۲۶
خدمت انسانی قابل قدر جذبہ ........ ۴۲۷
اللہ کی رحمتیں اگر کافروں پر نہیں ہوتیں تو پھر وہ خوش حال کیوں ہیں ... ۴۲۸
بدکاری کی دنیوی و اخروی سزا ........ ۴۲۸
گناہوں کا کفارہ کیا ہے ........ ۴۲۹
منافقین کو مسجد نبوی سے نکالنے کی روایت ........ ۴۲۹
رخصتی کے وقت حضرت عائشہؓ کی عمر نو سال تھی ........ ۴۳۰
سورۂ دخان کی آیات اور خلیج کی موجودہ صورت حال ........ ۴۳۰
ماں کے پیٹ میں بچہ ہے یا بچی بتا دینا آیت قرآنی کے خلاف نہیں ..... ۴۳۲
شکم مادر میں لڑکا یا لڑکی معلوم کرنا ........ ۴۳۳
قتل عام کی روک تھام کے لئے تدابیر ........ ۴۳۵
حقوق العباد ........ ۴۳۹
امام ابو حنیفہ کے آنے کا اشارہ ........ ۴۴۰
کیا دنیا کا آخری سرا ہے جہاں ختم ہوتی ہے ........ ۴۴۰
حضرت یونس علیہ السلام کے واقعہ سے سبق ........ ۴۴۰
رضا بالقضا سے کیا مراد ہے ........ ۴۴۴
"قبیلہ کے گھٹیا لوگ اس کے سردار ہوں گے" سے کیا مراد ہے ..... ۴۴۵
ہر طرح سے پریشان آدمی کیا بدنصیب کہلا سکتا ہے ........ ۴۴۶
کیا مصائب و تکالیف بدنصیب لوگوں کو آتی ہیں ........ ۴۴۷
بچپن کی غلط کاریوں کا اب کیا علاج ہو ........ ۴۴۹

کیا حاکم وقت کے لئے چالیس خون معاف ہوتے ہیں ........ ۴۴۹
حرام کمائی کے اثرات کیا ہوں گے ........ ۴۵۰
غنڈوں کی ہوس کا نشانہ بننے والی لڑکیاں معصوم ہوتی ہیں ........ ۴۵۰
نوجوانوں کو شیعہ سے کس طرح بچایا جائے ........ ۴۵۱
بچے کو میٹھا چھوڑنے کی حضور ﷺ کی نصیحت والی روایت ........ ۴۵۱
اگر قسمت میں لکھا ملتا ہے تو محنت کی کیا ضرورت ہے ........ ۴۵۲
نظر لگنے کی کیا حیثیت ہے ........ ۴۵۲
حادثات میں متاثر ہونے والوں کے لئے دستور العمل ........ ۴۵۳
حضور اکرم ﷺ کے حجۃ الوداع کے خطبہ میں کون روئے تھے ..... ۴۵۶
قرآن خواہ نیا پڑھا ہو یا پرانا اس کا ثواب پہنچایا جاسکتا ہے ........ ۴۵۷
انبیاء و اولیاء وغیرہ کو دعاؤں میں وسیلہ بنانا ........ ۴۵۷
عریانی کا علاج عریانی سے ........ ۴۵۸
سفید یا سیاہ عمامہ باندھنا کیسا ہے ........ ۴۶۲
اخبارات میں چھپنے والے لفظ اللہ کا کیا کریں ........ ۴۶۲
تمہارے قرآن پر پیشاب کرتی ہوں کہنے والی بیوی کا شرعی حکم ........ ۴۶۲
متبرک ناموں کو کس طرح ضائع کریں ........ ۴۶۲
امانت رکھی ہوئی رقم کا کیا کروں ........ ۴۶۳
امانت میں ناجائز تصرف پر تاوان ........ ۴۶۴
پیپسی، مرنڈا وغیرہ بوتلوں کا پینا کیسا ہے ........ ۴۶۴
کیا مقروض آدمی سے قرض دینے والا کوئی کام لے سکتا ہے ........ ۴۶۵
لڑکیوں کی خرید و فروخت کا کفارہ ........ ۴۶۵
قطع رحمی کا وبال کس پر ہوگا ........ ۴۶۶
والد کا چھوڑا ہوا اسلامی لٹریچر، ڈائجسٹ اور افسانے ........ ۴۶۷
پاکی کے لئے ٹشو پیپر کا استعمال ........ ۴۶۹
توبہ بار بار توڑنا ........ ۴۶۹

گالیاں دینے والے بڑے میاں کا علاج ............................ ۴۶۹
عملی نفاق ................................................ ۴۶۹
حضور ﷺ نے فتح مکہ کے بعد مکہ کو وطن کیوں نہیں بنایا ............... ۴۷۰
علم الاعداد سیکھنا اور اس کا استعمال ............................ ۴۷۰
فلور مل والوں کا چوری کی گندم کا آٹا بنا کر بیچنا نیز اس میں شریک .....
ملازمین کا حکم ........................................... ۴۷۱

**********

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# پردہ

## پردے کا صحیح مفہوم

س ...... میں شرعی پردہ کرتی ہوں کیونکہ دینی مدرسہ کی طالبہ ہوں اور مجھے پریشانی جب ہوتی ہے جب میں کسی تقریب وغیرہ میں مجبوراً جاتی ہوں تو اپنا برقع نہیں اتارتی۔ جس کی وجہ سے لوگ مجھے برقع اتارنے پر مجبور کرتے ہیں' وہ کہتے ہیں کہ پردہ کا ذکر تو قرآن میں نہیں آیا بس اوڑھنی کا ذکر آیا ہے۔ حالانکہ انہوں نے پورا مفہوم اور اس کی تفسیر وغیرہ نہیں پڑھی ہے بس صرف یہ کہتے ہیں کہ جب اسلام نے چادر کا ذکر کیا ہے تو اتنا پردہ کیوں کرتی ہو اور وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ اسلام نے اتنی سختی نہیں رکھی جتنی آپ کرتی ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ چہرہ ہاتھ اور پاؤں وغیرہ کھلے رہیں حالانکہ میں یہی کہتی ہوں ان سے کہ اس کا ذکر تو صرف نماز میں آیا ہے پردہ میں نہیں۔ اور آج کل اس فتنے کے دور میں تو عورت پر یہ لازم ہوتا ہے کہ وہ مکمل پردہ کرے بلکہ اپنا چہرہ ہاتھ وغیرہ چھپائے۔ پردہ کے متعلق آپ مجھے ذرا تفصیل سے بتا دیجئے تاکہ ان لوگوں کے علم میں یہ بات آجائے کہ شرعی پردہ کہتے کسے ہیں اور کتنا کرنا چاہئے؟

ج ...... آپ کے خیالات بہت صحیح ہیں' عورت کو چہرے کا پردہ لازم ہے کیونکہ گندی اور بیمار نظریں اسی پر پڑتی ہیں چہرہ' ہاتھ اور پاؤں عورت کا ستر ہیں' یعنی نماز میں ان اعضاء کا چھپانا ضروری نہیں لیکن گندی نظروں سے ان اعضاء کا حتی الوسع چھپانا ضروری ہے۔

س ...... آپ نے کیا ایسا مسئلہ بھی اخبار میں دیا تھا کہ اگر لڑکی پردہ کرتی ہے اپنے سسرال میں اور وہاں پردہ کا ماحول نہیں ہے اپنے دیوروں اور دوسرے رشتہ داروں سے تو کیا آپ نے یہ جواب میں لکھا تھا کہ پردہ اتنا سخت بھی نہیں ہے اگر وہ پردہ کرتی ہے تو چادر کا گھونگھٹ گرا کر اپنا کام کر سکتی ہے۔ میں یہ نہیں سمجھتی کہ چہرہ چھپانے سے اس کا وجود چھپ جائے میں تو یہ سمجھتی ہوں کہ جب لڑکی پردہ کرتی ہے تو گویا وہ اپنے نامحرموں سے اوجھل ہو جاتی ہے جیسا کہ مرنے کے بعد اس کا وجود نہیں ہوتا دنیا میں۔ آپ کا یہ مسئلہ میری نظروں سے نہیں گزرا آپ سے گزارش ہے کہ تفصیل سے ذرا بتا دیجئے تاکہ ان لوگوں کے علم میں بھی یہ بات باآسانی آجائے کہ پردہ کے متعلق کتنا سخت حکم ہے۔

ج ...... میں نے لکھا تھا کہ ایک ایسا مکان جہاں عورت کے لئے نامحرموں سے چار دیواری کا پردہ ممکن نہ ہو وہاں یہ کرے کہ پورا بدن ڈھک کر اور چہرہ پر گھونگھٹ کر کے شرم و حیا کے ساتھ نامحرموں کے سامنے جائے (جب کہ اس کے لئے جانا ناگزیر ہے)۔

## کیا صرف برقعہ پہن لینا کافی ہے یا کہ دل میں شرم و حیا بھی ہو

س ...... خواتین کے پردے کے بارے میں اسلام کیا حکم دیتا ہے؟ کیا صرف برقعہ پہن لینا پردے میں شامل ہو جاتا ہے؟ آج کل میرے دوستوں میں یہ مسئلہ زیر بحث ہے۔ چند دوست کہتے ہیں کہ برقعہ پہن لینے کے نام کا کہاں حکم ہے۔ وہ کہتے ہیں صرف حیا کا نام پردہ ہے میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ پردے کے بارے میں قرآن و سنت کی روشنی میں کیا حکم ہے۔ تفصیلاً بتائیں؟

ج ...... آپ کے دوستوں کا یہ ارشاد تو اپنی جگہ صحیح ہے کہ "شرم و حیا کا نام پردہ ہے" مگر ان کا یہ فقرہ نامکمل اور ادھورا ہے۔ انہیں اس کے ساتھ یہ بھی کہنا چاہئے کہ شرم و حیا کی شکلیں متعین کرنے کے لئے ہم عقل سلیم اور وحی آسمانی

کے محتاج ہیں۔

یہ تو ظاہر ہے کہ شرم وحیا ایک اندرونی کیفیت ہے۔ اس کا ظہور کسی نہ کسی قالب اور شکل میں ہو گا اگر وہ قالب عقل وفطرت کے مطابق ہے تو شرم وحیا کا مظاہرہ بھی صحیح ہو گا اور اگر اس قالب کو عقل صحیح اور فطرت سلیمہ قبول نہیں کرتی تو شرم وحیا کا دعویٰ اس پاکیزہ صفت سے مذاق تصور ہو گا۔

فرض کیجئے کوئی صاحب بقائمی ہوش وحواس قید لباس سے آزاد ہوں' بدن کے سارے کپڑے اتار پھینکیں اور لباس عریانی زیب تن فرماکر شرم وحیا کا مظاہرہ کریں تو غالباً آپ کے دوست بھی ان صاحب کے دعویٰ شرم وحیا کو تسلیم کرنے سے قاصر ہوں گے۔ اور اسے شرم وحیاء کے ایسے مظاہرے کا مشورہ دیں گے۔ جو عقل وفطرت سے ہم آہنگ ہو۔

سوال ہو گا کہ عقل وفطرت کے صحیح ہونے کا معیار کیا ہے؟ اور یہ فیصلہ کس طرح ہو کہ شرم وحیا کا فلاں مظاہرہ عقل وفطرت کے مطابق ہے یا نہیں؟

اس سوال کے جواب میں کسی اور قوم کو پریشانی ہو تو ہو مگر اہل اسلام کو کوئی الجھن نہیں۔ ان کے پاس خالق فطرت کے عطاکردہ اصول زندگی اپنی اصلی حالت میں محفوظ ہیں جو اس نے عقل وفطرت کے تمام گوشوں کو سامنے رکھ کر وضع فرمائے ہیں۔ انہی اصول زندگی کا نام "اسلام" ہے۔ پس خدا تعالیٰ اور اس کے مقدس رسول ﷺ نے شرم وحیا کے جو مظاہرے تجویز کئے ہیں وہ فطرت کی آواز ہیں۔ اور عقل سلیم ان کی حکمت وگہرائی پر مہر تصدیق ثبت کرتی ہے۔ آیئے ذرا دیکھیں کہ خدا تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کے ارشادات مقدسہ میں اس سلسلے میں کیا ہدایات دی گئی ہیں۔

۱۔ صنف نازک کی وضع وساخت ہی فطرت نے ایسی بنائی ہے کہ اسے سراپا ستر کہنا چاہئے' یہی وجہ ہے کہ خالق فطرت نے بلا ضرورت اس کے گھر سے نکلنے کو برداشت نہیں کیا۔ تاکہ گوہر آبدار' ناپاک نظروں کی ہوس سے گرد

آلودہ نہ ہو جائے۔ قرآن کریم میں ارشاد ہے:

﴿وَقَرْنَ فِي بُيُوتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُولٰى﴾

ترجمہ: اور ٹکی رہو اپنے گھروں میں اور مت نکلو پہلی جاہلیت کی طرح بن ٹھن کر"۔ (الاحزاب - ۳۳)

"پہلی جاہلیت" سے مراد قبل از اسلام کا دور ہے جس میں عورتیں بے حجابا بازاروں میں اپنی نسوانیت کی نمائش کیا کرتی تھیں..... "پہلی جاہلیت" کے لفظ سے گویا پیشگوئی کر دی گئی کہ انسانیت پر ایک "دوسری جاہلیت" کا دور بھی آنے والا ہے جس میں عورتیں اپنی فطری خصوصیات کے تقاضوں کو جاہلیت جدیدہ کے سیلاب کی نذر کر دیں گی۔

قرآن کی طرح صاحب قرآن ﷺ نے بھی صنف نازک کو سراپا ستر قرار دیکر بلا ضرورت اس کے باہر نکلنے کو ناجائز فرمایا ہے۔

وعنه (عن ابن مسعود) عن النبی صلی الله علیه وسلم قال المرأة عورة فاذاخرجت استشرفها الشیطان رواه الترمذی. (مشکوۃ ص ۲۶۹)

ترجمہ: حضرت ابن مسعود ؓ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "عورت سراپا ستر ہے پس جب وہ نکلتی ہے تو شیطان اس کی تانک جھانک کرتا ہے"۔ (مشکوۃ - ترمذی)

۲- اور اگر ضروری حوائج کے لئے اسے گھر سے باہر قدم رکھنا پڑے تو اسے حکم دیا گیا کہ وہ ایسی بڑی چادر اوڑھ کر باہر نکلے جس سے پورا بدن سر سے پاؤں تک ڈھک جائے۔ سورۂ احزاب آیت ۶۹ میں ارشاد ہے:

﴿يَآاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ.﴾

ترجمہ : ''اے نبی ﷺ! اپنی بیویوں' صاحبزادیوں اور مسلمانوں کی عورتوں سے کہہ دیجئے کہ وہ (جب باہر نکلیں تو) اپنے اوپر بڑی چادریں جھکا لیا کریں''۔

مطلب یہ کہ ان کو بڑی چادر میں لپٹ کر نکلنا چاہئے اور چہرے پر چادر کا گھونگھٹ ہونا چاہئے۔ پردہ کا حکم نازل ہونے کے بعد آنحضرت ﷺ کے مقدس دور میں خواتین اسلام کا یہی معمول تھا۔ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا ارشاد ہے کہ خواتین' آنحضرت ﷺ کی اقتداء میں نماز کے لئے مسجد آتی تھیں تو اپنی چادروں میں اس طرح لپٹی ہوئی ہوتی تھیں کہ پہچانی نہیں جاتی تھیں۔

مسجد میں حاضری اور آنحضرت ﷺ کی اقتداء میں نماز پڑھنے اور آپ ﷺ کے ارشادات سننے کی ان کو ممانعت نہیں تھی۔ لیکن آنحضرت ﷺ عورتوں کو یہ بھی تلقین فرماتے تھے کہ ان کا اپنے گھر میں نماز پڑھنا ان کے لئے بہتر ہے۔ (ابوداؤد۔ مشکوۃ ص ۹۶)

آنحضرت ﷺ کی دقت نظر اور خواتین کی عزت و حرمت کا اندازہ کیجئے کہ مسجد نبوی' جس میں ادا کی گئی ایک نماز پچاس ہزار نمازوں کے برابر ہے' آنحضرت ﷺ خواتین کے لئے اس کے بجائے اپنے گھر پر نماز پڑھنے کو افضل اور بہتر فرماتے ہیں۔ اور پھر آنحضرت ﷺ کی اقتداء میں جو نماز ادا کی جائے اس کا مقابلہ تو شاید ہی پوری امت کی نمازیں بھی نہ کر سکیں۔ لیکن آنحضرت ﷺ اپنی اقتداء میں نماز پڑھنے کے بجائے عورتوں کے لئے اپنے گھر پر تنہا نماز پڑھنے کو افضل قرار دیتے ہیں' یہ ہے شرم و حیا اور عفت و عظمت کا وہ بلند ترین مقام جو آنحضرت ﷺ نے خواتین اسلام کو عطا کیا تھا اور جو بدقسمتی سے تہذیب جدید کے بازار میں آج ٹکے سیر بک رہا ہے۔

مسجد اور گھر کے درمیان تو پھر بھی فاصلہ ہوتا ہے آنحضرت ﷺ نے

اسلام کے قانون ستر کا یہاں تک لحاظ کیا ہے کہ عورت کے اپنے مکان کے حصوں کو تقسیم کر کے فرمایا: کہ فلاں حصے میں اس کا نماز پڑھنا فلاں حصے میں نماز پڑھنے سے افضل ہے۔ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

> عن عبداللہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال صلوٰۃ المرأۃ فی بیتها افضل من صلوٰتها فی حجرتها وصلوٰتها فی مخدعها افضل من صلوٰتها فی بیتها. (ابو داؤد ج ۱ ص ۸۴)
>
> ترجمہ: "عورت کی سب سے افضل نماز وہ ہے جو اپنے گھر کی چار دیواری میں ادا کرے اور اس کا اپنے مکان کے کمرے میں نماز ادا کرنا اپنے صحن میں نماز پڑھنے سے افضل ہے۔ اور پچھلے کمرے میں نماز پڑھنا آگے کے کمرے میں نماز پڑھنے سے افضل ہے"۔
>
> (ابوداؤد۔ مشکوۃ)

بہرحال ارشاد نبوی یہ ہے کہ عورت حتی الوسع گھر سے باہر نہ جائے۔ اور اگر جانا پڑے تو بڑی چادر میں اس طرح لپٹ کر جائے کہ پہچانی تک نہ جائے چونکہ بڑی چادروں کا بار بار سنبھالنا مشکل تھا۔ اس لئے شرفاء کے گھرانوں میں چادر کے بجائے برقعہ کا رواج ہوا۔ یہ مقصد ڈھیلے ڈھالے قسم کے دیسی برقعہ سے حاصل ہو سکتا تھا مگر شیطان نے اس کو فیشن کی بھٹی میں رنگ کر نسوانی نمائش کا ایک ذریعہ بنا ڈالا۔ میری بہت سی بہنیں ایسے برقعے پہنتی ہیں جن میں ستر سے زیادہ ان کی نمائش نمایاں ہوتی ہے۔

۳۔ عورت گھر سے باہر نکلے تو اسے صرف یہی تاکید نہیں کی گئی کہ چادر یا برقعہ اوڑھ کر نکلے۔ بلکہ گوہر نایاب شرم وحیا کو محفوظ رکھنے کے لئے مزید ہدایات بھی دی گئیں۔ مثلاً مردوں کو بھی اور عورتوں کو بھی یہ حکم دیا گیا ہے کہ اپنی نظریں نیچی اور اپنی عصمت کے پھول کو نظر بد کی باد سموم سے محفوظ رکھیں۔

سورۂ النور آیت ۳۰-۳۱ میں ارشاد ہے:

﴿قل للمومنین یغضوا من ابصارهم و یحفظوا فروجهم ذٰلك ازكٰی لهم ان الله خبیر بما یصنعون . ﴾

(سورۂ نور آیت ۳۰ تا ۳۱)

ترجمہ: ”اے نبی مومنوں سے کہہ دیجئے کہ اپنی نظریں نیچی رکھیں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کریں۔ یہ ان کے لئے زیادہ پاکیزگی کی بات ہے اور جو کچھ وہ کرتے ہیں اللہ تعالیٰ اس سے خبردار ہے“۔

﴿وقل للمومنات یغضضن من ابصارهن ویحفظن فروجهن ولا یبدین زینتهن الا ما ظهر منها . ﴾

ترجمہ: ”اور مومن عورتوں سے بھی کہہ دیجئے کہ وہ اپنی نظریں نیچی رکھیں اور اپنی عصمت کی حفاظت کریں۔ اور اپنی زینت کا اظہار نہ کریں، مگر یہ کہ مجبوری سے خود کھل جائے“۔ الخ

ایک ہدایت یہ دی گئی ہے کہ عورتیں اس طرح نہ چلیں جس سے ان کی مخفی زینت کا اظہار نامحرموں کے لئے باعث کشش ہو۔ قرآن کی مندرجہ بالا آیت کے آخر میں فرمایا ہے:

﴿ولا یَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِهِنَّ لِیُعْلَمَ مَا یُخْفِیْنَ مِنْ زِیْنَتِهِنَّ . ﴾

ترجمہ: ”اور اپنا پاؤں اس طرح نہ رکھیں کہ جس سے ان کی مخفی زینت ظاہر ہو جائے“۔

ایک ہدایت یہ دی گئی ہے کہ اگر اچانک کسی نامحرم پر نظر پڑ جائے تو اسے فوراً ہٹالے۔ اور دوبارہ قصداً دیکھنے کی کوشش نہ کرے۔ حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ ”اے علی! اچانک نظر کے بعد دوبارہ نظر مت کرو۔ پہلی تو (بے اختیار ہونے کی

وجہ سے )تمہیں معاف ہے۔مگر دوسری کا گناہ ہوگا۔

(مسند احمد دارمی ترمذی ابوداؤد مشکوۃ)

## بغیر پردہ عورتوں کا سرعام گھومنا

س ...... بغیر پردے کے مسلمان عورتوں کا سرعام گھومنا کہاں تک جائز ہے؟

ج ...... آج کل گلی کوچوں میں' بازاروں میں' کالجوں میں اور دفتروں میں بے پردگی کا جو طوفان برپا ہے اور یہود و نصاریٰ کی تقلید میں ہماری بہو بیٹیاں جس طرح بن ٹھن کر بے حجابانہ گھوم پھر رہی ہیں قرآن کریم نے اس کو "جاہلیت کا برج" فرمایا ہے۔اور یہ انسانی تہذیب' شرافت اور عزت کے منہ پر زناٹے کا طمانچہ ہے۔ ترمذی' ابوداؤد' ابن ماجہ' مستدرک میں بسند صحیح آنحضرت ﷺ کا ارشاد مروی ہے کہ:

"عن ابی المليح قال قدم علی عائشة نسوة من اهل حمص فقالت من این انتن..... قالت فانی سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول لا تخلع امرأة ثیابها فی غیر بیت زوجها الا هتکت الستر بینها وبین ربها."

(مشکوۃ واللفظ لہ۔ ترمذی ص ۱۰۲)

ترجمہ: "جس عورت نے اپنے گھر کے سوا دوسری کسی جگہ کپڑے اتارے اس نے اپنے درمیان اور اللہ تعالیٰ کے درمیان جو پردہ حائل تھا اسے چاک کر دیا"۔عورت کے سر کا ایک بال بھی ستر ہے اور نامحرموں کے سامنے ستر کھولنا شرعاً حرام اور طبعاً بے غیرتی ہے۔

## نامحرموں سے پردہ

س ...... تائی' چچی' ممانی کے پردے کا کیا حکم ہے وہ دیور یا جیٹھ وغیرہ کے بیٹوں

سے آیا پردہ کرے گی یا نہیں، اگر گھر میں ساتھ رہتے ہوں تو کس حد تک پردہ کرے؟

ج ...... تائی، چچی، ممانی بھی غیر محرم ہیں، ان سے بھی پردہ کا حکم ہے اگر چار دیواری کا پردہ ممکن نہ ہو تو چادر کا پردہ کافی ہے۔

س ...... چچا سسر، ماموں سسر سے پردے کا کیا حکم ہے؟

ج ...... وہی ہے جو اوپر لکھا ہے۔

## عورت کو پردہ میں کن کن اعضاء کا چھپانا ضروری ہے

س ...... میرے شوہر کا کہنا ہے کہ عورت نام ہی پردہ کا ہے لہٰذا اس کو ہمہ وقت پردہ کرنا چاہئے ورنہ معاشرہ میں خرابیاں پیدا ہوں گی، حتیٰ کہ وہ باپ بھائی سے بھی پردہ کرے کیونکہ نفس تو سب کے ساتھ ہے، لیکن حرج کی وجہ سے اسلام نے اس کو واجب قرار نہیں دیا، لیکن کرنا چاہئے۔

دوم :۔ یہ کہ عورت بازار جائے تو اسلام اس کو مردوں پر فوقیت نہیں دیتا اور "لیڈیز فرسٹ" انگریزی کا مقولہ ہے، مثلاً چند مردوں کو روٹی لینا ہے قطار میں کھڑے ہیں، ایک عورت آئی اس کو پہلے روٹی مل گئی تو شوہر کے بقول یہ ان تینوں کے حقوق غصب کرنا ہے۔ لیکن میرا موقف یہ ہے کہ مقولہ اگرچہ انگریز کا ہے لیکن اس میں عورت کا احترام ہے، ایسا ہونا چاہئے اور اس میں کوئی حرج نہیں۔

سوم :۔ یہ کہ عورت اپنے باپ اور سگے بھائی سے بھی زیادہ دیر بات نہ کرے اور نہ مذاق کرے، بس بقدر ضرورت سلام دعا اور خیریت دریافت کر سکتی ہے، جبکہ میرا خیال یہ ہے کہ ان کی یہ بات نامناسب ہے پردہ سے انکار نہیں لیکن ایک حد تک۔

چہارم :۔ عورت کا بازار جانا حرام ہے جبکہ میں نے سنا ہے کہ "عورت کا وہ سفر جو شرعی سفر ہو وہ محرم کے بغیر کرنا حرام ہے" تو کیا عورت بقدر ضرورت کپڑا وغیرہ خریدنے کے لئے بازار نہیں جا سکتی' جبکہ مردوں اور عورتوں کی پسند میں بہت فرق ہوتا ہے۔ اب عورت پردہ کے ساتھ بازار جائے تو کیا حرج ہے منہ کا چھپانا واجب نہیں مستحب ہے۔

پنجم :۔ کیا عورت کا پردہ جتنا اجنبی غیر محرم سے ضروری ہے اتنا ہی پردہ رشتہ دار نامحرم (مثلاً چچا زاد ماموں زاد وغیرہ) سے بھی ضروری ہے' کیا اس میں کوئی فرق ہے؟ حالانکہ ان سے پردہ میں کافی مشکل ہوتی ہے۔

ج ...... پردہ کے مسئلہ میں آپ اور آپ کے شوہر دونوں راہ اعتدال سے ہٹ کر افراط وتفریط کا شکار ہیں۔

۱۔ ...... عورت کی شرم وحیا کا تقاضا تو یہی ہے کہ وہ کسی وقت بھی کھلے سر نہ رہے لیکن باپ' بھائی' بیٹا' بھتیجا وغیرہ جتنے محرم ہیں ان کے سامنے سر' گردن' بازو اور گھٹنے سے نیچے کا حصہ کھولنا شرعاً جائز ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے جس چیز کی اجازت دی ہو اس پر ناگواری کا اظہار شوہر کے لئے حرام اور ناجائز ہے۔ البتہ اگر کوئی محرم ایسا بے حیا ہو کہ اس کو عزت وناموس کی پروا نہ ہو وہ نامحرم کے حکم میں ہے اور اس سے پردہ کرنا ہی چاہئے۔

۲۔ ...... عورت یا ماں ہے' یا بیٹی ہے' یا بہن ہے' یا بیوی ہے اور یہ چاروں رشتے نہایت مقدس ومحترم ہیں۔ اس لئے اسلام عورت کی بے حرمتی کی تلقین ہرگز نہیں کرتا۔ بلکہ اس کی عزت واحترام کی تلقین کرتا ہے' معلوم ہوگا کہ حاتم طائی کی لڑکی جب قیدیوں میں برہنہ سر آنحضرت ﷺ کی خدمت میں لائی گئی تو آنحضرت ﷺ نے ان کو اپنی ردائے مبارک اوڑھنے کے لئے مرحمت فرمائی۔ اسی طرح اگر عورت کی ضرورت کو مردوں سے پہلے نمٹا دیا جائے تو یہ اس کے ضعف ونسوانیت کی رعایت ہے۔ اس کو انگریزی مقولہ "لیڈیز فرسٹ" سے

کوئی تعلق نہیں۔ معلوم ہو گا کہ جہاد میں عورتوں اور بچوں کے قتل سے ممانعت فرمائی گئی ہے۔ البتہ "لیڈیز فرسٹ" کے نظریہ کے مطابق انگریزی معاشرہ میں عورتوں کو جو ہر چیز میں مقدم کیا جاتا ہے اسلام اس کا قائل نہیں۔ چنانچہ نماز میں عورتوں کی صفیں مردوں سے پیچھے رکھی گئی ہیں اس لئے "لیڈیز فرسٹ" کا نظریہ بھی غلط ہے اور آپ کے شوہر کا یہ موقف بھی غلط ہے کہ عورت کا احترام نہ کیا جائے اور اس کے ضعف ونسوانیت کی رعایت کرتے ہوئے اس کو پہلے فارغ نہ کیا جائے۔

۳...... جن محارم سے پردہ نہیں ان سے بلا تکلف گفتگو کی اجازت ہے۔ آپ کے شوہر کا یہ کہنا کہ "ان سے زیادہ بات نہ کی جائے" صحیح نہیں بلکہ افراط ہے' البتہ ناروا مذاق کرنے کی اپنے محارم کیساتھ بھی اجازت نہیں۔

۴۔...... عورت کا بغیر ضرورت کے بازاروں میں جانا جائز نہیں اور غیر مردوں کے سامنے چہرہ کھولنا بھی جائز نہیں اس مسئلہ میں آپ کی بات غلط ہے اور یہ تفریط ہے' عورت کو اگر بازار جانے کی ضرورت ہو تو گھر سے نکلنے کے بعد گھر آنے تک پردہ کی پابندی لازم ہے جس میں چہرے کا ڈھکنا بھی لازم ہے۔

۵۔...... اجنبی نامحرموں سے چار دیواری کا پردہ ہے اور جو نامحرم رشتہ دار ہوں اور عورت ان کے سامنے جانے پر مجبور ہو ان سے چادر کا پردہ لازم ہے۔ اس کی تفصیل حضرت تھانوی ؒ کے رسالہ "تعلیم الطالب" سے نقل کرتا ہوں اور وہ یہ ہے۔

> "جو رشتہ دار شرعاً محرم نہیں' مثلاً خالہ زاد' ماموں زاد' پھوپھی زاد بھائی یا بہنوئی' یا دیور وغیرہ' جو ان عورت کو ان کے روبرو آنا اور بے تکلف باتیں کرنا ہرگز نہ چاہئے۔ جو مکان کی تنگی یا ہروقت کی آمدورفت کی وجہ سے گہرا پردہ نہ ہو سکے تو سر سے پاؤں تک تمام بدن کسی میلی چادر سے ڈھانک کر شرم ولحاظ سے بضرورت روبرو

آجائے اور کلائی' بازو اور سر کے بال اور پنڈلی ان سب کا ظاہر کرنا حرام ہے۔ اسی طرح ان لوگوں کے روبرو عطر لگا کر عورت کو آنا جائز نہیں اور نہ بجتا ہوا زیور پہنے"۔ (تعلیم الطالب ص ۵)

## عورت کو مرد کے شانہ بشانہ کام کرنا

س ...... آج کے دور میں جس طرح عورت مرد کے شانہ بشانہ چل رہی ہے۔ وہ ہر کام جو اسلامی نقطہ نظر سے صحیح تصور نہیں کیا جاتا اس میں بھی عورت نے ہاتھ ڈالا ہوا ہے۔ پوچھنا یہ چاہتی ہوں کیا یہ عورت کا شانہ بشانہ کام اسلام میں جائز ہے؟

ج ...... اللہ تعالیٰ نے مرد اور عورت کا دائرہ کار الگ الگ بنایا ہے۔ عورت کے کام کا میدان اس کا گھر ہے' اور مرد کا میدان عمل گھر سے باہر ہے۔ جو کام مرد کر سکتا ہے عورت نہیں کر سکتی اور جو عورت کر سکتی ہے مرد نہیں کر سکتا' دونوں کو اپنے اپنے دائرہ میں رہ کر کام کرنا چاہئے' جو لوگ مرد کا بوجھ عورت کے نحیف کندھوں پر ڈالتے ہیں وہ عورت پر ظلم کرتے ہیں۔

## کیا پردہ ضروری ہے یا نظریں نیچی رکھنا ہی کافی ہے؟

س ...... پردہ سے متعلق "چہرہ کھلا رکھ لینا" اور نظریں نیچی رکھ لینا ہی شرعی پردہ ہے یا ظاہراً چہرہ چھپانا بھی ضروری ہے۔ کسی ایک صوبے کے سابق ڈی آئی جی ایک رات بات چیت کے دوران مصر تھے کہ سورۂ نور میں صرف نظریں نیچی رکھنے کا حکم ہے۔ پردہ کا نہیں کیونکہ اس میں تو مردوں سے بھی نگاہ نیچی رکھنے کا کہا ہے پھر مرد کو بھی برقعہ پہننا چاہئے۔

ج ...... شرعاً چہرے کا پردہ لازم ہے' یہ غلط ہے کہ سورۂ نور میں صرف نظریں نیچی رکھنے کا حکم ہے۔ یہ حکم تو مردوں اور عورتوں کو یکساں دیا گیا ہے۔ عورتوں

کو مزید بر آں ایک حکم یہ دیا گیا کہ سوائے ان حصوں کے جن کا اظہار ناگزیر ہے اپنی زینت کا اظہار نہ کریں۔ احادیث میں آتا ہے کہ اس آیت کے نزول کے بعد صحابی عورتیں پورا چہرہ چھپاکر صرف ایک آنکھ کھلی رکھ کر نکلتی تھیں، علاوہ ازیں سورۂ احزاب میں حکم دیا گیا ہے کہ اپنی چادریں اپنے گریبانوں پر لٹکالیا کریں یعنی گھونگھٹ نکالیں، چہروں اور سینوں کو چھپائیں۔

## بہنوئی وغیرہ سے کتنا پردہ کیا جائے؟

س ...... کیا قریبی رشتہ دار جو غیر محرم ہیں مثلاً بہنوئی وغیرہ سے اس طرح کا پردہ کیا جاسکتا ہے کہ نظریں نیچی رکھ لے چہرہ کھلا رکھ لیں؟ یا گھونگھٹ میں غیر محرم سے گفتگو کرنا کیسا ہے؟

ج ...... قریبی نامحرموں سے گھونگھٹ کیا جائے اور بہنوئی سے بے تکلفی کی بات نہ کی جائے۔

## چہرہ چھپانا پردہ ہے تو حج پر کیوں نہیں کیا جاتا؟

س ...... چہرہ چھپانا پردہ ہے تو پھر حج کے موقع پر پردہ کیوں نہیں؟ اسی طرح ایک حدیث کا مفہوم کم وبیش مجھے اللہ تعالیٰ معاف فرمائے یہ ہے کہ ایک صحابی رضی اللہ عنہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور کہا میں شادی کر رہا ہوں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم نے اسے دیکھا ہے۔ اس نے کہا نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے کہا جاکر اسے دیکھ کر آؤ اس طرح اس حدیث سے بھی چہرہ کھلا رکھنے میں کوئی مضائقہ نہیں۔ ذرا اس کی بھی وضاحت فرمادیں تاکہ عقلی تشنگی بھی دور ہوسکے۔

ج ...... احرام میں عورت کو چہرہ ڈھکنا جائز نہیں، پردہ کا پھر بھی حکم ہے کہ جہاں تک ممکن ہو نامحرموں کی نظر چہرے پر نہ پڑنے دے۔ جس عورت سے نکاح کرنا

ہو اس کو ایک نظر دیکھ لینے کی اجازت ہے لیکن ان دونوں باتوں سے یہ نتیجہ نکال لینا غلط ہے کہ اسلام میں چہرے کا پردہ ہی نہیں۔

## پردہ کیلئے موٹی چادر بہتر ہے یا مروجہ برقعہ

س ...... پردہ کیلئے موٹی چادر بہتر ہے یا آج کل کا برقعہ یا گول ٹوپی والے پرانے برقعے؟

ج ...... اصل یہ ہے کہ عورت کا پورا بدن مع چہرہ کے ڈھکا ہوا ہونا ضروری ہے' اس کے لئے بڑی چادر جس سے سر سے پاؤں تک بدن ڈھک جائے کافی ہے' مگر چادر کا سنبھالنا عورت کیلئے مشکل ہوتا ہے اس لئے شرفاء نے چادر کو برقعہ کی شکل دی' پرانے زمانے میں ٹوپی والے برقعے کا رواج تھا اب نقاب والے برقع نے اس کی جگہ لے لی ہے۔

## کیا دیہات میں بھی پردہ ضروری ہے؟

س ...... چونکہ ہم لوگ دیہات میں رہتے ہیں' دیہات میں پردے کا انتظام نہیں یعنی رواج نہیں۔ زیادہ کھیتی باڑی کا کام ہے اس لئے عورتوں کو مردوں کے ساتھ ساتھ کام کرنا ہوتا ہے اور گھر کا کام بھی۔ پانی بھرنا اور استعمال کی چیزیں بھی عورتیں ہی خریدتی ہیں اور یہ تو عرصہ دراز سے کام چل رہا ہے۔ اور عورتیں صرف دوپٹہ اوڑھ کر باہر نکلتی ہیں اس کے متعلق شریعت کا کیا حکم ہے ذرا وضاحت سے تحریر کریں۔

ج ...... پردہ ہونا تو چاہئے کہ شرعی حکم ہے ہمارے دیہات میں اس کا رواج نہیں تو یہ شریعت کے خلاف ہے۔

## کیا چہرے کا پردہ بھی ضروری ہے

س ...... عورتوں کے پردے کے بارے میں جواب دیا گیا کہ چہرہ کھلا رکھ سکتی

ہیں لیکن زیب و آرائش نہ کریں تاکہ کشش نہ ہو' کیا چہرہ کا پردہ نہیں ہے۔
ج ...... شرعاً چہرے کا پردہ لازم ہے۔ خصوصاً جس زمانے میں دل اور نظر دونوں ناپاک ہوں تو ناپاک نظروں سے چہرے کی آبرو کو بچانا لازم ہے۔

## کسی کا عمل حجت نہیں شرعی حکم حجت ہے؟

س ...... اسلام میں مسلمانوں کے لئے نامحرم سے بات تو درکنار ایک سر کا بال تک نہیں دیکھنا چاہئے لیکن جنگ اخبار میں اتوار ۳۰ جولائی ۱۹۹۵ء کی اشاعت میں ایک تصویر چھپی ہے جس میں دکھایا گیا ہے کہ مسجد اقصیٰ کے سابق امام السید اسعد بیوض تمیمی سے لاہور میں ایک خاتون مصافحہ کر رہی ہے۔ اس تصویر کو لاکھوں مسلمانوں نے دیکھا ہو گا اور ہم جیسے کچی عمر کے بچے تو یہی سمجھیں گے کہ عورت سے یعنی نامحرم عورت سے ہاتھ ملانا گناہ نہیں ہے جبکہ یہ سابق امام۔ السید اسعد بیوض تمیمی صاحب نامحرم سے ہاتھ ملا رہے ہیں' آپ اس بارے میں ذرا واضح کر دیں کہ یہ امام صاحب صحیح کر رہے ہیں جبکہ یہ سید بھی ہے۔ بہت نوازش ہوگی آپ کی۔
ج ...... آج کل کی جدید عربی میں "السیّد" جناب کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ پنڈت جواہرلال نہرو عرب ممالک کے دورے پر گئے تھے بہت سے لوگوں کو یاد ہو گا کہ عرب اخبارات ان کی خبریں "السید نہرو" کے نام سے چھاپتے تھے۔
اسلامی نقطہ نظر سے نامحرم کے ساتھ ہاتھ ملانا حرام ہے۔ اور کسی نامحرم کے بدن سے مس کرنا ایسا ہے جیسے خنزیر کے خون میں ہاتھوں کو ڈبو دیا جائے' مسجد اقصیٰ کے سابق امام کا فعل خلاف شرع ہے' اور خلاف شرع کام خواہ کوئی بھی کرے اس کو جائز نہیں کہا جائے گا۔

## سفر میں راستہ دیکھنے کے لئے نقاب لگانا

س ...... سفر میں راستہ دیکھنے کیلئے چہرہ یا آنکھیں کھلی رکھنا مجبوری ہے؟ کیا اس

موقع پر نقاب لگائے؟

ج ...... جی ہاں! نقاب استعمال کیا جائے۔

## نیکر پہن کر اکٹھے نہانا

س ...... پانی کے کنویں جو بستی کے اندر ہوتے ہیں عام طور پر لوگ وہاں صرف نیکر پہن کر نہاتے ہیں۔جبکہ پانی بھرنے کے لئے مرد اور خواتین' بچے سبھی آتے جاتے رہتے ہیں ایسی صورت میں صرف نیکر پہن کر کنویں پر نہانا جائز ہے یا نہیں؟

ج ...... یہ طریقہ شرم وحیا کے خلاف ہے مرد کی رانیں اور گھٹنے ستر میں شمار ہوتے ہیں۔ان کو عام مجمع میں کھولنا جائز نہیں۔

## عورت اور پردہ

س ...... کیا خواتین کے لئے ہاکی کھیلنا' کرکٹ کھیلنا' بال کٹوانا اور ننگے سر باہر جانا' کلبوں' سینماؤں یا ہوٹلوں اور دفتروں میں مردوں کے ساتھ کام کرنا' غیر مردوں سے ہاتھ ملانا اور بے حجابانہ باتیں کرنا۔ خواتین کا مردوں کی مجالس میں ننگے سر میلاد میں شامل ہونا' ننگے سر اور نیم برہنہ پوشاک پہن کر نعت خوانی غیر مردوں میں کرنا اسلامی شریعت میں جائز ہے؟ کیا علماء کرام پر واجب نہیں کہ وہ ان بدعتوں اور غیر اسلامی کردار ادا کرنے والی خواتین کے برخلاف حکومت کو انسداد پر مجبور کریں۔

ج ...... اس سوال کے جواب سے پہلے ایک غیور مسلمان خاتون کا خط بھی پڑھ لیجئے۔جو ہمارے مخدوم حضرت اقدس ڈاکٹر عبدالحئ عارفی مدظلہ کو موصول ہوا۔ وہ لکھتی ہیں:

"لوگوں میں یہ خیال پیدا ہو کر پختہ ہو گیا ہے کہ حکومت پاکستان

پردے کے خلاف ہے یہ خیال اس کوٹ کی وجہ سے ہوا ہے جو حکومت کی طرف سے حج کے موقع پر خواتین کے لئے پہننا ضروری قرار دے دیا گیا ہے یہ ایک زبردست غلطی ہے اگر پہچان کے لئے ضروری تھا تو نیلا برقعہ پہننے کو کہا جاتا۔

حج کی جو کتاب رہنمائی کے لئے حجاج کو دی جاتی ہے اس میں تصویر کے ذریعے مرد عورت کو احرام کی حالت میں دکھایا گیا ہے۔ اول تو تصویر ہی غیر اسلامی فعل ہے' دوسرے عورت کی تصویر کے نیچے ایک جملہ لکھ کر ایک طرح سے پردے کی فرضیت سے انکار ہی کر دیا۔ وہ تکلیف دہ جملہ یہ ہے کہ "اگر پردہ کرنا ہو تو منہ پر کوئی آڑ رکھیں تاکہ منہ پر کپڑا نہ لگے"۔ یہ تو درست مسئلہ ہے لیکن "اگر پردہ کرنا ہو" کیوں لکھا گیا' پردہ تو فرض ہے' پھر کسی کی پسند یا ناپسند کا کیا سوال؟ بلکہ پردہ پہلے فرض ہے حج بعد کو۔ کھلے چہرے ان کی تصویروں کے ذریعے اخبارات میں نمائش' ٹی وی پر نمائش' یہ سب پردے کے احکام کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ فلم کے پردے پر اسلام اور اسلامی شعائر کی اس قدر توہین واستہزا ہو رہا ہے اور علمائے کرام اسلام تماشائی بنے بیٹھے ہیں سب کچھ دیکھ رہے ہیں اور بدی کے خلاف' بدی کو مٹانے کے لئے اللہ کے احکام سنا سنا کر پیروی کروانے کا فریضہ ادا نہیں کرتے' خدا کے فضل وکرم سے پاکستان اور تمام مسلم ممالک میں علماء کی تعداد اتنی ہے کہ ملت کی اصلاح کے لئے کوئی دقت پیش نہیں آسکتی جب کوئی برائی پیدا ہو اس کو پیدا ہوتے ہی کچلنا چاہئے' جب جڑ پکڑ جاتی ہے تو مصیبت بن جاتی ہے۔ علماء ہی کا فرض ہے کہ ملت کو برائیوں سے بچائیں' اپنے گھروں کو علماء رائج الوقت برائیوں سے بچائیں' اپنی ذات کو برائیوں سے دور رکھیں تاکہ اچھا اثر ہو۔

تعلیمی ادارے جہاں قوم بنتی ہے غیر اسلامی لباس اور غیر زبان میں ابتدائی تعلیم کی وجہ سے قوم کے لئے سود مند ہونے کے بجائے نقصان کا باعث ہیں۔ معلم اور معلّمات کو اسلامی عقائد اور طریقے اختیار کرنے کی سخت ضرورت ہے طالبات کیلئے چادر ضروری قرار دی گئی لیکن گلے میں پڑی ہے' چادر کا مقصد جب ہی پورا ہو سکتا ہے جب معمر خواتین باپردہ ہوں' بچیوں کے ننھے ننھے ذہن چادر کو بار تصور کرتے ہیں جب وہ دیکھتی ہیں معلمہ اور اس کی اپنی ماں گلی بازاروں میں سربرہنہ' نیم عریاں لباس میں ہیں تو چادر کا بوجھ کچھ زیادہ ہی محسوس ہونے لگتا ہے۔ بے پردگی ذہنوں میں جڑ پکڑ چکی ہے۔ ضرورت ہے پردے کی فرضیت واضح کی جائے' اور بڑے لفظوں میں پوسٹر چھپوا کر تقسیم بھی کئے جائیں' اور مساجد' طبّی ادارے' تعلیمی ادارے' مارکیٹ جہاں خواتین ایک وقت میں زیادہ تعداد میں شریک ہوتی ہیں شادی ہال وغیرہ وہاں پردے کے احکام اور پردے کی فرضیت بتائی جائے۔ بے پردگی پر وہی گناہ ہو گا جو کسی فرض کو ترک کرنے پر ہو سکتا ہے' اس حقیقت سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا ہمارے معاشرے میں ننانوے فیصد برائیاں بے پردگی کی وجہ سے وجود میں آئی ہیں اور جب تک بے پردگی ہے برائیاں بھی رہیں گی۔

راجہ ظفر الحق صاحب مبارک ہستی ہیں اللہ پاک ان کو مخالفتوں کے سیلاب میں ثابت قدم رکھیں آمین! ٹی وی سے فحش اشتہار ہٹائے تو شور برپا ہو گیا۔ ہاکی ٹیم کا دورہ منسوخ ہونے سے ہمارے صحافی اور کالم نویس رنجیدہ ہو گئے ہیں۔

جو اخبار ہاتھ لگے دیکھئے' جلوۂ رقص ونغمہ' حسن وجمال' روح کی غذا کہہ کر موسیقی کی وکالت! کوئی نام نہاد عالم ٹائی اور سوٹ کو بین الاقوامی لباس ثابت کر کے اپنی شناخت کو بھی مٹا رہے ہیں۔ ننھے ننھے

بچے ٹائی کا وبال گلے میں ڈالے اسکول جاتے ہیں۔کوئی شعبہ زندگی کا ایسا نہیں جہاں غیروں کی نقل نہ ہو۔

راجہ صاحب کو ایک قابل قدر ہستی کی مخالفت کا بھی سامنا ہے اس معزز ہستی کو اگر پردے کی فرضیت اور افادیت سمجھائی جائے تو انشاء اللہ مخالفت' موافقت کا رخ اختیار کرلے گی۔ عورت سرکاری محکموں میں کوئی تعمیری کام اگر اسلام کے احکام کی مخالفت کر کے بھی کر رہی ہے تو وہ کام ہمارے مرد بھی انجام دے سکتے ہیں بلکہ سرکار کے سرکاری محکموں میں تقرر مرد طبقے کے لئے تباہ کن ہے' مرد طبقہ بیکاری کی وجہ سے یا تو جرائم کا سہارا لے رہا ہے یا ناجائز طریقے اختیار کر کے غیر ممالک میں ٹھوکریں کھا رہا ہے"۔

بد قسمتی سے دور جدید میں عورتوں کی عریانی و بے حجابی کا جو سیلاب برپا ہے' وہ تمام اہل فکر کے لئے پریشانی کا موجب ہے'مغرب اس لعنت کا خمیازہ بھگت رہا ہے' وہاں عائلی نظام تلپٹ ہو چکا ہے۔ شرم وحیا اور غیرت و حمیت کا لفظ اس کی لغت سے خارج ہو چکا ہے۔اور حدیث پاک میں آخری زمانہ میں انسانیت کی جس آخری پستی کی طرف ان الفاظ میں اشارہ کیا گیا ہے: کہ وہ چوپایوں اور گدھوں کی طرح سربازار شہوت رانی کریں گے۔اس کے مناظر بھی وہاں سامنے آنے لگے ہیں۔ابلیس مغرب نے صنف نازک کو خاتون خانہ کے بجائے شمع محفل بنانے کے لئے "آزادی نسواں" کا خوبصورت نعرہ بلند کیا۔ناقصات العقل والدین کو سمجھایا گیا کہ پردہ ان کی ترقی میں حارج ہے' انہیں گھر کی چار دیواری سے نکل کر زندگی کے ہر میدان میں مردوں کے شانہ بشانہ کام کرنا چاہئے' اس کے لئے تنظیمیں بنائی گئیں' تحریکیں چلائی گئیں' مضامین لکھے گئے' کتابیں لکھی گئیں اور پردہ جو صنف نازک کی شرم وحیا کا نشان' اس کی عفت و آبرو کا محافظ اور اس کی فطرت کا تقاضا تھا' اس پر رجعت پسندی کے آوازے کسے گئے۔اس مکروہ ترین ابلیسی پروپیگنڈے کا نتیجہ یہ ہوا کہ حوا کی

بیٹیاں ابلیس کے دام تزویر میں آگئیں ۔ ان کے چہرے سے نقاب نوچ لی گئی۔ سر سے دوپٹہ چھین لیا گیا۔ آنکھوں سے شرم وحیا لوٹ لی گئی۔ اور اسے بے حجاب وعریاں کر کے تعلیم گاہوں' دفتروں' اسمبلیوں' کلبوں' سڑکوں' بازاروں اور کھیل کے میدانوں میں گھسیٹ لیا گیا۔ اس مظلوم مخلوق کا سب کچھ لٹ چکا ہے۔ لیکن ابلیس کا جذبہ عریانی وشہوانی ہنوز تشنہ ہے۔

مغرب' مذہب سے آزاد تھا۔ اس لئے وہاں عورت کو اس کی فطرت سے بغاوت پر آمادہ کر کے مادر پدر آزادی دلا دینا آسان تھا' لیکن مشرق میں ابلیس کو دوہری مشکل کا سامنا تھا۔ ایک عورت کو اس کی فطرت سے لڑائی لڑنے پر آمادہ کرنا اور دوسرے تعلیمات نبوت' جو مسلم معاشرے کے رگ وریشہ میں صدیوں سے سرایت کی ہوئی تھیں' عورت اور پورے معاشرہ کو ان سے بغاوت پر آمادہ کرنا۔

ہماری بدقسمتی' مسلم ممالک کی نکیل ایسے لوگوں کے ہاتھ میں تھی جو "ایمان بالمغرب" میں اہل مغرب سے بھی دو قدم آگے تھے۔ جن کی تعلیم و تربیت اور نشوونما خالص مغربیت کے ماحول میں ہوئی تھی۔ جن کے نزدیک دین ومذہب کی پابندی ایک لغو اور لایعنی چیز تھی اور جنہیں نہ خدا سے شرم تھی۔ نہ مخلوق سے۔ یہ لوگ مشرقی روایات سے کٹ کر مغرب کی راہ پر گامزن ہوئے۔ سب سے پہلے انہوں نے اپنی بہو بیٹیوں' ماؤں' بہنوں اور بیویوں کو پردۂ عفت سے نکال کر آوارہ نظروں کے لئے وقف عام کیا' ان کی دنیوی وجاہت واقبال مندی کو دیکھ کر متوسط طبقے کی نظریں للچائیں۔ اور رفتہ رفتہ تعلیم' ملازمت اور ترقی کے بہانے وہ تمام ابلیسی مناظر سامنے آنے لگے جن کا تماشا مغرب میں دیکھا جا چکا تھا۔ عریانی وبے حجابی کا ایک سیلاب ہے جو لمحہ بہ لمحہ بڑھ رہا ہے۔ جس میں اسلامی تہذیب وتمدن کے محلات ڈوب رہے ہیں۔ انسانی عظمت وشرافت اور نسوانی عفت وحیا کے پہاڑ بہ رہے ہیں۔ خدا ہی بہتر جانتا

ہے کہ یہ سیلاب کہاں جاکر تھمے گا۔اور انسان' انسانیت کی طرف کب پلٹے گا؟ بظاہر ایسا نظر آتا ہے کہ جب تک خدا کا خفیہ ہاتھ قائدین شر کے وجود سے اس زمین کو پاک نہیں کر دیتا اس کے تھمنے کا کوئی امکان نہیں۔

رَبِّ لا تَذَرْ عَلَى الْكَافِرِيْنَ دَيَّارًا. اِنَّكَ اِنْ تَذَرْهُمْ يُضِلُّوْا عِبَادَكَ وَلا يَلِدُوْا الا فَاجِرًا كفارًا.

جہاں تک اسلامی تعلیمات کا تعلق ہے۔عورت کا وجود فطرۃً سراپا ستر ہے اور پردہ اس کی فطرت کی آواز ہے۔

حدیث میں ہے:

المرأة عورة–فاذا خرجت استشرفها الشيطان.

(مشکوۃ ص ۲۶۹ بروایت ترمذی)

ترجمہ :عورت سراپا ستر ہے۔پس جب وہ نکلتی ہے تو شیطان اس کی تاک جھانک کرتا ہے۔

امام ابو نعیم" اصفہانی نے حلیۃ الاولیاء میں یہ حدیث نقل کی ہے:

عن انس قال قال رسول الله ﷺ ما خير للنساء– فلم ندر ما نقول– فجاء علی رضی الله عنه الى فاطمة رضی الله عنها– فاخبرها بذلك. فقالت: فهلا قلت له خيرٌ لهنّ ان لا يرين الرجال ولا يرونهّن. فرجع فاخبره بذلك. فقال له من علّمك هذا قال فاطمة. قال انها بضعة منّى.

سعيد بن المسيّب عن علیّ رضی الله عنه – انّه قال لفاطمة ما خير للنساء– قالت لا يرين الرجال ولا يرونهنّ. فذكر ذلك للنبی ﷺ فقال انما فاطمة بضعة منى.

(حلیۃ الاولیاء ج ۲ ص ۴۰'۴۱)

ترجمہ : "حضرت انس بن مالک ؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت

ﷺ نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم سے فرمایا: بتاؤ! عورت کے لئے سب سے بہتر کونسی چیز ہے۔ ہمیں اس سوال کا جواب نہ سوجھا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ وہاں سے اٹھ کر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئے۔ ان سے اسی سوال کا ذکر کیا۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ لوگوں نے یہ جواب کیوں نہ دیا کہ عورتوں کے لئے سب سے بہتر چیز یہ ہے کہ وہ اجنبی مردوں کو نہ دیکھیں اور نہ ان کو کوئی دیکھے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے واپس آکر یہ جواب آنحضرت ﷺ سے نقل کیا۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا یہ جواب تمہیں کس نے بتایا۔ عرض کیا' فاطمہ رضی اللہ عنہا نے' فرمایا فاطمہؓ آخر میرے جگر کا ٹکڑا ہے نا۔

سعید بن مسیبؒ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ عورتوں کے لئے سب سے بہتر کونسی چیز ہے۔ فرمانے لگیں' یہ کہ وہ مردوں کو نہ دیکھیں اور نہ مرد ان کو دیکھیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یہ جواب آنحضرت ﷺ سے نقل کیا تو فرمایا واقعی فاطمہ میرے جگر کا ٹکڑا ہے"۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یہ روایت امام ہیثمیؒ نے مجمع الزوائد (ص ۲۰۲ ج ۹) میں بھی مسند بزار کے حوالے سے نقل کی ہے۔

موجودہ دور کی عریانی اسلام کی نظر میں جاہلیت کا تبرج ہے۔ جس سے قرآن کریم نے منع فرمایا ہے اور چونکہ عریانی قلب ونظر کی گندگی کا سبب بنتی ہے' اس لئے ان تمام عورتوں کے لئے بھی' جو بے حجابانہ نکلتی ہیں۔ اور ان مردوں کے لئے بھی جن کی ناپاک نظریں ان کا تعاقب کرتی ہیں۔ آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے:

"لعن اللہ الناظر و المنظور الیہ"

ترجمہ : ”اللہ تعالیٰ کی لعنت دیکھنے والے پر بھی اور جس کی طرف دیکھا جائے اس پر بھی“۔

عورتوں کا بغیر صحیح ضرورت کے گھر سے نکلنا۔ شرف نسوانیت کے منافی ہے۔ اور اگر انہیں گھر سے باہر قدم رکھنے کی ضرورت پیش ہی آئے تو حکم ہے کہ ان کا پورا بدن مستور ہو۔

## مرد کا ننگے سر پھرنا انسانی مروت و شرافت کے خلاف ہے اور عورت کے لئے گناہ کبیرہ ہے

س ...... میرے ذہن میں بچپن ہی سے ایک سوال ہے کہ اسلام میں ننگے سر' سر عام پھرنا جائز ہے؟ میں دس سال کا بچہ ہوں اور مجھے لکھنا بھی صحیح نہیں آتا۔ مہربانی فرماکر غلطیاں نکال دیں۔ میرے خط کا جواب ضرور دیں شکریہ۔

ج ...... تمہارے خط کی غلطیاں تو ہم نے ٹھیک کرلیں۔ مگر تمہارا سوال اتنا اہم ہے کہ کسی طرح یقین نہیں آتا کہ یہ سوال دس سال کے بچے کا ہوسکتا ہے۔

لو! اب جواب سنو! اسلام بلند اخلاق وکردار کی تعلیم دیتا ہے اور گھٹیا اخلاق و معاشرت سے منع کرتا ہے۔ ننگے سر بازاروں اور گلیوں میں نکلنا اسلام کی نظر میں ایک ایسا عیب ہے جو انسانی مروت و شرافت کے خلاف ہے۔ اس لئے حضرات فقہائے کرام فرماتے ہیں کہ اسلامی عدالت ایسے شخص کی شہادت قبول نہیں کرے گی۔ مسلمانوں میں ننگے سر پھرنے کا رواج انگریزی تہذیب و معاشرت کی نقالی سے پیدا ہوا ہے۔ ورنہ اسلامی معاشرت میں ننگے سر پھرنے کو عیب تصور کیا جاتا ہے اور یہ حکم مردوں کا ہے۔ جبکہ عورتوں کا برہنہ سر کھلے بندوں پھرنا اور کھلے بندوں' بازاروں میں نکلنا صرف عیب ہی نہیں بلکہ گناہ کبیرہ ہے۔

## نابالغ بچی کو پیار کرنا

س ...... ایک بچی جو تیسری کلاس میں پڑھتی ہے میں اس کو ٹیوشن پڑھاتا ہوں۔ وہ بچی میرے کو بہت اچھی لگتی ہے کبھی کبھی میں اس سے پیار بھی کر لیتا ہوں۔ لیکن پھر خوف خدا سے دل کانپ کر رہ جاتا ہے پھر سوچتا ہوں یہ تو بچی ہے آپ سے التماس ہے کہ اتنی چھوٹی بچی سے پیار کرنا جائز ہے یا نہیں؟

ج ...... اگر دل میں غلط خیال آئے تو اس سے پیار کرنا جائز نہیں۔ بلکہ ایسی صورت میں اس کو پڑھانا بھی جائز نہیں۔

## ٹی وی کے تفہیم دین پروگرام میں عورت کا غیر محرم مرد کے سامنے بیٹھنا

س ...... ٹیلی ویژن کے پروگرام تفہیم دین میں خواتین شرکاء بھی ہوتی ہیں جو اسلامی سوالات کے جواب دیتی ہیں لیکن خود ایک غیر محرم مرد کے سامنے منہ کھولے بیٹھی ہوتی ہیں۔ کیا یہ اسلام میں منع نہیں ہے؟

ج ...... اسلام میں تو منع ہے لیکن شاید ٹیلی ویژن کا اسلام کچھ مختلف ہو گا۔

## کیا غیر مسلم عورت سے پردہ کرنا چاہئے

س ...... ایک غیر مسلم نوکرانی جو گھر میں کام کرتی ہے مسلمان عورت کو اس سے کیا پردہ کرنا چاہئے کیونکہ اسلام کی رو سے غیر مسلم عورت مرد کے حکم میں آتی ہے؟ قرآن میں عورتوں کو پردے کے بارے میں یہ الفاظ بھی ہیں جو انہی کی طرح کی عورتیں ہوں ان سے پردہ نہیں کرنا چاہئے۔ انہیں کی قسم کی عورتوں کا کیا مطلب ہے؟ کیا وہ پردہ دار ہوں یا مسلمان عورتیں ہوں؟

ج ...... ان کا حکم نا محرم مردوں کا ہے۔ ان کے سامنے چہرہ' ہاتھ اور پاؤں

کھول سکتی ہیں۔ باقی پورا وجود ڈھکا رہنا چاہئے۔

## عورتوں کا نیوی میں بھرتی ہونا شرعاً کیسا ہے

س ...... پچھلے جمعہ کے روزنامہ جنگ میں ایک اشتہار شائع ہوا۔ جو پاکستان نیوی (بحریہ) میں عورتوں کی بھرتی کے بارے میں تھا۔ لکھا ہے کہ پاکستان نیوی میں خواتین سیلرز وردی پہن کر ڈیوٹی مثلاً کلرک وغیرہ بھرتی کرنا ہیں۔ سوال یہ ہے کہ کیا اسلام میں اور بالخصوص پاکستان میں جہاں اسلامی نظام رائج کرنے کی کوششیں جاری ہیں عورتوں کا بھرتی کرنا یا کام کرنا جائز ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ یہ خواتین وردی پہنیں گی آپ کو علم ہوگا کہ وردی پہننے سے (جو تنگ لباس ہوتا ہے) عورت کیلئے بے پردگی ہوگی۔ بالخصوص عورت کی قمیص تنگ ہوگی اس کے اعضائے زینت دور سے نظر آئیں گے کیا یہ ناجائز نہیں؟

ج ...... کیا اس کا ناجائز ہونا بھی کوئی ڈھکی چھپی بات ہے؟ عورتیں اسپتالوں میں نرسنگ کر رہی ہیں، جہازوں میں میزبانی کے فرائض انجام دے رہی ہیں وغیرہ وغیرہ۔ یہ سب کچھ جائز ہی سمجھ کر کیا جا رہا ہے۔

## بالغ لڑکی کو پردہ کرانا ماں، باپ کی ذمہ داری ہے۔

س ...... شرعی رو سے لڑکی کو پردہ کرانا کس کے ذمہ ہے ماں کے یا باپ کے؟

ج ...... بچی کو جب وہ بالغ ہو جائے پردہ کرانا ماں باپ کی ذمہ داری ہے اور خود بھی اس پر فرض ہے۔

## عورتوں کو گھر میں ننگے سر بیٹھنا کیسا ہے؟

س ...... کیا عورتیں گھر میں ننگے سر بیٹھ سکتی ہیں؟

ج ...... کوئی غیر محرم نہ ہو تو عورت گھر میں سر ننگا کر سکتی ہے۔

## کیا بیوی کو نیم عریاں لباس سے منع کرنا اس کی دل شکنی ہے

س ...... اگر بیوی نیم عریاں لباس پہنے مثلاً ساڑھی وغیرہ جس میں اس کا پیٹ ناف تک کھلا ہوتا ہے تو اس کا شوہر اس کو منع کر سکتا ہے یا نہیں؟ اگر وہ ڈانٹ کر منع کر دیتا ہے اس پر بیوی روتی ہے تو کیا یہ دل شکنی ہوگی اور یہ گناہ ہوگا یا نہیں؟

ج ...... بیوی اگر گناہ میں مبتلا ہو تو شوہر پر لازم ہے کہ ہر ممکن طریقہ سے اس کی اصلاح کی کوشش کرے۔ اگر ڈانٹنے سے اصلاح ہو سکتی ہے تو یہ بھی کرے۔ اگر ایمان شکنی ہوتی ہوئی دیکھے تو دل شکنی کی پروانہ کرے۔

## فتنے کا اندیشہ نہ ہو تو بھائی بہن گلے مل سکتے ہیں

س ...... بھائی بہن ایک دوسرے کے گلے لگ کر مل سکتے ہیں؟

ج ...... فتنے کا اندیشہ نہ ہو تو ٹھیک ہے۔

## عورت کی آواز بھی شرعاً ستر ہے

س ...... بعض برادریوں میں شادی بیاہ کے موقع پر خصوصاً عورتوں کی مجالس ہوتی ہیں، جن میں عورتیں جمع ہوتی ہیں اور لاؤڈ اسپیکر پر ایک عورت وعظ و نصیحت کرتی ہے۔ خوش الحانی سے نعتیں پڑھی جاتی ہیں۔ غیر مرد سنتے ہیں اور خوش الحانی سے پڑھی گئی نعتوں میں لذت لیتے ہیں۔ یہ مجالس آیا ناجائز ہیں یا جائز؟ اگر غیر مرد اس میں دلچسپی لیں تو اس کا گناہ منتظمین پر ہوتا ہے یا نہیں؟ اس مقصد کے لئے صحیح لائحہ عمل کیا ہونا چاہئے؟

ج ...... عورت کی آواز شرعاً ستر ہے اور غیر مردوں کو اس کا سننا اور سنانا جائز نہیں۔ خصوصاً جبکہ موجب فتنہ ہو۔ جلسہ کے منتظمین، یہ گانے والیاں اور سننے

والے سبھی گناہ گار ہیں اور آنحضرت ﷺ کی ناراضگی اور بددعا کے مستحق ہیں۔

ایضاً

س ...... شریعت میں عورت کی آواز کو بھی ستر قرار دیا گیا ہے۔ لیکن بازار جانے کی صورت میں خواتین اس کی پابند نہیں رہ سکتیں' ویسے بھی اللہ کے نزدیک بازار سب سے ناپسندیدہ جگہ ہے۔ اکثر خواتین کو ہمارے مرد بھائیوں نے بازار جانے پر خود مجبور کر رکھا ہے۔ کیا بحالت شدید مجبوری ایک پردہ دار خاتون اشیاء ضرورت کی خریداری کر سکتی ہے اور ایسا کرنے پر وہ گناہ کی تو مرتکب نہ ہوگی؟

ج ...... اصل تو یہی ہے کہ عورت بازار نہ جائے لیکن اگر ضرورت ہو تو پردہ کی پابندی کے ساتھ خرید و فروخت کر سکتی ہے مگر نامحرم کے سامنے آواز میں لچک پیدا نہ ہو۔

## غیر محرم عورت کی میت دیکھنا اور اس کی تصویر کھینچنا جائز نہیں

س ...... کیا مری ہوئی عورت کا چہرہ عام آدمی کو دکھانا' تصویر کھینچنا جائز ہے؟ قرآن و حدیث کی روشنی میں جواب دیں۔

ج ...... غیر محرم کو دیکھنا جائز نہیں اور تصویر لینا بھی جائز نہیں۔

## لیڈی ڈاکٹر سے بچہ کا ختنہ کروانا

س ...... ہمارے ہاں میٹرنٹی ہوم میں لڑکے کا ختنہ لیڈی ڈاکٹر کرتی ہیں۔ قرآن و سنت کی روشنی میں اس کی اہمیت اور اسکے جائز و ناجائز ہونے کا تعین کریں کیونکہ بعض لوگ اس کو غلط اور مکروہ کہتے ہیں۔

ج ...... شرعاً کوئی حرج نہیں۔

## خالہ زاد یا چچا زاد بھائی سے ہاتھ ملانا اور اس کے سینے پر سر رکھنا

س ...... اسلام کے نزدیک خالہ زاد' چچا زاد وغیرہ جیسے رشتوں میں کس قسم کا

تعلق جائز ہے؟ فرض کریں نسرین اور اکبر آپس میں خالہ زاد ہیں اور آپس میں بالکل بہن بھائیوں کی طرح پیار کرتے ہیں تو کیا یہ دونوں بالکل سگے بہن بھائیوں کی طرح مل سکتے ہیں؟ اکبر جب نسرین کے گھر جاتا ہے تو اس سے مصافحہ کر سکتا ہے اور نسرین اکبر کے سینے پر سر رکھ کر اسے رخصت یا خوش آمدید کہہ سکتی ہے یا صرف اکبر کا نسرین کے سر پر ہاتھ رکھنا ہی کافی ہے؟

ج ...... خالہ زاد اور چچا زاد بھائیوں کا حکم نامحرم اجنبی مردوں کا ہے جن امور کا خط میں ذکر ہے یہ ناجائز ہیں۔

## سگی چچی جس سے نکاح جائز ہو اس سے پردہ ضروری ہے

س ...... سگی چچی سے پردے کے بارے میں شریعت کا کیا حکم ہے؟

ج ...... سگی چچی بیوہ یا مطلقہ سے شرعاً نکاح جائز ہے تو پردہ بھی لازم ہے۔

## بغرض علاج اعضاء مستورہ کو دیکھنا اور چھونا شرعاً کیسا ہے؟

س ...... میں ایم بی' بی' ایس (ڈاکٹر) کا طالب علم ہوں۔ جسم انسانی کی اصلاح ہماری تعلیم و تربیت کا موضوع ہے تربیت کے زمانے میں ہمیں جسم انسانی کے تمام اعضاء کی ساخت سمجھائی جاتی ہے۔ اور تمام اعضاء انسانی میں پیدا ہونے والی بیماریوں کے علاج کی تدابیر پڑھائی جاتی ہیں۔ بعض اوقات بغرض علاج اور زیر تربیت ڈاکٹروں کو بغرض تربیت مرد و عورت کے مستور حصوں کو دیکھنا پڑتا ہے۔ مجھے اشکال پیدا ہوتا ہے کہ ہمارے لئے ایسا کرنا جائز یا نہیں؟ بالخصوص عورت (مریضہ) کے مستور اعضاء کو دیکھنا یا ہاتھ لگانا مثلاً عمل زچگی میں پیش آنے والی بیماریوں کا بغرض علاج دیکھنا اور زیر تربیت ڈاکٹروں کا بغرض تربیت اس عمل کو دیکھنا جائز ہو گا یا نہیں۔ یاد رہے کہ یہ عمل صرف شدید ضرورت کے وقت بغرض علاج اور بغرض تربیت کیا جاتا ہے اور کالج کے قواعد اور نصاب کے

مطابق تمام زیر تربیت ڈاکٹروں کے لئے ایسا کرنا ضروری ہے۔

صورت مسئولہ کے پیش نظر آپ میری رہنمائی فرمائیں کہ کسی زیر تربیت ڈاکٹر (مرد) کے لئے بغرض تربیت کسی مریضہ کے اندام نہانی اور عمل زچگی کو دیکھنا تاکہ زیر تربیت ڈاکٹر آئندہ بوقت ضرورت کسی ایسی عورت (مریضہ) کا علاج یا آپریشن کرسکے جائز ہے یا نہیں۔

ج ......

وفي شرح التنوير: ومداواتها. ينظر الطبيب الى موضع مرضها بقدر الضرورة– اذالضرورات تتقدر بقدرها– وكذا نظر قابلة وختان– وينبغى ان يعلم امرأة تداويها– لان نظر الجنس الى الجنس اخف وفي الشامية: قال في الجوهرة: اذا كان المرض في سائر بدنها غير الفرج يجوز النظر اليه عند الدوا لانه موضع ضرورة. وان كان في موضع الفرج، فينبغى ان يعلم امرأة تداويها– فان لم توجد وخافوا عليها ان تهلك اويصيبها وجع لا تحتمله، يستروا منها كل شيئ الا موضع العلة ثم يداويها الرجل ويغض بصره ما استطاع الا عن موضع الجرح الخ فتامل– والظاهر ان ينبغى هنا للوجوب–

(ردالمحتار ص ۲۷۱ ج ۶)

ترجمہ :اور شرح تنویر میں عورت کے علاج کے سلسلہ میں ہے : کہ بقدر ضرورت مرد طبیب عورت کی مرض والی جگہ کو دیکھ سکتا ہے کیونکہ ضرورت کو مقدار ضرورت میں محدود رکھا جاتا ہے۔ دائی جنائی اور ختنہ کرنے والے کا بھی یہی حکم ہے کہ بقدر ضرورت دیکھ سکتے ہیں۔ بہتر ہے کہ عورت کو عورت کے علاج کا

طریقہ سکھایا جائے کیونکہ عورت کا عورت کے حصہ مستور کو دیکھنا بہرحال اخف ہے۔شامیہ میں جوہرہ کے حوالہ سے ہے کہ :جب شرم گاہ کے علاوہ عورت کے کسی حصہ بدن میں مرض ہو تو مرد طبیب بغرض علاج بقدر ضرورت مرض کی جگہ کو دیکھ سکتا ہے۔اگر شرم گاہ میں بیماری ہو تو کسی خاتون کو اس کا طریقہ علاج سمجھا دے۔اگر ایسی کوئی عورت نہ ملے یا اس مریضہ کے ہلاک ہونے کا اندیشہ ہو یا ایسی تکلیف کا اندیشہ ہو کہ جس کا وہ تحمل نہ کرسکے گی تو ایسی صورت میں مرد طبیب پورا بدن ڈھانپ کر بیماری والی جگہ کا علاج کرسکتا ہے۔مگر باقی بدن کو نہ دیکھے،حتی الوسع غض بصر کرے۔

ان روایات سے مندرجہ ذیل امور مستفاد ہوئے۔

(۱)طبیب کے لئے عورت کا علاج ضرورت کی بناء پر جائز ہے۔

(۲)اگر کوئی معالج عورت مل سکے تو اس سے علاج کرانا ضروری ہے۔

(۳)اگر کوئی عورت نہ مل سکے،تو مرد کو چاہئے کہ اعضائے مستورہ خصوصاً شرم گاہ کا علاج کسی عورت کو بتا دے خود علاج نہ کرے۔

(۴)اگر کسی عورت کو بتانا بھی ممکن نہ ہو' اور مریضہ عورت کی ہلاکت یا ناقابل برداشت تکلیف کا اندیشہ ہو تو لازم ہے کہ تکلیف کی جگہ کے علاوہ تمام بدن ڈھک دیا جائے۔اور معالج کو چاہئے کہ جہاں تک ممکن ہو زخم کی جگہ کے علاوہ باقی بدن سے غض بصر کرے۔

بچہ جنائی کا کام خاص عورتوں کا کام ہے۔اگر معاملہ عورتوں کے قابو سے باہر ہو (مثلاً آپریشن کی ضرورت ہو اور آپریشن کرنے والی کوئی لیڈی ڈاکٹر بھی موجود نہ ہو) تو شرائط مندرجہ بالا کے ساتھ مرد علاج کرسکتا ہے۔ہمارے یہاں تہذیب جدید کے تسلط اور تدین کی کمی کی وجہ سے ان امور کی رعایت

نہیں کی جاتی اور بلاتکلف نوجوانوں کو زچگی کا عمل ہسپتالوں میں دکھایا جاتا ہے جو شرعاً و عقلاً قبیح ہے۔ اگر طالب علم کو اس پر مجبور کیا جائے تو اس کے سوا کیا مشورہ دیا جاسکتا ہے کہ وہ جہاں تک ممکن ہو قلب و نظر کو بچائے اور استغفار کرتا رہے۔ واللہ اعلم۔

## کیا ۴۵' ۵۰ سال عمر کی عورت کو ایسے لڑکے سے پردہ کرنا ضروری ہے جو اس کے سامنے جوان ہوا ہو۔

س ...... کیا ۴۵' ۵۰ سال کی عمر کی عورت پر نامحرم سے پردہ نہ کرنا صحیح ہے وہ اس لئے کہ ایک عورت ۲۵ سال کی ہے اس کے محلّہ میں کسی کے ولادت ہوئی ہے آج اس عورت کی عمر پچاس سال ہے جبکہ اس کے سامنے ہونے والا بچہ آج جوان ہے اور وہ اس لئے پردہ نہیں کرتی کہ اس کے سامنے پلا اور جوان ہوا' یہ میرا بیٹا اور میں اس کی ماں کے برابر ہوں۔

ج ...... قرآن کریم کی آیت کا مفہوم یہ ہے کہ جو بڑی بوڑھی نکاح کی میعاد سے گزر گئی ہو وہ اگر غیر محرم کے سامنے چہرہ کھول دے 'بشرطیکہ زینت کا اظہار نہ ہو توکوئی حرج نہیں 'لیکن پردہ اس کے لئے بھی بہتر ہے اور یہ بات محض فضول ہے کہ یہ بچہ تو میرے سامنے پل کر جوان ہوا ہے اس لئے اس سے پردہ نہیں۔

## برقعہ کے لئے ہر رنگ کا کپڑا جائز ہے

س ...... کس قسم کے رنگ کا کپڑا شریعت مطہرہ میں برقعہ کے لئے استعمال کرنا چاہئے؟

ج ...... ہر قسم کے رنگین کپڑے کا برقعہ استعمال کر سکتی ہے اصل چیز ڈھانپنا ہے۔

## بے پردگی اور غیر اسلامی طرز زندگی پر قہرِ الٰہی کا اندیشہ

س ...... میں آپ کی توجہ ایک اہم مسئلہ کی طرف دلانا چاہتا ہوں۔ امید ہے کہ آپ بغیر کسی رو رعایت کے جواب سے مستفیض فرمائیں گے۔ مسئلہ یہ ہے کہ رمضان کے روزے اللہ تعالیٰ نے فرض فرمائے۔ قرآن میں ارشاد باری تعالیٰ ہے "لوگو! تم پر رمضان کے روزے فرض کئے گئے جیسا کہ تم سے پہلی امتوں پر۔ تاکہ تم متقی اور پرہیز گار بن جاؤ"۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آج کے دور میں مرد اور خواتین ایک دوسرے سے آزادانہ طور پر ملتے ہیں۔ خواتین مرد کے شانہ بشانہ ہر شعبہ زندگی میں کام کر رہی ہیں۔ آج کی عورت بے پردہ ہو کر بناؤ سنگھار کے ساتھ بازاروں، گلی کوچوں اور بس اسٹاپوں غرض کہ ہر جگہ پر اٹھلاتی نظر آتی ہے۔ اس بے پردہ عورت کا لباس نیم برہنگی کا احساس دلاتا ہے اور نیک طینت مرد کی نظریں شرم سے جھک جاتی ہیں۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "عورتیں اپنی زینت نہ دکھاتی پھریں"۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ عورت غیر مرد کے سامنے نہ آئے۔ ہاں پردہ میں رہ کر اپنی ضروری حاجتوں کو پورا کر سکتی ہے۔ آپ کہیں گے کہ مرد غیر عورت کو دیکھتے ہی کیوں ہیں؟ اور یہی سوال ہر بے پردہ عورت بھی کرتی ہے۔ میرا استدلال یہ ہے کہ کیا عورت کو غیر مرد کا دیکھنا جائز ہے؟

حضرت عائشہ صدیقہؓ ایک مرتبہ ایک نابینا صحابیؓ کے سامنے آگئیں۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا اے عائشہؓ تم نے ایسا کیوں کیا؟ حضرت عائشہؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ یہ نابینا ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم تو نابینا نہیں ہو۔ اس طرح آپ ﷺ نے حضرت عائشہؓ کو تنبیہ فرمائی اور قیامت تک آنے والی خواتین کے لئے ہدایت۔ اب آپ بتائیے کہ آج کے دور میں کوئی مرد یا عورت روزہ رکھ کر متقی اور پرہیز گار بن سکتا ہے۔ جبکہ ہر طرف بنی سنوری عورتیں گھومتی پھرتی نظر آتی ہیں اور اس پر عورتوں کی یہ ہٹ دھرمی کہ

مرد ہمیں دیکھتے ہی کیوں ہیں۔ مرد کہاں کہاں نظریں نیچی کریں گے۔ عورت سایہ کی طرح ہر جگہ ساتھ ساتھ ہے۔کیا عورت برقعہ یا چادر اوڑھ کر ضروری کام نہیں کر سکتی؟ کیا وہ بغیر دوپٹہ کے ٹرانسپیرنٹ لباس پہن کر دنیا کے کام انجام دے سکتی ہے؟ یہ بنیادی احکامات عورت نے پس پشت ڈال دیئے اور روزہ رکھنے لگی۔جس میں طہارت 'تقویٰ اور پرہیز گاری بنیادی جز ہیں۔ مجھے امید ہے کہ آپ اس سلسلہ میں صاف گوئی سے کام لیتے ہوئے اطمینان بخش جواب مرحمت فرمائیں گے۔

ج ...... آپ نے ہمارے عریاں معاشرے کے بارے میں جو کچھ تحریر فرمایا ہے اس پر سوائے اظہار افسوس اور اِنَّا لله وَ اِنَّا إِليه رَاجِعُوْن پڑھنے کے میں کیا تدبیر عرض کر سکتا ہوں۔ شرم وحیا عورت کی زینت ہے۔اور پردہ اس کی عزت وعصمت کا نگہبان..... سب سے اول تو خود ہماری خواتین کو اپنا مقام پہچاننا چاہئے تھا۔ ان عورتوں پر رسول اللہ ﷺ نے لعنت فرمائی ہے جو بناؤ سنگھار کرکے بے محابا بازاروں میں نکلتی ہیں۔کیا کوئی عورت جس کے دل میں ذرۂ ایمان موجود ہو وہ خدا اور رسول ﷺ کی لعنت لینے کے لئے تیار ہو سکتی ہے؟

دوسرے ان خواتین کے والدین 'بھائیوں' شوہروں اور بیٹوں کا فرض ہے کہ جو چیز اسلامی غیرت کے خلاف ہے اسے برداشت نہ کریں بلکہ اس کی اصلاح کے لئے فکر مند ہوں' حیا اور ایمان دونوں اہم ترین ہیں۔جب ایک جاتا ہے تو دوسرا بھی اسی کے ساتھ رخصت ہو جاتا ہے۔

تیسرے' معاشرے کے برگزیدہ اور معزز افراد کا فرض ہے کہ اس طغیانی کے خلاف جہاد کریں۔اور اپنے اثرورسوخ کی پوری طاقت کے ساتھ معاشرے کو اس گندگی سے نکالنے کی فکر کریں۔

چوتھے حکومت کا فرض ہے کہ اس کے انسداد کے لئے عملی اقدامات کرے۔اس قوم کی بد قسمتی ہے کہ ہمارا پورے کا پورا معاشرہ ملعون اور اخلاق باختہ قوموں

کی غلط روش پر چل نکلا ہے۔ وضع وقطع، نشست وبرخاست اور طورو طریق سب بدکردار وبد اطوار قوموں کے اپنائے جارہے ہیں۔

اگر اس خوفناک ذلت وگراوٹ اور شروفساد کی اصلاح کی طرف توجہ نہ دی گئی تو اندیشہ اس بات کا ہے کہ خدانخواستہ اس قوم پر قہرالٰہی نازل نہ ہو۔ نعوذ باللہ من غضب اللہ وغضب رسولہ۔

## نامحرم جوان مرد وعورت کا ایک دوسرے کو سلام کہنا

س ...... اکثر ہمارا واسطہ تایا زاد، چچا زاد، ڈاکٹروں، استادوں اور اسی طرح کے محرم اور نامحرم لوگوں سے پڑتا ہے۔ جبکہ ایک مسلمان ہونے کے ناتے یہ اچھا محسوس نہیں ہوتا کہ سلام یا ابتدائی کلمات ادا کئے بغیر بات کی جائے۔ عورت (بالغ ونابالغ) کیا مردوں محرم وغیر محرم کو سلام کرسکتی ہے؟ اگر نہیں تو بات کا آغاز کس طرح کرے؟

ایک شخص نے حضور ﷺ (آپ پر میں اور میرے والدین قربان) سے دریافت کیا کہ اسلام کی کون سی صفات بہترین ہیں۔ ارشاد فرمایا کہ کھانا کھلانا اور ہر شخص کو سلام کرنا چاہئے خواہ تم اس کو جانتے ہو یا نہیں۔

ج ...... نامحرم کو سلام کرنا، جبکہ دونوں جوان ہوں، فتنہ سے خالی نہیں، اس لئے سلام کرنا اور سلام کا جواب دینا دونوں جائز نہیں۔

## دیور اور جیٹھ سے پردہ ضروری ہے اس معاملے میں والدین کی بات نہ مانی جائے

س ...... آج کل بہت سے جرائم دیور اور جیٹھ کی وجہ سے ہو رہے ہیں۔ میری نگاہ سے ایک حدیث گزری ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ اگر دیور بھابھی سے پردہ نہ کرے تو اس پر ہلاکت ہو اور اگر بھابی اس سے پردہ نہ کرے تو

اس پر ہلاکت ہو۔ میں نے جب یہ شرط اپنے گھر میں عائد کی یعنی اپنی بیوی سے دیور اور جیٹھ کے پردہ کے لئے کہا تو میرے گھر والوں نے مجھے گھر سے نکل جانے کی دھمکی دی۔ دوسری طرف یہ بھی حکم ہے کہ ماں باپ کی نافرمانی کرنے والا جہنمی ہے۔ ایک سنت پر عمل کرنے کے لئے دوسری سنت کو ترک کرنا پڑ رہا ہے۔ اگر کہیں یہ عمل ہوتا ہے تو معاشرے کے لوگ اسے بے غیرت کہتے ہیں کہ اپنے بھائیوں پر شک کرتا ہے۔ میں آپ سے گزارش کرتا ہوں کہ قرآن وسنت کی روشنی میں اس مسئلہ کا حل بتایا جائے۔

ج ...... عورت اپنے دیور جیٹھ کے ساتھ تنہائی میں نہ بیٹھے' چہرے کا پردہ کرے۔ بے تکلفی کے ساتھ باتیں نہ کرے' ہنسی مذاق نہ کرے' بس اتنا کافی ہے اس پر اپنی بیوی کو سمجھا لیجئے۔ آج کل چونکہ پردہ کا رواج نہیں اس لئے معیوب سمجھا جاتا ہے۔ والدین کی بے ادبی تو نہ کی جائے لیکن خدا اور رسول ﷺ کے خلاف کوئی بات کہیں تو ان کے حکم کی تعمیل نہ کی جائے۔

## بے پردگی کی شرط لگانے والی یونیورسٹی میں پڑھنا

س ...... ایک مسئلہ یہ ہے کہ جس کی خبر سن کر میں حیران پریشان رہ گیا جس کا اثر ابھی تک ہے' وہ یہ ہے کہ جدہ میں ایک یونیورسٹی نوجوان لڑکیوں کی ہے جس کے چند اصولوں میں ایک اصول یہ ہے کہ اس یونیورسٹی کا لباس اسکرٹ (جس کی لمبائی گھٹنے تک ہوتی ہے) ہے جس کا پہننا ہر لڑکی کے لئے ضروری ہے' دوسرا اصول یہ ہے کہ اس یونیورسٹی میں داخل ہوتے ہی دوپٹہ پہننا ممنوع بلکہ سخت جرم ہے اگرچہ راستہ میں اور اس یونیورسٹی تک برقعہ کی حالت میں آنا لازمی ہے' پوچھنا یہ ہے کہ آیا اس یونیورسٹی میں پڑھانا لڑکیوں کو کیسا ہے کیونکہ میری بھابھی وہاں پڑھتی ہے۔ براہ مہربانی تفصیل سے جواب دیں کہ وہاں لڑکیوں کو پڑھانا کیسا ہے؟ اور اسی طرح عورت کے لئے بغیر دوپٹہ کے گھر کی چار

دیواری میں پڑھنا کیسا ہے؟ جس کی وجہ سے سینہ بھی ظاہر ہو؟

ج ...... اگر وہاں کسی غیر مرد کا سامنا نہیں ہوتا بلکہ یونیورسٹی کا عملہ عورتوں ہی پر مشتمل ہے تو مسلمان عورتوں کے سامنے عورت کا سر کھولنا جائز ہے اور اگر وہاں مرد لوگ بھی ہوتے ہیں تو ان کے سامنے سر اور چہرہ کا ڈھکنا فرض ہے اور مردوں کے سامنے کھولنا حرام ہے۔ ایسی صورت میں اس یونیورسٹی میں پڑھنا ہی جائز نہیں۔

## شادی سے قبل لڑکی کو دیکھنا اور اس سے باتیں کرنا شرعاً کیسا ہے

س ...... کیا اسلام میں اس بات کی اجازت ہے کہ لڑکا شادی سے پہلے لڑکی کو دیکھے اور لڑکی لڑکا کو دیکھے بات کرے اور اپنے لئے پسند کرے؟ جبکہ اسلام میں غیر مردوں سے پردے کا سخت حکم ہے اور شادی سے قبل دونوں ایک دوسرے کے لئے غیر ہی ہوتے ہیں۔ اس عمل کے بارے میں کوئی حدیث ہے تو بیان کریں۔

ج ...... جس عورت سے نکاح کرنے کا ارادہ ہو اس کو صرف ایک نظر دیکھ لینے کی اجازت ہے اور ضرورت کی بنا پر یہ چیز پردہ کے حکم سے مستثنیٰ ہے۔

## اگر فتنے کا اندیشہ نہ ہو تو عورت چہرہ کھول سکتی ہے

س ...... زید کہتا ہے عورت کا چہرہ ان اعضاء میں نہیں جس کا چھپانا ضروری ہے بکر کہتا ہے کہ اگر عورت اپنا چہرہ نہ چھپائے تو پھر پردہ کا فائدہ کیا ہے سب سے زیادہ موجب فتنہ تو یہی چہرہ ہے اگر عورت اپنے چہرہ کو نہ چھپائے تو کیا اس کو شرع میں پردہ کہا جائے گا؟ پردہ کی آیت کے نزول کے وقت صحابیات رضوان اللہ تعالیٰ علیہن کا کیا عمل تھا؟

ج ...... ایک ہے چہرہ کو ڈھانپنا' دوسرا ہے غیر محرم سے پردہ کرنا' تو شارع نے

عورت کے چہرہ کو ستر نہیں بنایا تو عورت پر چہرہ کا ڈھانپنا گھر میں واجب نہیں' البتہ غیر محرم سے پردہ کرنا واجب ہے۔ہاں اگر فتنہ کا خطرہ نہ ہو تو عورت چہرہ کھول سکتی ہے۔

## کیا شوہر کے مجبور کرنے پر اس کے بھائیوں اور بہنوئیوں سے پردہ نہ کروں

س ...... شادی سے پہلے مجھے دین سے شغف تو تھا' لیکن شادی کے بعد دینی کتابوں کے مطالعہ کا موقعہ بھی ملا' کیونکہ شوہر صوم وصلوٰۃ کے پابند ہیں اور دینی کتب کا مطالعہ بھی کرتے ہیں۔پھر ایک مرحلہ ایسا آیا کہ میں نے پردہ شروع کردیا۔ جب سسرال والوں کو خبر ہوئی تو انہوں نے ایک طوفان کھڑا کردیا۔ نند اور سسر نے ایسا لتاڑا کہ الامان والحفیظ' جس کی وجہ سے میرے شوہر بھی مجھ سے بدگمان ہوگئے اور یہ سمجھنے لگے کہ میں ان سے ان کے رشتہ داروں کو چھڑانا چاہتی ہوں۔ حتیٰ کہ نوبت یہاں تک پہنچ گئی ہے کہ وہ مجھے چھوڑنے کے لئے تیار ہیں۔شوہر چاہتے ہیں کہ میں ان کے بھائیوں اور بہنوئیوں سے پردہ نہ کروں' جبکہ میں یہ نہیں چاہتی۔میں ان کے بھائیوں کے سامنے زیادہ نہیں جاتی اور نہ ہی ان کے بھائیوں سے زیادہ بات کرتی ہوں۔اس صورتحال میں مجھے کیا کرنا چاہئے؟ آنجناب اپنے قیمتی مشورے سے سرفراز فرمائیں۔

ج ...... بیٹی! تمہارے لئے سسرال والوں کی ناواقفی مجاہدہ ہے۔بہرحال جہاں ایسا ماحول ہو' کوشش کرو کہ چہرہ' دونوں کلائیاں اور دونوں پاؤں کے علاوہ پورا بدن ڈھکا رہے اور ضرورت کی بات کرنے کی اجازت ہے۔بہرحال اپنے لئے استغفار بھی کرتی رہو اور اللہ تعالیٰ سے دعا بھی کرتی رہو۔ انشاء اللہ تم اللہ کے سامنے سرخرو ہوجاؤ گی۔

## سگے بھائی سے پردہ نہیں

س ..... ہم نے سنا ہے کہ شریعت کی رو سے اسلام میں سگے بھائی سے بھی پردہ واجب ہے اور اگر نہ کرو تو گناہ ہے اس وجہ سے ہم سخت الجھن کا شکار ہیں۔ ذہن اس بات کو قبول نہیں کرتا لیکن اگر یہ بات صحیح ہے تو پھر والد سے بھی پردہ لازم ہے۔

ج ..... جن عزیزوں سے نکاح ہمیشہ کے لئے حرام ہے جیسے باپ' دادا' بھائی' بھتیجا' بھانجا ان سے پردہ نہیں۔ ایسے لوگ محرم کہلاتے ہیں۔ البتہ اگر کسی کا کوئی محرم بے دین ہو اور اس کو عزت و آبرو کی شرم نہ ہو اس سے بھی پردہ کرنا ضروری ہے۔

## منہ بولے بھائی سے بھی پردہ ضروری ہے

س ..... کیا اسلام میں منہ بولے بھائی سے پردہ کرنا جائز ہے یا نہیں؟

ج ..... اسلام میں منہ بولے بھائی کی حیثیت اجنبی کی ہے' اس سے بھی پردہ لازم ہے۔

## منہ بولے بیٹے سے بھی پردہ ضروری ہے

س ..... مسئلہ یہ معلوم کرنا ہے کہ زید نے ایک دور کے رشتہ دار جوان لڑکے کو بیٹا بنا کر گھر میں رکھا ہوا ہے جبکہ گھر میں جوان بیوی بھی ہے جو کہ پردہ نہیں کرتی ہے اور وہ یہ بھی کہتی ہے کہ میں نے بیٹا بنا کر رکھا ہے آپ شریعت کی روشنی میں یہ بتایئے کیا کسی دور کے رشتہ دار کو بیٹا بنا کر رکھا جا سکتا ہے جبکہ جوان بیوی بھی گھر میں ہو؟ کیا شوہر کے کہنے پر بیوی اس جوان نامحرم کے سامنے بے پردہ ہو سکتی ہے۔

ج ...... شریعت میں منہ بولا بیٹا بنانے کی کوئی حیثیت نہیں، قرآن کریم میں اس کی صاف ممانعت آئی ہے، اس لئے منہ بولے بیٹے کا حکم بھی شرعاً اجنبی کا ہے اور اس سے پردہ کرنا لازم ہے۔

## ایک ساتھ رہنے والے نامحرم سے بھی جوان ہونے کے بعد پردہ لازم ہے

س ...... کیا کسی ایسے گھر میں پردہ ضروری ہے جہاں کوئی شخص بچپن گزارے اور جوانی کی حدود میں قدم رکھے جبکہ وہ گھر کے ایک ایک فرد سے اچھی طرح واقف ہو۔ کتاب وسنت کی روشنی میں کیا پردہ لازم ہے۔

ج ...... جوان ہونے کے بعد بنص قرآن اس سے پردہ لازم ہے۔

## عورت کو تمام غیر محرم افراد سے پردہ ضروری ہے نیز منگیتر سے بھی ضروری ہے

س ...... خاندان کے کن کن افراد سے لڑکی ذات کو پردہ کرنا چاہئے اور پردہ کے لئے کم از کم کتنی عمر ہونی چاہئے؟

ج ...... شریعت میں محرم سے پردہ نہیں اور "محرم" وہ ہے جس سے نکاح کسی وقت بھی حلال نہ ہو اس کے سوا سب سے پردہ ہے۔

س ...... کیا منگنی کے بعد بھی منگیتر سے پردہ کرنا چاہئے؟

ج ...... منگنی نکاح کا وعدہ ہے نکاح نہیں اور جب تک نکاح نہیں ہو جاتا دونوں ایک دوسرے کے لئے اجنبی ہیں اور پردہ ضروری ہے۔

س ...... کیا منگنی کے بعد منگیتر سے بات چیت پر بھی پابندی ہے۔

ج ...... جس سے نکاح کرنا ہو شریعت نے اسے ایک نظر دیکھ لینے کی اجازت دی

ہے' تاکہ پسند وناپسند کا فیصلہ کرنے میں آسانی ہو۔ اس کے علاوہ منگیتر کا حکم بھی اجنبی کا ہے جب تک نکاح نہ ہو۔

## عورت کو کن کن اعضا کا چھپانا ضروری ہے

س ...... کیا اسلام میں عورت کے لئے پردہ ضروری ہے؟

ج ...... جی ہاں

س ...... اگر ضروری ہے تو پردہ کن چیزوں کا ہے یعنی پورے چہرے کا؟

ج ...... فطرت نے عورت کا پورا جسم ہی ایسا بنایا ہے کہ اسے نامحرموں کی گندی نظر سے چھپانا ضروری ہے۔ جو اعضا نہیں چھپائے جا سکتے ان کی مجبوری ہے مثلاً ہاتھ' پاؤں۔

س ...... آج کل چادر اور برقعہ ہے' کیا چادر سے پردہ ہو سکتا ہے؟

ج ...... جی ہاں بشرطیکہ چادر بڑی ہو۔ سر سے پاؤں تک۔

## عورت کو مرد ڈاکٹر سے پوشیدہ جگہوں کا علاج کروانا

س ...... میرے دوست کی بیوی جنسی علاج کی غرض سے سول ہسپتال گئی وہاں پر اس نے دیکھا کہ مرد ڈاکٹر عورتوں کو برہنہ کر کے ان کا چیک اپ کرتے ہیں' جب اس عورت کو مرد ڈاکٹر نے برہنہ ہونے کو کہا تو اس نے اپنا علاج کرانے سے انکار کر دیا اور وہ گھر چلی آئی یہ عورت ابھی تک اس جنسی مرض میں مبتلا ہے۔ کیا شریعت میں اس بات کی گنجائش ہے کہ کوئی مرد علاج کی غرض سے کسی مسلمان خاتون کے پوشیدہ حصہ کو اپنے ہاتھوں سے چھوئے' اگر نہیں تو آپ خود بتائیے کہ مسلمان خواتین کس طرح اپنے مذہب کے بتائے ہوئے اصولوں پر زندگی گزاریں؟ جبکہ علاج کرانا بھی ضروری ہو جبکہ آج کل سرکاری زچہ خانوں میں سارے کام مرد ڈاکٹر کرتے ہیں اور شریعت میں تو پردے کی اتنی اہمیت ہے

کہ عورت کا ناخن تک کوئی غیر مرد نہیں دیکھ سکتا۔ مولوی صاحب میرا مقصد صرف مسئلہ معلوم کرنا نہیں بلکہ آپ عالم دین کا یہ فرض ہے کہ آپ اس بڑھتی ہوئی بے غیرتی کو روکیں ورنہ مستقبل میں ہمارے ملک کا ایسا حال ہو گا جیسا کہ آج کل یورپ کا ہے۔

ج ...... مسئلہ تو آپ نہیں پوچھنا چاہتے اور اس بڑھتی ہوئی بے غیرتی کا انسداد میرے' آپ کے بس کا نہیں۔ یہ حکومت کا فرض ہے کہ خواتین کی اس بے حرمتی کا فوری انسداد کرے۔ شرم وحیا ہی انسانیت کا جوہر ہے یہ نہ ہو تو انسان انسان نہیں بلکہ آدمی نما جانور ہے' بدقسمتی سے جدید تہذیب میں شرم وحیا کی کوئی قدروقیمت نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ صرف یورپ میں ہی نہیں بلکہ کراچی میں بھی عورتیں سربرہنہ بازاروں میں گشت کرتی ہیں' دفتروں میں اجنبی مردوں کے برابر بیٹھتی اور بے تکلفی میں ان سے ہاتھ ملاتی ہیں۔ درزیوں کو کپڑوں کا ناپ دیتی ہیں' ان سے اپنے بدن کی پیمائش کراتی ہیں اور یہ سب کچھ ترقی کے نام پر ہو رہا ہے' جس معاشرے میں نہ اسلامی احکام کا لحاظ ہو' نہ خدا اور رسول سے شرم ہو نہ عورتوں کو مردوں سے شرم ہو' نہ انہیں اپنی نسوانیت کا احساس ہو وہاں اگر دائی جنائی کا کام بھی مردوں کے سپرد کر دیا جائے تو تہذیب جدید کے فلسفہ کے عین مطابق ہے' یہی وجہ ہے کہ ہمارے بڑے گھرانوں کی بیگمات کو اس سانحہ کا علم ہے مگر ان کی طرف سے کبھی اس کے خلاف صدائے احتجاج بلند نہیں ہوئی' جہاں تک ناگزیر حالات میں اجنبی مرد سے علاج کرانے کا تعلق ہے شریعت نے اس کی اجازت دی ہے مگر اسی کے ساتھ اس کے حدود بھی متعین کئے ہیں۔

## کیا بیمار مرد کی تیمار داری عورت کر سکتی ہے

س ...... میں مقامی بڑے اسپتال میں بطور نرس کام کرتی ہوں اور یہی میرا ذریعہ

معاش ہے اور کوئی کفالت کرنے والا بھی نہیں، قرآن اور سنت کی روشنی میں بتائیں کہ ہم مسلمان لڑکیوں کو اس پیشے سے وابستگی رکھنی چاہئے کہ معاشرے میں لوگ مختلف خیال رکھتے ہیں جب کہ ہم انسانیت کی وہ خدمت کرتے ہیں جہاں ماں باپ، عزیز رشتہ دار بھی پیچھے ہٹ جاتے ہیں، ہمارے ہاتھوں کئی لاوارث دم توڑتے ہیں جن کو کوئی کلمہ پڑھانے والا نہیں ہوتا اور کئی لاوارث دعائیں دیتے ہیں کہ ہمیں شفا اللہ نے دی اس کے بعد آپ لوگوں کی دیکھ بھال، تیمارداری ہے، دماغ عجیب الجھن میں پڑا رہتا ہے اس کا حل بتائیں ہم نرسوں کا اسلام میں کیا مقام ہے ہمیں یہ پیشہ اختیار رکھنا چاہئے یا ترک کر دیں اور بہنوں کو روکیں یا ترغیب دیں۔

ج ...... بیمار کی تیمارداری تو بہت اچھی بات ہے لیکن نامحرم مردوں سے بے حجابی اس سے بڑھ کر وبال ہے۔ عورتوں کے ذمہ خواتین کی تیمار داری کا کام ہونا چاہئے، مردوں کی تیمارداری کی خدمت عورتوں کے ذمہ صحیح نہیں۔

## لیڈی ڈاکٹر کو ہسپتال میں کتنا پردہ کرنا چاہئے

س ...... میں ڈاکٹر ہوں کیا میں اس طرح پردہ کر سکتی ہوں کہ گھر سے باہر تو چادر اس طرح اوڑھوں کہ پورا چہرہ ڈھک جائے اور مریضوں کے سامنے یا اسپتال میں اس طرح کہ بال وغیرہ سب ڈھکے رہیں اور صرف چہرہ کھلا رہے۔

ج ...... کوئی ایسی نقاب پہن لی جائے کہ نامحرموں کو چہرہ نظر نہ آئے۔

## برقعہ یا چادر میں صرف آنکھیں کھلی رکھنا جائز ہے

س ...... پردے کے بارے میں پوچھنا ہے کہ آج کل اس طرح برقعہ یا چادر اوڑھتے ہیں کہ ماتھے تک بال وغیرہ ڈھک جاتے ہیں اور نیچے سے چہرہ ناک تک۔ صرف آنکھیں کھلی رہتی ہیں یہ طریقہ صحیح ہے یا نہیں؟

ج ...... صحیح ہے۔

## نامحرم عورت کا سر یا بازو دیکھنا جائز نہیں

س ..... اگر کم سن یا بالغ عورت کے کھلے ہوئے سر یا بازو پر قصداً نظر کی جائے تو کیا گناہ ہوتا ہے جبکہ یہ اعضاء ستر خفیفہ میں شامل ہیں۔

ج ..... نامحرم بالغ عورت یا جو لڑکی بلوغ کے قریب ہو' اس کے ان اعضاء کی طرف دیکھنا گناہ ہے۔

## عورت اپنے محرم کے سامنے کتنا جسم کھلا رکھ سکتی ہے

س ..... عورت محرم کے سامنے کس حد تک جسم کھلا رکھ سکتی ہے مثلاً ایک بہن اپنے بھائی کے سامنے؟

ج ..... گھٹنے سے نیچے کا حصہ اور سینے سے اوپر کا حصہ سر' چہرہ' بازو محرم کے سامنے کھولنا جائز ہے۔

## نامحرم عورت کو قصداً دیکھنا

س ..... کیا یہ صحیح ہے کہ نامحرم عورت کو اگر قصداً بلا لذت دیکھا جائے تو یہ آنکھوں کے زنا میں شمار نہ ہو گا؟

ج ..... بغیر ضرورت کے جب نامحرم عورت کو قصداً دیکھا جائے تو اس کا داعیہ لذت کے سوا کیا ہو سکتا ہے اور "بلا لذت" کی شناخت کیسے ہوگی؟ یہ محض نفس کا فریب ہے۔

## گاؤں میں پردہ نہ کرنے والی بیوی کو کس طرح سمجھائیں

س ..... ایک گاؤں میں عام پردہ کا رواج نہیں مگر ایک لڑکی جو قبل از نکاح پردہ نہیں کرتی تھی اب بعد از نکاح اس کا خاوند جو شرعی اور مذہبی نوعیت کا آدمی

ہے اس کو پردہ کا حکم دیتا ہے تو وہ خوش اخلاقی سے جواباً کہتی ہے کہ میں آپ کی بات مانوں گی مگر اپنی بہنوں اور والدہ اور بھابیوں کو ذرا فرمایئے کہ وہ بھی پردہ رکھیں جبکہ وہ ذمہ داری والد اور بھائیوں کی ہے اس میں خاوند کا کوئی بس ہی نہیں چلتا تو ایسی صورت میں خاوند کو بیوی سے کیا سلوک کرنا چاہئے؟ کیا طلاق دے دے یا تشدد کرے یا پھر دوسری کوئی صورت ہے؟

ج ...... عام رشتہ داروں سے پردہ ضروری ہے اور بیوی کی یہ دلیل درست نہیں کہ فلاں پردہ کیوں نہیں کرتی شوہر کو چاہئے کہ جب عام رواج پردہ کا نہیں ہے سختی سے کام نہ لے' متانت اور محبت وپیار سے اس کو سمجھائے اور اگر اس کو یقین ہے کہ طلاق دینے کی صورت میں اسے اس سے اچھی باپردہ بیوی مل سکتی ہے تو اس کی اپنی صوابدید ہے۔

## لڑکوں کا عورت لیکچرار سے تعلیم حاصل کرنا

س ...... اسلام کی رو سے یہ حکم ہے کہ عورت کو بے پردہ ہو کر باہر نہیں نکلنا چاہئے اب جبکہ خواتین' طلبہ کے کالجز میں بھی آچکی ہیں تو ہمیں پیریڈ کے دوران ان سے سوال بھی پوچھنا پڑتا ہے تو پڑھانے والی گناہ گار ہیں کہ پڑھنے والے جبکہ ہم مجبور ہیں؟

ج ...... عورتوں کا بے پردہ نکلنا جاہلیت جدید کا تحفہ ہے' شاید وہ وقت عنقریب آیا چاہتا ہے جس کی حدیث پاک میں خبر دی گئی ہے کہ مرد و عورت سربازار جنسی خواہش پوری کیا کریں گے اور ان میں سب سے شریف آدمی وہ ہوگا جو صرف اتنا کہہ سکے گا کہ میاں! اس کو کسی اوٹ میں لے جاتے' جہاں تک آپ کی مجبوری کا تعلق ہے بڑی حد تک یہ مجبوری بھی مصنوعی ہے' طلبہ اور جہاں بہت سے مطالبات کرتے رہتے ہیں اور ان کے لئے احتجاج کرتے ہیں' کیا حکومت سے یہ مطالبہ نہیں کر سکتے کہ انہیں اس گناہ گار زندگی سے بچایا جائے۔

## عورتوں کا آفس میں بے پردہ کام کرنا

س ...... عورتوں کا بینکوں' آفسوں میں مردوں کے ساتھ کام کرنا کیسا ہے؟

ج ...... عورتوں کا بے پردہ غیر مردوں کے ساتھ دفاتر میں کام کرنا مغربی تہذیب کا شاخسانہ ہے اسلام اس کی اجازت نہیں دیتا۔

س ...... اگر مذہب اسلام عورتوں کو اس قسم کی اجازت نہیں دیتا تو کیا اسلامی مملکت کی حیثیت سے ہمارا فرض نہیں کہ عورتوں کی ملازمت کو ممنوع قرار دیا جائے یا کم از کم ان کے لئے پردہ یا علیحدگی لازمی قرار دی جائے۔

ج ...... بلاشبہ فرض ہے اور جب کبھی "صحیح اسلامی مملکت" قائم ہوگی انشاء اللہ عورت کی یہ تذلیل نہ ہوگی۔

## ازواج مطہرات پر حجاب کی حیثیت' قرآن سے پردہ کا ثبوت

س ...... ازواج مطہرات پر حجاب فرض تھا یا واجب؟

ج ...... فرض تھا۔

س ...... اور عام مومنات کو اور ازواج مطہرات کو پردہ کا حکم برابر ہے یا فرق؟

ج ...... حکم برابر ہے مگر احترام وعظمت کے اعتبار سے شدت وضعف کا فرق ہے۔

س ...... اگر ہے تو کس وجہ سے؟

ج ...... لقوله تعالی لستن کاحد من النساء الخ؟

س ...... اور قرآن شریف کی کس آیت سے حکم پردہ کی تائید ہوتی ہے۔

ج ...... یاایها النبی قل لازواجك وبناتك ونساء المومنین الآیة.

## سفر حج میں بھی عورتوں کے لئے پردہ ضروری ہے

س ...... اکثر دیکھا گیا ہے کہ سفر حج میں چالیس حاجیوں کا ایک گروپ ہوتا ہے

جس میں محرم اور نامحرم سب ہوتے ہیں ایسے مبارک سفر میں بے پردہ عورتوں کو تو چھوڑیئے باپردہ عورتوں کا یہ حال ہوتا ہے کہ پردہ کا بالکل اہتمام نہیں کرتیں۔ جب ان سے پردہ کا کہا جاتا ہے تو اس پر جواب یہ دیتی ہیں کہ اس مبارک سفر میں پردہ کی ضرورت نہیں اور مجبوری بھی ہے اس کے ساتھ یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ حرم میں عورتیں نماز و طواف کے لئے باریک کپڑا پہن کر تشریف لاتی ہیں اور ان کا یہ حال ہوتا ہے کہ خوب آدمیوں کے ہجوم میں طواف کرتی ہیں اور اسی طرح حجر اسود کے بوسہ میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی کوشش کرتی ہیں۔ پوچھنا یہ ہے کہ آیا ایسی مجبوری کی حالت میں شریعت کے یہاں پردہ میں کوئی رعایت ہے؟ چاہئے تو یہ تھا کہ ایسے مبارک سفر میں حرام سے بچے تاکہ حج مقبول ہو اس طرح کے کپڑے پہن کر طواف و نماز وغیرہ کے لئے آنا شریعت میں کیا حیثیت رکھتا ہے؟

ج ...... احرام کی حالت میں عورت کو حکم ہے کہ کپڑا اس کے چہرے کو نہ لگے لیکن اس حالت میں جہاں تک اپنے بس میں ہو، نامحرموں سے پردہ کرنا ضروری ہے اور جب احرام نہ ہو تو چہرہ کا ڈھکنا لازم ہے۔ یہ غلط ہے کہ مکہ مکرمہ میں یا سفر حج میں پردہ ضروری نہیں، عورت کا باریک کپڑا پہن کر (جس میں سے سر کے بال جھلکتے ہوں) نماز اور طواف کے لئے آنا حرام ہے اور ایسے کپڑے میں ان کی نماز بھی نہیں ہوتی، طواف میں عورتوں کو چاہئے کہ مردوں کے ہجوم میں نہ گھسیں اور حجر اسود کا بوسہ لینے کی بھی کوشش نہ کریں۔ ورنہ گناہ گار ہوں گی اور "نیکی برباد، گناہ لازم" کا مضمون صادق آئے گا، عورتوں کو چاہئے کہ حج کے دوران بھی نمازیں اپنے گھر پر پڑھیں۔ گھر پر نماز پڑھنے سے پورا ثواب ملے گا ان کا گھر پر نماز پڑھنا حرم شریف میں نماز پڑھنے سے افضل ہے اور طواف کے لئے رات کو جائیں اس وقت رش نسبتاً کم ہوتا ہے۔

## بہنوئی سے بھی پردہ ضروری ہے چاہے اس نے سالی کو بچپن سے بیٹی کی طرح پالا ہو؟

س ...... میں اپنے بہنوئی (دولہا بھائی) کے پاس رہتی ہوں بچپن ہی سے انہوں نے مجھے اپنی بیٹی کی طرح پالا ہے مجھے بہت چاہتے ہیں۔ معلوم یہ کرنا ہے کہ کیا بہنوئی سے پردہ ہے یا نہیں۔ بہنوئی سے نکاح نہیں ہو سکتا اس لئے میرے خیال میں ان سے پردہ بھی نہیں ہونا چاہئے اگر ہے تو میں کیا کروں؟ میرا یہ مسئلہ اسلامی مسئلے کے ساتھ ساتھ ذہنی اور نفسیاتی مسئلہ بھی بن گیا ہے کیونکہ میری بہت خواہش ہے کہ میں نیک بن جاؤں اس مقصد کیلئے میں نے ہر برائی کو اپنے دل پر پتھر رکھ کر ختم کر دیا ہے لیکن یہ مسئلہ میرے بس کا روگ نہیں۔ باجی مجھے بہت چاہتی ہیں اپنے آپ سے جدا نہیں کر سکتیں کیونکہ وہ بہت بیمار رہتی ہیں ان کی کوئی بیٹی بھی نہیں ہے۔ سب کچھ ہو سکتا ہے لیکن جس انسان کے چوبیس گھنٹے ساتھ رہا جائے اس سے پردہ کیسے ہو سکتا ہے۔ میں ہر وقت پریشان رہتی ہوں شدید ذہنی الجھن کا شکار ہوں ہر وقت خوف خدا اور خدا کے عذاب کے کھٹکے نے مجھ سے میرا چین چھین لیا ہے۔ لوگ میری حالت پر شک کرتے ہیں اس مسئلہ کو جب بتاتی ہوں تو کوئی بھی یقین نہیں کرتا کہ میں اتنے سے مسئلے کے لئے اتنی پریشان ہوں وہ اسے چھوٹا سا مسئلہ ہی سمجھتے ہیں لیکن میں اپنے ضمیر کو کس کونے میں سلاؤں جو ہر وقت مجھ کو پریشان کئے رکھتا ہے میری عمر ۱۹ سال ہے۔ سیکنڈ ایئر کی طالبہ ہوں۔

ج ...... پردہ تو بہنوئی سے بھی ہے۔ لیکن چادر کا پردہ کافی ہے۔ بلا ضرورت بات نہ کی جائے نہ بلا ضرورت سامنے آیا جائے اور حتی الوسع پورے بدن کو چھپا کر رکھا جائے اور اگر اس میں کوتاہی ہو جائے تو توبہ واستغفار سے اس کی تلافی کی جائے۔

## منہ بولا باپ ' بھائی ' بیٹا اجنبی ہیں شرعاً ان سے پردہ لازم ہے

س ...... مولانا ہم پردیس میں رزق کی تلاش میں آنے والوں کی زندگی بھی ایک عجب تماشہ ہے۔ وہی حساب ہے کہ "نکلے تری تلاش میں اور خود ہی کھو گئے۔ ہم اپنا وطن اپنا گھر بار اور اپنے پیاروں کو ہزاروں میل دور چھوڑ کر رزق حلال کے ذریعہ اپنے پیاروں کی خوشیاں خریدنے نکلے تھے 'لیکن اپنی خوشیاں اور ذہنی سکون بھی گنوا بیٹھے ہیں۔ جیسا کہ وطن میں بسنے والے لوگوں کا بلکہ خود ہم پردیس میں رہنے والے لوگوں کے گھر والوں کا خیال ہے کہ یہاں کھجور کے درختوں پر ریال ' دینار اور درہم وڈالر لٹکتے ہیں صرف ہاتھ بڑھاکر توڑنے کی دیر ہے۔ حالانکہ اپنے وطن ' اپنے والدین ' بیوی بچوں سے دوری کا عذاب دیار غیر کی سختیاں ' حقارت آمیز سلوک ' مشین کی طرح کام کرنا یہاں پر گزرا ہوا ایک سال اپنے وطن کے دس سال کے برابر ہو جاتا ہے۔ صبح سے شام تک بے تکان کام اور جب تھکے ہارے بستر پر لیٹو تو گھر والوں کی یاد ان کی فکریں ' خط نہیں آیا تو ایک پریشانی پھر ملکی حالات ایک طرف یہ زندگی ' دوسری طرف گھروں کے سربراہ یعنی کوئی باپ ہے ' شوہر ہے ' بھائی ہے ان کے پردیس چلے جانے سے اور وطن میں ان کی بیویوں ' بیٹیوں ' بیٹوں اور ماؤں کے تنہا رہ جانے سے جو ذہنی الجھنیں پیدا ہو رہی ہیں۔ معاشرتی مسائل بن رہے ہیں ' جن گھروں کو ہم نے اس صحرا کی تپتی ریت میں اپنے خون پسینے کی کمائی سے بنایا تھا ان کی دیواریں گر رہی ہیں ' ہم لوگ اپنے ہی گھروں میں اجنبی بن کر رہ گئے ہیں۔ ہماری واپسی کے ذکر سے بھی ہمارے گھر والوں کے چہرے اتر جاتے ہیں اور ہم صرف روپیہ کمانے کی مشین بن کر رہ گئے ہیں۔

میں اس سمع خراشی کی دست بستہ معافی چاہتا ہوں آپ کا ایک ایک لمحہ قیمتی ہے لیکن جس معاشرتی مسئلہ کی طرف میں آپ کی توجہ مبذول کرا رہا ہوں وہ بھی مذہبی اور معاشرتی نکتہ نگاہ سے کم اہم نہیں ہے ' اس کی وجہ سے بہت سے گھر

برباد ہو رہے ہیں، خوشگوار ازدواجی زندگیاں نفرت، رسوائی اور جدائی کا شکار ہو رہی ہیں اس بات کو اس طرح دیکھیں۔

زید نے مسماۃ زاہدہ سے شادی کی۔ خاندانی و معاشرتی لحاظ سے، مذہبی لحاظ سے دونوں کے گھرانے قابل فخر اور قابل عزت ہیں دونوں میں حد درجہ باہمی محبت اور اتحاد ہے، خلوص ہے۔ شوہر کا بیوی پر اور بیوی کا شوہر پر اعتماد ہے۔ بیوی شوہر کا ہر مشکل اور ہر پریشانی، غربت میں ساتھ دیتی ہے بیوی کا کوئی سگا بھائی نہیں ہے۔ بیوی عمر کو بھائی بناتی ہے اور عمر یہ کہتا ہے کہ یہ میری سگی بہن کی طرح ہے۔ (عمر بھی شادی شدہ اور دو بچوں کا باپ ہے) زید کو خدا پر اور اپنی بیوی کے کردار پر بے انتہا بھروسہ ہے جس شخص کو بھائی بنایا گیا ہے وہ بھی ایک شریف اور اعلیٰ کردار کا حامل شخص ہے لیکن زید بار بار اپنی بیوی کو یہ سمجھاتا رہا کہ ٹھیک ہے مجھے تم پر بھروسہ ہے لیکن اس منہ بولے رشتہ کی کوئی شرعی حیثیت نہیں ہے۔ اور خاص کر اس صورت میں کہ جب کسی عورت کا شوہر، باپ، یا بھائی پردیس میں ہو تو اسے کسی نامحرم سے اس طرح میل ملاقات کرنا نہیں چاہئے۔ آخر کار اس میں رسوائی ہے لیکن بیوی ضد کرتی ہے اور زور دیتی ہے کہ نہیں "عمر میرے سگے بھائیوں کی طرح ہے اور میں ملوں گی ان باتوں کا اثر یہ ہوتا ہے کہ آہستہ آہستہ دونوں کے درمیان جو خلوص، محبت اور ہمدردی کا بندھن تھا کمزور پڑنے لگتا ہے۔ قربتیں دوریوں میں بدل جاتی ہیں اور اگر شوہر واپسی کا ارادہ ظاہر کرتا ہے تو بیوی دوسروں کی رائے اور مشورے سناتی ہے کہ وہ لوگ کہتے ہیں کہ معاشی حالات ملک کے خراب ہیں اس لئے زید کو آنا نہیں چاہئے۔ ان مشیروں میں منہ بولے بھائی بھی شامل ہیں۔ جو تنہائی میں زید کو ہمیشہ پر زور مشورہ دیتے ہیں کہ اسے واپس آجانا چاہئے۔

آخر کار بد ترین اندیشے رنگ لاتے ہیں لوگ انگلیاں اٹھانے لگتے ہیں الزام لگاتے ہیں اور بات یہاں تک پہنچتی ہے کہ زید قتل کرنے پر بھی تیار ہو جاتا

ہے۔ مولانا یہ ایک زید کی کہانی نہیں ہے ایسی ہزاروں کہانیاں جنم لے رہی ہیں کئی گھر بار برباد ہو رہے ہیں رشتے ٹوٹ رہے ہیں' بچے بے گھر ہو رہے ہیں۔ خدارا اپنے کالم میں اس موضوع پر قلم اٹھائیں اور بتائیں کہ اسلام میں' قرآن میں اور رسول اللہ ﷺ کے ارشادات کی روشنی میں ان منہ بولے رشتوں کی کیا حقیقت ہے اور ایک عورت کے لئے کسی نامحرم شخص سے منہ بولے بھائی کی حیثیت سے بھی اس طرح ملنا اسے شوہر پر ترجیح دینا اور جب کہ بات عزت ورسوائی تک آپہنچے اس کے باوجود یہ زور دے کر کہنا کہ میرا ضمیر صاف ہے' میں ملوں گی کہاں تک جائز ہے اور مذہب میں ان باتوں کی کیا سزا یا جزا ہے۔ اسلام نے ہر عورت اور مرد کے لئے میل ملاپ کی حدیں مقرر کی ہیں۔ یہ تو ان بھائی بنانے والی عورتوں کو معلوم ہونا چاہئے اور ان بھائی بننے والے مردوں کو اپنی بہنوں کی عزت کا خیال رکھنا چاہئے۔ کہ ان کی وجہ سے ان کی بہنوں کی عزت پر حرف آرہا ہے ان کے گھر برباد ہو رہے ہیں لیکن ہمارے معاشرے کو کیا ہوا ہے ہر شخص خود سر' خود غرض ہو چکا ہے۔

ج ...... شریعت میں منہ بولے بیٹے' باپ یا بھائی کی کوئی حیثیت نہیں' وہ بدستور اجنبی رہتے ہیں اور ان سے عورت کو پردہ کرنا لازم ہے' اس منہ بولے کے چکر میں سینکڑوں خاندان اپنی عزت و آبرو نیلام کر چکے ہیں۔ اس لئے اس عورت کا یہ کہنا کہ میں منہ بولے بھائی سے ضرور ملوں گی۔ خدا اور اس کے رسول ﷺ کی نافرمانی اور بے حیائی کی بات ہے اور یہ کہنا کہ میرا ضمیر صاف ہے کوئی معنی نہیں رکھتا' کیونکہ گفتگو ضمیر کے صاف ہونے نہ ہونے پر نہیں' کسی کے ضمیر کی خبر یا تو اس کو ہو گی یا اللہ تعالیٰ بہتر جانتے ہیں کہ کس کا ضمیر کس حد تک صاف ہے۔ گفتگو تو اس پر ہے کہ جب منہ بولا بھائی شرعاً اجنبی ہے تو اجنبی مرد سے (شوہر کی طویل غیر حاضری میں) مسلسل ملنا کیونکر حلال ہو سکتا ہے؟ اگر اس کا ضمیر صاف بھی ہو تب بھی تہمت اور انگشت نمائی کا موقع تو ہے اور حدیث میں ایسے مواقع

سے بچنے کی تاکید آئی ہے۔حدیث میں ہے۔

"اتقوا مقام التهمة"

ترجمہ: تہمت کے مقام سے بچو۔

## کیا پردہ صرف آنکھوں کا ہوتا ہے یا برقعہ اور چادر بھی ضروری ہے؟

س ...... آجکل کے جدید دور میں یہ کہا جا رہا ہے کہ پردہ صرف آنکھوں کا ہوتا ہے اگر خواتین آنکھیں نیچی یا حفاظت کر کے چلیں تو برقعہ یا چادر کی کوئی ضرورت نہیں کہاں تک درست ہے۔

ج ...... کیا دور جدید میں قرآن کریم کی وہ آیات اور آنحضرت ﷺ کے وہ ارشادات منسوخ ہو گئے جن میں حجاب (پردہ) کا حکم ہے اور اگر آنکھیں نیچی کرنے کے حکم پر ساری دنیا مسلم و غیر مسلم عمل کیا کرتی تو آپ کہہ سکتے تھے کہ جب کوئی دیکھنے والا ہی نہیں تو پردہ کس سے کریں۔لیکن جب آوارہ نظریں چار سو کھلے چہروں کا تماشا دیکھ رہی ہوں تو کیا ان کی گندگی سے بچنے کیلئے پردہ کی ضرورت نہ ہوگی۔

## سن رسیدہ خواتین کیلئے پردے کا حکم

س ...... دستور کمیشن کے سربراہ مولانا ظفر احمد انصاری ؒ نے اپنے ایک بیان میں فرمایا ہے کہ ۴۵-۴۰ سال کی عمر پر پہنچنے کے بعد عورت کے لئے شریعت میں پردہ کی شرائط بھی نرم ہو جاتی ہیں اس سلسلے میں آپ سے یہ دریافت کرنا ہے کہ کیا اس عمر میں عورتوں کو مردوں کے ساتھ دفتروں میں کام کرنے کی اجازت دی جاسکتی ہے یا دوسرے کاموں میں مردوں کے ساتھ رہ سکتی ہیں۔وزارت' سفارت کے منصب پر مقرر کی جاسکتی ہے۔غرضیکہ کہاں تک پردہ کے احکام میں نرمی برتی جاسکتی ہے؟

ج ...... پردے کے احکام نرم ہو جانے کے یہ معنی نہیں ہیں کہ اب اس پر نسوانی احکامات جاری نہیں ہوتے۔ جو کام مردوں کے ہیں یا جن کاموں میں غیر مردوں کے ساتھ بے محابا اختلاط یا تنہائی کی نوبت آتی ہے وہ اب بھی جائز نہیں ہوں گے۔

## کیا شادی میں عورتوں کے لئے پردے میں کوئی تخفیف ہے

س ...... اکثر خواتین پردہ کرتی ہیں جبکہ شادی وغیرہ میں پردہ نہیں کرتیں حالانکہ وہاں ان کا سامنا مردوں سے بھی ہوتا ہے اگر سامنا نہ بھی ہو تو مووی اور تصاویر یہ کسر پوری کر دیتے ہیں کہ باپردہ خواتین کو مرد حضرات بھی دیکھ لیتے ہیں کیا یہ پردہ مناسب ہے جبکہ میرے خیال میں شادی یا دوسری ایسی تقاریب میں بھی باپردہ رہنا چاہئے' چاہے مرد نہ بھی ہوں' لیکن مووی بن رہی ہو؟ آپ بتایئے کہ کیا یہ پردہ دار خواتین کہلانے کی مستحق ہیں؟

ج ...... آپ کا خیال صحیح ہے ایسی عورتیں پردہ دار نہیں بلکہ پردہ در ہیں۔

## پردے کی حدود کیا ہیں

س ...... اسلام میں صحیح پردہ کیا ہے کیا ہاتھ' پاؤں' چہرہ آنکھیں کھلی رکھی جاسکتی ہیں بہت سی لڑکیوں کو اکثر چہرے کھولے پردہ کرتے دیکھا ہے جبکہ میرے خیال میں چہرہ بھی پردہ کی چیز ہے مسلک حنفی یا اسلام میں ہاتھ پہنچوں تک' پیر اور آنکھیں کھلی رکھنے کی اجازت ہے یا ہاتھ اور پاؤں پر بھی موزے اور دستانے استعمال کئے جائیں۔ مطلب یہ کہ آپ درست طریقہ پردے کا وضاحت سے بتلایئے؟

ج ...... ہاتھ' پاؤں اور آنکھ کھلی رہیں چہرہ چھپانا چاہئے۔

## کن لوگوں سے اور کتنا پردہ ضروری ہے

س ...... میں ایک معزز سید گھرانے سے تعلق رکھتی ہوں ہمارے گھر میں پردہ بھی ہوتا ہے مگر اپنے عزیز و اقارب سے نہیں' جبکہ میں اپنے تمام نامحرم رشتہ داروں سے پردہ کرنا چاہتی ہوں اب جبکہ میں نے ایسا کیا تو دوسرے لوگوں کے علاوہ اپنے والدین کی مخالفت کا بھی سامنا کرنا پڑا میں ٹی وی نہیں دیکھتی ہوں اور غیر مردوں کی تصاویر بھی نہیں دیکھتی ہوں' امی ابو پریشان ہیں پلیز مجھے قرآن و سنت کی روشنی میں بتایئے کہ مجھے کیا کرنا چاہئے میں اپنے والدین کو اپنی وجہ سے پریشان اور مغموم نہیں دیکھ پاتی ہوں مگر خدا کے احکام کی خلاف ورزی بھی نہیں چاہتی' حضور ﷺ نے جب حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے باریک لباس پر اعتراض فرمایا تھا تو یہ بھی فرمایا تھا کہ مجبوری کی حالت میں عورت اپنے قریبی محرم کے سامنے چہرہ کھول سکتی ہے اس سلسلے میں بھی وضاحت کر دیں تو مشکور ہوں گی کیا ہم اپنے کزن (خالہ زاد' چچا زاد وغیرہ) کے سامنے چہرہ کھول سکتی ہیں؟

ج ...... جس شخص کے ساتھ عورت کا نکاح ہمیشہ کے لئے حرام ہو وہ "محرم" کہلاتا ہے اور جس سے کسی وقت نکاح جائز ہو سکتا ہے وہ عورت کے لئے نامحرم ہے اور شرعاً نامحرم سے پردہ ہے اس لئے خالہ زاد' چچا زاد سے بھی پردہ کرنا چاہئے' اگر کبھی کبھار مجبوری سے کسی نامحرم کے سامنے آنا پڑے تو چہرہ چھپا لینا چاہئے' نامحرم رشتہ داروں سے بے تکلفی کے ساتھ باتیں کرنا اور بے حجاب ان سے اختلاط کرنا شرعاً و اخلاقاً زہر قاتل ہے۔

## گھر سے باہر پردہ نہ کرنے والی خواتین گھر میں رشتہ داروں سے کیوں پردہ کرتی ہیں

س ...... ہمارے ہاں اب پردہ ایک نیا رخ اختیار کر چکا ہے وہ یہ کہ عورتیں'

لڑکیاں ویسے تو کھلے عام پھرتی ہیں خوب شاپنگ کرتی ہیں اور کسی کے دیکھنے نہ دیکھنے کی کوئی پروانہیں کرتیں مگر وہ جب اپنے گھروں میں ہوتی ہیں اگر اس وقت کوئی مہمان یا کوئی اور آجائے تو فوراً پردہ کر لیتی ہیں اور ہرگز کسی کے سامنے نہیں آتیں' آپ بتا سکتے ہیں کہ مسلمان عورتوں 'لڑکیوں کے اس ماڈرن پردہ کی اسلام میں کوئی شق موجود ہے اگر نہیں تو پھر اپنے گھر میں آنے والے شریف لوگوں سے پردہ چہ معنی دارد' جبکہ اس طرح شریف لوگوں کی دل شکنی بھی ہوتی ہے جو بذات خود ایک بڑا گناہ ہے؟

ج ...... اعتراض صحیح چیز پر نہیں غلط پر ہوتا ہے' آپ کو اعتراض "ماڈرن بے پردگی" پر ہونا چاہئے جو بے حیائی کی حدود سے بھی کچھ آگے نکل گئی ہے پردہ بہرحال پردہ ہے وہ محل اعتراض نہیں ہونا چاہئے البتہ یہ ضروری ہے کہ جو عورت خدا اور رسول کا حکم سمجھ کر پردہ کرے گی وہ خدا اور رسول کی رضامندی کی مستحق ہوگی اور جو فیشن کے طور پر کرے گی وہ اس رضامندی سے محروم رہے گی۔

## بھابیوں سے پردہ کتنا ضروری ہے

س ...... میرے نو بیٹے ہیں ان میں سے تین کی شادی ہوگئی ہے دراصل مسئلہ یہ ہے کہ میرے تمام بیٹے اپنی بھابیوں سے پردہ کرتے ہیں' پوچھنا یہ ہے کہ بھابیوں سے پردہ کرنے کی نوعیت کیسی ہوگی؟ آیا ان سے پردہ عام اجنبی عورتوں کی طرح ہوگا یا ان سے کچھ گنجائش ہے مثلاً ضروری بات کرنی یا کھانا پینا ہو تو کیا سامنے آسکتی ہیں یا نہیں؟ کیونکہ اگر بھابیوں سے عام اجنبی عورتوں کی طرح پردہ کیا گیا تو ایک گھر میں رہنا مشکل ہو جائے گا۔

ج ...... بھابیوں سے پردہ تو عام لوگوں کی طرح ہے مگر گھر میں آنا جانا مشکل ہو جاتا ہے اس لئے صرف چادر کا پردہ کافی ہے۔ ضروری بات بھی کر سکتے ہیں اور

کھانا وغیرہ بھی لا سکتے ہیں۔

## نرس کیلئے مرد کی تیمارداری

س ...... عام طور سے مسلمان لڑکیاں نرسنگ کورس کو اپنانے سے گریز کرتی ہیں میں نے یہ سوچ کر نرسنگ ٹریننگ میں داخلہ لیا تھا کہ ہماری جیسی مسلمان لڑکیاں بھی آگے آئیں اور اس پیشے کو اپنائیں لیکن اس پیشہ میں مرد اور عورت دونوں کی تیمارداری کرنا پڑتی ہے۔ لڑکی ہونے کی حیثیت سے عورتوں اور بچوں کا کام تو کر سکتی ہوں لیکن مردانہ وارڈ میں زخم وغیرہ کی مرہم پٹی ایک غیر مرد کی کیا ایک مسلمان لڑکی کیلئے صحیح ہے؟ مہربانی فرما کر اسلام اور شریعت کی روشنی میں تفصیلی جواب دیں۔

ج ...... مردوں کی مرہم پٹی اور تیمارداری کیلئے مردوں کو مقرر کیا جانا چاہئے نامحرم عورتوں سے یہ خدمت لینا جائز نہیں۔

## بھابی سے پردہ کی حد

س ...... ہم دو ساتھی ہیں اور الحمدللہ ہم دونوں نے اپنے اپنے گھروں میں شرعی پردے کا مکمل اہتمام کیا ہے لیکن میرا ساتھی مجھے اس پر تنگ کرتا ہے کہ آپ شریعت کی خلاف ورزی کرتے ہیں اور اپنی بھابیوں سے پردہ نہیں کرتے اور اس کے ساتھ ایک ہی گھر میں رہتے ہو' جبکہ اعتراض کنندہ کا کوئی اور بھائی نہیں ہے جس کی بناء پر وہ اعتراض کرتا ہے اور ہم تین بھائی ہیں' تینوں شادی شدہ ہیں' آپ کا تحریر کردہ ایک مسئلہ بندہ نے اعتراض کنندہ کو پیش کیا کہ ضرورت کے وقت بھابی سے بات بھی کی جا سکتی ہے اور بھابی ہاتھ' پاؤں اور چہرہ ننگا کر سکتی ہے' لیکن وہ کہتا ہے کہ اس مسئلہ کے ساتھ کوئی دلیل مذکور نہیں ہے اس لئے میں اس کی تقلید نہیں کرتا لہٰذا آپ سے گزارش ہے کہ اس مسئلہ کو وضاحت

کے ساتھ قرآن وسنت کی روشنی میں بیان فرمائیں؟

ج ...... حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ لکھتے ہیں جو رشتہ دار محرم نہیں مثلاً خالہ زاد' ماموں زاد' پھوپھی زاد بھائی یا بہنوئی یا دیور وغیرہ جوان عورت کو ان کے روبرو آنا اور بے تکلف باتیں کرنا ہرگز نہیں چاہئے اگر مکان کی تنگی یا ہر وقت کی آمدورفت کی وجہ سے گہرا پردہ نہ ہوسکے تو سر سے پاؤں تک کسی میلی چادر سے ڈھانک کر شرم ولحاظ سے بضرورت روبرو آجائے اور کلائی' بازو' سر کے بال اور پنڈلی ان سب کا ظاہر کرنا حرام ہے' اسی طرح ان لوگوں کے روبرو عطر لگاکر عورت کو آنا جائز نہیں' اور نہ بجتا ہوا زیور پہنے"۔ (تعلیم الطالب-۵)

## بھتیجی اور بھانجی کے شوہر سے پردہ ہے

س ...... مجھ سے کسی نے کہا ہے کہ داماد کسی بھی درجے کا ہو اس سے پردہ کرنا نہیں آیا ہے مثلاً سگی بہن' بھتیجی اور بھانجی کا شوہر کیا یہ بات درست ہے۔

ج ...... بھتیجی اور بھانجی کے شوہر سے پردہ ہے وہ شرعاً داماد نہیں۔

## جیٹھ کے داماد سے بھی پردہ ضروری ہے

س ...... اپنے جیٹھ کے داماد سے پردہ کرتی ہوں لوگ کہتے ہیں کہ گھر کے آدمی سے پردہ نہیں کرنا چاہئے اور سامنے آنے میں کوئی حرج نہیں آپ بتائیے کہ پردہ ہے یا نہیں؟

ج ...... اس سے بھی پردہ ہے۔

س ...... جب جیٹھ' نندوئی' دیور' بہنوئی ان سب سے شرع کا حکم پردہ کرنے کا ہے تو ہمارے بزرگ اور شوہر' بھائی ہم سے پردہ کرنے کو کیوں نہیں کہتے اور ہمیں سامنے آنے پر کیوں مجبور کرتے ہیں؟

ج ...... غلط کرتے ہیں۔

## پردہ کے لئے کون سی چیز بہتر ہے برقعہ یا چادر

س ...... اسلام میں پردہ کی اہمیت بہت زیادہ ہے لیکن پردہ کا اصل مفہوم کیا ہے؟ کیا خواتین کو برقعہ، استعمال کرنا لازمی ہے؟ اور موجودہ دور میں برقعہ کا جس طرح استعمال کیا جاتا ہے کیا وہ اسلام میں جائز ہے؟

ج ...... پردے سے مراد ہے پورے بدن کا ستر، خواہ چادر سے ہو یا برقعے سے، جو برقعہ ستر کا فائدہ نہ دے وہ بیکار ہے۔

## عورت کا مردوں کو خطاب کرنا، نیز عورت سے گفتگو کس طرح کی جائے

س ۱- ...... کیا عورت غیر محرم مردوں کے جلسہ میں وعظ یا اصلاح معاشرہ یا اصلاح رسوم کے سلسلہ میں تقریر کر سکتی ہے (پردہ چار دیواری میں ہے)

س ۲- ...... کیا عورت بلا ضرورت غیر محرم کو اپنی آواز سنا سکتی ہے؟

س ۳- ...... کیا حضرت عائشہ صدیقہ، حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا یا دیگر صحابیات رضی اللہ تعالیٰ عنھن نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جیسے نیک لوگوں سے پردہ میں وعظ یا تقریر کی؟

س ۴- ...... صحابہ کرام بوقت ضروت امت کی ماں حضرت عائشہؓ سے کیسے مسئلہ معلوم کرتے تھے؟

ج ۱- ...... نامحرموں کے سامنے بے پردہ تقریر کرنا جائز نہیں، حرام ہے اور بوقت ضرورت پردہ کے ساتھ گفتگو جائز ہے، مگر لب ولہجہ میں سختی و درشتی ہونی چاہئے جس سے دوسرے آدمی کو عورت کی طرف کشش پیدا نہ ہو۔

آج کل جو جلسوں میں خواتین و حضرات کا مشترکہ خطاب ہوتا ہے یہ جاہلیت جدیدہ کی بدعت سیئہ ہے۔

۲۔بلا ضرورت جائز نہیں خصوصاً جب کہ فتنہ کا اندیشہ ہو اور مجمع بازاری لوگوں کا ہو اسی لئے کہا گیا ہے۔

نہ تنہا عشق از دیدار خیزد
بسا ایں دولت از گفتار خیزد

۳۔بلا پردہ تقریر کرنا ثابت نہیں نہ بلا ضرورت ''پھر مسلمانوں کی ماں'' پر آج کی عورت کو اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے مقدس معاشرے پر آج کے گندے معاشرے کو قیاس کرنا بد عقلی ہے۔

۴۔ قرآن کریم میں ہے۔ ﴿فاسئلو ھن من وراء حجاب﴾ ترجمہ : ''ازواج مطہرات سے کچھ پوچھنا ہو تو پس پردہ پوچھو'' اس لئے پردہ کے پیچھے سوال کرتے تھے۔

## پردہ کے مخالف والدین کی اطاعت ضروری نہیں نیز بہنوئیوں سے بھی پردہ ضروری ہے

س ...... علماء کرام سے سنا ہے کہ بیٹے پر شریعت اسلامیہ کی رو سے والدین کی اطاعت اس حد تک واجب ہے کہ اگر وہ حکم دیں کہ اپنی بیوی کو طلاق دے دو تو وہ طلاق دے دے۔ دوسری طرف سے شریعت اسلامیہ میں شادی کو سنت موکدہ قرار دیا گیا ہے اور بیوی کے پردے کو واجب یا فرض عین۔ اور خاص کر حدیث نبوی ﷺ میں بیوی کو شوہر کے بھائیوں سے سختی کے ساتھ پردہ کرنے کا حکم ہے۔ میری شادی کو ہوئے تین سال کا عرصہ ہوا ہے میں نے شریعت اسلامیہ کے رو سے بیوی کو اپنے (شوہر کے) بھائیوں (حقیقی وسوتیلے) سے پردہ کا حکم دیا ہے۔ اس لئے وہ شرعی حکم کی تعمیل میں سخت پردہ کرتی ہے۔ ان (بیوی) کی دوسری چار (غیر شادی شدہ) بہنیں بھی ہیں۔ اب مجھے سخت مسائل درپیش ہیں۔ جن سے سخت نالاں ہوں اور محسوس ہوتا ہے کہ شریعت

کے یہ دو احکام ایک دوسرے سے ٹکرا رہے ہیں وہ یہ کہ میرے بھائی صاحبان اور میرے والدین مجھ سے اس بات (پردہ مذکورہ پر) سے سخت خفا ہیں۔ خط وکتابت بند کر دی ہے اب اگر میں شادی نہ کرتا تو سنت موکدہ ترک ہو جاتی اگر شادی کرلی تو بیوی کا پردہ واجب ہوگیا۔ ادھر سے والدین کی اطاعت بھی واجب۔ اگر پردہ والے شرعی حکم کو مانتا ہوں اور اس پر عمل کروں گا تو والدین کی اطاعت جو شرعاً واجب ہے' ترک ہوگی اور اگر والدین کا حکم اور منشاء کی اطاعت کروں گا تو پردہ جو (شرعاً واجب ہے) کا ترک کرنا لازم آئے گا۔ دوسری طرف سے سسرال کا تکرار ہے کہ باقی جو میری سالیوں کی شادی جب ہو جائے گی۔ تو ان ہم دامادوں سے بھی بیوی کو پردہ نہ کرانا اور بیوی کی بھی یہی تکرار ہے اور اندیشہ قطعی ہے کہ اگر میں بیوی کو اپنے ہم داماد بھائیوں سے جب شرعی پردہ کا حکم دوں گا تو میرے گھر کا ماحول انتہائی خراب ہوگا۔ بیوی کا حق مہر جو پچیس ہزار روپے میرے ذمہ غیر موجل ہیں کا مطالبہ ہوگا میں ایک غریب آدمی ہوں آفس میں کلرک ہوں۔ ماہانہ تنخواہ سے گھر کا گزارہ کفایت کرکے بمشکل ہوتا ہے۔ حق مہر کے لئے اپنی ماہانہ آمدنی سے ایک پیسہ بھی نہیں بچایا جاسکتا۔ تقریباً اندازہ ہے کہ حق مہر کی رقم میں (اگرچہ انکار نہیں مگر) ادا تازیست نہ کر سکوں گا۔ خدارا آپ سے دست بستہ عرض ہے کہ شریعت اسلامیہ کی رو سے مجھے اپنے آئندہ موقف مناسبہ اختیار کرنے کی رہنمائی فرمایئے گا۔ میں آپ کے لئے تاحیات دعاکرتا رہوں گا۔ اللہ پاک آپ کے اور آپ کے اہل وعیال کے علم میں اضافہ فرمائے اور اجر عظیم عنایت فرمائے (آمین)

ج ...... والدین کا یہ کہنا کہ بھائیوں سے بیوی کو پردہ نہ کرنے کا کہو خلاف شرع ہے۔ اور ان کے ایسے حکم کی تعمیل گناہ ہے۔ والدین نے اگر محض اس وجہ سے تعلق ختم کر دیا ہے تو وہ گنہگار ہیں۔ آپ ان سے تعلق قطع نہ کریں۔ آپ کے سسرال والوں کا یہ مطالبہ کہ آپ کی بیوی اپنے بہنویوں سے پردہ نہیں کرے گی

یہ بھی خلاف شریعت ہے ' اگر آپ کی بیوی اصرار کرے تو اس کو اللہ ورسول ﷺ کا حکم سمجھایئے ' لیکن اگر وہ اس پر راضی نہ ہو بلکہ طلاق کا مطالبہ کرے تو اس سے کہئے کہ خلع کرے یعنی مہر معاف کرنے کی شرط پر طلاق لے لے۔

## پردہ سے متعلق چند سوالات کے جوابات

س ...... بندہ آپ سے پردہ کے بارے میں درج ذیل سوالات کا شرع متین کی رو سے جوابات کا خواہاں ہے۔

۱۔ ایک مسلمان عورت کو اپنے رشتہ داروں میں سے کن کن مردوں سے پردہ کرنا ضروری ہے؟

۲۔ مسلمان عورتوں کے لئے پردہ کی فرضیت قرآن مجید کی کن آیات سے ہوئی؟

۳۔ ہمارے موجودہ معاشرے میں عورتوں کا بے پردہ باہر نکلنا اور دفاتر وفیکٹریوں میں ملازمت کرنا ایک معمول بن چکا ہے اور معیوب نہیں سمجھا جاتا ہے۔ چنانچہ ایسے بگڑے ہوئے ماحول میں مرد نگاہ کی حفاظت کیسے کر سکتے ہیں ' راستوں اور بسوں میں باوجود کوشش کے بار بار نظر پڑ جانے سے گناہ ہو گا یا نہیں؟

ج ...... ایسے رشتہ دار جن سے عورت کا نکاح نہیں ہو سکتا جیسے باپ ' دادا ' بھائی بھتیجے ' بھانجے ' چچا ' ماموں وغیرہ ' وہ عورت کے "محرم" کہلاتے ہیں۔ ان سے عورت کا پردہ نہیں اور وہ تمام لوگ جن سے نکاح ہو سکتا ہے ان سے پردہ لازم ہے جیسے ماموں زاد ' چچا زاد ' پھوپھی زاد ' خالہ زاد وغیرہ وغیرہ۔

ج ...... پردہ کی فرضیت قرآن کریم کی متعدد آیات سے ثابت ہے مثلاً سورہ احزاب کی آیت نمبر ۳۳ میں ارشاد خداوندی ہے۔

﴿وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ ولا تَبَرَّجن تَبَرُّجَ الجَاهِلِيَّةِ الاولٰی.﴾

ترجمہ :"اور تم اپنے گھروں میں قرار سے رہو اور قدیم زمانہ جاہلیت کے دستور کے موافق مت پھرو"۔

دوسری جگہ ارشاد فرمایا:

﴿ولا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ الا لِبُعُولَتِهِنَّ اوابائهن اوآباءِ بُعُولَتِهِنَّ اَوْ اَبنَآئِهِنَّ اَوْ اَبنآءِ بعولتهنَّ اَوْ اخوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْ اِخوَانِهِنَّ اَوْ بَنِي اَخوتِهِنَّ اَوْ نسآءِ هِنَّ اَوْمَا مَلَكَتْ اَيمَانهِنَّ اَوِ التبِعِينَ غَيْرِ اُولِى الاربةِ مِنَ الرِّجَالِ اَوِ الطِفْلِ الَّذِينَ لَمْ يَظْهَرُوا عَلٰى عَوْرَاتِ النِساء.﴾

(سورہ النور-۳۱)

ترجمہ :"اور اپنی زیبائش کو کسی پر ظاہر نہ کریں۔سوائے اپنے خاوند کے یا اپنے باپ کے' یا اپنے خاوند کے بیٹوں کے' یا اپنے بھائیوں کے یا اپنے بھتیجوں کے یا اپنے بھانجوں کے یا اپنی ہم جنس عورتوں کے یا اپنی باندیوں کے یا ان ملازموں کے جو عورت کی زیب وزینت سے غرض نہیں رکھتے' یا لڑکوں کے جو عورتوں کے اسرار سے بے خبر ہیں"۔

(سورہ النور آیت نمبر ۳۱)

ایک اور جگہ ارشاد فرمایا:

﴿يَاَيُّها النَّبِيُّ قُلْ لاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جلا بِيبِهِنَّ.

ترجمہ :"اے نبی کہہ دیجئے اپنی عورتوں کو اور بیٹیوں کو اور مسلمانوں کو کہ نیچے لٹکالیں اپنے اوپر تھوڑی سی اپنی چادریں"۔

(سورہ احزاب آیت نمبر ۵۹)

ج ...... عورت کا ایسی جگہ ملازمت کرنا حرام ہے جہاں اس کا اختلاط اجنبی

مردوں سے ہوتا ہو اور ایسے گندے ماحول میں' جو کہ ہمارے یہاں پیدا ہو چکا ہے' ایک ایسے شخص کو اپنی نگاہ کی حفاظت نہایت ضروری ہے جو اپنا ایمان سلامت لے جانا چاہتا ہو۔ قصداً کسی نامحرم کی طرف نظر بالکل ہی نہ کی جائے اور اگر اچانک نظر بہک جائے تو فوراً ہٹالی جائے۔

## دیور موت ہے کا مطلب

س ...... میں نے اپنے بیٹے سے ایک حدیث سنی ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ دیور کو موت قرار دیا گیا ہے تو کیا یہ حدیث ہے اگر ہے تو اس حدیث کی مراد کیا ہے؟

ج ...... اس حدیث کا مطلب واضح ہے کہ دیور سے موت کی طرح ڈرنا اور بچنا چاہئے' اس سے بے تکلفی کی بات نہ کی جائے۔ تنہائی میں اس کے پاس نہ بیٹھا جائے وغیرہ۔

## شوہر کے کہنے پر پردہ چھوڑنا

س ...... ایک اچھے گھرانے کی لڑکی جو بچپن سے جوانی تک شریعت کے مطابق پردہ کرتی ہو لیکن شادی کے بعد اگر شوہر اسے برقعہ اتارنے پر مجبور کرے یا صرف چہرہ ہی کھولنے پر مجبور کرے تو کیا ایسی صورت میں لڑکی کے لئے یہ جائز ہے کہ وہ مکمل برقعہ اتار دے یا چہرہ کھول کر مردوں میں آزادانہ گھومتی رہے میرے محدود علم کے مطابق پردہ مسلمان عورتوں پر بالکل اسی طرح فرض کیا گیا ہے جس طرح نماز اور روزہ مسلمانوں پر فرض ہے' کیا مرد کی جانب سے اس قسم کی سختی پر عمل کرنا جائز ہے شریعت اس کے لئے کیا حکم صادر کرتی ہے آج کے معاشرے میں بعض لڑکیاں بچپن سے جوانی تک شریعت کے مطابق پردہ کرتی ہیں لیکن شادی کے فوراً بعد اپنی مرضی سے پردہ ختم کر دیتی ہیں اور اس کا

سارا الزام عموماً شوہروں پر ڈال دیا جاتاہے میں آپ سے یہ کہنا چاہوں گا کہ شریعت اس قسم کے معاملہ پر کیا حکم دیتی ہے۔

ج ...... پردہ شرعی حکم ہے شوہر کے کہنے پر نہ چہرہ کھولنا جائز ہے اور نہ پردہ کا چھوڑنا ہی جائز ہے 'شوہر اگر مجبور کرے تو اس سے طلاق لے لی جائے تاکہ وہ ایسی بیوی لاسکے جو ہرایک کو نظارہ حسن کی دعوت دے۔ اور خود پردہ چھوڑ کر شوہر پر الزام دھرنا غلط ہے 'لیکن ان کے گناہ میں شوہر بھی برابر کے شریک ہیں' کیونکہ وہ بے پردگی کو برداشت کرتے ہیں۔

## شرعی پردہ سے منع کرنے والے مرد سے شادی کرنا

س ...... اگر ایک لڑکی شرعی پردہ کرتی ہو اور جب اس کی شادی ہونے والی ہو تو اس کو اس بات کا احساس ہو کہ لڑکا پردے پر راضی نہیں ہوگا تو کیا وہ شادی سے رک جائے؟

ج ...... پردہ خدا تعالیٰ کا حکم ہے اس میں کسی دوسرے کی اطاعت جائز نہیں 'اگر لڑکا ایسا ہو تو وہاں شادی نہ کرے۔

## پردہ پر آمادہ نہ ہونے والی عورت کی سزا

س ...... اگر عورت کو شریعت کے متعلق حکم دیا جائے اور وہ نہ مانے مثلاً پردہ کے متعلق (خصوصاً بیوی کو) تو اس کو کیا سزا دینی چاہئے؟ کیا زبردستی اس پر عمل کرایا جائے اور نہیں تو خاموشی اختیار کی جائے برائے مہربانی شریعت اسلامی کی روشنی میں جواب دیجئے''۔

ج ...... اس کو پیار و محبت سے اللہ ورسول ﷺ کا حکم سمجھایا جائے اگر وہ نہ مانے تو اس سے علیحدگی اختیار کرلی جائے۔

## پیر سے بغیر پردہ کے عورت کا ملنا جائز نہیں

س ...... ہماری والدہ ایک پیر سے عقیدت رکھتی ہیں کیا پیر سے اسلام میں میل ملاپ رکھنا اور پردہ نہ کرنا جائز ہے۔

ج ...... پیر سے پردہ لازم ہے جو پیر اجنبی عورت سے تنہائی میں ملتا ہے وہ خود بھی گمراہ ہے اس کے پاس جانا جائز نہیں۔

## چہرہ' ہاتھ' پاؤں کیا پردے میں داخل ہیں

س ...... کیا عورت کے لئے چہرہ کا پردہ نہیں ہے نیز یہ بتایئے کہ عورت کو کن کن حصوں کا کھولنا منع نہیں ہے اور عورت کے لئے چچا زاد' خالہ زاد جیسے رشتے داروں سے پردہ کرنا کیسا ہے حدیث سے جواب دیں کیا یہ درست ہے کہ جن سے عورت کا نکاح جائز ہے ان سے پردہ ضروری ہے چاہے وہ رشتہ دار ہوں؟

ج ...... چہرہ اور ہاتھ پاؤں ستر میں داخل نہیں؟ لیکن پردہ کے لئے چہرہ ڈھانکنا بھی ضروری ہے تاکہ نامحرم نظریں چہرے پر نہ پڑیں۔ نامحرم وہ لوگ ہیں جن سے نکاح جائز ہے ان سے پردہ ہے۔

## بیٹی کے انتقال کے بعد اس کے شوہر (داماد) سے بھی پردہ ہے

س ...... میری والدہ جن کی عمر تقریباً ۴۵ / ۴۰ سال کے قریب ہے وہ نوجوانی میں ہی ہم سات بہن بھائیوں کی موجودگی میں ۱۲ سال قبل بیوہ ہوگئی تھیں انہوں نے بڑے مشکل وقت میں ہماری پرورش کی ہے مگر ۲ سال قبل والدہ صاحبہ نے ایک شخص (جو کہ ان کا ہی ہم عمر ہے) کو اپنا منہ بولا بیٹا بنایا اور ہم سب بہن بھائیوں کی مخالفت کے باوجود انہوں نے اس شخص سے ہماری چھوٹی بہن کی شادی کر دی جبکہ وہ شخص پہلے سے اپنی بیوی کو طلاق دے چکا ہے اور میری

بہن کی عمر کی اس کی بیٹی ہے' والدہ نے اس شخص سے ملنا نہیں چھوڑا اور ہم سے کہا کہ یہ میرا داماد ہے دنیا کا کوئی قانون مجھے میرے داماد سے ملنے سے روک نہیں سکتا۔ شادی کے پانچ مہینے بعد میری بہن کا انتقال ہو گیا اور میری والدہ ابھی تک اس شخص سے ملتی ہیں وہ کہتی ہیں کہ بیٹی کے مرنے سے داماد کا رشتہ نہیں ٹوٹتا اور داماد سے پردہ جائز نہیں؟

ج ...... داماد سے پردہ نہیں ہوتا لیکن اگر دونوں جوان ہوں تو پردہ لازم ہے ایسا نہ ہو کہ شیطان دونوں کا منہ کالا کر دے آپ کی والدہ کا وہاں جانا جائز نہیں۔

## غیر محرم رشتہ داروں سے کتنا پردہ ہے' نیز جیٹھ کو سسر کا درجہ دینا

س ...... ہمارے خاندان میں پردہ ہے خواتین پردہ کرتی ہیں لیکن جیٹھ' نندوئی' دیور' بہنوئی اور ان کے دامادوں سے پردہ نہیں کرتیں نیز خالہ زاد' ماموں زاد' چچا زاد بھائیوں سے بھی پردہ نہیں کرتیں۔ آپ مجھے بتائیں کہ ان لوگوں سے پردہ ہے یا نہیں۔ اگر ہے تو کس طرح کا؟ کیا ان لوگوں سے بالکل اسی طرح کا پردہ کیا جائے جس طرح کا عام لوگوں سے ہے۔ اب کیونکہ معاشرے میں پردے کی حکمت واہمیت کا احساس مٹ گیا ہے تو چھٹی والے دن ان لوگوں کے گھر جانے سے محض اس لئے انکار کر سکتی ہوں کہ مرد گھر پر ہوتے ہیں اور بے پردگی ہوتی ہے۔ کیونکہ اب پردہ کرنے کو دقیانوسیت سمجھا جاتا ہے۔ اگر ان لوگوں میں سے کوئی گھر میں آئے تو سامنے نہ جاؤں اور پردے میں ہو جاؤں۔ میں علیحدہ گھر میں رہتی ہوں۔ مشترکہ خاندانی نظام نہیں ہے۔ اگر سسر حیات نہ ہوں تو کیا ہمارا دین اس بات کی اجازت دیتا ہے کہ جیٹھ کو ان کا قائم مقام سمجھ کر سامنے ہوا جائے۔ پردہ صرف جسم کا ہے یا چہرے کا بھی ہے۔ اس کی بھی وضاحت کی جائے۔ آپ میرے سوالوں کا جواب وضاحت سے دیں تاکہ میری کنفیوژن دور ہو اور عورت سے جس طرح کا پردہ اسلام چاہتا ہے اس پر عمل

پیرا ہونے کی صدق دل سے کوشش کروں۔

ج ...... جن رشتہ داروں کے نام آپ نے لکھے ہیں ان سے بھی ویسا ہی پردہ ہے جیسا کہ اجنبی لوگوں سے۔ کوشش تو یہ ہونی چاہئے کہ ان کے سامنے نہ جایا جائے۔ لیکن اگر کبھی جانا پڑے تو کپڑے سے چہرے کا پردہ کر لیا جائے اور ان کے ساتھ بے تکلف گفتگو نہ کی جائے۔ سسر کے بعد جیٹھ اس کے قائم مقام نہیں ہو جاتا۔

## اجنبی عورت کو بطور سیکریٹری رکھنا

س ...... آج کل کے دور میں مخلوط ملازمت کا سلسلہ چل رہا ہے' اکثر یہ دیکھنے میں آیا ہے کہ پرائیویٹ آفس میں لیڈیز سیکریٹری رکھی جاتی ہیں اور مالکان اپنی سیکریٹریوں سے خوش گپیوں میں مصروف ہوتے ہیں حالانکہ اسلام میں عورت کا نامحرم کے سامنے بے پردہ نکلنا حرام ہے۔ برائے مہربانی تحریر فرمائیں کہ اس مسئلے کے متعلق شرع کیا حکم دیتی ہے۔

ج ...... حکم ظاہر ہے کہ اجنبی عورت سے خلوت کرنا اور اس سے خوش گپیوں میں مشغول ہونا شرعاً حرام ہے۔ اس لئے عورت سیکریٹری رکھنا جائز نہیں۔

## لڑکیوں کا بے پردہ مردوں سے تعلیم حاصل کرنا

س ...... میں گرلز کالج میں پڑھتی ہوں اور مذہبی پردے دار گھرانے سے تعلق رکھتی ہوں چونکہ سائنس کی اسٹوڈنٹ ہوں اس لئے کالج روزانہ جانا پڑتا ہے اور کالج میں تقریباً اسٹاف مردوں پر مشتمل ہے۔ اور ہم لوگوں کے پاس کالج میں ایک باریک پٹی ہوتی ہے دوپٹہ لینے کی اجازت نہیں ہے ایسی صورت میں جب ہم پر مجبوری ہو تو کیا کیا جائے؟ جبکہ اسلام میں عورت کو اپنا بال تک دکھانے کی

اجازت نہیں ہے۔

ج ...... لڑکیوں کا غیر محرم مردوں سے بے پردہ پڑھنا فتنہ سے خالی نہیں یا تو باپردہ تعلیم کا انتظام کیا جائے ورنہ تعلیم چھوڑ دی جائے۔

## عمر رسیدہ عورت کا اسکول میں بچوں کو پڑھانا

س ...... ایک ایسی عورت جو کہ اپنے تمام فرائض سے سبکدوش تقریباً ہو چکی ہے اور اس کے بچے اسکول میں پڑھتے ہیں اور گھر میں فالتو ہوتی ہے تو کیا وہ عورت اپنے گھر کے عین سامنے اسکول میں پڑھانے جاسکتی ہے جبکہ علم کا حاصل کرنا ہر کسی پر فرض ہے اور اس طریقے سے اس عورت کا وقت بھی اچھے کام میں صرف ہوتا ہے۔

ج ...... اگر اللہ تعالیٰ نے اس کو معاش سے فارغ کر رکھا ہے تو فرصت کو غنیمت سمجھ کر اپنی آخرت کی تیاری میں لگے ذکر و اذکار' تسبیحات' تلاوت اور نماز میں وقت گزارے' معاشی طور پر تنگدست ہو تو ملازمت باپردہ کی جاسکتی ہے۔ جس علم کا حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے وہ یہ نہیں جو اسکولوں میں پڑھایا جاتا ہے۔

## بغیر دوپٹہ کے عورت کا کالج میں پڑھانا اور دفتر میں کام کرنا

س ...... ہمارے تعلیمی اداروں میں مخلوط تعلیم کا رواج ہے' شرعی لحاظ سے اس کے متعلق کیا حکم ہے؟ ہمارے تعلیمی اداروں میں خواتین ٹیچر بغیر دوپٹہ کے کلاسز لیتی ہیں جبکہ اسکول میں مرد اساتذہ بھی ہوتے ہیں کیا یہ درست ہے؟

ج ...... یہ مخلوط نظام تعلیم بے خدا قوموں کا ایجاد کردہ ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ مرد' مرد نہ رہیں اور عورتیں' عورتیں نہ رہیں اسلام کے ساتھ اس نظام کا کوئی جوڑ نہیں۔

س ...... ہمارے ملک میں مخلوط ملازمت کا رواج ہے سرکاری اور غیر سرکاری دفاتر میں جہاں صرف مرد کام کرتے ہیں۔ آفیسر اپنے لئے لیڈی سیکریٹری رکھتے ہیں، کیا ایسے دفاتر فحاشی کے اڈے نہیں کہلائیں گے شرع کے لحاظ سے ایسی خواتین اور آفیسروں کیلئے کیا حکم ہے؟

ج ...... یہ مخلوط ملازمت کا نظام مخلوط تعلیم کا شاخسانہ ہے جو مردانہ غیرت اور نسوانی حیاء نکال پھینکنے کا نتیجہ ہے۔

## عورت بازار جائے تو کتنا پردہ کرے

س ...... اسلام میں آزاد عورت (یعنی آج کل کی گھریلو خاتون) کو غیر محرم سے پردہ کا کیا حکم ہے خصوصاً سورہ احزاب کی آیت نمبر ۵۹ اور سورہ نور کی آیت نمبر ۳۱ میں پردہ کا جو حکم ہے اور قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے اور جہاں بھی پردہ کا حکم دیا ہے اور حضور ﷺ نے پردہ کا کیا حکم دیا ہے؟

جناب خصوصاً سورۂ احزاب کی آیت نمبر ۵۹ اگر تفصیل سے سمجھا دیں تو مہربانی ہوگی۔

"اے نبی (ﷺ) کہہ واسطے بیبیوں اپنی کے اور بیٹیوں اپنی کے اور بیبیوں مسلمانوں کی، کے نزدیک کرلیں اوپر اپنے بڑی چادریں اپنی یہ بہت نزدیک ہے اس سے کہ پہچانی جاویں پس نہ ایذا دی جاویں اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان (سورۂ احزاب)

اور سورہ نور میں پردہ کے متعلق جو حکم آیا ہے وہ بھی تفصیل سے سمجھا دیں۔

ج ...... پردہ کے بارے میں شرعی حکم یہ ہے کہ اگر عورت کو گھر سے باہر جانے کی ضرورت پیش آئے تو بڑی چادر یا برقعہ سے اپنے پورے بدن کو ڈھانپ کر نکلے اور صرف راستہ دیکھنے کیلئے آنکھ کھلی رہے ان آیات کی تفسیر

مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ کی تفسیر "معارف القرآن" میں دیکھ لی جائے۔

## بے پردگی والی جگہ پر عورت کا جانا جائز نہیں

س ...... زید اپنی بیوی کو اس کے بھائی کے گھر جانے سے روکتا ہے کیونکہ اس کے بھائی کے گھر میں خدمت گار نوجوان ہیں جبکہ یہ خدمت گار گھر کے ایک مخصوص حصہ تک محدود ہیں آپ اس مسئلہ کا تفصیلی و تحقیقی جواب تحریر فرمائیں۔

ج ...... شوہر کو یہ حق حاصل ہے کہ اپنی بیوی کو ایسی جگہ جانے سے منع کرے جہاں غیر محرم مردوں سے بے پردگی کا اندیشہ ہو' ہاں البتہ اگر بیوی کے بھائی کے گھر بے پردگی کا خطرہ نہ ہو اور خدمت گار مردوں کیلئے الگ کوئی مخصوص جگہ ہو تو پھر کبھی کبھی جانے میں کوئی حرج نہیں' لیکن پردے کا اہتمام ضروری اور لازمی ہے۔

## گھر میں نوجوان ملازم سے پردہ کرنا ضروری ہے

س ...... ایک تعلیم یافتہ مسلمان جن کے کام کاج کرنے کے لئے ایک مسلمان نوجوان ملازم ہے جو رات دن ان کے گھر میں رہتا ہے جس کا ان کے اہل خانہ سے پردہ نہیں ہے سنا ہے کہ وہ اس ملازم کو اپنے گھر میں چھوڑ کر ایک ماہ کیلئے' کہیں باہر کام پر گئے ہیں۔ پردہ شرعی کی چہل حدیث میں لکھا ہے کہ ایسا شخص جس کو اس کی پرواہ نہ ہو کہ اس کی گھر والیوں کے پاس کون آتا ہے کون جاتا ہے وہ دیوث ہے اور دیوث کبھی جنت میں داخل نہ ہو گا۔ کیا اس قسم کا شخص اس صورت میں کہ وہ دینی کام سے جاتا ہے جنتی ہو جائے گا۔

ج ...... ملازم سے پردہ ہے اور اس کا بغیر پردہ کے مستورات کے پاس جانا جائز نہیں۔

## عورتوں کو تبلیغ کے لئے پردہ اسکرین پر آنا

س ...... عورتوں کیلئے پردہ کا حکم بہت شدید ہے یعنی یہ کہ عورت کو مرد سے

اپنے ناخن تک چھپانے چاہئیں لیکن آج کل کی عورت دفتروں میں، دکانوں میں (سیلز گرل) اور سڑکوں پر بے پردہ گھومتی ہے جو کہ ظاہر ہے غلط ہے دریافت یہ کرنا ہے کہ اگر عورت ٹیلی ویژن پر آتی ہے تو یقیناً اسے لاکھوں کی تعداد میں مرد دیکھتے ہیں اور آج کل ٹی وی پر عورتیں تبلیغ دین کے لئے آتی ہیں کیا اس عمل سے وہ خدا اور رسول ﷺ کی خوشنودی حاصل کر لیتی ہیں۔

ج ...... جو عورتیں خدا اور رسول ﷺ کے احکام کو توڑ کر پردۂ اسکرین پر اپنی نمائش کرتی ہیں انہیں خدا اور رسول ﷺ کی خوشنودی کیسے حاصل ہو سکتی ہے، ہاں! ابلیس اور ذریت ابلیس ان کے اس عمل سے ضرور خوش ہیں۔

## کیا عورت کھیلوں میں حصہ لے سکتی ہے

س ...... پچھلے دنوں اخبار جنگ میں پروفیسر وارث میر صاحب نے عورتوں کے بارے میں بہت کچھ لکھا ہے پروفیسر صاحب لکھتے ہیں کہ عورت بغیر پردہ یعنی کہ منہ چھپائے بغیر باہر نکل سکتی ہے، کھیلوں میں حصہ لے سکتی ہے مردوں کے شانہ بشانہ کام کر سکتی ہے، یہ کہاں تک صحیح ہے کہ عورت بغیر پردہ کئے باہر نکل سکتی ہے جب کہ عورت کی ساری خوبصورتی اس کے چہرے سے ہی معلوم ہوتی ہے، اس چہرے کے مسئلے کو تفصیلاً تحریر کریں۔ دوسرا سوال یہ ہے کہ ہم لوگ جو آج کل کے دور میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں، آیا اس کے لئے ہی نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا تھا نیز عورتوں کو میڈیکل کی تعلیم حاصل کرنا یا وکالت کرنا یا جج کے فرائض انجام دینا کہاں تک صحیح ہے ضرور تحریر کریں؟

ج ...... پروفیسر وارث میر کا فتویٰ غلط ہے۔ بے پردگی فحاشی کی بنیاد ہے اور اسلام فحاشی کو برداشت نہیں کرتا۔ عورت کے لئے قرآن کریم کا حکم یہ ہے کہ وہ بغیر شدید ضرورت کے گھر سے نکلے ہی نہیں اور اگر ضرورت کی بناء پر نکلے تو جلباب (بڑی چادر جو پورے بدن کو ڈھانک لے) پہن کر نکلے اور اس کا پلو

چہرے پر لٹکائے رکھے' مرد اور عورت اپنی نظریں نیچی رکھیں اور عورتیں اپنے محرموں کے سوا کسی کے سامنے اپنی زینت کا اظہار نہ کریں' مجھے قرآن کریم میں کوئی ایسی آیت نہیں ملی جس میں عورتوں کو مردوں سے کندھا ملا کر (شانہ بشانہ) چلنے کا حکم دیا گیا ہو اور جس میں یہ کہا گیا ہو کہ عورتیں مردوں کے شانہ بشانہ چلتے ہوئے کھیل کے میدان میں بھی جا سکتی ہیں۔ یہ آسمان مغرب کی وحی ہے جس نے مرد و زن کا امتیاز مٹا ڈالا ہے' جب کہ آنحضرت ﷺ کا ارشاد گرامی یہ ہے کہ "اللہ کی لعنت ان مردوں پر جو عورتوں کی مشابہت کرتے ہیں اور اللہ کی لعنت ان عورتوں پر جو مردوں کی مشابہت کرتی ہیں"۔

۲۔ آنحضرت ﷺ علوم نبوت لے کر آئے تھے اور آپ نے انہی کے حاصل کرنے کی ترغیب بھی دی ہے اور اس کے فضائل بھی بیان فرمائے ہیں' دنیاوی علوم انسانی ضرورت ہے اور حدود شریعت کے اندر رہتے ہوئے ان سے استفادہ بھی جائز ہے لیکن جو علم' احکام الٰہیہ سے برگشتہ کر دے (جیسا کہ آج کل عام طور سے دیکھنے میں آرہا ہے) وہ علم نہیں جہل ہے۔

عورتوں کا میڈیکل سیکھنا' قانون پڑھنا جائز ہے بشرطیکہ شرعی پردہ محفوظ رہے ورنہ بے پردگی حرام ہے۔ عورت کو جج بنانا صحیح نہیں' لیکن اگر بنا دیا گیا تو اس کا فیصلہ صحیح ہوگا' مگر حدود و قصاص میں عورت کا فیصلہ معتبر نہیں۔

## عورت کے چہرہ کا پردہ

س ...... جناب میں پردہ کرتی ہوں جیسا کہ اللہ کا حکم ہے کہ نامحرم سے پردہ کرنا چاہئے میں اب تک کوشش یہی کرتی رہی ہوں کہ اپنے خالہ زاد یا ماموں زاد' پھوپھی زاد بھائیوں کے سامنے نہ آؤں مگر کبھی کبھار سامنا ہو ہی جاتا ہے میں نے ابھی ایک مضمون پڑھا تھا جس میں عورت کے چہرہ کے پردے پر زور نہیں دیا گیا تھا معلوم یہ کرنا ہے کہ رشتہ داروں سے چہرہ کا پردہ کرنا چاہئے یا نہیں جبکہ فی

زمانہ یہ بہت ہی زیادہ مشکل ہے۔

ج …… عورت کو کسی مجبوری کے بغیر چہرہ کھولنے کی اجازت نہیں ' جہاں تک ممکن ہو آپ بدستور پردہ کرتی رہیں اخباروں میں صحیح غلط ہر قسم کی باتیں چھپتی ہیں ' جب تک کسی محقق عالم سے تحقیق نہ کر لی جائے ' اخباری مضامین پر کان نہیں دھرنا چاہئے۔

## عورت کی کلائی پردہ میں شامل ہے

س …… آپ نے "غیر محرم کو ہاتھ لگانا" کے جواب میں یہ لکھا ہے عورت کا ہاتھ کلائی تک پردہ کے حکم میں نہیں ہے حالانکہ کلائی ہاتھ کی گٹوں سے شروع ہوتی ہے جو کہ پردہ کے حکم میں ہے۔کیا ہاتھ کی کلائی عورت کے پردہ کے حکم میں ہے ضرور وضاحت فرمائیں اگر کلائی عورت کی نماز میں کھلی رہ جائے تو اس کی نماز نہ ہوگی؟

ج …… کلائی گٹوں سے شروع ہوتی ہے اور گٹوں تک ہاتھ ستر میں شامل نہیں ' گٹوں سے لیکر کلائی ستر میں شامل ہے اس میں آپ کو کیا اشکال ہے وہ سمجھ میں نہیں آیا۔

## بہنوئی سے بھی پردہ ضروری ہے

س …… بہنوئی سے پردہ کرنا چاہئے یا نہیں ہمارے ادھر ایک حافظ ہیں وہ کہتے ہیں کہ جب تک بہن زندہ ہو پردہ نہیں کرنا چاہئے۔

ج …… بہنوئی سے پردہ ہے۔حافظ صاحب غلط کہتے ہیں۔

## رشتہ دار نامحرموں سے بھی پردہ ضروری ہے

س …… ہم غیر محرموں سے پردہ کرتی ہیں لیکن ہماری ایک بزرگ خاتون کہتی

ہیں کہ تم جو پردہ کرتی ہو صحیح نہیں ہے تھوڑا بہت زمانے کے ساتھ بھی چلنا پڑتا ہے وہ کہتی ہیں کہ چہرہ وغیرہ غیر محرموں کے سامنے کھول سکتے ہیں وہ کہتی ہیں کہ حج میں بھی تو عورتیں چہرہ وغیرہ کھلا رکھتی ہیں۔ آپ ضرور تفصیل سے جواب دیں کہ عورتیں حج میں اپنا چہرہ کیوں کھلا رکھتی ہیں؟

ج ...... جس طرح مرد کو احرام کی حالت میں سلا ہوا کپڑا پہننا اور سر ڈھانکنا جائز نہیں۔ اسی طرح چہرے کو کپڑا لگانا عورت کو احرام کی حالت میں جائز نہیں۔ چنانچہ عورت کو یہ حکم ہے کہ احرام کی حالت میں اس طرح پردہ کرے کہ کپڑا منہ کو نہ لگے اب اگر آپ کی بزرگ خاتون جیسا کوئی عقلمند لوگوں کو یہ تبلیغ کرتا پھرے کہ جس طرح مردوں کو وہاں کرتا شلوار پہننا جائز نہیں تو یہاں بھی جائز نہیں۔ تو آپ اس کے بارے میں کیا رائے قائم کریں گی؟ وہی رائے اس بزرگ خاتون کے بارے میں قائم کرلیجئے۔ علاوہ ازیں احرام کی حالت میں چہرہ ڈھکنا تو جائز نہیں لیکن پردہ کرنا وہاں بھی فرض ہے اور لوگوں کے سامنے کھلے بندوں پھرنا حرام ہے اب اگر بعض بیوقوف عورتیں اس پر عمل نہیں کرتیں تو ان کا فعل شریعت تو نہیں؟ رہا اس بزرگ خاتون کا یہ کہنا کہ "تھوڑا بہت زمانے کے ساتھ بھی چلنا پڑتا ہے" بالکل غلط ہے "چلو تم ادھر کو جدھر کی ہوا ہو" دنیا پرستوں اور کافروں کا شیوہ تو ہو سکتا ہے کسی مومن کا نہیں' کیونکہ کوئی مسلمان خدا اور رسول ﷺ کی مخالفت کرکے زمانے کی ہوا کا ساتھ نہیں دے سکتا ورنہ پھر مسلمان اور کافر کے درمیان کیا فرق رہ جائے گا۔

## بے پردگی سے معاشرتی پیچیدگیاں پیدا ہورہی ہیں نہ کہ پردے سے

س ...... محترم' فیڈریشن آف پروفیشنل ویمن ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں فیڈریشن کی صدر ڈاکٹر سلیمہ احمد صاحب نے فرمایا "خواتین کو پردے میں بٹھانے سے معاشرتی پیچیدگیاں پیدا ہوتی ہیں" کیا ان محترمہ کا بیان درست ہے؟

ج ...... ڈاکٹر صاحبہ کو جس پردہ میں پیچیدگیاں نظر آرہی ہیں اس کا حکم اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں دیا ہے چنانچہ سورۂ احزاب آیت ۳۳ میں خواتین اسلام کو حکم فرماتے ہیں:

﴿وَقَرْنَ فِیْ ، بُیُوْتِکُنَّ وَلاَ تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِیَّةِ الْأُوْلٰی .﴾ (سورۂ احزاب آیت ۳۳)

ترجمہ: ''اور قرار پکڑو اپنے گھروں میں' اور دکھلاتی نہ پھرو' جیسا کہ دکھانا دستور تھا پہلے جہالت کے وقت میں'' (ترجمہ شیخ الہند ؒ)

شیخ الاسلام مولانا شبیر احمد عثمانی ؒ اس آیت شریفہ کے ذیل میں لکھتے ہیں:

''اسلام سے پہلے زمانہ جاہلیت میں عورتیں بے پردہ پھرتی اور اپنے بدن اور لباس کی زیبائش کا علانیہ مظاہرہ کرتی تھیں۔اس بد اخلاقی اور بے حیائی کی روش کو مقدس اسلام کب برداشت کر سکتا ہے۔اس نے عورتوں کو حکم دیا کہ گھروں میں ٹھہریں۔اور زمانہ جاہلیت کی طرح باہر نکل کر حسن و جمال کی نمائش کرتی نہ پھریں''۔

یہ تو چار دیواری میں بیٹھنے کا حکم ہوا اور اگر کبھی بامر مجبوری خواتین کو گھر سے باہر قدم رکھنا پڑے تو وہ کس انداز سے نکلیں؟ اس کے لئے درج ذیل ہدایت فرمائی گئی۔سورۂ احزاب آیت ۵۹ میں ارشاد ہے۔

﴿یٰاَیُّهَا النَّبِیُّ قُلْ لِاَزْوَاجِکَ وَبَنٰتِکَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِیْنَ یُدْنِیْنَ عَلَیْهِنَّ مِنْ جَلاَبِیْبِهِنَّ .﴾

(سورۂ احزاب آیت ۵۹)

ترجمہ: ''اے نبی کہہ دے اپنی عورتوں کو اور اپنی بیٹیوں کو اور مسلمانوں کی عورتوں کو نیچے لٹکالیں اپنے اوپر تھوڑی سی اپنی چادریں'' (ترجمہ شیخ الہند)

شیخ الاسلام مولانا شبیر احمد عثمانی ؒ اس آیت کے ذیل میں لکھتے ہیں ''یعنی بدن

ڈھانپنے کے ساتھ چادر کا کچھ حصہ سر سے نیچے چہرہ پر بھی لٹکالیویں ۔روایات میں ہے کہ اس آیت کے نازل ہونے پر مسلمان عورتیں بدن اور چہرہ چھپاکر اس طرح نکلتی تھیں کہ صرف ایک آنکھ دیکھنے کے لئے کھلی رہتی تھی'' یہ بڑی چادروں (جلابیت ) سے سرلپیٹ کر اور سراور چہرہ ڈھک کر نکلنے کا حکم چادر کا پردہ ہوا' اور شرفاء کے یہاں برقع کارواج درحقیقت اسی حکم کی تعمیل کی خوبصورت شکل ہے۔

بہرحال یہ ہیں شرعی پردہ کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے پاک ارشادات 'اور یہ ہے آنحضرت ﷺ کے زمانے میں مسلمانوں کا ان احکام خداوندی پر عمل ۔نہ جانے ڈاکٹرصاحبہ کو پردہ کے اندروہ کونسی پیچیدگیاں نظر آگئیں جن کا علم ۔نعوذ باللہ۔ نہ اللہ تعالیٰ کو ہوا۔نہ صاحب قرآن ﷺ کو اور نہ آنخضرت ﷺ کے زمانے کی پاکیزہ خواتین کو 'رضی اللہ عنہن 'اللہ تعالیٰ عقل وایمان اور عفت وحیاء کی محرومی سے پناہ میں رکھیں ۔

## کیاگھر کی کھڑکیاں اور دروازے بندرکھناضروری ہے

س ...... محض شک کی بناء پرگھر کے دروازے 'کھڑکیاں بندرکھنا کہ کہیں کسی غیرمرد کی نظرخواتین پر نہ پڑے حالانکہ بے پردگی کا قطعی امکان نہ ہو کہاں تک درست ہے؟

ج ...... گھر میں پردہ کا اہتمام تو ہونا چاہئے لیکن اگر مکان ایسا ہے کہ اس سے بے پردگی کا احتمال نہ ہوتو خواہ مخواہ شک میں پڑناصحیح نہیں ۔شک اسلام کی تعلیم نہیں ۔بلکہ ایک نفسیاتی مرض ہے جوگھر کے ماحول میں بداعتمادی کو جنم دیتاہے اورجس سے رفتہ رفتہ گھر کا ماحول آتش کدہ بن جاتاہے البتہ دروازوں 'کھڑکیوں سے اگر غیرنظروں کے گزرنے کا احتمال ہوتوان پر پردے لگانے چاہئیں ۔

## دودھ شریک بھائی سے پردہ کرنا

س...... کیا کسی بہن کو اپنے دودھ شریک بھائی سے پردہ کرنا چاہئے؟

ج...... دودھ شریک بھائی اپنے حقیقی بھائی کی طرح محرم ہے' اس سے پردہ نہیں۔ البتہ اگر وہ بدنظر اور بدقماش ہو تو فتنہ سے بچنے کے لئے اس سے بھی پردہ لازم ہے۔

# اخلاقیات

## نصیحت کرنے کے آداب

س ...... اگر میرے ساتھ کام کرنے والا یا کوئی رشتہ دار کسی طریقہ یعنی تبلیغ یا نرمی سے سمجھانے پر بھی نماز پڑھنے یا غلط عمل کے ترک کرنے پر آمادہ نہ ہو تو اس کے ساتھ دین اسلام کی رو سے کیا طریقہ اختیار کرنا چاہئے؟

ج ...... اپنے مسلمان بھائیوں کو نیکی کرنے اور برائی چھوڑنے کی ترغیب دینا تو فرض ہے' مگر اس کے لئے یہ ضروری ہے کہ بات بہت نرمی اور خوش اخلاقی سے سمجھائی جائے۔ طعن و تشنیع کا لہجہ اختیار نہ کیا جائے۔ اور تبلیغ کرتے وقت بھی اس کو اپنے سے افضل سمجھا جائے۔ اگر آپ نے پیار و محبت سے سمجھایا اور اس کے باوجود بھی وہ نہیں مانا تو آپ نے اپنا فرض ادا کر لیا۔ اب زیادہ اس کے پیچھے نہ پڑیں۔ بلکہ اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے رہیں کہ اسے راہ راست کی توفیق عطا فرمائے اور کسی مناسب موقع پر پھر نصیحت کریں۔ بہر حال یہ خیال رہنا چاہئے کہ ہمیں بیماری سے نفرت ہے' بیمار سے نہیں۔ جو مسلمان بے عمل ہو اسے حقیر نہ سمجھا جائے' بلکہ اخلاق و محبت سے اس کی کوتاہی دور کرنے کی پوری کوشش کی جائے اس کے لئے تدابیر سوچی جائیں۔

## جوان مرد اور عورت کا ایک بستر پر لیٹنا

س ...... کیا عورتوں کے کمرے میں مرد اکٹھے سو سکتے ہیں جبکہ مردوں کے علیحدہ

کمرے موجود ہوں۔ ان گنہگار آنکھوں نے کئی بار عورتوں کے ساتھ مردوں کو رات بھر ایک بستر پر سوتے دیکھا ہے اور ان کو منع کیا مگر بدقسمتی سے تلخ جواب ملا یہ کہتے ہوئے کہ انسان تو چاند تک پہنچ گیا ہے اور تم ابھی تک دقیانوسی خیالات بار بار دہراتے ہو۔ موجودہ ترقی یافتہ دور میں یہ سب ٹھیک ہے۔ پچاس برس کی ماں اپنے پچیس برس کے بیٹے کے ساتھ سو سکتی ہے اور اس طرح پچیس سال کا بھائی اپنی بیس برس کی بہن کے ساتھ سو سکتا ہے؟

ج ...... حدیث شریف میں فرمایا گیا ہے کہ "جب بچے دس سال کے ہو جائیں تو ان کے بستر الگ کر دو" (مشکوۃ ص ۵۸) پس جوان بہن بھائیوں کا ایک بستر پر سونا کیسے صحیح ہو سکتا ہے؟ انسان کے چاند پر پہنچ جانے کے اگر یہ معنی ہیں کہ اس ترقی کے بعد انسان، انسان نہیں رہا جانور بن گیا ہے اور اب اسے انسانی اقدار اور قوانین فطرت کی پابندی کی ضرورت نہیں تو ہم اس ترقی کے مفہوم سے نا آشنا ہیں۔ ہمارے خیال میں انسان چاند چھوڑ مریخ پر جا پہنچے اس پر انسانیت کے حدود و قیود کی رعایت لازم ہے، اور اسلام انسانیت کے فطری حدود و قیود ہی کا نام ہے۔ جو لوگ اسلام کی مقدس تعلیمات کو "دقیانوسی باتیں" کہہ کر اپنی آزاد خیالی اور ترقی پسندی کا مظاہرہ کرتے ہیں، وہ دراصل یہ چاہتے ہیں کہ انسان اور حیوان کا امتیاز مٹ جانا چاہئے، ایسے لوگوں کو مسلمان کہنا ہی غلط ہے۔

## غصہ میں گالیاں دینا شرعاً کیسا ہے؟

س ...... میرے دادا جان جن کی عمر تقریباً ۶۰ سال ہے۔ ماشاء اللہ سے خاصے صحت مند ہیں۔ اور ان کی سنت کے حساب سے داڑھی بھی ہے لیکن وہ عادتاً گالیاں دیتے ہیں۔ غصہ پینے کی بجائے بہت غصہ کرتے ہیں، انڈین فلمیں دیکھنے کا بھی شوق رکھتے ہیں، کبھی تو پانچ وقت کی نماز پابندی سے ادا کرتے ہیں، لیکن

وہ بھی گھر میں بعض اوقات تو جمعہ کی نماز بھی گھر پر پڑھتے ہیں اور کبھی کبھی بالکل ہی نماز چھوڑ دیتے ہیں۔ اگر ذرا سر میں درد ہو یا کسی دن کام کی زیادتی ہوتی ہے اور وہ تھک جاتے ہیں تو صرف یہ کہہ کر نماز چھوڑ دیتے ہیں کہ آج بہت تھک گیا ہوں۔

ج ...... غصہ تو ان کو بڑھاپے کی کمزوری کی وجہ سے آتا ہو گا۔ لیکن غصے میں گالیاں بکنا تو بہت بری بات ہے' اور پھر ایک معمر بزرگ کے منہ سے گالیاں تو اور بھی بری بات ہے۔ نماز میں کوتاہی کرنا ایک مسلمان کے شایان شان نہیں' بڑھاپے کے بعد تو قبر ہی باقی رہ گئی ہے' اگر آدمی کو بڑھاپے میں اپنی کوتاہیوں کی تلافی کا ہوش نہ آئے تو کب آئے گا' حدیث میں ہے کہ جس شخص کو اللہ تعالیٰ نے ساٹھ برس کی عمر عطا کر دی اس کے سارے عذر ختم کر دیئے'

عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ینادی مُنادٍ یوم القیامة: این ابنا الستین؟ وهو العمر الذی قال اللّٰہ تعالی ﴿ اولم نعمرکم مایتذکر فیہ من تذکر وجاءکم النذیر. ﴾

(رواه البیہقی فی شعب الایمان) (مشکوٰۃ ص ۴۵۱)

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ قیامت کے دن ایک منادی اعلان کرے گا کہ ساٹھ سال کی عمر والے کہاں ہیں؟ یہی عمر ہے جس کے بارے میں فرمایا: "کیا ہم نے تم کو اتنی عمر نہیں دی تھی کہ جس کو سمجھنا ہوتا وہ سمجھ سکتا' اور تمہارے پاس ڈرانے والا بھی پہنچا تھا"۔

(ترجمہ حضرت تھانویؒ)

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنے "اصلی گھر" کی تیاری کی توفیق عطا فرمائیں۔

## سؤر کی گالی دینا

س ...... بزرگوں سے سنا ہے کہ سؤر کی گالی دینے سے چالیس دن کا رزق اڑ جاتا ہے۔اسلام میں یہ بات کہاں تک درست ہے؟

ج ...... کسی کو یہ گندی گالی دینا تو درست نہیں' باقی رزق اڑ جانے کی بات مجھے معلوم نہیں۔

## انسان کا شکریہ ادا کرنے کا طریقہ

س ...... انسان کا شکریہ ادا کرنے کا کیا طریقہ ہے۔الفاظ مہربانی'شکریہ وغیرہ کہنا جائز ہے؟

ج ...... کسی شخص کے احسان کا شکریہ ادا کرنے کے لئے شریعت نے "جزاک اللہ" کہنے کی تلقین کی ہے۔حدیث میں ہے:

من صنع اليه معروف فقال لفاعله جزاك الله فقد ابلغ في الثناء (ترمذی ج ۲ ص ۲۳)

"جس پر کسی نے احسان کیا ہو وہ احسان کنندہ کو "جزاک اللہ" کہہ دے تو اس نے تعریف کو حد کمال تک پہنچا دیا"۔

## بد اخلاق نمازی اور با اخلاق بے نمازی میں سے کون بہتر ہے؟

س ...... ایک شخص ہے نمازی اور بہت نیک اور پرہیز گار' مگر اس کے اخلاق اچھے نہیں' ہر ایک کے ساتھ بد اخلاقی سے پیش آتا ہے اور ایک شخص بے نمازی اور پرہیز گار بھی نہیں ہے مگر اس کے اخلاق بہت اچھے ہیں' ایسی صورت میں کس کا عمل اچھا ہے؟

ج ...... آپ کی یہ بات سمجھ سے بالا تر ہے کیونکہ عبادات کی تو تاثیر یہ ہے کہ وہ انسان کو مہذب بنا دے' اس کا دل نرم کر دے' اس کے اخلاق کو اچھا بنا دے' اس کے تکبر کو ختم کر دے' کیونکہ نماز کے بارے میں آتا ہے کہ وہ بے حیائی اور فواحش سے روکتی ہے' پھر جب انسان نماز میں تواضع سے سر جھکاتا ہے تو تکبر ختم ہو جاتا ہے۔ ہر وقت وہ نماز میں خدا تعالیٰ سے دعا کرتا ہے کہ مجھے نیک لوگوں کے راستہ پر چلا اور نیک لوگوں کے اخلاق اچھے اور اعلیٰ ہوتے ہیں' تو معلوم ہوا کہ عبادت کا اثر ہی یہی ہے کہ اس کے اخلاق بھی اچھے ہو جائیں۔ اب اگر عبادت اس میں یہ تاثیر نہیں کرتی تو معلوم ہوا کہ اس کی عبادت میں کوئی نقص ہے اور اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنی عبادت کی اصلاح کرے' لیکن اس کو نماز' روزہ اور دیگر نیک کاموں کا اجر اپنی جگہ الگ ملے گا اور بد اخلاقی کا گناہ اپنی جگہ الگ' اسی طرح با اخلاق شخص جو کہ نیک اعمال نہیں کرتا اور فرائض میں کوتاہی کرتا ہے تو معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو فطرت سلیم اور صحیح طبیعت عطا کی ہے' مگر وہ اپنی غفلت اور کوتاہی اور شیطان کے بہکانے میں آ کر اپنے فرائض میں کوتاہی کر رہا ہے تو اس کو ان فرائض میں کوتاہی کی سزا ضرور ملے گی' ان دونوں اشخاص کی آپس میں کوئی نسبت نہیں دونوں ہی صحیح راستہ پر نہیں' ایک نے ایک حصہ دین کا چھوڑ دیا اور دوسرے نے دوسرا دین کا حصہ چھوڑ دیا' اس لئے دونوں ناقص ہیں۔

## منافق کی تین نشانیاں

س ...... میں یہاں ایک حدیث نبویؐ کا ترجمہ: بحوالہ بخاری مسلم درج کرنا چاہتا ہوں۔ "حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" منافق کی تین نشانیاں ہیں۔ بات کرے تو جھوٹ بولے' وعدہ کرے تو

خلاف وعدہ کرے' کوئی امانت اس کے پاس رکھی جائے تو اس میں خیانت کرے' چاہے وہ شخص روزہ رکھتا ہو' نماز پڑھتا ہو اور اپنے مسلمان ہونے کا دعویٰ کرتا ہو"۔ اس حدیث مبارکہ کی روشنی میں آپ اس کے متعلق کیا فرماتے ہیں جس شخص میں یہ تینوں خصوصیات بدرجہ اتم ہوں۔

ج ...... منافق دو قسم کے ہیں۔ایک منافق اعتقادی جو ظاہر میں مسلمان ہو اور دل میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان ہی نہ رکھتا ہو۔ دوسرا منافق عملی' یہ وہ شخص ہے جو اللہ ورسول کو مانتا ہے اور دین اسلام کا عقیدہ رکھتا ہے لیکن کام منافقوں والے کرتا ہے۔ مثلاً جھوٹ بولنا' وعدہ خلافی کرنا' امانت میں خیانت کرنا' اس حدیث پاک میں اس دوسری قسم کے منافق کا ذکر ہے' جو اگرچہ مسلمان ہے' نماز روزہ کرتا ہے' مگر اس کا کردار منافقانہ ہے۔جس شخص کا آپ نے ذکر کیا ہے اگر اس میں یہ سب باتیں پائی جاتی ہیں تو حدیث پاک کی وعید اس کو شامل ہے کہ اس کا کردار منافقوں والا ہے۔مگر اس کو مطلقاً منافق کہنا جائز نہیں۔جیسا کہ کوئی شخص کافروں والے عمل کرتا ہو تو اس کو مطلقاً کافر کہنا جائز نہیں۔

## کسی کے بارے میں شک وبدگمانی کرنا

س ...... ایک حدیث ہے کہ کسی پر شک نہیں کرنا چاہئے یعنی شک' بدگمانی اور تجسس منع ہیں۔ دوسری حدیث مبارک ہے کہ جو چیز تمہیں شک میں ڈال دے اسے چھوڑ دو۔ ان دونوں حدیثوں میں کیا فرق ہے' عمل کے لحاظ سے اور کیا مطلب ہے؟

ج ...... کسی کے بارے میں بدگمانی جائز نہیں۔یہ تو پہلی حدیث کا مطلب ہے۔ اور دوسری حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جس کام کے بارے میں تردد ہو کہ آیا

یہ جائز ہے یا نہیں تو اس کو نہ کرو۔

## غیبت کی سزا

س ...... کیا غیبت کرنے سے گناہ معاف ہوتے ہیں' میں نے سنا ہے کہ جس آدمی کی غیبت کی جاتی ہے غیبت کرنے والا گنہگار ہو جاتا ہے' مگر جس کی غیبت کی جاتی ہے اس کے گناہ معاف ہوتے ہیں۔ کیا جس کی غیبت کی جاتی ہے واقعی اس کے گناہ معاف ہوتے ہیں؟

ج ...... غیبت کرنے والے سے اس کی نیکیاں لیکر جس کی غیبت کی گئی ہو اس کو دلائی جائیں گی' اگر اس کے پاس نیکیاں نہ ہوئیں تو جس کی غیبت کی گئی اس کے گناہ غیبت کے بقدر اس پر ڈال دیئے جائیں گے تمام حقوق العباد کا یہی مسئلہ ہے الا یہ کہ اللہ تعالیٰ صاحب حق کو اپنے پاس سے عطا فرما کر اس سے معاف کرادیں تو ان کا فضل ہے۔

## غیبت کرنا' مذاق اڑانا' اور تحقیر کرنا گناہ کبیرہ ہے؟

س ...... گزارش یہ ہے کہ میں سرکاری دفتر میں کام کرتا ہوں وہاں پر چند نوجوان ہیں' وہ ہر وقت کسی نہ کسی طرح' کسی نہ کسی کا مذاق اڑاتے رہتے ہیں لڑاتے رہتے ہیں اور جھوٹی قسم کھاتے ہیں' کسی کے سر پر تھپڑ مارتے ہیں اور خوش ہوتے ہیں' کسی کو تکلیف دے کر خوش ہوتے اور کہتے ہیں مزہ آگیا' جب ان سے کہا جاتا ہے اللہ سے ڈرو' تو کہتے ہیں اللہ کو درمیان میں نہیں لایا کرو۔ جبکہ سب کے سب مسلمان ہیں۔ ہمارا مذہب ایسے لوگوں کے بارے میں کیا کہتا ہے؟

ان لوگوں کے اندر نہ تو خدا کا خوف' نہ ہی ڈر ہے' اکثر دو ساتھیوں میں

جھگڑا کرا کے خوش ہوتے اور کہتے ہیں آج بہت تفریح ہوگئی اور طبیعت خوش ہو گئی اور جھوٹ بولنا' چغلی کرنا' بات کو ادھر اور ادھر کرنا مشغلہ ہے اور اپنے سامنے دوسرے کو کم تر سمجھنا اور خوار کرنا شامل ہے۔ لہٰذا آپ سے درخواست ہے کہ اسلامی نقطہ نظر سے بتائیں ایسے لوگوں کے ساتھ اٹھنا اور بیٹھنا جائز ہے اور مذہب کیا حکم دیتا ہے؟

ج ...... یہ تمام امور جو آپ نے ذکر کئے ہیں گناہ کبیرہ ہیں۔ کسی کا مذاق اڑانا' کسی کی تحقیر کرنا' کسی کو دوسرے سے لڑانا' کسی کی غیبت کرنا' جھوٹ بولنا' جھوٹی قسم کھانا' اس قسم کے تمام امور نہایت سنگین ہیں اور ان سے معاشرہ میں شروفساد اور رنجشیں جنم لیتی ہیں' ایسے لوگوں سے دوستانہ مراسم نہیں رکھنے چاہئیں۔

## کسی کے شر سے لوگوں کو بچانے کے لئے غیبت کرنا

س ...... ایک صاحب ہمارے پاس آتے ہیں اور کہتے ہیں کہ فلاں صاحب جو آپ کے محلے میں رہتے ہیں ان سے ہم اپنی بیٹی کا رشتہ کرنا چاہتے ہیں' برائے مہربانی آپ ہمیں ان صاحب کی عادتوں اور کردار وغیرہ اور دیگر تفصیلات کے متعلق بتائیں' کیا ان سائل کو تمام باتیں بتانا چاہیں یا نہیں اور اگر بتانا چاہیں تو کیا وہ باتیں بھی بتا دی جائیں جن کو کسی سے ذکر نہ کرنے کا ہم سے وعدہ لے لیا گیا ہو؟

ج ...... اس شخص کی غیبت کرنا مقصود نہ ہو بلکہ رشتہ کرنے والے کو نقصان سے بچانا مقصود ہو تو اس شخص کی حالت کا ذکر کر دینا جائز ہے اور اگر کسی سے ذکر نہ کرنے کا وعدہ کر رکھا ہے تو بہتر یہ ہے کہ خود نہ بتائے بلکہ کسی اور واقف کار کا حوالہ دیدے کہ اس سے دریافت کر لو۔

## فوٹو والے بورڈ والی کمپنی کے خلاف تقریر غیبت نہیں

س ...... ایک محترمہ مبلغ نے خواتین کے اجتماع کے سامنے اشتہاری بورڈ (جس پر عورت کا فوٹو بنا ہوتاہے) کو تقریر کا موضوع بنایا۔ ایک کمپنی کا نام لیکر اس پر تنقید کی اور یہاں تک کہہ گئیں کہ سفید داڑھی والے عورتوں کی کمائی کھاتے ہیں' پکارکر کہا کہ اگر کوئی فلاں کمپنی والوں کی رشتہ دار یہاں موجود ہے تو ہمارا پیغام ان کو پہنچا دے۔ خواتین نے ایک خاتون کی طرف اشارہ کیا کہ یہ ان کی رشتہ دار ہے سو اس خاتون نے وعدہ کیا کہ میں آپ کا پیغام پہنچا دوں گی۔ یہ واقعہ ایک جمعہ کو ہوا ہفتہ کو کمپنی کے مالک کو معلوم ہوا مذکورہ بورڈ اس کی اطلاع میں نہیں تھا بہرحال بورڈ فوراً صاف کرا دیا گیا۔

آئندہ بدھ کو پھر اسی محترمہ نے ایک دوسرے علاقہ میں تقریر کی اسی بورڈ کو موضوع تقریر بنایا' وہی سوال کیا کہ اگر ان کا کوئی رشتہ دار یہاں ہے تو ہمارا پیغام پہنچا دے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا جمعہ کے دن جو پہلی تقریر کی تھی وہ غیبت ہے جو مردہ بھائی کا گوشت کھانے کے برابر ہے اور جو بدھ کو تقریر کی تھی وہ بہتان ہے کیونکہ بورڈ اس سے قبل بالکل مکمل طور پر مٹایا جا چکا تھا؟

ج ...... جو گناہ اعلانیہ کیا جاتاہو اس کو بیان کرنا غیبت نہیں' اس لئے اس خاتون کی پہلی تقریر صحیح تھی اور یہ غیبت کے ذیل میں نہیں آتی' بورڈ صاف کرکے اگر اس خاتون کو اطلاع نہیں کی گئی تھی تو اس خاتون کی بدھ کی تقریر بھی صحیح تھی' کیونکہ ضروری نہیں کہ اس کو بورڈ کے صاف کر دیئے جانے کا علم بھی ہو گیا ہو۔ اس میں قصور اس خاتون کا نہیں بلکہ کمپنی والوں کا ہے۔

## جب کسی کی غیبت ہو جائے تو فوراً اس سے معافی مانگ لے یا اس کیلئے دعائے خیر کرے

س ...... مولانا صاحب میں نے خدا تعالیٰ سے عہد کیا تھا کہ کسی کی غیبت نہیں

کروں گی، لیکن دوبارہ اس عادت بد میں مبتلا ہوگئی ہوں۔فی زمانہ یہ برائی اس قدر عام ہے کہ اس کو برائی نہیں سمجھا جاتا۔میں اگر خود نہ کروں تو دوسرے لوگ مجھ سے باتیں کرتے ہیں، نہ سنوں تو نک چڑھی کہلاتی ہوں۔آپ برائے مہربانی فرمائیے کہ میں کس طرح اس عادت بد سے چھٹکارا حاصل کروں عہد توڑنے کا کیا کفارہ ادا کروں؟

ج ...... عہد توڑنے کا کفارہ تو وہی ہے جو قسم توڑنے کا ہے۔یعنی دس مسکینوں کو دو وقت کھانا کھلانا اور اس کی طاقت نہ ہو تو تین دن کے روزے رکھنا۔باقی غیبت بہت بڑا گناہ ہے۔حدیث میں اس کو زنا سے بدتر فرمایا ہے۔اس بری عادت کا علاج بہت اہتمام سے کرنا چاہئے اور اس میں کسی کی ملامت کی پرواہ نہیں کرنی چاہئے۔اور اس کا علاج یہ ہے کہ اول تو آدمی یہ سوچے کہ میں کسی کی غیبت کرکے "مردہ بھائی کا گوشت" کھا رہا ہوں اور یہ کہ میں اپنی نیکیاں اس کو دے رہا ہوں اور یہ خالص حماقت ہے کہ جس کی برائی کر رہا ہے اس کو اپنی نیکیاں دے رہا ہے۔دوسرے جب کسی کی غیبت ہو جائے تو فوراً اس سے معافی مانگ لے اور اگر یہ ممکن نہ ہو تو اس کے لئے دعائے خیر کرے۔انشاء اللہ تعالیٰ اس تدبیر سے یہ عادت جاتی رہے گی۔

## تکبر کیا ہے

س ...... آپ نے اسلامی صفحہ کا آغاز کیا ہے۔یہ سلسلہ بہت پسند آیا۔ہماری طرف سے مبارکباد قبول کیجئے اگر آپ تکبر پر روشنی ڈالیں تو مہربانی ہوگی؟

ج ...... تکبر کے معنی ہیں کسی دینی یا دنیوی کمال میں اپنے کو دوسروں سے اس طرح بڑا سمجھنا کہ دوسروں کو حقیر سمجھے۔گویا تکبر کے دو جز ہیں۔۱۔اپنے آپ کو بڑا سمجھنا۔۲۔دوسروں کو حقیر سمجھنا۔

تکبر بہت ہی بری بیماری ہے۔ قرآن وحدیث میں اس کی اتنی برائی آتی ہے کہ پڑھ کر رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ آج ہم میں سے اکثریت اس بیماری میں مبتلا ہے۔ اس کا علاج کسی ماہر روحانی طبیب سے باقاعدہ کرانا چاہئے۔

## قبلہ کی طرف پاؤں کرکے لیٹنا

س ...... میرے ذہن میں کچھ الجھنیں ہیں جن کو صرف آپ ہی دور کر سکتے ہیں وہ یہ کہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ قبلہ کی طرف پاؤں کرکے نہ تو سونا چاہئے اور نہ ہی چاہئے کیا یہ صحیح ہے؟

ج ...... قبلہ شریف کی طرف پاؤں کرنا بے ادبی ہے اس لئے جائز نہیں۔

## کیا قبلہ کی طرف پاؤں کرنے والے کو قتل کرنا واجب ہے؟

س ...... بزرگوں سے سنا ہے کہ قبلہ شریف کی طرف جو شخص ٹانگیں پھیلا کر سو رہا ہو اس کو قتل کرنا واجب ہے۔ کیا جو شخص قبلہ شریف کی طرف منہ کرکے پیشاب کرے اور پیشاب کرے بھی کھڑا ہو کر تو برائے مہربانی بتائیں کہ کیا اس طرف پیشاب کرنے والے کا قتل بھی واجب ہے؟

ج ...... قبلہ شریف کی طرف پاؤں پھیلانا بے ادبی ہے اور اس طرف پیشاب کرنا گناہ ہے۔ لیکن اس گناہ پر قتل کرنا جائز نہیں جبکہ وہ شخص مسلمان ہو' البتہ اگر ایسے افعال کعبہ شریف کی توہین کی نیت سے کرتا ہے تو یہ کفر ہے۔

## لوگوں کی ایذاء کا باعث بننا شرعاً جائز نہیں

س ...... آپ نے روزنامہ جنگ جمعہ ایڈیشن ۳ دسمبر ۱۹۸۲ء کی اشاعت میں کالم "آپ کے مسائل اور ان کا حل" میں ایک صاحب کے ایک سوال کے

جواب میں لکھا ہے کہ مکان کرائے پر دینا اور لینا جائز ہے۔ یہ تو صحیح ہے لیکن ایسی صورت میں کہ ایک شخص جسے لوگ دیندار مسلمان سمجھتے ہوں نیز وہ خود بھی دین کا درس اور اسلام کی تعلیم دینے کا دعویدار ہو' کسی رہائشی علاقہ میں مکان خرید کر ایسے کاروبار یا کارخانے کیلئے جو اس رہائشی علاقہ کے لحاظ سے نہ تو قانونی' نہ ہی اخلاقی طور پر جائز و مناسب ہو زیادہ کرائے کے لالچ پر دے' جو وہاں کے رہنے والوں کے لئے اذیت اور پریشانی کا باعث ہو' یہاں تک کہ لوگوں کو گٹر کا پانی پینا اور استعمال کرنا پڑے (مال بردار گاڑیوں کی آمدورفت سے گٹر اور پانی کی پائپ لائنیں ٹوٹ پھوٹ جانے کی وجہ سے) نیز ایسی ایذا رسانی کی بنیاد کو ختم کرانے کے لئے لوگوں کی برادرانہ گذارشات کو مختلف حیلے بہانوں سے ٹالتا رہے اور اپنی بات پر قائم رہنے کے لئے مختلف تاویلوں سے جھوٹ کا ارتکاب بھی کرے۔ اس سلسلہ میں قرآن و حدیث کی روشنی میں آپ کا کیا جواب ہے۔

ج ...... کسی شخص کے لئے ایسے تصرفات شرعاً بھی جائز نہیں' جو لوگوں کی ایذاء رسانی کے موجب ہوں۔

## کیا قاتل کی توبہ بھی قبول ہو جاتی ہے؟

س ...... یہ بھی بتائیے کہ کیا قاتل کی توبہ قبول ہوتی ہے؟

ج ...... توبہ تو ہر گناہ سے ہو سکتی ہے اور ہر سچی توبہ کو قبول کرنے کا اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرما رکھا ہے۔ لیکن قتل کے جرم سے توبہ کرنے میں کچھ تفصیل ہے اس کو سمجھ لینا ضروری ہے۔

قتل بہت بڑا کبیرہ گناہ ہے جس کا تعلق بندے کے حق سے بھی ہے اور اللہ تعالیٰ کے حق سے بھی ہے اور اللہ تعالیٰ کے حق سے اسکا تعلق اس طرح ہے کہ جان اور جسم کا رشتہ اللہ تعالیٰ نے جوڑا ہے' جو شخص کسی کو قتل کرتا ہے وہ

گویا اللہ تعالیٰ کے اس فعل میں مداخلت کرنا ہے۔ نیز اللہ تعالیٰ نے کسی کو ناحق قتل کرنے سے سختی کے ساتھ منع فرمایا ہے' لیکن قاتل اس ممانعت کی پرواہ نہ کرتے ہوئے خداتعالیٰ کی حکم عدولی کرتا ہے۔

بندے کے حق سے قتل کا تعلق دوہرا ہے۔ ایک تو اس نے مقتول کو ظلم کا نشانہ بنایا۔ دوسرے مقتول کے لواحقین پر ظلم ڈھایا۔ اس کی بیوی کا سہاگ اجاڑ دیا اس کے بچوں کو یتیم کر دیا۔ اس کے بہن بھائیوں کا بازو کاٹ دیا اور اس کے اعزہ واقارب کو صدمہ پہنچایا۔

جب یہ بات معلوم ہوئی کہ قتل میں اللہ تعالیٰ کے حق کی بھی حق تلفی ہے' مقتول کے حق کی بھی اور اس کے وارثوں کی بھی۔ اب یہ سمجھنا چاہئے کہ توبہ اس وقت قبول ہوتی ہے جب آدمی کو اپنے جرم پر ندامت بھی ہو اور اس جرم سے جن جن کی حق تلفی ہوئی ہے ان کا حق یا تو ادا کر دیا جائے یا ان سے معاف کرالیا جائے۔ لہٰذا قاتل کی توبہ اس وقت قبول ہوگی جب متعلقہ فریقوں سے اس کو معافی مل جائے۔ اللہ تعالیٰ سے اگر سچے دل سے معافی مانگی جائے تو وہ ارحم الراحمین غنی مطلق ہے' ان کے دربار سے تو معافی مل جائے گی۔ مقتول دوسرے جہان میں جاچکا ہے اس سے معافی کی صورت بس ایک ہے کہ اللہ تعالیٰ قاتل کی سچی توبہ کو قبول فرماکر مقتول کو اس سے راضی کرا دیں اور اس پر جو ظلم ہوا ہے' اس کا بدلہ اپنے پاس سے ادا فرما دیں اور مقتول کے وارثوں کی جو حق تلفی ہوئی ہے قاتل ان کو معاوضہ دیکر یا بغیر معاوضہ کے محض راہ للہ معاف کرالے۔ اگر یہ تینوں فریق اس کو معاف کر دیں تو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اس کا جرم معاف ہو جائے گا۔ ورنہ آخرت میں اسے اپنے کئے کی سزا بھگتنی ہوگی۔ اگر قاتل واقعۃً سچی توبہ کرلے' اور ان تینوں فریقوں سے سچے دل سے معافی لینا چاہے تو انشاء اللہ اس کو ضرور معافی مل جائے گی۔ یہاں پر یہ عرض کر دینا بھی ضروری ہے کہ شریعت نے "قتل" کی جو دنیاوی سزا رکھی ہے یہ سزا اگر

قاتل پر جاری بھی ہو جائے تب بھی آخرت کی سزا سے بچنے کے لئے توبہ ضروری ہے۔

## آپ کا عمل قابل مبارک ہے

س ...... میں رات کو سوتے وقت اپنے بستر پر لیٹ کر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا ورد۔ آیت الکرسی، دعائے صدیقؓ، درود شریف پڑھتا ہوں اور پھر اس کے بعد خدا سے اپنے گناہوں کی معافی۔ دعائے حاجات مانگتا ہوں کیا میرا یہ عمل صحیح ہے، بستر پر لیٹتے وقت وضو میں ہوتا ہوں۔ جسم اور کپڑے صاف ہوتے ہیں۔ کیا بستر پر لیٹتے وقت اس طرح پڑھنا چاہئے یا نہیں۔ جواب دیکر ضرور مطلع کریں۔

ج ...... آپ کا عمل صحیح اور مبارک ہے۔

## گھر میں عورتوں کے سامنے استنجا خشک کرنا

س ...... مجھے یہ کہتے ہوئے آتی تو شرم ہے مگر مسئلہ اہم ہے۔ میرے ایک دوست کے والد، اور چچا وغیرہ کی عادت ہے کہ جب وہ گھر میں بھی ہوں تو پیشاب کے بعد گھر میں ہی ازار بند سنبھالے وٹوانی (پیشاب کو ڈھیلے سے خشک کرنا) کرتے ہیں، میرے دوست کو تو جو شرم آتی ہے میں خود شرمندہ ہو جاتا ہوں کہ ان کے گھر میں ان کی بیٹیاں، بیٹے سب ہوتے ہیں اور انہیں ذرا احساس نہیں ہوتا ہے کہ یہ کتنی بری بات ہے۔ ایک بار میری بہن نے میرے دوست کی بہن سے کہا، تو اس نے کہا میں کیا کہہ سکتی ہوں ابا کو خود سوچنا چاہئے۔ آپ براہ مہربانی یہ بتائیں کہ کیا اسلام میں اس طرح وٹوانی کو منع نہیں کیا گیا۔ اہم بات یہ ہے کہ میرے دوست کے والد پانچوں وقت کے نمازی ہیں۔ میرا دوست کہتا ہے کہ میرے والد کیا پنجاب کے بیشتر دیہات کے نہایت پرہیز گار لوگ اسی طرح کے ہیں۔

ج ...... یہ عمل حیاء کے خلاف ہے ان کو ایسا نہیں کرنا چاہئے' استنجا خشک کرنے کے لئے اس کی ضرورت ہو تو استنجا خانہ میں اس سے فارغ ہو لیا کریں۔

## دیارِ غیر میں رہنے والے کس طرح رہیں

س ...... پاکستان میں زیادہ پیسے کی نوکری نہیں ملتی اور زندگی کے دوسرے معاملات میں رشوت زیادہ چلتی ہے تو کیا صرف ان وجوہات کی وجہ سے کسی مسلمان کے لئے جائز ہے کہ امریکہ جیسے ملک میں رہے۔ کیونکہ وہاں برائیاں بہت عام ہیں۔ کیا کسی مسلمان کے لئے جائز ہے کہ وہ امریکن شہریت حاصل کرلے کیونکہ امریکن شہریت حاصل کرنے کے لئے اپنی سابقہ شہریت سے دستبردار ہونا پڑتا ہے اور حلف اٹھانا پڑتا ہے کہ میں امریکن قوانین کا پابند رہوں گا اور ان قوانین میں جیسے کہ دوسری شادی نہیں کرسکتے یعنی کچھ امریکن قوانین اسلامی شریعت سے متصادم ہوتے ہیں۔ کیا مسلمان کے لئے جائز ہے کہ وہ صرف اچھے مستقبل کی خاطر اس قسم کے حلف اٹھا سکتا ہے۔ عصری علم حاصل کرنے کے لئے امریکہ میں ہمارے نوجوان رہتے ہیں تو کیا ہمارا یہ فعل شریعت کے خلاف تو نہیں؟

ج ...... ایک جنت تو شداد نے بنائی تھی۔ اور ایک جنت دورِ جدید کے شداد (مغربی ممالک) نے بنائی ہے۔ ان لوگوں کو آخرت پر ایمان تو ہے نہیں' اس لئے انہوں نے دنیا کی راحت و سکون کے تمام وسائل جمع کرلئے ہیں۔ امریکہ چونکہ کافروں کی جنت ہے اس لئے ہمارے بھائیوں کو آخرت والی جنت کی اتنی رغبت و کشش نہیں جتنی امریکہ کی شہریت مل جانے کی ہے۔ اگر کسی کو "گرین کارڈ" مل جائے تو ایسا خوش ہوتا ہے جیسے میدانِ محشر میں کسی کو جنت کا ٹکٹ مل جائے۔

ایک مسلمان کا مطمحِ نظر تو آخرت ہونی چاہئے' اور یہ کہ دنیا کی دو روزہ

زندگی تو جیسے کیسے تنگی و ترشی کے ساتھ گزر ہی جائے گی، لیکن ہماری آخرت برباد نہیں ہونی چاہئے۔ مگر ہمارے بھائیوں پر آج دنیا طلبی' زیادہ سے زیادہ کمانے اور دنیا کی آرائش و آسائش کی ہوس اتنی غالب ہوگئی ہے کہ آخرت کا تصور ہی مٹ گیا اور قبر وحشر کا عقیدہ گویا ختم ہو رہا ہے۔ اس لئے کسی کو جائز وناجائز کی پرواہی نہیں۔ بہرحال کسب معاش کیلئے یا علوم وفنون حاصل کرنے کے لئے غیر ملک جانے سے ہماری شریعت منع نہیں کرتی۔ البتہ یہ تاکید ضرور کرتی ہے کہ تمہارے دین کا نقصان نہیں ہونا چاہئے اور تمہاری آخرت برباد نہیں ہونی چاہئے۔

امریکہ اور مغربی ممالک میں بھی اللہ تعالیٰ کے بہت سے نیک بندے آباد ہیں۔ جن کی نیکی وپارسائی پر رشک آتا ہے جو لوگ امریکہ جائیں یا کسی اور ملک میں جائیں ان کو لازم ہے کہ اپنے دین کی حفاظت کا اہتمام کریں اور دنیا کمانے کے چکر میں اس قدر غرق نہ ہو جائیں کہ دنیا سے خالی ہاتھ جائیں اور دین وایمان کی دولت سے محروم ہو جائیں۔ ان حضرات کو مندرجہ ذیل امور کا اہتمام کرنا چاہئے۔

۱...... اپنے دینی فرائض سے غافل نہ ہوں' حتی الوسع نماز باجماعت کا اہتمام کریں اور چوبیس گھنٹے میں اپنے وقت کا ایک حصہ قرآن کریم کی تلاوت' ذکر وتسبیح اور دینی کتابوں کے مطالعہ کے لئے مخصوص رکھیں۔ اور ان چیزوں کی ایسی پابندی کریں جس طرح غذا اور دوا کا اہتمام کیا جاتا ہے' غذا و دوا اگر انسانی بدن کو زندہ وتوانا رکھنے کیلئے ضروری ہے۔ تو یہ چیزیں روح کی غذا ہیں' ان کے بغیر روح توانا نہیں رہ سکتی۔

۲...... کفار اور لادین لوگوں کی محبت میں بیٹھنے سے گریز کریں اور کفار کو جو نعمتیں اللہ تعالیٰ نے دے رکھی ہیں ان کو ایسا سمجھیں جیسے اس قیدی کو، جس کیلئے سزائے موت کا حکم ہو چکا ہے' تمام آسائشیں مہیا کرنے کی کوشش کی جاتی ہے'

الغرض کفار کی نعمتوں کو عبرت کی نگاہ سے دیکھیں' لجاجت و حرص کی نظر سے نہ دیکھیں۔ اور ان چیزوں پر رال نہ ٹپکائیں' کفار و فجار کی نقالی سے پرہیز کریں' کیونکہ ملعون اور مبغوض لوگوں کی نقالی بھی آدمی کو انہی کے زمرہ میں شامل کرا دیتی ہے۔

۳ ...... ان ممالک میں حرام و حلال کا تصور بہت کمزور ہے جبکہ ایک مسلمان کے لئے ہر ہر قدم پر یہ دیکھنا لازم ہے کہ یہ چیز حلال ہے یا حرام؟ جائز ہے یا ناجائز؟ اس لئے ان بھائیوں سے التماس ہے کہ اپنے دین کے حلال و حرام کو کسی لمحہ فراموش نہ کریں اور اس بات کا یقین رکھیں کہ ہمارے دین نے جن چیزوں کو حرام قرار دیا ہے درحقیقت وہ زہر ہے۔ جس کے کھانے سے آدمی ہلاک ہو جاتا ہے' اگر ہمیں کسی کھانے میں ملا ہوا زہر نظر نہ آئے تو کسی ایسے شخص کی بات پر اعتماد کرتے ہیں جو لائق اعتماد اور سچا ہو۔ آنحضرت ﷺ کا لائق اعتماد اور سچا ہونا اور آپ ﷺ کا حقائق سے باذن اللہ واقف ہونا ایسی حقیقت ہے جو ہر مسلمان کا جزو ایمان ہے' پس جن چیزوں کو رسول اکرم ﷺ نے حرام اور ناجائز بتایا ہے ان سے اسی طرح پرہیز کرنا لازم ہے جس طرح زہر سے پرہیز کیا جاتا ہے۔

۴ ...... آدمی' آدمی کو دیکھ کر بنتا ہے یا بگڑتا ہے' ان مغربی اور امریکی معاشروں میں انسان کے بگاڑ کا سامان تو قدم قدم پر ہے' لیکن انسان کی اصلاح و فلاح کا چرچا بہت کم ہے' اس لئے ان ممالک میں رہنے والے مسلمان بھائیوں کو لازم ہے کہ اپنے علاقے اور حلقے میں اچھے اور نیک لوگوں کو تلاش کر کے کچھ وقت ان کے ساتھ گزارنے کا التزام کریں' اس کے لئے سب سے زیادہ موزوں دعوت و تبلیغ کا کام ہے جو حضرات اس کام میں جڑے ہوئے ہوں ان کے ساتھ کچھ وقت ضرور لگائیں۔ حق تعالیٰ شانہ ان تمام بھائیوں کے دین و ایمان کی حفاظت فرمائیں۔

۵ ...... ان بھائیوں سے ایک گزارش یہ ہے کہ دین کے مسائل ہر شخص سے دریافت نہ کریں، کیونکہ بعض مسائل بہت نازک ہیں اس لئے کسی محقق عالم سے مسائل پوچھا کریں، اگر ان کے ممالک میں کوئی لائق اعتماد عالم موجود ہیں تو ٹھیک، ورنہ اب تو دنیا سمٹ کر ایک محلّہ کی شکل اختیار کر گئی ہے، پاکستان کے محقق اہل علم سے ٹیلی فون پر مسائل دریافت کر سکتے ہیں یا ڈاک کے ذریعے مسائل کا جواب معلوم کر سکتے ہیں۔

## معصوم بچوں کی دل جوئی کے لئے بسکٹ بانٹنا

س ...... ایک حاجی صاحب باشریعت ہیں، وہ اپنی دوکان پر چھوٹے بچوں کو سستے بسکٹ بانٹا کرتے ہیں۔ کسی بچے کو ایک اور کسی کو دو۔ یہ عمل موصوف کی دانست میں ثواب کا باعث ہے۔ مجھے یہ طریق کار پسند نہیں آیا۔ میرا خیال یہ ہے کہ روزانہ بسکٹ بانٹنے سے بچوں کو مانگنے کی عادت پڑ سکتی ہے اور موصوف کی خود نمائی کا ذریعہ بھی بن جاتاہے آپ اس مسئلے کا حل بتائیں کہ کیا یہ عمل ثواب ہے اس کو جاری رکھنا برا نہیں ہے؟

ج ...... وہ بزرگ معصوم بچوں کی دل جوئی کو کار خیر سمجھتے ہیں اور آپ کے دونوں اندیشے بھی معقول ہیں وہ بزرگ اس کو خود ہی ترک کر دیں تو ٹھیک ہے ورنہ اس کے جائز یا مکروہ ہونے کا فتویٰ دینا مشکل ہے۔

## بچپن میں لوگوں کی چیزیں لے لینے کی معافی کس طرح ہو

س ...... آپ کے صفحہ کا بہت دنوں سے قاری ہوں اور آپ سوالات کے بے حد اچھے اور سچے لفظوں میں جواب دیتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ اس وقت میری عمر تقریباً ۱۹ سال ہے اور کالج میں زیر تعلیم ہوں جس وقت میری عمر تقریباً ۱۱، ۱۲ سال کی تھی تو لڑکپن کی شرارتیں اپنے عروج پر تھیں ہم چند لڑکے بازار وغیرہ

جاتے تو کوئی پھل والے کے پھل وغیرہ چرا لیتے، یا کسی کو بغیر پیسے دیئے چیزیں لے لیتے تھے۔ مسجد میں جو چپلیں ہوتی تھیں ان چپلوں کے بند وغیرہ کاٹ دیتے تھے، کوئی چپل اٹھا کر باہر پھینک دیتے تھے، بس میں ٹکٹ نہیں لیتے تھے تقریب وغیرہ میں بغیر بلائے کھانا کھا آتے تھے، زمین پر پڑی ہوئی چیز اٹھا لیتے تھے، پیسے وغیرہ۔ یعنی لڑکپن اور جوانی کے دوران خوب یہ کام کرتے تھے اور خوش ہوتے تھے۔ اب میں آپ سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ اِن کاموں کا جس میں ہم نے کسی کی چیزیں استعمال کیں کس طرح نقصان پورا کر سکتے ہیں آپ شرعی لحاظ سے جواب دیجئے اور تفصیل سے دیجئے گا ہم آپ کے جواب کے منتظر ہیں۔

ج ...... ہونا تو یہ چاہئے کہ جن جن لوگوں کا آپ نے نقصان کیا تھا ان سب سے معافی مانگی جائے لیکن وہ سارے لوگ یاد نہ ہوں تو اللہ تعالیٰ سے ان کے حق میں دعا و استغفار کریں، آپ کے استغفار سے ان کی بخشش ہو جائے تو وہ آپ کو بھی معاف کر دیں گے۔

## لوگوں کا راستہ بند کرنا اور مسلمانوں سے نفرت کرنا شرعاً کیسا ہے

س ...... ہمارے علاقہ میں ایک مولانا صاحب رہتے ہیں جو کہ جمعہ اور عیدین پڑھاتے ہیں، کچھ روز قبل انہوں نے محکمہ اوقاف سے مل کر لوگوں کے راستے اور قانونی گزرگاہوں کو تنگ کرنا اور بند کرنا شروع کر دیا، جس سے لوگوں کو بہت بڑی مصیبت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ علاقے کے لوگوں نے خدا کے واسطے دیئے مگر وہ صاحب ٹس سے مس نہیں ہوئے۔ تو پھر لوگوں نے میونسپل کمیٹی اور اوقاف سے فریاد کی اور انہوں نے بھی علاقے کے لوگوں کے مسئلے کو جائز قرار دیا اور کہا کہ مولانا صاحب جس طرح کریں ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔ آپ سے شریعت کی روشنی میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ (۱) کسی مسلمان کا راستہ بند کرنا یا ذہنی کوفت پہنچانا شریعت میں کہاں تک درست ہے اور اس کی سزا کیا ہے؟

ج ...... لوگوں کا راستہ بند کرنا گناہ کبیرہ ہے۔

س ...... کیا ان حالات میں ان صاحب کے پیچھے جمعہ اور عیدین کی نماز ہوتی ہے جو کہ دل میں مسلمانوں سے نفرت کرتا ہے۔

ج ...... ان صاحب کو مسلمانوں سے نفرت نہیں کرنا چاہئے اور لوگوں کی ایذا رسانی سے توبہ کرنی چاہئے' اگر وہ اپنا رویہ تبدیل نہ کریں تو مسلمانوں کو چاہئے کہ اس کی جگہ دوسرا امام وخطیب مقرر کرلیں۔

## گناہ گار آدمی کے ساتھ تعلقات رکھنا

س ...... ایک آدمی زانی ہو' چور اور ڈاکو ہو' یتیموں کا مال کھاتا ہو' مالدار ہو اور صدقہ زکوۃ وصول کرتا ہو' وعدہ خلافی کرتا ہو' جھوٹ اور بکواس کرتا ہو' اپنی اچھائی اور صداقت کیلئے لوگوں کے سامنے قسمیں کھاتا ہو کہ میں نے فلاں کے ساتھ یہ اچھائی کی اور اس کا کام کیا۔کیا ایسے شخص کے ساتھ معاملات رکھنا اس کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا' کھانا پینا اور اس کے پیچھے نمازیں پڑھنا جائز ہے یا کہ نہیں؟ قرآن مجید اور حدیث رسول اللہ ﷺ کی روشنی میں اس کے متعلق کیا حکم ہے؟ جواب سے مطلع کریں۔

ج ...... یہ شخص گناہ گار مسلمان ہے' اس سے دوستانہ تعلقات تو نہ رکھے جائیں لیکن ایک مسلمان کے جو حقوق ہیں مثلاً بیمار پرسی اور نماز جنازہ وغیرہ ان کو ادا کیا جائے اور اگر قدرت ہو اور نفع کی توقع ہو تو اس سے ان گناہوں کے چھڑانے کی کوشش کی جائے ایسے شخص کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی ہے۔

## مجذوم بیمار سے تعلق رکھنے کا حکم

س ...... صحیح بخاری شریف کی حدیث مبارکہ میں حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے ''مجذوم سے بچو'' فقہ حنفی کا مسئلہ یہ ہے کہ مجذوم کی بیوی کو اختیار ہے کہ وہ

فسخ نکاح کرے ' اب عرض یہ ہے کہ جذام جسے انگریزی میں لپروسی کہتے ہیں پہلے ایک لاعلاج اور قابل نفرت بیماری تصور کی جاتی تھی۔ اب یہ مرض لاعلاج نہیں رہا۔ ایسے مریض میں نے دیکھے ہیں جو جذام سے صحت یابی کے بعد شادیاں کر چکے ہیں اور ان کے صحت مند بچے ہیں۔ میرا مقصد یہ ہے کہ اب یہ بیماری عام بیماریوں کی طرح ایک عام مرض ہے جس کا سو فیصد کامیاب علاج گارنٹی کے ساتھ ہوتا ہے۔ معاشرے میں مجذوم سے جو نفرت ہوتی تھی اب وہ نہیں رہی۔ اس بیماری کے جو ڈاکٹرز ہوتے ہیں ان کے حسن اخلاق کا کیا کہنا۔ وہ کہتے ہیں کہ جذام کے مریض لوگوں کی توجہ کے مستحق ہیں ان سے نفرت نہیں کرنی چاہئے تاکہ یہ لوگ احساس کمتری کا شکار نہ ہوں بعض اوقات یہ ڈاکٹرز مجذومین کے ساتھ بیٹھ کر کھانا بھی کھاتے ہیں ان کے ساتھ مصافحہ بھی کرتے ہیں گفتگو کرتے ہیں 'صحت کے بارے میں پوچھتے ہیں اب تک میں نے کسی سے نہیں سنا کہ کسی مجذوم سے یہ مرض ڈاکٹر یا کسی عام آدمی کو لاحق ہوا ہو۔ اب آپ سے دو باتیں پوچھنی ہیں (۱) حدیث مذکور کا مفہوم یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ بیماری قابل نفرت ہے اور اس بیماری کے معالجین کہتے ہیں کہ یہ بیماری قابل نفرت نہیں ہے حدیث شریف کا صحیح مفہوم کیا ہے؟ یہ اشکال محض میری جہالت وکم فہمی وکم علمی پر مبنی ہے۔ (۲) فقہ حنفی کا جو مسئلہ میں نے تحریر کیا ہے کیا آج کل کے حالات مذکورہ کے موافق ایک ایسے آدمی کی بیوی کو بھی فسخ نکاح کا اختیار ہو گا جو کہ جذام کی بیماری سے مکمل طور پر صحت یاب ہو چکا ہو۔

ج ...... نفیس سوال ہے ' اسکا جواب سمجھنے کے لئے دو باتوں کو اچھی طرح سمجھ لینا ضروری ہے۔ ایک یہ کہ بعض لوگ قوی المزاج ہوتے ہیں ایسے مریضوں کو دیکھ کر یا ان کے ساتھ مل کر ان کے مزاج میں کوئی تغیر نہیں آتا اور بعض کمزور طبیعت کے ہوتے ہیں (اور اکثریت اسی مزاج کے لوگوں کی ہے) ان کی طبیعت ایسے موذی امراض کے مریضوں کو دیکھنے اور ان سے میل جول رکھنے کی متحمل

نہیں ہوتی۔ دوم یہ کہ شریعت کے احکام قوی و ضعیف سب کے لئے ہیں بلکہ ان میں کمزوروں کی رعایت زیادہ کی جاتی ہے۔ چنانچہ امام کو حکم ہے کہ وہ نماز پڑھاتے ہوئے کمزوروں کے حال کی رعایت رکھے۔ یہ دو باتیں معلوم ہو جانے کے بعد سمجھئے کہ آنحضرت ﷺ نے خود بہ نفس نفیس مجذوم کے ساتھ کھانا تناول فرمایا، چنانچہ حدیث میں ہے کہ "حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے مجذوم کا ہاتھ پکڑ کر اس کو اپنے سالن کے برتن میں داخل کیا اور فرمایا کھا اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ، اللہ تعالیٰ پر بھروسہ اور اعتماد کرتے ہوئے۔

(ترمذی ص ۴۔ ج ۲ مشکوۃ)۔

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے اسی نوعیت کا واقعہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بھی نقل کیا ہے گویا آنحضرت ﷺ نے اپنے عمل سے واضح فرمایا کہ نہ مجذوم قابل نفرت ہے اور نہ وہ اچھوت ہے لیکن چونکہ ضعفاء کی ہمت وقوت اس کی متحمل نہیں ہو سکتی اس لئے ان کے ضعف طبعی کی رعایت فرماتے ہوئے ان کو اس سے پرہیز کا حکم فرمایا۔

۲۔ حضرات فقہاء کا یہ فتویٰ بھی عورت کے ضعف طبعی کی رعایت پر محمول ہے پس اگر مجذوم کا صحیح علاج ہو جائے تو عورت کو نکاح فسخ کرانے کی ضرورت نہیں ہوگی اور نہ حضرات فقہاء کا یہ فتویٰ اس پر لاگو ہو گا۔

س ...... اگر ہمارا مسلمان بھائی کوئی غلطی کرتا ہے تو کیا ہمیں اس کی غلطی معاف کر دینی چاہئے یا اس سے انتقام لینا چاہئے۔

ج ...... معاف کر دینا افضل ہے اور شرعی حدود کے اندر رہتے ہوئے بدلہ لینا جائز ہے۔

## اصلاح کی نیت سے دوستی جائز ہے

س ...... سوال یہ ہے کہ میرا ایک دوست ہے جس کا نام ایم، اے، اے شاہ

ہے جو کہ ایک اچھے خاندان سے تعلق رکھتا ہے' میں نے اس دوست کا ہر موڑ پر ساتھ دیا اور اس کو حضرت محمد ﷺ کے بتائے ہوئے راستے پر لے گیا اور وہ کافی دن تک صحیح راستے پر چلتا رہا لیکن اب وہ غلط راستے پر چلا گیا ہے اور پورے شہر میں رسوا ہو گیا ہے۔ آپ یہ بتائیں آیا میں اس کے ساتھ رہوں یا نہیں؟

ج ...... اگر اس کی اصلاح کی نیت سے ساتھ رہیں تو ٹھیک ہے۔ ورنہ اس سے الگ ہو جائیں تاکہ اس کی غلط روی کی وجہ سے آپ کے حصہ میں بدنامی نہ آئے۔

# رسومات

## توہمات کی حقیقت

س ...... جہالت کی وجہ سے برصغیر میں بعض مسلمان گھرانوں کے لوگ مندرجہ ذیل عقیدوں پر یقین رکھتے ہیں، مثلاً گائے کا اپنی سینگ پر دنیا کو اٹھانا، پہلے بچے کی پیدائش سے پہلے کوئی کپڑا نہیں سیا جائے، بچے کے کپڑے کسی کو نہ دیئے جائیں کیونکہ بانجھ عورتیں جادو کرکے بچے کو نقصان پہنچا سکتی ہیں، بچے کو بارہ بجے کے وقت پالنے یا جھولے میں نہ لٹایا جائے کیونکہ بھوت پریت کا سایہ ہو جاتا ہے۔ بچے کو زوال کے وقت دودھ نہ پلایا جائے اور اگر بچے کو کوئی پیچیدہ بیماری ہو جائے تو اس کو بھی بھوت پریت کا سایہ کہہ کر جھاڑ پھونک اور جادو ٹونا کرتی ہیں اور دوسرے مسائل وغیرہ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اسلام میں ان باتوں کا کوئی وجود ہے؟ کیا یہ ایمان کی کمزوری کی باتیں نہیں ہیں؟ اگر ہمارا ایمان پختہ ہو تو ان توہمات سے چھٹکارا حاصل کرنا کوئی مشکل نہیں۔

شاید آپ کے جواب سے لاکھوں گھروں کی جہالت دور ہو جائے اور لوگ فضول توہمات پر یقین رکھنے کی بجائے اپنا ایمان پختہ کریں۔

ج ...... آپ نے جو باتیں لکھی ہیں وہ واقعتاً توہم پرستی کے ذیل میں آتی ہیں۔ جنات کا سایہ ہونا ممکن ہے اور بعض کو ہوتا بھی ہے، لیکن بات بات پر سائے کا بھوت سوار کرلینا غلط ہے۔

## بچوں کو کالے رنگ کا ڈورا باندھنا یا کاجل کا ٹکا لگانا

س ...... لوگ عموماً چھوٹے بچوں کو نظر سے بچانے کیلئے کالے رنگ کا ڈورا یا پھر

کالا کاجل کا ٹکہ نما لگا دیتے ہیں کیا یہ عمل شرعی لحاظ سے درست ہے؟

ج ...... اگر اعتقاد کی خرابی نہ ہو تو جائز ہے مقصد یہ ہوتا ہے کہ بدنما کر دیا جائے تاکہ نظر نہ لگے۔

## سورج گرہن اور حاملہ عورت

س ...... ہمارے معاشرے میں یہ بات بہت مشہور ہے اور اکثر لوگ اسے صحیح سمجھتے ہیں، کہ جب چاند کو گرہن لگتا ہے یا سورج کو گرہن لگتا ہے تو حاملہ عورت یا اس کا خاوند (اس دن یا رات کو جب سورج یا چاند کو گرہن لگتا ہے) آرام کے سوا کوئی کام بھی نہ کریں مثلاً اگر خاوند دن کو لکڑیاں کاٹے یا رات کو وہ الٹا سو جائے تو جب بچہ پیدا ہو گا تو اس کے جسم کا کوئی نہ کوئی حصہ کٹا ہوا ہو گا یا وہ لنگڑا ہو گا یا اس کا ہاتھ نہیں ہو گا وغیرہ۔ قرآن وحدیث کی روشنی میں اس کا جواب عنایت فرمائیں اور یہ بھی بتائیں کہ اس دن یا رات کو کیا کرنا چاہئے؟

ج ...... حدیث میں اس موقع پر صدقہ وخیرات، توبہ واستغفار، نماز اور دعا کا حکم ہے، دوسری باتوں کا ذکر نہیں اس لئے ان کو شرعی چیز سمجھ کر نہ کیا جائے۔

## سورج اور چاند گرہن کے وقت حاملہ جانوروں کے گلے سے رسیاں نکالنا

س ...... چاند اور سورج گرہن کی کتاب وسنت کی نظر میں کیا حقیقت ہے، قرآن اور سنت کی روشنی میں بتائیں کہ یہ درست ہے یا کہ غلط ہے کہ جب سورج یا چاند کو گرہن لگتا ہے، تو حاملہ گائے بھینس، بکری اور دیگر جانداروں کے گلے سے رسے یا سنگل کھول دینے چاہئیں یا یہ صرف توہمات ہی ہیں؟

ج ...... چاند گرہن اور سورج گرہن کو حدیث پاک میں قدرت خداوندی کے

ایسے نشان فرمایا گیا ہے جن کے ذریعہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو ڈرانا چاہتے ہیں۔ اور اس موقعہ پر نماز' صدقہ خیرات' اور توبہ واستغفار کا حکم دیا گیا ہے۔ باقی سوال میں جس رسم کا تذکرہ ہے اس کی کوئی شرعی حیثیت نہیں۔

ہمارے خیال میں یہ توہم پرستی ہے جو ہندو معاشرے سے ہمارے یہاں منتقل ہوئی ہے' واللہ اعلم۔

## عیدی مانگنے کی شرعی حیثیت

س ...... عید کے دنوں میں جس کو دیکھو عیدی لینے پر تلا ہوا ہوتا ہے' خیر بچوں کا تو کیا کہنا' گوشت والے کو دیکھو' سبزی والے کو دیکھو ...... میں آپ سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس طرح جو عیدی لوگ لیتے ہیں وہ حرام ہے یا اس کی کوئی شرعی حیثیت بھی ہے۔

ج ...... عیدی مانگنا تو جائز نہیں' البتہ خوشی سے بچوں کو' ماتحتوں کو' ملازموں کو' ہدیہ دیدیا جائے تو بہت اچھا ہے مگر اس کو لازم اور ضروری نہ سمجھا جائے نہ اس کو سنت تصور کیا جائے۔

## سالگرہ کی رسم انگریزوں کی ایجاد ہے

س ...... بڑے گھرانوں اور عموماً متوسط گھرانوں میں بھی بچوں کی سالگرہ منائی جاتی ہے اس کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ کیا یہ جائز ہے؟ رشتہ داروں اور دوست احباب کو مدعو کر لیا جاتا ہے جو اپنے ساتھ بچے کے لئے تحفے تحائف لے کر آتے ہیں خواتین وحضرات بلاتمیز محرم وغیر محرم کے ایک ہی ہال میں کرسیوں پر براجمان ہو جاتے ہیں۔ یا ایک بڑی میز کے گرد کھڑے ہو جاتے ہیں۔ بچہ ایک بڑا سا کیک کاٹتا ہے اور پھر تالیوں کی گونج میں "سالگرہ مبارک ہو" کی آوازیں آتی ہیں اور جناب تحفے تحائف کے ساتھ ساتھ پر تکلف چائے اور دیگر لوازمات

کا دور چلتا ہے۔

ج ...... سالگرہ منانے کی رسم انگریزوں کی جاری کی ہوئی ہے اور جو صورت آپ نے لکھی ہے وہ بہت سے ناجائز امور کا مجموعہ ہے۔

## سالگرہ کی رسم میں شرکت کرنا

س ...... ایک شخص خود سالگرہ نہیں مناتا۔ لیکن اس کا کوئی بہت ہی قریبی عزیز اسے سالگرہ میں شرکت کی دعوت دیتا ہے' کیا اسے شرکت کرنی چاہئے کیونکہ اسلام یوں تو دوسروں کی خوشیوں میں شرکت اور دعوتوں میں جانے کو ترجیح دیتا ہے؟

ج ...... فضول چیزوں میں شرکت بھی فضول ہے۔

س ...... میں ڈی ایم سی کی طالبہ ہوں کالج میں جس لڑکی کی سالگرہ ہوتی ہے وہ کالج ہی میں ٹریٹ (دعوت) دیتی ہے کیا ٹریٹ میں شرکت کرنی چاہئے؟

ج ...... فضول چیزوں میں شرکت بھی فضول ہے۔

س ...... اگر شرکت نہ کریں اور وہ خود جس کی سالگرہ ہو آکر ہمیں کیک اور دوسری اشیا دے تو کھالینی چاہئے؟ یا انکار کر دینا چاہئے؟

ج ...... اگر اس فضول میں شرکت مطلوب ہو تو کھا لیا جائے۔ ورنہ انکار کر دیا جائے۔

س ...... اگر سالگرہ میں جانا مناسب نہیں ہے تو صرف سالگرہ کا تحفہ اس دعوت کے بعد یا پہلے دے دینا کیسا ہے؟ کیونکہ لوگ پھر یہ کہیں گے کہ تحفہ نہ دینا پڑے اس لئے نہیں آئے۔ حالانکہ اسلام تو خود اجازت دیتا ہے اور نبی ﷺ کا ارشاد بھی ہے کہ ایک دوسرے کو تحائف دیا کرو اس سے محبت بڑھتی ہے؟

ج ...... تحفہ دینا اچھی بات ہے' لیکن سالگرہ کی بنا پر دینا بدعت ہے۔

س ...... ہم خود سالگرہ نہ منائیں' لیکن کوئی دوسرا ہمیں کارڈ یا تحفہ دے

(سالگرہ کا) تو اسے قبول کرنا چاہئے؟ یا انکار کر دینا چاہئے؟ حالانکہ انکار کرنا کچھ عجیب سا لگے گا۔

ج ...... اوپر لکھ چکا ہوں' انکار کرنا عجیب اس لئے لگتا ہے کہ دل و دماغ میں انگریزیت رچ بس گئی ہے' اسلام اور اسلامی تمدن نکل چکا ہے۔

س ...... کالج میں عموماً سالگرہ کی مبارک باد دینے کے لئے سالگرہ کے کارڈز دیئے جاتے ہیں' کیا وہ دینا درست ہیں؟ ایک صاحب کا کہنا ہے کہ درست ہے کیونکہ یہ ایک دوسرے کی خوشیوں میں شرکت کا اظہار ہے؟

ج ...... یہ بھی اسی فضول رسم کی شاخ ہے جب سالگرہ کی خوشی بے معنی ہے تو اس میں شرکت بھی بے معنی ہے۔

## مکان کی بنیاد میں خون ڈالنا

س ...... میں نے ایک عدد پلاٹ خریدا ہے اور میں اس کو بنوانا چاہتا ہوں' میں نے اس کی بنیاد رکھنے کا ارادہ کیا تو ہمارے بہت رشتے دار کہنے لگے' کہ اس کی بنیادوں میں بکرے کو کاٹ کر اس کا خون ڈالنا اور گوشت غریبوں میں تقسیم کر دینا اچھا ہے۔

اور بہت سے لوگ کہتے ہیں کہ بنیادوں میں تھوڑا سا سونا یا چاندی ڈالو ورنہ آئے دن بیمار رہو گے' میں نے جہاں پلاٹ لیا ہے وہاں بہت سے مکان بنے ہیں اور زیادہ تر لوگوں نے بکرے وغیرہ کا خون بنیادوں میں ڈالا ہے' میں نے اس سلسلے میں اپنے استاد سے دریافت کیا تو انہوں نے کہا کہ میاں خون اور سونا یا چاندی بنیادوں میں ڈالنا سب ہندوانی رسمیں ہیں اس سلسلے میں آپ کی کیا رائے ہے؟

ج ...... آپ کے استاد صاحب نے صحیح فرمایا ہے مکان کی بنیاد پر بکرے کا خون یا سونا چاندی ڈالنے کی کوئی شرعی اصل نہیں۔

## نئے عیسوی سال کی آمد پر خوشی

س ...... کیا نئے عیسوی سال کی آمد پر خوشی منانا جائز ہے؟
ج ...... عیسائیوں کی رسم ہے اور مسلمان جہالت کی وجہ سے مناتے ہیں۔

## دریا میں صدقہ کی نیت سے پیسے گرانا موجب وبال ہے

س ...... دریا کے پلوں سے گزرتے ہوئے اکثر مسافر پانی میں روپے پیسے بہا دیتے ہیں، کیا یہ عمل صدقہ کی طرح دافع بلا ہے؟
ج ...... یہ صدقہ نہیں، بلکہ مال کو ضائع کرنا ہے، اس لئے کار ثواب نہیں، بلکہ موجب وبال ہے۔

## مخصوص راتوں میں روشنی کرنا اور جھنڈیاں لگانا

س ...... کیا ستائیسویں رمضان کی شب اور بارہ ربیع الاول کی شب کو روشنیوں اور جھنڈیوں کا انتظام کرنا باعث ثواب ہے؟
ج ...... خاص راتوں میں ضرورت سے زیادہ روشنی کے انتظام کو فقہانے بدعت اور اسراف (فضول خرچی) کہا ہے۔

## غلط رسومات کا گناہ

س ...... ہم لوگ مسلمانوں کے فرقہ سے ہیں ہماری برادری کی اکثریت کاٹھیاوار (گجراتی) بولنے والوں کی ہے ہم لوگوں پر اپنے آباؤ اجداد کے رائج رسوم، طریقہ ورواج کے اثرات ہیں، جن کے مطابق ہم لوگ بڑی پابندی سے ذکر کردہ رسوم وطریقہ پر عمل کرتے ہیں جن کی بنا پر ہم لوگ (بہت مصروف ہوتے ہیں) ہم لوگ نماز نہیں پڑھتے، بعض ہماری رسوم ایسی ہوتی ہیں کہ رات کافی

دیر تک ہوتی ہیں، رمضان میں ہم روزہ نہیں رکھتے زکوۃ کو ہم دسوند کہتے ہیں، فرق یہ ہے کہ روپیہ پر ہم دو آنہ دیتے ہیں ذکر کردہ تمام رسوم، طریقہ کو ہم گجراتی میں الگ الگ نام سے پکارتے ہیں جن میں خاص خاص کے نام یہ ہیں مجلس دعا، نادی چاند رات کی مجلس، گھٹ پاٹ، جرا، بول اسم اعظم نورانی، فدائی، بخشونی، ستارے جی تسبیحات، پھاڑا نیچے بھائیوں کی مجلس وغیرہ وغیرہ (یہ سب نام گجراتی میں لکھے گئے ہیں) آپ سے پوچھنا ہے کہ چونکہ مسلمان ہم سب ہیں کیا ہمیں ان رسوم، طریقہ ورواج کو اپنائے رکھنا چاہئے یا کہ ترک کر دیں کیونکہ ان کی بنا پر ہماری عبادات مخل ہوتی ہیں، اور کیا ہم لوگ ان رسومات کی بنا پر کہیں گناہگار تو نہیں ہو رہے؟

ج ...... چند باتیں اچھی طرح سمجھ لیجئے:

۱ ...... دین اسلام کے ارکان کا ادا کرنا اور ان کو ضروری سمجھنا ہر مسلمان پر فرض ہے اور ان کو چھوڑنے کی کسی حالت میں بھی اجازت نہیں، اس لئے آپ یا آپ کی برادری کے جو لوگ اسلامی ارکان کے تارک ہیں وہ اس کی وجہ سے سخت گناہگار ہیں اس سے توبہ کرنی چاہئے۔

۲ ...... آپ نے جن رسومات کا ذکر کیا ہے ان کی کوئی شرعی حیثیت نہیں ہے۔ ان کو شرعی عبادت سمجھ کر ادا کرنا بہت ہی غلط بات ہے۔

۳ ...... جس مشغولی کی وجہ سے فرائض ترک ہو جائیں ایسی مشغولی بھی ناجائز ہے۔ ان تین نکات میں آپ کے تمام سوالوں کا جواب آگیا۔

## مایوں اور مہندی کی رسمیں غلط ہیں

س ...... آج کل شادی کی تقریبات میں طرح طرح کی رسومات کی قید لگائی جاتی ہے معلوم نہیں کہ یہ کہاں سے آئی ہیں لیکن اگر ان سے منع کرو تو جواب ملتا ہے کہ نئے نئے مولوی، نئے نئے فتوے، جن میں سے ایک یہ بھی ہے کہ دلہن

کو شادی سے چند دن پہلے پیلے رنگ کا جوڑا پہنا کر گھر کے ایک کونے میں بٹھا دیا جاتا ہے' اس حصے میں جہاں دلہن ہواسے پردے میں کر دیا جاتا ہے (چادر وغیرہ سے) حتیٰ کہ باپ' بھائی وغیرہ یعنی محارم شرعی سے بھی اسے پردہ کرایا جاتا ہے اور باپ' بھائی وغیرہ (یعنی محارم) سے پردہ نہ کرانے کو انتہائی معیوب سمجھا جاتا ہے' (چاہے شادی کے دنوں سے پہلے وہ لڑکی بے پردہ ہو کر کالج ہی کیوں نہ جاتی ہو) اس رسم کا خواتین بہت زیادہ اہتمام کرتی ہیں' اور اسے "مایوں بٹھانا" کے نام سے یاد کرتی ہیں' اگر کم دن بٹھایا جائے تو بھی بہت زیادہ اعتراض کرتی ہیں کہ صرف دو دن پہلے مایوں بٹھایا' اس کی شرعی حیثیت کیا ہے اور کیا اس کا کسی بھی طرح سے اہتمام کرنا چاہئے یا کہ اسے بالکل ہی ترک کر دینا صحیح ہے؟

ج ...... "مایوں بٹھانے" کی رسم کی کوئی شرعی اصل نہیں' ممکن ہے جس شخص نے یہ رسم ایجاد کی ہے اس کا مقصد یہ ہو کہ لڑکی کو تنہا بیٹھنے' کم کھانے اور کم بولنے' بلکہ نہ بولنے کی عادت ہو جائے اور اسے سسرال جا کر پریشانی نہ ہو۔ بہرحال' اس کو ضروری سمجھنا اور محارم شرعی تک سے پردہ کرا دینا نہایت بے ہودہ بات ہے' اگر غور کیا جائے تو یہ رسم لڑکی کے حق میں "قید تنہائی" بلکہ زندہ درگور کرنے سے کم نہیں۔ تعجب ہے کہ روشنی کے زمانہ میں تاریک دور کی یہ رسم خواتین اب تک سینے سے لگائے ہوئے ہیں اور کسی کو اس کی قباحت کا احساس نہیں ہوتا۔

س ...... اسی طرح سے ایک رسم "مہندی" کے نام سے موسوم کی جاتی ہے ہوتا کچھ اس طرح ہے' کہ ایک دن دولہا کے گھر والے مہندی لے کر دلہن کے گھر آتے ہیں اور دوسرے دن دلہن والے' دولہا کے گھر مہندی لے کر جاتے ہیں' اس رسم میں عورتوں اور مردوں کا جو اختلاط ہوتا ہے اور جس طرح کے حالات اس وقت ہوتے ہیں وہ ناقابل بیان ہیں' یعنی حد درجہ کی بے حیائی وہاں برتی جاتی ہے' اور اگر کہا جائے کہ یہ رسم ہندوؤں کی ہے اسے نہ کرو تو بعض لوگ تو

اس رسم کو اپنے ہی گھر منعقد کر لیتے ہیں (یعنی ایک دوسرے کے گھر جانے کی ضرورت نہیں رہتی) مگر کرتے ضرور ہیں' جوان لڑکیاں بے پردہ ہو کر گانے گاتی ہیں اور بڑے بڑے حضرات جو اپنے آپ کو بہت زیادہ دیندار کہتے ہیں' ان کے گھروں میں بھی اس رسم کا ہونا ضروری ہوتا ہے۔

ج ...... مہندی کی رسم جن لوازمات کے ساتھ ادا کی جاتی ہے یہ بھی دور جاہلیت کی یادگار ہے' جس کی طرف اوپر اشارہ کر چکا ہوں اور یہ تقریب جو بظا ہر بڑی معصوم نظر آتی ہے بہت سے محرمات کا مجموعہ ہے' اس لئے پڑھی لکھی خصوصاً دیندار خواتین کو اس کے خلاف احتجاج کرنا چاہئے اور اس کو یکسر بند کر دینا چاہئے' بچی کے مہندی لگانا تو برائی نہیں' لیکن اس کے لئے تقریبات منعقد کرنا اور لوگوں کو دعوتیں دینا' جوان لڑکوں اور لڑکیوں کا شوخ انگیز اور بھڑکیلے لباس پہن کر بے محابا ایک دوسرے کے سامنے جانا بے شرمی و بے حیائی کا مرقع ہے۔

## شادی کی رسومات کو قدرت کے باوجود نہ روکنا شرعاً کیسا ہے؟

س ...... شادی کی رسومات کو اگر روکنے کی قدرت ہو تو بھی ان کو اپنے گھروں میں ہونے دینا کیسا ہے؟ یعنی ان رسومات سے روکا نہ جائے بلکہ ناجائز سمجھتے ہوئے بھی کرایا جائے تو اس شخص کے لئے کیا حکم ہے؟ نیز ان رسومات کو کس حد تک روکا جائے؟ آیا کہ بالکل ہونے ہی نہ دیا جائے یا صرف یہ کہہ دینا (بھئی یہ کام نہیں ہوگا اس گھر میں) بھی کافی ہے؟۔

ج ...... ایمان کا اعلیٰ درجہ یہ ہے کہ برائی کو ہاتھ سے روکا جائے' درمیانہ درجہ یہ ہے کہ زبان سے روکا جائے' اور سب سے کمزور درجہ یہ ہے کہ اگر ہاتھ سے یا زبان سے منع کرنے کی قدرت نہ ہو تو کم سے کم دل سے برا سمجھے' جو لوگ قدرت کے باوجود ایسے حرام کاموں سے نہیں روکتے' نہ دل سے برا جانتے ہیں ان میں آخری درجہ کا بھی ایمان نہیں۔

## شادی کی مووی بنانا اور فوٹو کھنچوا کر محفوظ رکھنا

س ...... شادی میں فوٹو گرافی کی رسم بھی انتہائی ضروری ہے یہ جانتے ہوئے بھی کہ تصویر کشی حرام ہے' لوگ اس کے کرنے سے دریغ نہیں کرتے' آپ سے معلوم یہ کرنا ہے کہ کیا جو تصویریں کم علمی کے باعث پہلے بنوائی جاچکی ہیں' ان کا دیکھنا یا ان کا رکھنا کیسا ہے؟ آیا کہ ان کو بھی جلا دیا جائے یا انہیں رکھ سکتے ہیں اور جو ان تصاویر کو سنبھال کر رکھے گا اور ان کی حرمت ثابت ہونے کے باوجود انہیں جلاتا نہیں ہے اس کے لئے شریعت کیا حکم دیتی ہے؟

ج ...... تصویر بنانا' دیکھنا اور رکھنا شرعاً حرام ہے' تصویر بنائی ہی نہ جائے اور جو بے ضرورت ہو اس کو تلف کر دیا جائے' اور اللہ تعالیٰ سے استغفار کیا جائے۔

س ...... فوٹو گرافی کے علاوہ (مووی بنانا) یعنی ویڈیو کیمرے کے ذریعے سے تصویر کشی کرنا کیسا ہے' اس کا بنوانا' اس کا دیکھنا اور اس کا رکھنا کیسا ہے' اگر بنانے والا اپنا محرم ہی ہو تو پھر کیسا ہے۔ (یعنی بے پردگی نہیں ہوگی)۔

ج ...... "مووی بنانا" بھی تصویر سازی میں داخل ہے' ایسی تقریبات' جن میں ایسے حرام امور کا ارتکاب کر کے اللہ تعالیٰ کی ناراضی مول لی جائے' موجب لعنت ہیں اور ایسی شادی کا انجام "خانہ بربادی" کے سوا کچھ نہیں نکلتا' ایسی خرافات سے توبہ کرنی چاہئے۔

## عذر کی وجہ سے انگلیاں چٹخانا

س ...... میری اور میری دوسری بہنوں کی انگلیاں چٹخانے کی عادت ہے اگر انگلیاں چٹخائے ایک یا ڈیڑھ گھنٹہ ہو جائے تو ہاتھوں میں درد ہونے لگتا ہے جبکہ ہماری امی اس حرکت سے سخت منع کرتی ہیں اور وہ کہتی ہیں کہ انگلیاں چٹخانا حرام ہے۔ آپ براہ کرم مجھے یہ بتائیں کہ کیا واقعی یہ حرکت کرنا حرام ہے یا شریعت میں اس کے متعلق کوئی حکم ہے؟

ج ...... انگلیاں چٹخانا مکروہ ہے اور اس کی عادت بہت بری ہے۔

## رات کو انگلیاں چٹخانا

س ...... کیا انگلی چٹخانا گناہ ہے؟ کیونکہ ہمارے ایک دوست نے کہا کہ رات میں انگلی نہیں چٹخانا چاہئے اس سے فرشتے نہیں آتے' کیونکہ انگلی چٹخانا نحوست کی علامت ہے تو آپ بتایئے کہ کیا یہ درست ہے یا نہیں؟

ج ...... انگلیاں چٹخانا مکروہ ہے۔

## کیا انگلیاں چٹخانا منحوس ہے؟

س ...... کیا انگلیاں چٹخانا منحوس ہے اور اگر ہے تو اس کی وجہ کیا ہے؟

ج ...... اسلام نحوست کا قائل نہیں۔ البتہ نماز میں انگلیاں چٹخانا مکروہ ہے اور بیرون نماز بھی پسندیدہ نہیں۔ فعل عبث ہے۔

## ماتمی جلوس کی بدعت

س ...... ماتمی جلوس کی شریعت میں کیا حیثیت ہے۔ کب اور کیسے ایجاد ہوئے؟ نیز یہ کہ حالیہ واقعات میں علمائے اہل سنت نے کیا تجاویز پیش کیں؟

ج ...... محرم کے ماتمی جلوسوں کی بدعت چوتھی صدی کے وسط میں معز الدولہ دیلمی نے ایجاد کی شیعوں کی مستند کتاب منتہی الآمال (ص ۴۵۳ ج ۱) میں ہے:

"جملہ (ای مورخین) نقل کردہ اند کہ ۳۵۲ھ (سی صد وپنجاہ ودو) روز عاشورا معز الدولہ دیلمی امر کرد اہل بغداد را بہ نوحہ ولطمہ وماتم بر امام حسین و آنکہ زنہا مویہا را پریشان وصورتہا را سیاہ کنند وبازارہا را بہ بندند' وبر دکانہا پلاس آویزاں نمائند' وطباخین طبخ نہ کنند' وزنہائے شیعہ بیروں آمدند درحالیکہ

صورتہا را بہ سیاہی دیگ وغیرہ سیاہ کردہ بودند وسینہ می زدند' ونوحہ می کردند' سالہا چنیں بود۔ اہل سنت عاجز شدند از منع آن 'لکون السلطان مع الشیعة۔"

ترجمہ: سب مورخین نے نقل کیا ہے کہ ۳۵۲ھ میں عاشورہ کے دن معز الدولہ دیلمی نے اہل بغداد کو امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر نوحہ کرنے' چہرہ پیٹنے اور ماتم کرنے کا حکم دیا اور یہ کہ عورتیں سر کے بال کھول کر اور منہ کالے کر کے نکلیں' بازار بند رکھے جائیں' دکانوں پر ٹاٹ لٹکائے جائیں اور طباخ کھانا نہ پکائیں۔ چنانچہ شیعہ خواتین نے اس شان سے جلوس نکالا کہ دیگ وغیرہ کی سیاہی سے منہ کالے کئے ہوئے تھے۔ اور سینہ کوبی و نوحہ کرتی ہوئی جارہی تھیں۔ سالہا سال تک یہی رواج رہا اور اہل سنت اس (بدعت) کو روکنے سے عاجز رہے 'کیونکہ بادشاہ شیعوں کا طرفدار تھا"۔

حافظ ابن کثیرؒ نے "البدایہ والنہایہ" میں ۳۵۲ھ کے ذیل میں یہی واقعہ اس طرح نقل کیا ہے:

"في عاشر المحرم من هذه السنة امر معز الدولة بن بويه- قبحه الله- ان تغلق الاسواق، وان يلبس النساء المسوح من الشعر، وان يخرجن في الاسواق حاسرات عن وجوههن ناشرات شعورهن يلطمن وجوههن ينحن على الحسين بن علي بن ابي طالب- ولم يكن اهل السنّة منع ذلك لكثرة الشيعة وظهورهم وكون السّلطان معهم." (البدایہ والنہایہ ص ۲۴۳ ج ۱۱)

ترجمہ: "اس سال (۳۵۲ھ) کی محرم دسویں تاریخ کو معز الدولہ بن بویہ دیلمی نے حکم دیا کہ بازار بند رکھے جائیں' عورتیں بالوں کے ٹاٹ پہنیں' اور ننگے سر' ننگے منہ' بالوں کو کھولے ہوئے' چہرے

پیٹتی ہوئیں اور حضرت حسین ﷺ پر نوحہ کرتی' بازاروں میں نکلیں۔
اہل سنت کو اس سے روکنا ممکن نہ ہوا' شیعوں کی کثرت وغلبہ کی وجہ
سے اور اس بناء پر کہ حکمران ان کے ساتھ تھا"۔

اس سے واضح ہے کہ چوتھی صدی کے وسط تک امت ان ماتمی جلوسوں سے یکسر نا آشنا تھی۔ اس طویل عرصہ میں کسی سنی امام نے تو درکنار کسی شیعہ مقتداء نے بھی اس بدعت کو روانہیں رکھا' ظاہر ہے کہ ان ماتمی جلوسوں میں اگر ذرا بھی خیر کا پہلو ہوتا تو خیر القرون کے حضرات اس سے محروم نہ رہتے' حافظ ابن کثیرؒ کے بقول:

"وهذا تكلف لا حاجة اليه في الاسلام، ولو كان هذا امرا محمودًا لفعله خير القرون وصدر هذه الامّة وخيرتها- وهم اولى به ولو كان خير ما سبقونا اليه واهل السنّة يقتدون ولا يبتدعون. (البدایہ والنہایہ ص ۲۵۴ ج ۱۱)

ترجمہ: اور یہ ایک ایسا تکلف ہے جس کی اسلام میں کوئی حاجت وگنجائش نہیں ورنہ اگر یہ امر لائق تعریف ہوتا تو خیر القرون اور صدر اول کے حضرات جو بعد کی امت سے بہتر وافضل تھے وہ اس کو ضرور کرتے کہ وہ خیر وصلاح کے زیادہ مستحق تھے پس اگر یہ خیر کی بات ہوتی تو وہ یقیناً اس میں سبقت لے جاتے اور اہل سنت' سلف صالحین کی اقتدا کرتے ہیں' ان کے طریقہ کے خلاف نئی بدعتیں اختراع نہیں کیا کرتے۔

الغرض جب ایک خود غرض حکمران نے اس بدعت کو حکومت واقتدار کے زور سے جاری کیا اور شیعوں نے اس کو جزو ایمان بنالیا تو اس کا نتیجہ کیا نکلا؟ اگلے ہی سال یہ ماتمی جلوس سنی شیعہ فساد کا اکھاڑا بن گیا اور قاتلین حسین نے ہر سال ماتمی جلوسوں کی شکل میں معرکہ کربلاء برپا کرنا شروع کر دیا۔ حافظ ابن کثیر

۳۵۳ھ کے حالات میں لکھتے ہیں:

"ثم دخلت سنة ثلاث وخمسين وثلاث مائة– في عاشر المحرم منها عملت الرافضة عزأ الحسين كما تقدم في السنة الماضية– فاقتتل الروافض اهل السنّة في هذا اليوم قتالا شديدا و انتهبت الاموال. (البدایہ والنہایہ ص ۲۵۳ ج ۱۱)

ترجمہ: "پھر ۳۵۳ھ شروع ہوا تو رافضیوں نے دس محرم کو گزشتہ سال کے مطابق ماتمی جلوس نکالا پس اس دن روافض اور اہل سنت کے درمیان شدید جنگ ہوئی اور مال لوٹے گئے"۔

چونکہ فتنہ فساد ان ماتمی جلوسوں کا لازمہ ہے۔ اس لئے اکثر و بیشتر اسلامی ممالک میں اس بدعت سیئہ کا کوئی وجود نہیں حتیٰ کہ خود شیعی ایران میں بھی اس بدعت کا یہ رنگ نہیں جو ہمارے ہاں کر بلائی ماتمیوں نے اختیار کر رکھا ہے' حال ہی میں ایران کے صدر کا بیان اخبارات میں شائع ہوا جس میں کہا گیا:

"علم اور تعزیہ غیر اسلامی ہے" عاشورہ کی مروجہ رسوم غلط ہیں "ایران کے صدر خامنہ ای کی تنقید"۔ تہران (خصوصی رپورٹ) ایران کے صدر خامنہ ای نے کہا ہے کہ یوم عاشورہ پر امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یاد تازہ کرنے کے مروجہ طریقے یکسر غلط اور غیر اسلامی ہیں۔ اسلام آباد کے انگریزی اخبار "مسلم" کی رپورٹ کے مطابق ایرانی سربراہ مملکت نے نماز جمعہ کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے مزید کہا کہ یہ طریقہ نمود و نمائش پر مبنی اور اسلامی اصولوں کے منافی ہے فضول خرچی اور اسراف ہمیں امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے راستے سے دور کر دیتا ہے۔ انہوں نے علم اور تعزیہ کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ خواہ یہ محراب وگنبد کی شکل میں ہی کیوں نہ ہوں۔ یاد تازہ کرنے کی اسلامی شکل نہیں ان نمائشی چیزوں پر رقم خرچ کرنا حرام ہے اور

عاشورہ کی روح کے منافی ہے کیونکہ یوم عاشورہ تفریح کا دن نہیں ہے۔

امام خمینی کے فتویٰ کا حوالہ دیتے ہوئے صدر خامنہ ای نے کہا کہ مذہبی تقریبات کے دوران لاؤڈ اسپیکر کو بہت اونچی آواز میں استعمال نہیں کرنا چاہئے اور عزاداری کے مقام پر بھی پڑوسیوں کو کوئی تکلیف نہیں پہنچانا چاہئے۔ لوگوں کو ماتم کرنے پر مجبور نہیں کرنا چاہئے اور نہ ہی اس رسم کو لوگوں کے لئے تکلیف دہ ہونا چاہئے"۔

(روزنامہ جنگ کراچی پیر ۱۹ محرم الحرام ۱۴۰۵ھ ۱۵ اکتوبر ۱۹۸۴ء)

ہندوپاک میں یہ ماتمی جلوس انگریزوں کے زمانے میں بھی نکلتے رہے اور "اسلامی جمہوریہ پاکستان" میں بھی ان کا سلسلہ جاری رہا۔ اہل سنت نے اکثر وبیشتر فراخدلی ورواداری سے کام لیا اور فضا کو پرامن رکھنے کی کوشش کی لیکن ان تمام کوششوں کے باوجود کبھی یہ بدعت فتنہ وفساد سے مبرا نہیں رہی۔ انگریزوں کے دور میں تو ان ماتمی جلوسوں کی اجازت قابل فہم تھی کہ "لڑاؤ اور حکومت کرو"۔ انگریزی سیاست کی کلید تھی۔ لیکن یہ بات ناقابل فہم ہے کہ قیام پاکستان کے بعد اس فتنہ وفساد کی جڑ کو کیوں باقی رکھا گیا جو ہر سال بہت سی قیمتی جانوں کے ضیاع اور ملک کے دو طبقوں کے درمیان کشیدگی اور منافرت کا موجب ہے؟ بظاہر اس بدعت سیئہ کو جاری رکھنے کے چند اسباب ہو سکتے ہیں۔ ایک یہ کہ ہمارے ارباب حل وعقد نے ان ماتمی جلوسوں کے حسن وقبح پر نہ تو اسلامی نقطہ نظر سے غور کیا اور نہ ان معاشرتی نقصانات اور مضرتوں کا جائزہ لیا جو ان تمام ماتمی جلوسوں کے لازمی نتائج کے طور پر سامنے آتے ہیں۔ ایک نظام جو انگریزوں کے زمانے سے چلا آتا تھا انہوں نے بس اسی کو جوں کا توں برقرار رکھنا

ضروری سمجھا اور اس میں کسی تبدیلی کو شان حکمرانی کے خلاف تصور کیا۔ عاشورائے محرم میں جو قتل وغارت اور فتنہ وفساد ہوتا ہے وہ ان کے خیال میں کوئی غیر معمولی بات نہیں جس پر کسی پریشانی کا اظہار کیا جائے یا اسے غور وفکر کے لائق سمجھا جائے' دوسرا سبب یہ کہ اہل سنت کی جانب سے ہمیشہ فراخ قلبی ورواداری کا مظاہرہ کیا گیا۔ اور ان شرانگیز ماتمی جلوسوں پر پابندی کا مطالبہ نہیں کیا گیا اور ہمارے حکمرانوں کا مزاج ہے کہ جب تک مطالبہ کی تحریک نہ اٹھائی جائے وہ کسی مسئلہ کو سنجیدہ غور وفکر کا مستحق نہیں سمجھتے۔

جناب صدر کراچی تشریف لائے اور مختلف طبقات سے ملاقاتیں فرمائیں سب سے پہلے شیعوں کو شرف باریابی بخشا گیا' آخر میں مولانا محمد بنوری' مولانا مفتی ولی حسن اور مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب کی باری آئی۔ مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی نے نہایت متانت وسنجیدگی اور بڑی خوبصورتی سے صورتحال کا تجزیہ پیش کیا۔ لیکن اہل سنت کی اشک شوئی کا کوئی سامان نہ ہوا۔

اہل سنت بجا طور پر یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ:

۱۔ ان ماتمی جلوسوں پر پابندی عائد کی جائے۔

۲۔ جن شرپسندوں نے قومی ونجی املاک کو نقصان پہنچایا ہے ان کو رہزنی وڈکیتی کی سزا دی جائے۔

۳۔ اہل سنت کے جن املاک کا نقصان ہوا ان کا پورا معاوضہ دلایا جائے۔

۴۔ اہل سنت کے جن رہنماؤں کو "جرم بے گناہی" میں نظر بند کیا گیا ہے ان کو رہا کیا جائے۔

## جھلی میں پیدا ہونے والا بچہ اور اسکی جھلی

س ...... بعض بچوں کی ولادت خواہ لڑکا ہو یا لڑکی ایک جھلی میں ہوتی ہے

جسے برقعہ بھی کہا جاتا ہے۔ بعض خواتین و حضرات کا کہنا یہ ہے کہ اس جھلی کو سکھا کر رکھ لیا جائے بہت نیک فال ثابت ہوتی ہے اور اس جھلی میں پیدا ہونے والا بچہ بھی بہت خوش نصیب ہوتا ہے قرآن و سنت کی روشنی میں فرمایئے کہ جھلی رکھ لینا درست ہے؟ پھینک دینا درست ہے؟ یا دفن کر دینا درست ہے؟

ج ...... یہ جھلی عموماً دفن کر دی جاتی ہے۔ اس کو رکھنے اور ایسے بچے کے خوش نصیب ہونے کا قرآن و حدیث میں کہیں ثبوت نہیں۔

## ماں کے دودھ نہ بخشنے کی روایت کی حقیقت

س ...... اولاد کے لئے ماں کے دودھ بخشنے کی جو روایات ہم ایک عرصے سے سنتے آئے ہیں، قرآن و حدیث کی روشنی میں اس کی کیا اہمیت ہے؟

حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ آج کل مائیں اولاد کی پرورش ڈبوں کے دودھ پر کرتی ہیں وہ کس طرح دودھ بخشیں گی؟

ج ...... دودھ بخشنے کی روایت تو کہیں میری نظر سے نہیں گزری، غالباً اس کا مطلب یہ ہے کہ ماں کا حق اتنا بڑا ہے کہ آدمی اس کو ادا نہیں کر سکتا۔ الا یہ کہ ماں اپنا حق معاف کر دے۔

## بچے کو دیکھنے کے پیسے دینا

س ...... فرسودہ رسم و رواج میں سے ایک رسم جو اکثر گھرانوں میں پائی جاتی ہے یہ ہے کہ جب کسی گھر میں بچے کی پیدائش ہوتی ہے تو تمام رشتے دار اسے دیکھنے کے لئے آتے ہیں لیکن بچے کو دیکھ لینے کے بعد ہر شخص پر یہ لازم ہو جاتا ہے کہ وہ اپنی حیثیت کے مطابق جیب سے نوٹ نکال کر نومولود بچے کے ہاتھ میں تھما دے کچھ ہی دیر بعد وہ نوٹ بچے کی ماں کے تکئے کے نیچے جمع ہو جاتے ہیں یہ آسمانی قانون کی طرح ایک پختہ رسم بن چکی ہے اور آج تک ہم نے کسی کو اس کی خلاف ورزی کرتے نہیں دیکھا جب بچے کی ماں کا چلہ پورا ہو جاتا ہے تو پھر

نوٹوں کی گنتی کی جاتی ہے اور نوٹوں کی تعداد کو دیکھتے ہوئے بچے کی خوش قسمتی یا بدقسمتی کے متعلق رائے قائم کی جاتی ہے یہ کاروبار کرنے کے لئے کئی گھرانوں میں بچے کی پیدائش کا بے چینی سے انتظار کیا جاتا ہے۔سوال یہ ہے کہ کیا اسلام میں ان فرسودہ رسم ورواج کی کوئی گنجائش موجود ہے؟

ج ...... نومولود بچے کی پیدائش پر اسے تحفہ دینا تو بزرگانہ شفقت کے زمرے میں آتا ہے' لیکن اس کو ضروری اور فرض واجب کے درجہ میں سمجھ لینا اور اس کو بچے کی نیک بختی یا بدبختی کی علامت تصور کرنا غلط اور جاہلانہ تصور ہے۔

## عید کارڈ کی شرعی حیثیت

س ...... عید کارڈ کا رواج ہمارے ہاں کب سے ہوا؟ اس کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ اس کی لکھائی چھپائی اور تقسیم پر جو لاکھوں روپیہ صرف ہوتا ہے کیا یہ اسراف بے جا نہیں؟ شاید یہ رسم قبیح بھی غیرملکی دور اقتدار کی نشانی ہے کیونکہ قیمتی کاغذ کی شکل میں لاکھوں روپیہ غیرملکوں کو چلا جاتا ہے اور غیرملکی آقاؤں کی دی ہوئی تعلیم کا حامل ہمارا تعلیم یافتہ طبقہ اس میں زیادہ حصہ لیتا ہے۔شادی کارڈ کی شکل میں صرف ہونے والا روپیہ بھی اس ذیل میں آتا ہے' ان کارڈوں کا خریدار بے تحاشہ روپیہ اس مد میں صرف کرتا ہے جبکہ مرسل الیہ کو کچھ بھی نہیں ملتا کیا عید کی مبارکباد سادہ خط میں نہیں دی جاسکتی؟

ج ...... یہ تو معلوم نہیں کہ عید کارڈ کی رسم کب سے جاری ہوئی' مگر اس کے فضول اور بے جا اسراف ہونے میں کوئی شبہ نہیں' اسی طرح شادی کارڈ بھی فضول ہیں' آپ کے خیالات قابل قدر ہیں۔

## جشن ولادت یا وفات؟

س ...... ہمارے ہاں ۱۲ ربیع الاول کو آنحضرت ﷺ کا یوم ولادت بڑے تزک

واحتشام سے منایا جاتا ہے' اس کی شرعی حیثیت کیا ہے نیز یہ جشن ولادت ہے یا وفات؟

ج ...... ہمارے یہاں ربیع الاول میں "سیرت النبی ﷺ" کے جلوسوں کا اہتمام کیا جاتا ہے اور "جشن عید میلاد النبی" بھی بڑی دھوم دھام سے منایا جاتا ہے۔ چراغاں ہوتا ہے۔ جھنڈیاں لگتی ہیں۔ جلسے ہوتے ہیں۔ جلوس نکلتے ہیں۔ ان تمام امور کو آنحضرت ﷺ کے حق محبت کی ادائیگی سمجھا جاتا ہے۔ اس سلسلہ میں اہل فکر کو اس بات پر غور کرنا چاہئے کہ آنحضرت ﷺ کی تاریخ ولادت میں مشہور قول ۱۲ ربیع الاول کا ہے' لیکن محققین کے نزدیک راجح یہ ہے کہ آپ کی ولادت ۸ ربیع الاول کو ہوئی۔ اور آپ کی وفات شریفہ راجح اور مشہور قول کے مطابق ۱۲ ربیع الاول کو ہوئی۔ گویا ربیع الاول کا مہینہ اور اس کی بارہ تاریخ صرف آپ کا یوم ولادت نہیں بلکہ یوم وفات بھی ہے۔ جو لوگ اس مہینے اور اس تاریخ میں "جشن عید" مناتے ہیں انہیں سو بار سوچنا چاہئے کہ کیا وہ اپنے محبوب ﷺ کی وفات پر تو "جشن عید" نہیں منا رہے؟ مسلمان بڑی بھولی بھالی قوم ہے' دشمنان دین کے خوشنما عنوانات پر فریفتہ ہو جاتی ہے۔ صفر کے آخری بدھ کو آنحضرت ﷺ کا مرض وفات شروع ہوا دشمنوں کو اس کی خوشی ہوئی اور اس خوشی میں مٹھائیاں بانٹنا شروع کیں۔ ادھر مسلمانوں کے کان میں چپکے سے یہ پھونک دیا کہ اس دن آنحضور سرور کون ومکان ﷺ نے "غسل صحت" فرمایا تھا اور آپ سیروتفریح کے لئے تشریف لے گئے تھے' ناواقف مسلمانوں نے دشمن کی اڑائی ہوئی اس ہوائی کو "حرف قرآن" سمجھ کر قبول کر لیا اور اس دن گھر گھر مٹھایاں بٹنے لگیں۔ جس طرح "یوم مرض" کو "یوم صحت" مشہور کر کے دشمنان رسول ﷺ نے خود حضور ﷺ کے امتی کہلانے والوں سے اس دن مٹھائیاں تقسیم کرائیں۔ اسی طرح آپ ﷺ کے "یوم وفات" کو "یوم میلاد" مشہور کر کے مسلمانوں کو اس دن "جشن عید" منانے کی راہ پر لگا دیا۔

شیطان اس قوم سے کتنا خوش ہو گا جو نبی کریم ﷺ کے مرض موت پر مٹھائیاں تقسیم کرتی ہے اور آپ ﷺ کی وفات کے دن "جشن" مناتی ہے؟ کیا دنیا کی کوئی غیرت مند قوم ایسی ہوگی جو اپنے مقتداو پیشوا کے یوم وفات پر "جشن عید" مناتی ہو؟ اگر نہیں، تو سوال یہ ہے کہ مسلمان "بارہ وفات" کو "جشن عید" کس کے اشارے پر مناتے ہیں۔ کیا اللہ تعالیٰ نے انہیں اس کام کا حکم دیا تھا؟ کیا رسول اللہ ﷺ دنیا سے تشریف لے جاتے ہوئے فرما گئے تھے کہ میری وفات کے دن کو "عید" بنا لینا؟ کیا خلفائے راشدین، صحابہؓ وتابعینؒ اور ائمہ مجتہدینؒ میں سے کسی نے اس دن "جشن عید" منایا؟ کیا حدیث وفقہ کی کسی کتاب میں مذکور ہے کہ "بارہ وفات" کا دن اسلام میں "عید" کی حیثیت رکھتا ہے اور یہ کہ اس دن مسلمانوں کو سرکاری طور پر چھٹی کرنی چاہئے اور "جشن عید" منانا چاہئے؟

"جشن عید" منانا روافض کے ماتم محرم کی تقلید ہے۔ اور کسی کی برسی منانا (خواہ پیدائش کی ہو یا وفات کی) خود خلاف عقل ودانش ہے، حضرت شاہ عبدالعزیز صاحبؒ "تحفہ اثنا عشریہ" میں تحریر فرماتے ہیں:

> نوع پانزدہم امثال متجددہ را یک چیز بعینہ دانستن۔ ولیں وہم خیلے بر ضعیف العقول غلبہ دارد حتیٰ کہ آب دریا وشعلہ چراغ وآب فوارہ را اکثر اشخاص یک آب ویک شعلہ خیال کنند، واکثر شیعہ در عادات خود منہمک لیں خیال اند، مثلاً روز عاشورا در ہر سال کہ بیاید آں را روز شہادت حضرت امام عالی مقام حسین علیہ السلام گمان برندواحکام ماتم ونوحہ وشیون وگریہ وزارے
>
> وفغان وبیقرارے آغاز نہند مثل زنان کہ ہر سال بر میت خود لیں عمل نمایند حالانکہ عقل بالبداہت میداند کہ زمان امر سیال غیر قارست ہرگز جز او ثبات وقرار ندا ردوا عادۂ معدوم محال وشہادت حضرت امام در روزے شدہ بود کہ این روز ازاں روز فاصلہ ہزار

ودوصد سال دارد لیں روزرا بآن روزچہ اتحاد وکدام مناسبت وروز عید الفطر وعید النحو را برین قیاس نباید کرد کہ در آں جامایہ سروروشادے سال بسال متجدد ست یعنی اداء روزہ رمضان واداۓ حج خانہ کعبہ کہ (شکر النعمة المتجددة) سال بسال فرحت وسرور نو پیدامے شود ولہذا اعیاد شرائع بریں وہم فاسد نیامدہ بلکہ اکثر عقلا نیز نوروز مہرجان وامثال لیں تجددات وتغیرات آسمانی راعید گرفتہ اند کہ ہر سال چیزے نو پیدامی شودوموجب تجدد احکام میباشد وعلی ہذا القیاس تعید بعید باباشجاع الدین وتعید بعید غدیر وامثال ذالک مبنی برہمیں وہم فاسدست از ینجامعلوم شد کہ روز نزول آیة (الیوم اکملت لکم دینکم) وروز نزول وحی وشب معراج راچرادر شرع عید قرارندادہ اند وعید الفطروعید النحور اقرار دادہ اند وروز تولد ووفات ہیچ نبے راعیدنگر دانیدند وچرا صوم یوم عاشورا کہ درسال اول بموافقت یہود آنحضرت ﷺ بجا آوردہ بودند منسوخ شد دریں ہمہ ہمیں سرست کہ وہم رادخلے نباشد بدون تجدد نعمت حقیقة سرورو فرحت نمودن یاغم وماتم کردن خلاف عقل خالص از شوائب وہم است۔ (تحفہ اثنا عشریہ فارسی ص ۳۵۱)

ترجمہ: نوع پانزدہم نئی نئی امثال کو ایک چیز بعینہ جاننا اور یہ وہم کرنا ضعیف العقول پر بہت غلبہ رکھتاہے یہاں تک کہ دریا کے پانی اور شعلہ اور چراغ اور آب فوارہ کو اکثر لوگ ایک آگ اور ایک شعلہ خیال کرتے ہیں۔ اکثرشیعہ ان خیالات کے عادتوں میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ مثلاً ہر سال دسویں محرم کی ہوتی ہے۔ ہر سال روز شہادت حضرت امام عالی مقام حسین علیہ السلام کاگمان کرتے ہیں اور احکام ماتم اور شیون اورگریہ وزاری اور فغان وبے قراری شروع کرتے ہیں عورتوں کی طرح کہ ہرسال اپنی میت پر یہ عمل کرتے ہیں حالانکہ عقل صریح جانتی ہے کہ زمانہ ہر سال کا غیر قار ہے یعنی

قرار نہ پکڑنے والا کوئی جز اس کا ثابت و قائم نہیں رہتا اور اس زمانہ کا لوٹانا بھی محال ہے۔اور شہادت حضرت امام ﷺ کی جس دن ہوئی اس دن سے اس دن تک فاصلہ گیارہ سو پچاس برس کا ہوا۔ پھر یہ اور وہ دن کیسے ایک ہو گیا اور کونسی مناسبت ہو گئی۔

عید الفطر اور عید قربان کو اس پر قیاس کرنا نہیں چاہئے کیونکہ اس میں خوشی اور شادی سال در سال نئی ہے یعنی روزے رمضان کے ادا کرنا اور حج خانہ کعبہ کا بجا لانا کہ شکر النعمة المتجدّدة (یعنی شکر ہے نئی نئی نعمت کا) سال در سال فرحت و سرور نیا پیدا ہوتا ہے۔ اسی واسطے عیدین شریعت کی اس وہم فاسد پر مقرر نہیں ہوئی ہیں۔ بلکہ اکثر عقلاء نے بھی نوروز اور مہرجان اور امثال اس کی نئی باتوں اور تغیر آسمانی کو خیال کر کے عید اختیار کی ہے کہ ہر سال ایک چیز نئی پیدا ہوتی ہے اس پر نئے نئے احکام کئے جاتے ہیں اور علیٰ ہذا القیاس تعید بعید با باشجاع الدین اور تعید بعید غدیر اور مثل ان کے سب کی بناء' وہم فاسد پر ہے اور اسی موقع سے معلوم ہوا کہ جس روز یہ آیت نازل ہوئی الیوم اکملت لکم دینکم اور جس دن وحی نازل ہوئی اور شب معراج' ان روزوں کو شرع میں کیوں نہیں عید ٹھہرایا ہے اور عید الفطر اور عید قربان کو عید ٹھہرایا وہ دن بھی تو بڑی خوشی کے تھے۔ایسے ہی کسی نبی کے تولد اور وفات کے دن کو عید نہ ٹھہرایا اور روزہ عاشوراء کا کہ اول سال یہود کی موافقت سے آنحضرت ﷺ نے رکھا تھا کیوں منسوخ ہوا۔ان سب باتوں میں یہی بھید تو ہے کہ وہم کو دخل نہ ہونے پائے بغیر کسی نئی نعمت حقیقہ کی فرحت اور سرور کا ہونا یا غم اور ماتم کرنا اس عقل کے خلاف ہے جو آمیزش وہم سے خالص ہے۔(ترجمہ تحفہ اثنا عشریہ ص ۲۶۷)

علاوہ ازیں اس قسم کے جشنوں میں وقت برباد ہوتا ہے۔ ہزاروں روپیہ

ضائع ہوتا ہے۔ نمازیں غارت ہوتی ہیں۔ نمود و نمائش ہوتی ہے۔ مردوں، عورتوں کا اختلاط ہوتا ہے۔ بے حجابی و بے پردگی ہوتی ہے۔ ذرا غور کیجئے کیا ان تمام باتوں کو آنحضرت ﷺ کی سیرت طیبہ اور آپ ﷺ کے اسوۂ حسنہ سے کوئی جوڑ ہے؟ اور آنحضرت ﷺ کے مقدس نام پر ان تمام چیزوں کو روا رکھنا کتنا بڑا ظلم ہے؟

آنحضرت ﷺ کی ولادت شریفہ اور آپ کا وجود سامی سراپا رحمت ہے (حق تعالیٰ شانہ کی مزید عنایت در عنایت یہ کہ ہمیں آنحضرت ﷺ کی امت میں شامل ہونے کا شرف عطا فرمایا۔ اللّٰهم فلك الحمد ولك الشكر ) مگر اس رحمت سے فائدہ اٹھانے والے وہی خوش قسمت ہیں جن کو آنحضرت ﷺ کی سنت و سیرت کو اپنانے اور آپ کے مقدس اسوۂ حسنہ پر گامزن ہونے کی توفیق ارزانی کی جاتی ہے کہ یہی آپ ﷺ کی تشریف آوری کا مقصد وحید ہے۔

آنحضرت ﷺ کا اسوۂ حسنہ ہر امتی کے لئے مینارہ نور ہے اور دین و دنیا کی فلاح آنحضرت ﷺ کی تعلیمات، آپ ﷺ کے اخلاق و عادات اور آپ ﷺ کے احکام و ارشادات کے اتباع پر موقوف ہے اور اس کی ضرورت صرف نماز روزہ وغیرہ عبادات تک محدود نہیں۔ بلکہ عقائد و عبادات معاملات و معاشرت، اخلاق و عادات اور شکل و شمائل الغرض زندگی کے ہر شعبہ کو محیط ہے۔

امت مسلمہ کے لئے آنحضرت ﷺ کے اسوۂ حسنہ کی پیروی کا التزام متعدد وجوہ سے ضروری ہے۔

اول: حق تعالیٰ شانہ نے بار بار تاکیدات بلیغہ کے ساتھ آپ ﷺ کی اطاعت و فرمانبرداری اور آپ ﷺ کے نقش قدم کی پیروی کا حکم فرمایا ہے بلکہ اپنی اطاعت و بندگی کو آنحضرت ﷺ کی اطاعت و اتباع کے ساتھ مشروط فرمایا ہے، چنانچہ ارشاد ہے:

"ومن یطع الرسول فقد اطاع اللہ." (النساء: آیت ۸۰)

دوم: ہم لوگ "لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ" کا عہد کرکے آپ ﷺ پر ایمان لائے ہیں اور ہمارے اس ایمانی عہد کا تقاضا ہے کہ ہم آنحضرت ﷺ کے ایک ایک فیصلے پر دل وجان سے راضی ہوں' آپ ﷺ کے ایک ایک حکم کی تعمیل کریں اور آپ ﷺ کی ایک ایک سنت کو اپنائیں۔ حق تعالیٰ شانہ کا ارشاد ہے۔

"فلاو ربك لا یومنون حتّٰی یحکموك فیما شجر بینھم ثم لا یجدوا فی انفسھم حرجاً مما قضیت ویسلّموا تسلیما."

(النساء: آیت ۶۵)

سوم: آنحضرت ﷺ ہر امتی کے لئے محبوب ہیں اور یہ محبت شرط ایمان ہے۔ارشاد نبوی ہے:

"والذی نفسی بیدہ لا یومن احدکم حتّٰی اکون احبّ الیہ من والدہ وولدہ والناس اجمعین."

(صحیح بخاری' کتاب الایمان باب حب الرسول ﷺ من الایمان)

اور محبت کا خاصہ ہے کہ ایک محبّ صادق اپنے محبوب کی ہر ہر ادا پر مرمٹتا ہے' اور اسے محبوب کی تمام ادائیں محبوب ہوتی ہیں۔ یہ نہ ہو تو دعویٰ محبت محض لاف وگزاف ہے۔پس ہماری ایمانی محبت کا تقاضا ہے کہ ہم آنحضرت ﷺ کے اسوۂ حسنہ کے سانچے میں ڈھل جائیں۔ آپ ﷺ کی ایک ایک ادا پر مرمٹیں۔ اور آپ ﷺ کی ایک ایک سنت کو زندہ کریں۔ اس کے بغیر ہمیں بارگاہ الٰہی سے محبت نبوی ﷺ کی سند نہیں مل سکتی۔

چہارم: آنحضرت ﷺ کی ذات گرامی کمال انسانیت کا نقطہ معراج ہے اور آپ ﷺ کی تمام ادائیں' تمام سنتیں اور آپ کا پورا اسوۂ حسنہ مظہر کمال بھی ہے اور مظہر جمال بھی پس جو شخص جس قدر آنحضرت ﷺ کی پیروی کرے

گا اور اسے جس قدر اسوۂ رسول اکرم ﷺ کی اقتدا و اتباع نصیب ہوگی اسی قدر کمال انسانیت سے بہرہ ور ہوگا۔ اور جس قدر اسے اسوۂ نبوی ﷺ سے بعد ہوگا اسی قدر وہ کمالات انسانیت سے گرا ہوا ہوگا۔ پس آنحضرت ﷺ کی ذات گرامی ''انسان کامل'' کے لئے معیار اور نمونہ کی حیثیت رکھتی ہے۔ پس نہ صرف اہل ایمان کو بلکہ پوری انسانیت کو لازم ہے کہ کمال انسانی کی معراج تک پہنچنے کے لئے اس ''انسان کامل'' ﷺ کے نقش قدم کی پیروی کرے۔ واللہ اعلم۔

یہ اس امت پر حق تعالیٰ شانہ کا احسان عظیم ہے کہ آنحضرت ﷺ محبوب رب العالمین ﷺ کے اسوۂ حسنہ کا مکمل ریکارڈ امت کے سامنے اس طرح موجود ہے کہ گویا آنحضرت ﷺ چلتے پھرتے' اٹھتے بیٹھتے اور سوتے جاگتے ہماری نظروں کے سامنے ہیں۔ آنحضرت ﷺ کے پاکیزہ شمائل اور احادیث کا مستند ذخیرہ موجود ہے اور ہر دور میں اکابر امت اور حضرات محدثین نے اسے اپنے اپنے انداز میں مرتب فرمایا ہے۔ تاکہ امت ہر شعبہ زندگی میں آنحضرت ﷺ کی ہدایات وارشادات سے واقف ہو' آپ ﷺ کے اقوال وافعال کی پیروی کو اپنا مقصد زندگی بنائے اور اسوۂ نبوی ﷺ کے قالب میں اپنی زندگی کے تمام شعبوں کو ڈھالے۔

موجودہ دور میں جبکہ سرور کونین ﷺ کی سنتوں سے مغایرت بڑھتی جارہی ہے اور مسلمان اپنے دین کی تعلیمات اور اپنے مقدس نبی ﷺ کے اسوۂ حسنہ کو چھوڑ کر غیروں کے طور طریقے اپنا رہے ہیں' اس بات کی شدید ضرورت ہے کہ مسلمانوں کو چند روزہ جشن منانے کے بجائے ان کی متاع گم گشتہ کی طرف بار بار بلایا جائے اور انہیں اسلامی تعلیمات اور سرکار دو عالم ﷺ کی سنتوں کی دعوت دی جائے' کیونکہ مسلمانوں کی دنیوی واخروی ہر طرح کی صلاح وفلاح اتباع سنت ہی میں مضمر ہے۔

# معاملات

## دفتر کی اسٹیشنری گھر استعمال کرنا

س ...... سرکاری ملازمین کو دفتروں میں جو اسٹیشنری ملتی ہے کبھی کام کم ہونے کی وجہ سے پوری طرح سرکاری استعمال میں نہیں آسکتی پھر دوسرے ماہ اور سامان مل جاتا ہے چنانچہ فاضل اسباب لوگ گھر لے جاکر بچوں کے استعمال میں دے دیتے ہیں کیا یہ تمام اشیا ملازمین کے ذاتی حقوق کی مد میں آتی ہیں اور ان کا ذاتی اور گھریلو استعمال اسلامی اصولوں کے مطابق جائز ہے یا نہیں؟

ج ...... سرکاری سامان کو گھر لے جانا درست نہیں۔ الاّ یہ کہ سرکار کی طرف سے اس کی اجازت ہو۔

## سرکاری کوئلہ استعمال کرنے کی بجائے اس کے پیسے استعمال کر لینا کیسا ہے؟

س ...... میں سرکاری ملازم ہوں ہمیں سردی کے موسم میں حکومت سے کوئلہ کیلئے بجٹ منظور ہوتا ہے یہ کوئلہ صرف سرد علاقوں کے لئے منظور ہوتا ہے چونکہ میں ضلع سوات میں ملازمت کرتا ہوں جو کہ انتہائی سرد علاقہ ہے اور جنوری سے لیکر مارچ تک یہاں بہت سردی ہوتی ہے اور ہمیں کوئلہ جلانا ان مہینوں میں درکار ہوتا ہے لیکن اس وقت حکومت ہمیں کوئی رقم مہیا نہیں کرتی اور پھر بعد میں جون کے مہینے میں ہمیں روپے ملتے ہیں۔اس کا طریقہ کار اس طرح ہے کہ حکومت ایک آدمی کو ٹھیکہ دیتی ہے کہ آپ ان سرکاری دفاتر کو کوئلہ

مہیا کریں لیکن ٹھیکیدار کوئلہ مہیا نہیں کرتا بلکہ وہ اپنے کاغذات میں واضح کرتا ہے کہ میں نے کوئلہ مہیا کیا اور دفتر میں حالانکہ نہ ٹھیکیدار کوئلہ مہیا کرتا ہے اور نہ ہی دفتروں میں کوئلہ جلایا جاتا ہے بلکہ جب جون کے مہینے میں بجٹ منظور ہوتا ہے تو ٹھیکیدار اس سے اپنا کمیشن لیتا ہے اور باقی روپے ہم آپس میں تقسیم کرتے ہیں۔ حالانکہ یہ رقم ہمیں کوئلہ کے لئے دی جاتی ہے اکثر لوگ کہتے ہیں کہ یہ رقم ہمارے لئے جائز ہے کیونکہ سردی کے دنوں میں ہم نے سردی برداشت کی اور اپنے لئے بچت کی لہٰذا اس میں کوئی حرج نہیں اور بعض کہتے ہیں کہ نقد حالت میں اس کا لینا جائز نہیں ہے کیونکہ ہم نے کوئلہ جلایا نہیں تو رقم کس چیز کی لیں گے؟ آپ حضرات فیصلہ کریں؟

ج ...... چونکہ بجٹ میں دیگر مصارف کے ساتھ اس مد میں بھی رقم رکھی جاتی ہے اور حکومت کی جانب سے اس کا باقاعدہ ٹھیکہ دیا جاتا ہے اور چونکہ ٹھیکیدار اس مد کی رقم سرکاری خزانہ سے وصول کرتا ہے' اس لئے اس رقم کا لینا صارفین کا حق ہے۔رہا یہ کہ ضرورت کے وقت کوئلہ مہیا نہیں کیا گیا اور آپ حضرات نے اس کے بغیر سردی کا موسم گزارا' یہ حکومت کی کارکردگی کا نقص ہے یا ٹھیکیدار کی نااہلی ہے۔ آپ لوگوں کو اس کے خلاف احتجاج کرنا چاہئے اور اس نظام میں جو خرابی ہے اس کی اصلاح کرانی چاہئے تاکہ ٹھیکیدار بروقت کوئلہ مہیا کرے بہرحال جب اس مد کی رقم سرکاری خزانے سے نکالی جاچکی ہے۔اس کا وصول کرنا آپ حضرات کیلئے صحیح ہے۔

## سرکاری گاڑی کا بے جا استعمال

س ...... میں ایک سرکاری ملازم ہوں۔عہدہ اور تنخواہ کے لحاظ سے مجھے کار رکھنے کا حق حاصل ہے حکومت کی طرف سے کار الاؤنس ۲۸۵ روپیہ ماہوار ملتا ہے لیکن میں اپنی گاڑی سے دفتر نہیں آتا ہوں دفتر آنے جانے کے لئے

سرکاری گاڑی استعمال کرتا ہوں جس کے لئے جواز یہ پیدا کرتا ہوں کہ سرکاری فائل لے جانی ہوتی ہے اس طرح سرکاری گاڑی کے استعمال پر تقریباً ۲ ہزار روپیہ ماہوار خرچ آتا ہے۔

آپ برائے کرم احتساب کے حوالہ سے بتائیے کہ ایک مسلمان ہوتے ہوئے کیا یہ کار الاؤنس لینا میرے لئے حلال ہے؟ دوسرے سرکاری گاڑی کا اس طرح جواز پیدا کر کے استعمال کرنا کہاں تک جائز ہے چونکہ میں اس دن سے ڈرتا ہوں جب احتساب کیا جائے گا۔ اس لئے خداوند کریم کی خوشنودی حاصل کرنے اور احتساب سے بچنے کے لئے مجھ کو کیا کرنا چاہئے؟

ج ...... اصول یہ ہے کہ سرکاری املاک کو انہی مقاصد کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے، جن کی سرکار کی طرف سے اجازت ہے آپ سرکاری گاڑی کے استعمال کو اس اصول پر منطبق کر لیجئے اگر کار الاؤنس کے ساتھ آپ کو سرکاری گاڑی کے استعمال کی اجازت نہیں تو یہ استعمال غلط اور لائق مواخذہ ہے۔

## سرکاری طبّی امداد کا بیجا استعمال

س ...... اکثر سرکاری اور نجی اداروں میں دوسری سہولتوں کے ساتھ طبّی سہولت بھی مفت فراہم کی جاتی ہے اور دیکھنے میں آیا ہے کہ ملازمین ان سہولتوں کا بے جا استعمال خصوصاً طبّی سہولت کا اس طرح کرتے ہیں کہ اپنی غلط بیانی سے بیماری بتا کر یا پھر ڈاکٹر کو بھی اس اسکیم میں شامل کر کے اپنے نام بہت ساری دوائیاں لکھوا لیتے ہیں اور پھر ان دوائیوں کو میڈیکل اسٹور والوں کو ہی بیچ کر سستے داموں میں ہی اپنی ضرورت کی کچھ اور چیزیں خرید لیتے ہیں' اور یہ کام اتنی جحت سے کیا جاتا ہے کہ اکثر ملازمین اسے اپنا حق سمجھتے ہیں اور اسے برائی کہنا ان کے لئے گالی دینے کے برابر بن جاتا ہے۔

مولانا صاحب ایسا مال جو کہ جھوٹ بول کر اور ادارے کو دھوکہ دے کر

حاصل کیا جائے رزق حلال کہا جا سکتا ہے اور اس کے بدلے میں جو مال حاصل کیا جائے جائز ہے؟

ج ...... آپ کے سوال کا جواب تو اتنا واضح ہے کہ مجھے جواب لکھتے ہوئے بھی شرم آتی ہے۔یہ تو ظاہر ہے کہ سرکاری یا نجی اداروں نے جو طبّی سہولتیں فراہم کی ہیں وہ بیماروں کے لئے ہیں۔اب جو شخص بیمار ہی نہیں اس کا ان مراعات میں کوئی حق نہیں اگر وہ مصنوعی طور پر بیمار بن کر علاج کے مصارف وصول کرتا ہے تو چند کبیرہ گناہوں کا ارتکاب کرتا ہے۔اول جھوٹ اور جعلسازی' دوئم ادارہ کو دھوکہ اور فریب دینا' سوم ڈاکٹر کو رشوت دیکر اس گناہ میں شریک کرنا' چہارم ادارے کا ناحق مال کھانا..... اور ان چاروں چیزوں کے حرام اور گناہ کبیرہ ہونے میں کوئی شبہ نہیں اور جس کمائی میں یہ چار گناہ شامل ہوں گے اس کے ناپاک' ناجائز اور بے برکت ہونے میں کیا شک ہے؟ اللہ تعالیٰ ہمارے مسلمان بھائیوں کو عقل اور ایمان نصیب فرمائے کہ وہ حلال کو بھی حرام کر کے کھاتے ہیں۔

## فارم لے کی فروخت شرعاً کیسی ہے؟

س ...... میں حال ہی میں سعودی عرب سے واپس آیا ہوں وہاں پر حکومت پاکستان کی طرف سے ہمیں ایک سہولت یہ ہے کہ جس کو بھی وہاں پر ۲ سال کا عرصہ گزر جاتا ہے اس کو گفٹ اسکیم مل جاتی ہے۔اس اسکیم کے تحت ہوتا یہ ہے کہ آپ اپنے خاندان کے کسی فرد کو ایک گاڑی گفٹ کر سکتے ہیں اس کے لئے ایک فارم جس میں یہ لکھنا ہوتا ہے کہ کتنا عرصہ آپ کو یہاں ہوا ہے اور کس کے نام گاڑی بھیج رہے ہیں پھر سفارتخانے سے تصدیق کروانی ہوتی ہے۔کچھ لوگ تو گاڑی بک کروا کر پاکستان گاڑی پہنچنے پر اس کو فروخت کر دیتے ہیں اور اکثریت یہ کرتی ہے کہ اس فارم کو پاکستان میں بیچ دیتے ہیں اور میرا بھی فارم بیچنے کا

ارادہ ہے تو دراصل میرے پوچھنے کا مقصد یہ ہے کہ فارم بیچنا جائز ہے یا نہیں اور اس سے حاصل شدہ رقم جائز ہے کہ ناجائز۔ اگر رقم ناجائز ہے تو کیا میں فارم کو ضائع کر دوں یا اس سے ملنے والی رقم کو کہیں اور خرچ کروں؟

ج ...... اس فارم کی حیثیت اجازت نامہ کی ہے اور اجازت نامہ قابل فروخت چیز نہیں اس لئے اس کی خرید و فروخت صحیح نہیں۔

## جعلی کارڈ استعمال کرنا

س ...... آج کل کالج کے کارڈ جو "کے 'ٹی 'سی" نے جاری کئے ہیں وہ جعلی بنتے ہیں ایسے کارڈ سے اصل کرائے کے جو پیسے بچتے ہیں وہ استعمال کرنا جائز ہے یا ناجائز؟

ج ...... جعلی کارڈ کا استعمال گناہ کبیرہ ہے اور یہ بد دیانتی اور خیانت کے زمرے میں آئے گا۔

اس طرح بعض لوگ ان کارڈوں کے ذریعہ ریل میں رعایتی ٹکٹ استعمال کرتے ہیں یہ بھی گناہ ہے' جو اس قسم کی حرکت کا ارتکاب کر چکے ہیں ان کو چاہئے کہ اس کے بدلے صدقہ کر دیں تاکہ بد دیانتی کا گناہ معاف ہو۔

## مالک کی اجازت کے بغیر چیز استعمال کرنا

س ...... عرض یہ ہے کہ ہمارا پیشہ دھوبی کا ہے' کسی کا کپڑا اس کی اجازت کے بغیر نہیں پہن سکتے یہ بات ہر آدمی جانتا ہے مگر ہمارے کاروبار میں اکثر یہ ہوتا ہے کہ اگر کسی صاحب پر زیادہ پیسے (ادھار) ہو گئے ہوں تو وہ اپنے کپڑے چھوڑ دیتے ہیں اور دوبارہ نہیں آتے جس کی وجہ سے ہمارے پیسے رک جاتے ہیں۔ تین مہینے کے بعد ہماری ذمہ داری ان کپڑوں پر سے ختم ہو جاتی ہے۔ ان تین مہینوں کے بعد کیا ہم ان کپڑوں کو پہن سکتے ہیں یا نہیں؟

ج ...... کپڑوں کے مالکوں کا تو آپ کو معلوم ہوتا ہے پھر ان کے مالکوں تک کیوں نہیں پہنچا سکتے۔ اگر مالک کا پتہ نہ ہو تو تین ماہ کے بعد وہ لقطے کے حکم میں ہے۔ لہٰذا مالک کی طرف سے صدقہ کر دیں اور نیت یہ رکھیں کہ اگر مالک آگیا تو اس کو قیمت دے دوں گا' اگر آپ مستحق ہیں تو خود بھی رکھ سکتے ہیں۔

## چوڑیوں کا کاروبار کیسا ہے؟

س ...... چوڑیوں کا کاروبار کرنا جائز ہے یا ناجائز؟ آج کل چوڑیوں کا کام فیشن میں شامل ہے اور دکان پر لیڈیز آکر خریدتی ہیں اور پہنتی بھی ہیں' مردوں سے عورتوں کا چوڑیاں پہننا ٹھیک تو نہیں ہے۔ مگر اس وقت ذہن بالکل پاک ماحول میں ہوتا ہے جب انسان اپنی روزی پر کھڑا ہوتا ہے۔ اس کا ذہن گندے خیالات کی طرف مائل نہیں ہوتا۔ کیا اس لحاظ سے یہ کام کرنا درست ہے یا نہیں اگر لیڈیز اپنا سائز دے کر چوڑیاں خرید لیں پھر یہ کام کیسا ہے ان سے آدمی لین دین کر سکتا ہے یا نہیں؟ مجھے امید ہے آپ اس پورے سوال کا جواب دے کر مجھے مطمئن کر دیں گے۔ میری خود کی چوڑیوں کی دکان ہے نماز بھی پڑھتا ہوں کیا اس کام کی کمائی حلال ہے؟ اس کام کی آمدنی سے انسان زکوٰۃ' خیرات دے سکتا ہے قبول ہوگی یا نہیں؟ جواب دیکر مشکور فرمائیں۔

ج ...... چوڑیوں کا فروخت کرنا تو جائز ہے لیکن نامحرم عورتوں کو چوڑیاں پہنانا جائز نہیں۔ دل اور ماحول خواہ کیسا ہی پاک ہو' یہ فعل حرام ہے۔ اگر عورت اپنے سائز کی چوڑیاں دے جائے اور آپ اس سائز کی بنا کر ان کے حوالہ کر دیں تو یہ جائز ہے۔

## مرد کیلئے سونے کی انگوٹھی بنانے والا سنار

س ...... سونے کی انگوٹھی وغیرہ لاکٹ چین مرد کے لئے استعمال کرنا جائز نہیں

ہے اگر کوئی بھائی ہم سے آرڈر پر بنوانا چاہے تو بنانے والے پر کوئی گناہ تو نہیں؟

ج ...... سونے کی انگوٹھی بنانا جائز ہے۔ مرد کو اس کا پہننا حرام ہے۔ اس لئے آپ گناہ گار نہ ہوں گے۔ لیکن اگر آپ مردانہ انگوٹھی بنانے سے انکار کر دیں تو بہت ہی اچھا ہے۔

## غیر شرعی لباس سینا شرعاً کیسا ہے

س ...... زید درزی کا کام کرتا ہے اس کے پاس زنانہ' مردانہ کپڑے سینے کے لئے آتے ہیں موجودہ دور کے مطابق اسے گاہک کی فرمائش کے مطابق ڈیزائن بنا کر دینا پڑتا ہے مثلاً زنانہ لباس تنگ' مردانہ پینٹ' پتلون' قمیص کالر والی وغیرہ تو کیا اس میں کاریگر بنا دینے کی وجہ سے گاہک کے ساتھ گناہ گار ہوگا یا نہیں؟

ج ...... ایسے لباس کا تیار کرنا جس سے مرد یا عورت کے اعضا مستورہ کی کیفیات' (اونچ نیچ) نظر آتی ہوں۔ صحیح نہیں' کاریگر پر پہننے کا اور تیار کرنے کا گناہ نہیں ہوگا لیکن اعانت کرنے کا گناہ ہوگا اس لئے بہتر ہے کہ ایسے لباس تیار کرنے سے احتراز کیا جائے لوگوں سے جھگڑے اور اعتراض سے بچنے کے لئے دکان میں لکھ دیا جائے کہ غیر شرعی لباس یہاں تیار نہیں ہوتا۔

## درزی کا مردوں کے لئے ریشمی کپڑا سینا

س ...... زید ایک ٹیلر ماسٹر ہے اور اوقات کار کے درمیان احکامات الٰہی کی پابندی اور نماز کے فرائض باقاعدگی سے ادا کرتا ہے کیا یہ پیشہ حلال روزی پر مبنی ہے؟ کیونکہ زید مردوں کے ریشمی کپڑے سیتا ہے جبکہ مرد کو ریشم پہننا منع ہے اب اگر مردوں کے کپڑے (جو کہ ریشم کے تار کے ہوتے ہیں) نہ سیئے گا تو گویا اپنی روزی کو لات مارے گا' اگر وہ سیتا ہے تو گناہ کے کام میں معاونت کا حصہ دار کہلاتا ہے۔

ج ...... خالص ریشم مردوں کے لئے حرام ہے لیکن مصنوعی ریشم حرام نہیں آج کل عام رواج اسی کا ہے' خالص ریشم تو کوئی امیر کبیر ہی پہنتا ہوگا۔ خالص ریشم کا کپڑا مردوں کے پہننے کے لئے سینا مکروہ تو ضرور ہے مگر درزی کی کمائی حرام نہیں۔

## لطیفہ گوئی و داستان گوئی کی کمائی کیسی ہے؟

س ...... ایک آدمی ہے جو لطیفہ گوئی' داستان گوئی وغیرہ کرکے کمائی کرتا ہے دوسرے لفظوں میں اس نے اس کام (لطیفہ گوئی وغیرہ) کو اپنا ذریعہ معاش بنا رکھا ہے کیا ایسے شخص کی کمائی حلال ہے یا حرام' ایسے شخص سے ہدیہ لینا جائز ہے' ایسا آدمی اس کمائی سے فریضہ حج ادا کر سکتا ہے' اگر ہدیہ لے لیا ہے تو پھر اس کو صرف کس طرح کیا جائے۔ آج کل تھیٹر ہال بنے ہوتے ہیں اور ان میں اسٹیج شو مثلاً ڈرامے' ناچ گانے وغیرہ ہوتے ہیں ایسے تھیٹر ہال کے مالک' اداکار' ہدایت کار وغیرہ کی کمائی حلال ہے یا حرام؟ اور کیا ایسی کمائی سے حج وغیرہ کیا جا سکتا ہے' کیا ایسے آدمی سے ہدیہ لیا جا سکتا ہے' اگر ہدیہ لے لیا ہے تو اس کو جائز کس طرح کیا جا سکتا ہے؟

ج ...... لطیفہ گوئی اگر جائز حدود میں ہو تو گنجائش ہے' مگر اس کو پیشہ بنانا مکروہ ہے۔ اسٹیج شو' ڈرامے' اور ناچ گانے کی کمائی حرام ہے ایسی کمائی سے حج کرنا ایسا ہے جیسے کوئی اپنے بدن اور کپڑوں پر گندگی مل کر کسی بڑے کی زیارت کے لئے اس کے گھر جائے۔

## دفتری امور میں دیانت داری کے اصول

س ...... دفاتر میں جس افسر کے ماتحت ہوتے ہیں اس سے ہم کم و بیش ایک دو گھنٹہ پہلے چلے جانے کی "مستقل" (روزانہ کی) اجازت لے سکتے ہیں تاکہ

دوسرے کام بھی نمٹائے جاسکیں جبکہ دفاتر میں کام زیادہ نہیں ہوتا اور جو ہوتا بھی ہے تو جلدی نمٹایا جاسکتا ہے یا اگلے روز بھی کیا جاسکتا ہے۔ اجازت ملنے پر اس عرصے کی تنخواہ جائز ہوگی جبکہ تنخواہ افسر نہیں حکومت دیتی ہے۔ افسر بھی کسی کا ماتحت ہوتا ہے اور وہ بھی کسی اور کا۔ اس طرح ہر کوئی کسی اور کا ماتحت ہے تو اجازت پر عمل پیرا اپنے افسر کے ہوں جس کے سامنے جوابدہی کرنی ہوتی ہے یا حکومت کے جس کو جوابدہی طلب نہیں کرنی ہوتی ہے (اس سوال کے ہر پہلو کا جواب دیں ورنہ تشنگی رہے گی)؟

ج ...... اس مسئلہ میں اصول یہ ہے کہ محکمہ کے قانون کے لحاظ سے دفتر کی حاضری کا ایک وقت مقرر ہے اور اسی کی ملازم کو تنخواہ دی جاتی ہے۔ اس لئے مقرر وقت سے غیر حاضری جائز نہیں اور غیر حاضری کے وقت کی تنخواہ بھی حلال نہیں۔ لیکن بعض استثنائی صورتیں ایسی ہوسکتی ہیں کہ ان پر قانون بھی لچک اور رعایت کا معاملہ کرتا ہے مثلاً کسی ملازم کو فوری طور پر جانے کی اچانک ضرورت پیش آگئی' ایسی استثنائی صورتوں پر افسر مجاز سے اجازت لیکر جانے کی گنجائش ہے' لیکن قبل از وقت جانے کا معمول بنالینا قانون کی نظر میں جرم ہے' اس لئے جو حضرات قبل از وقت دفتر سے جانے کا معمول بنالیتے ہیں ان کے لئے غیر حاضری کے اوقات کی تنخواہ حلال نہیں ہوگی۔ خواہ وہ افسر سے اجازت لیکر جاتے ہوں' اگر وہ ان اوقات کی تنخواہ لیں گے تو حرام کھائیں گے۔ اور ان کے ساتھ ان کو اجازت دینے والا افسر بھی گنہ گار ہوگا اور قیامت کے دن پکڑا ہوا آئے گا' رہی یہ صورت کہ دفتر کا سارا کام نمٹا دیا گیا اور اب ملازمین فارغ بیٹھے ہیں' کیا ان کو وقت ختم ہونے تک دفتر میں حاضر رہنا لازم ہے؟ یا یہ کہ وہ اس صورت میں افسر مجاز کی اجازت سے چھٹی کرسکتے ہیں' میرے خیال میں چونکہ دفاتر میں کام کارش رہتا ہے اور فائلوں کے ڈھیر لگے رہتے ہیں اس لئے یہ صورت پیش ہی نہیں آسکتی کہ ملازمین دفتر کا سارا کام نمٹا کر فارغ ہو

بیٹھیں۔ تاہم اگر شاذونادر ایسی صورت پیش آئے تو اس کے بارے میں بھی محکمہ قانون ہی سے دریافت کرنا چاہئے کہ آیا ایسی صورت میں بھی ملازمین کو وقت ختم ہونے تک دفتر کی پابندی لازم ہے یا وہ کام ختم کرکے گھر جانے کے مجاز ہیں؟ اگر قانون ان کو ایسی حالت میں گھر جانے کی اجازت دیتا ہے تو اس وقت کی غیرحاضری کی تنخواہ ان کے لئے حلال ہوگی اور اگر قانون اجازت نہیں دیتا تو تنخواہ حلال نہیں ہوگی۔ البتہ اگر کسی ملازم کے ذمہ متعین کام ہے اور اس سے یہ کہہ دیا گیا ہے کہ تمہیں یہ کام پورا کرنا ہے خواہ یہ مقررہ کام تھوڑے وقت میں کرو یا زیادہ میں، تو اس کو کام پورا کرکے جانے کی اجازت ہوگی۔

س ...... دفتری اوقات میں جب کوئی کام نہ ہو تو سیٹ چھوڑ کر یا ادھر ادھر جاسکتے ہیں۔ لائبریری، کینٹین یا آفس سے باہر کسی ذاتی کام سے آخر ٹوائلٹ وغیرہ کیلئے تو سیٹ چھوڑنی پڑتی ہے؟

ج ...... اوپر اس کا جواب بھی آچکا ہے اگر قانون سیٹ چھوڑنے کی اجازت دیتا ہے تو کوئی حرج نہیں، ورنہ بغیر ضرورت کے سیٹ چھوڑنا جائز نہیں ہوگا۔

س ...... آفس ٹائم صبح ۸ سے ۳۰-۲ ہے مگر انچارج نے ۹ سے ۳۰-۲ تک آنے کو کہا ہے اور خود بھی ۹ بجے آتے ہیں تو بات انچارج کی مانی جائے جو ہم سے کام لیتا ہے یا حکومت کی جو تنخواہ دیتی ہے اور جس نے وقت مقرر کیا ہے؟

ج ...... قانون کی رو سے انچارج کی یہ بات غلط ہے۔ اس پر عمل جائز نہیں اور اتنے وقت کی تنخواہ حلال نہیں ہوگی۔

س ...... جس افسر نے ۹ سے ۳۰-۲ بجے تک کا وقت مقرر کیا وہ چلے گئے ان کی جگہ دوسرے آئے مگر انہوں نے کچھ بھی اس سلسلے میں نہ کہا اور وہ بھی ۹ بجے آتے ہیں تو بات اسی پہلے والے افسر کی چلتی رہے گی یا خود کوئی وقت مقرر کر لیں؟

ج ...... قانون کے خلاف نہ پہلے کو اجازت ہے نہ دوسرے کو۔ ہاں قانون ان

افسروں کو اس رعایت کی اجازت دیتا ہو تو ان کی بات پر عمل کرنا جائز ہے۔ ورنہ وہ افسر بھی خائن ہوں گے اور ان کی بات پر عمل کرنے والے ملازم بھی۔

س ...... دفتری وقت صبح ۸ سے ۳۰-۲ تک ہے مگر افسران اور ماتحت سب ۹ بجے آتے ہیں اور کام بھی ۹ بجے سے شروع ہوتا ہے تو ۸ بجے سے آکر کیا کریں؟

ج ...... دفتر آکر بیٹھ جائیں اور تنخواہ حلال کریں۔

س ...... آدھا گھنٹہ یا ایک گھنٹہ دفتری اوقات سے دیر سے پہنچیں مگر یہ وقت چھٹی ہو جانے پر دفتر میں رہ کر پورا کریں تو شروع کے آدھا گھنٹہ یا ایک گھنٹہ غیر حاضر رہنے سے اس وقت کی تنخواہ ناجائز ہو جائے گی یا وقت پورا کر دینے سے جائز ہو جائے گی؟

ج ...... جی نہیں، دفتر کا جو وقت مقرر ہے اس میں خیانت کر کے زائد وقت میں کام نمٹانے سے تنخواہ حلال نہیں ہوگی۔

س ...... جب معلوم ہو کہ اب کوئی کام ہی نہیں ہے تو واپس جاسکتے ہیں جبکہ چھٹی کا وقت نہ ہوا ہو؟

ج ...... اس کا جواب اوپر آچکا ہے کہ اگر آپ کے ذمہ مقررہ وقت کی پابندی نہیں، بلکہ معین کام پورا کرنے کی پابندی ہے تو کام پورا کرنے کے بعد آپ آزاد ہیں اور اگر آپ کے ذمہ وقت پورا کرنے کی پابندی ہے خواہ کام ہو یا نہ تو آپ نہیں جاسکتے۔

س ...... اگر کسی دن ذاتی کام ہو تو افسر سے اجازت لے کر جاسکتے ہیں اور اس دن کے بقیہ وقت کی تنخواہ جائز ہوگی؟

ج ...... اگر غیر قانونی طریقہ پر چھٹی کی تو تنخواہ حلال ہونے کا کیا سوال۔

س ...... نماز یا لنچ کیلئے جو وقفہ ملتا ہے اس دوران دفتر میں اپنی سیٹ پر بیٹھے رہیں چاہے کوئی کام ہو یا نہ ہو اور اس طرح سے نماز یا لنچ کیلئے ملنے والے اس وقفے

کے برابر پہلے جاسکتے ہیں؟ یعنی اگر یہ وقفہ آدھا گھنٹہ کا ہو تو چھٹی کے مقررہ وقت سے آدھا گھنٹہ پہلے جاسکتے ہیں؟

ج ...... جی نہیں' یہ وقفہ ضروریات پوری کرنے کا ہے کام کا وقت نہیں' اوقات کار کے بدلے میں آپ اس وقت کام کرکے بری الذمہ نہیں ہوسکتے۔

س ...... نماز بعد میں پڑھ سکتے ہیں کیونکہ دفتر میں اندرونی کپڑے بدلنے میں کافی دقت ہوتی ہے جو کہ پیشاب کے بعد یا ویسے بھی قطرے آجانے سے خراب ہو جاتے ہیں؟

ج ...... نماز کو اگر اس کے مقررہ وقت سے موخر کریں گے تو اللہ تعالیٰ کے مجرم اور اپنی ذات سے خیانت کے مرتکب ہوں گے۔ آپ ایسا لباس پہن کر کیوں جائیں جس کے ساتھ نماز نہیں پڑھ سکتے۔ یا جس کو نماز کے لئے بدلنے کی ضرورت پیش آئے۔

س ...... دفتری کاغذ، قلم و دیگر اشیا کو ذاتی استعمال میں لاسکتے ہیں جبکہ استعمال میں لانے پر کوئی روک ٹوک نہیں؟

ج ...... اگر حکومت یا محکمہ کی طرف سے اجازت ہے تو دفتری اشیا کو ذاتی استعمال میں لاسکتے ہیں ورنہ نہیں۔

س ...... ملازمت ملنے سے پہلے معائنہ کرانا ہوتا ہے جو لوگ معائنہ کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ چائے پانی کے پیسے لاؤ۔ اگر نہیں دیا جاتا تو کوئی رکاوٹ کھڑی کر دیتے ہیں جس کا نتیجہ بے روزگاری میں نکلے گا۔ اگر ہم مجبور ہوں یا اپنی خوشی سے ان لوگوں کا حق یا محنت سمجھ کر بے روزگاری سے بچنے کیلئے انہیں پیسے دے دیں تو یہ رشوت ہوگی؟

ج ...... رشوت خنزیر کی ہڈی ہے اور رشوت لینے والے سگان خارشتی یا سگان دیوانہ ہیں اگر وہ اس حرام کی ہڈی کے بغیر گزند پہنچاتے ہیں تو مجبوری ہے۔

س ...... جس افسر نے سفارش کرکے ملازمت دلوائی اس کے بعد اب وہ کہتے

ہیں کہ اس خوشی میں ہماری دعوت کرو اور کچھ غیر حاضریوں کو حاضری لگا دینے کی خوشی میں بھی۔ جبکہ کام کرنے سے پہلے کوئی معاہدہ نہ تھا۔ اب ان کی دعوت کرنے پر یہ رشوت ہوگی؟

ج ...... سفارش کا معاوضہ رشوت ہے۔

## ڈرائنگ ماسٹر کی ملازمت شرعاً کیسی ہے؟

س ...... میرا بھائی بہترین آرٹسٹ ہے ہم اسے ڈرائنگ ماسٹر بنانا چاہتے ہیں بعض لوگ کہتے ہیں کہ آرٹ ڈرائنگ اسلام میں ناجائز ہے وضاحت کریں کہ ڈرائنگ ماسٹر کا پیشہ اسلام میں درست ہے یا غلط؟

ج ...... آرٹ ڈرائنگ بذات خود تو ناجائز نہیں البتہ اس کا صحیح یا غلط استعمال اس کو جائز یا ناجائز بنا دیتا ہے، اگر آپ کے بھائی جاندار چیزوں کے تصویری آرٹ کا شوق رکھتے ہیں تو پھر یہ ناجائز ہے اور اگر ایسا آرٹ پیش کرتے ہیں جس میں اسلامی اصولوں کی خلاف ورزی نہیں ہوتی تو جائز ہے۔

## جعلی سرٹیفکیٹ کے ذریعہ حاصل شدہ ملازمت کا شرعی حکم

س ...... ایک شخص کسی نہ کسی طرح ایک تجربہ کا سرٹیفکیٹ بنواکر باہر ملک جاکر کام کرتا ہے حقیقت میں اس پوسٹ پر اس نے کام نہیں کیا لیکن اپنے آپ کو اس پوسٹ کا اہل کہتا ہے۔ قانون کی نظروں میں تو وہ مجرم ہے لیکن شریعت اور اسلامی اصولوں پر اگر اس شخص کی کمائی کو پرکھیں تو وہ کمائی جائز ہے یا نہیں؟

ج ...... جس منصب پر اسے مقرر کیا گیا ہے اگر وہ اس کام کی پوری صلاحیت رکھتا ہے اور کام بھی پوری دیانتداری سے کرتا ہے تو اس کی کمائی حلال ہے، البتہ وہ جھوٹ اور غلط کاری کا مرتکب ہے اور اگر وہ اس کام کا اہل نہیں یا اہل ہے مگر کام دیانتداری سے نہیں کرتا تو کمائی حلال نہیں۔

## نقل کرکے اسکالرشپ کا حصول اور رقم کا استعمال

س ...... کسی طالب علم کو اسکول یا کالج کی طرف سے اسکالرشپ کی رقم ملی اور وہ اسکالرشپ کی رقم اس کو اچھے نمبر حاصل کرنے کی وجہ سے ملی اور وہ اچھے نمبر اس نے امتحان میں نقل کرکے حاصل کئے۔ اس رقم کی شرعی حیثیت کیا ہوئی؟ اگر ناجائز ہے تو اس کو کسی دینی کام میں لگا سکتے ہیں یا نہیں؟

ج ...... اگر اس کو نقل کرنے کی وجہ سے انعام ملا تو یہ شخص انعام کا مستحق نہیں۔ اس نے دھوکے سے انعام حاصل کیا اور دھوکے سے جو رقم حاصل کی جائے وہ حرام ہے اور حرام روپیہ کسی دینی کام میں لگانا جائز نہیں' اس شخص کو چاہئے کہ وہ اپنے اس فعل پر ندامت کے ساتھ توبہ کرے اور یہ رقم کسی محتاج کو بغیر نیت صدقہ کے دیدے۔

## امتحان میں نقل لگاکر پاس ہونے والے کی تنخواہ کیسی ہے؟

س ...... ایک شخص جو کہ سرکاری ملازم ہے۔ بی اے کا امتحان پڑھے بغیر نقل کرکے امتحان دیتا ہے اور پاس ہو جاتا ہے آفس میں اس کی ترقی ہوتی ہے اور تنخواہ میں اضافہ ہوتا ہے کیونکہ اس نے بی اے پاس کر لیا ہے تو آیا اس کے اضافی ترقی کے پیسے جائز ہیں کہ نہیں؟

ج ...... اگر اس کی بی' اے پاس کی استعداد نہیں تو اس کی اضافی تنخواہ جائز نہیں اور اگر استعداد ہے تو جائز ہے۔

س ...... اگر اس نے کچھ امتحان کی تیاری کی اور کچھ نقل کی اور پاس ہو گیا تو اس کے ترقی کے پیسے جائز ہوئے کہ نہیں۔

ج ...... وہی اوپر والا جواب ہے۔

## گیس، بجلی وغیرہ کے بل جان بوجھ کر لیٹ بھیجنا

س ...... ہمارے معاشرے میں لوٹ کھسوٹ اور رقم بٹورنے کا رواج اتنا عام ہو

گیا ہے کہ اب سارے سرکاری ادارے بھی ان میں شامل ہو گئے ہیں۔ سرکاری اداروں نے اب یہ طریقہ کار بنالیا ہے کہ بجلی گیس وغیرہ ہر قسم کے واجبات کے بل جب صارفین کو بھیجے جاتے ہیں تو ان پر لکھا ہوتا ہے کہ فلاں تاریخ تک بل کی رقم ادا کر دیں۔ ورنہ لیٹ فیس یعنی سرچارج جرمانہ ۵ سے ۲۰ فیصد تک اضافی ہو گا۔ اب ایسے تمام بل بذریعہ ڈاک تقسیم ہوتے ہیں۔ جو اکثر وبیشتر ادائیگی کی تاریخ نکل جانے کے بعد ہی صارف کو پہنچتے ہیں۔ یا پہلے ملتے ہیں تو بھی ایک یا دو دن باقی ہوتے ہیں جبکہ ان دنوں صارف گھر پر موجود نہیں ہوتا' بینک کی چھٹی ہوتی ہے وغیرہ وغیرہ یعنی نتیجۃً ایک بڑی تعداد بلوں کی مقررہ تاریخ کے بعد جمع ہونے کی وجہ سے مع لیٹ فیس ماہانہ جمع ہوتے ہیں۔

آپ شریعت کے مطابق فتویٰ دے کر مشکور فرما دیں کہ:

۱...... کیا رقم کی وصولی میں لیٹ فیس یا سرچارج وصول کرنا جائز ہے؟ ایسی فالتو رقم وصول کی ہوئی حلال ہو گی؟

۲...... کیا حکومتی اداروں کے علاوہ دوسرے افراد یا ادارے بھی یہ طریقہ وصولی اختیار کر سکتے ہیں جس میں ادھار کی رقم اگر مقررہ تاریخ کو نہ وصول ہو' تو من مانا سرچارج جرمانہ وصول کریں اور آیا ایسی فالتو بٹوری ہوئی رقم وصول کنندہ کے لئے حلال تصور ہو گی؟

۳...... کیا ایسی رقم جو بلوں میں ناجائز طور پر چارج کی جاتی ہے اور صارف ان کو حق بجانب نہیں سمجھتا اور محکمہ کے عمال زبردستی چارج کر لیتے ہیں حکومت کے لئے حلال ہو گی؟

ہمارا اسلامی ملک ہے یہاں ہر وقت نظام مصطفیٰ کا مطالبہ رہتا ہے حلال کی کمائی بنیادی شرط ہے لیکن سرکاری خزانہ میں اکثر ایسی رقم جاتی ہے جو عوام سے بے جواز وجوہات پر زبردستی وصول کر لی جاتی ہے اب آپ اس سلسلہ میں واضح فتویٰ دیں۔

ج ...... آپ نے جو شکایت لکھی ہے اگر صارف کو اس کا تجربہ ہے اور جب بل ایسے وقت پہنچایا جائے کہ بروقت جمع کرانا ممکن نہ ہو تو اس پر لیٹ فیس وصول کرنا صریحاً ظلم ہے اور ناجائز ہے۔ متعلقہ اداروں کو اس پر توجہ کرنی چاہئے اور ناجائز استحصال سے احتراز کرنا چاہئے۔

## مسجد کی بجلی سے چلنے والی موٹر کا پانی استعمال کرنا

س ...... ہمارے گاؤں کی مسجد میں کنواں ہے جس سے عام لوگ پینے کے لئے' کپڑے دھونے کے لئے اور قریب کسی نے مکان تعمیر کرنا ہو تو اس میں سے پانی استعمال کرتے ہیں چونکہ اس میں پانی نکالنے والی مشین لگی ہوئی ہے مسجد کی بجلی بھی خرچ ہوتی ہے آپ سے عرض ہے کہ اس کا پانی استعمال کرنا جائز ہے یا ناجائز؟ پھر جن لوگوں نے استعمال کیا ہے ان کے لئے کیا حکم ہے آئندہ استعمال کرنے کے لئے روکیں یا کیا کریں؟

ج ...... جن لوگوں کے چندے سے یہ مشین لگائی گئی ہے اگر انہوں نے عام لوگوں کو اس کنویں سے پانی لینے کی اجازت دی ہو (خواہ لفظاً یا حالاً) تو جائز ہے۔

## ناجائز کام کا جواب دار کون ہے افسر یا ماتحت؟

س ...... فرض کریں کوئی بھی سرکاری محکمہ کا افسر اپنے زیردست سرکاری ملازم کو ناجائز کام کرنے کا حکم دیتا ہے تو کیا وہ زیردست سرکاری ملازم اپنے سرکاری اعلیٰ افسر کا حکم مانے' اگر وہ زیردست سرکاری ملازم اپنے سرکاری اعلیٰ افسر کا حکم مانتا ہے تو کیا قیامت کے روز یعنی (حشر کے دن) اس ناجائز کام کا حساب سرکاری اعلیٰ افسر سے ہو گا یا اس کے زیردست سرکاری ملازم سے؟

ج ...... یہ دونوں مجرم ہیں' اعلیٰ افسر ناجائز کام کا حکم دینے کی وجہ سے گرفتار ہو

کر آئے گا اور اس کا ماتحت ناجائز کام کرنے کی وجہ سے۔

## اس سال کا بوائز فنڈ آئندہ سال کے لئے بچالینا

س ...... بکر ایک پرائمری اسکول کا ہیڈ ماسٹر ہے اس کو ہر سال بچوں کے ذریعہ ۵۰۰۰ (پانچ ہزار) روپے بوائز فنڈ ملتا ہے اور بوائز فنڈ کی مد کے اخراجات سے جو رقم بچ جاتی ہے وہ دوسرے تعلیمی سال کے فنڈ میں جمع کر دیتا ہے سوال یہ ہے کہ یہ رقم تو پچھلے سال کے بچوں کا حق ہے اور قانوناً اس کو اسی سال خرچ بھی کر دینا چاہئے تو کیا جو بچے اسکول چھوڑ کر جاتے رہے' ان کے تعلیمی سال کا فنڈ دوسرے بچوں پر خرچ کیا جاسکتا ہے کہ نہیں؟

ج ...... اگر اس نے طالب علموں کی ضروریات پوری کرنے میں بخل سے کام لیا تب تو گناہ گار ہوگا ورنہ جو رقم بچ جائے اسے آئندہ سال کے فنڈ میں جمع کرنا ہی چاہئے۔

## پڑوسی سے بجلی کا تار لینا

س ...... بجلی کا میٹر ملنا مشکل ہے پڑوسی کے پاس میٹر ہے اس سے بجلی کا تار لے سکتے ہیں؟

ج ...... بجلی کی کمپنی کو اگر اس پر اعتراض نہ ہو تو جائز ہے۔

## اپنی کمائی کا مطالبہ کرنے والے والد و بھائی کا خرچہ کاٹنا

س ...... تقریباً ۷ سال پہلے میں نے اپنے والدین اور چھوٹے بھائی کو بھی سعودی عرب بلوالیا والد صاحب نے ۴ سال اور بھائی صاحب نے ۲ سال ایک اسٹور میں کام کیا۔ ان کی رہائش و خوراک ہمارے ساتھ ہی تھی۔ میرے بیوی بچے

بھی یہاں میرے پاس ہی مقیم تھے۔ والد صاحب اور بھائی صاحب کی تنخواہ میرے پاس ہی جمع رہتی تھی۔ دوران قیام جتنی بھی ان کی ضروریات تھیں یا لوازمات زندگی وہ پوری ہوتی رہیں۔ گاہے بگاہے وہ کچھ رقم لیتے بھی رہے۔ جو کہ میں اپنے پاس لکھتا رہا۔ اس کے علاوہ ان کے ویزہ' ٹکٹ کا خرچہ' والدہ کا زیور' بھائی کی شادی بھی میں نے کی اس کی شادی اور زیور کا خرچ اور حج کے اخراجات (والد صاحب نے ۲ حج کئے ہیں) اور خوراک کا خرچہ وغیرہ بھی ہوا۔ جو کہ سب تحریر ہے۔ تین سال پہلے بھائی اور والد واپس چلے گئے۔ ابھی تک ان کی کفالت میں ہی کرتا ہوں بھائی کے ۲ بچے بھی ہوگئے ہیں مگر وہ سب میرے ہی مکان میں رہتے ہیں میرے والد صاحب کا مکان علیحدہ ہے جو کہ ان کے نام ہے مگر ان کی رہائش میرے ہی ساتھ ہے۔ اب ایک سال سے والد صاحب مجھ سے تقاضا کر رہے ہیں۔

سعودی عرب میں قیام کے دوران ان کی اور چھوٹے بھائی کی کمائی جو انہوں نے کی ہے وہ سب مانگ رہے ہیں میں نے انہیں لکھا کہ اس دوران آپ لوگوں پر کچھ اخراجات بھی ہوئے ہیں لہٰذا وہ کٹوتی کر کے باقی دے دوں گا۔ جو کچھ بھی خرچ ہوا اس کا حساب کر کے میں نے ان کو تحریر کر دیا۔ مگر وہ میری اس بات سے ناراض ہو گئے کیا میں نے ان سے زیادتی کی ہے یا ظلم کیا ہے انہوں نے مجھے جواباً ظالم' نافرمان' جہنمی لکھا ہے کیا ایک آدمی جو کماتا ہے اس کی اپنی کمائی سے خرچ کا حق ہوتا ہے یا نہیں۔ پہلے وہ سب رقم مانگ رہے تھے اب میرے لکھنے پر انہوں نے لکھا ہے کہ خوراک کا جو کاٹا ہے وہ واپس کرو ورنہ لعنتی دوزخ میں جاؤ گے۔ اگر وہ میرے پاس نہ رہتے دوسرے شہر میں کام کرتے تو تب اپنی خوراک و رہائش کا بندوبست و خرچہ ان کو خود کرنا تھا یا نہیں۔ شرعی طور پر کیا صحیح ہے؟

وہ کہتے ہیں کہ اپنا مکان میرے نام رجسٹرڈ کرادو اور اپنا بینک اکاؤنٹ بھی

میرے نام ٹرانسفر کرا دو۔ ساتھ ہی ایک حدیث کا حوالہ دیا ہے۔

ج ...... ان کا یہ مطالبہ شرعاً جائز نہیں اور حدیث کا اس موقع پر حوالہ دینا بھی غلط ہے۔ حدیث اس صورت سے متعلق ہے جب کہ باپ محتاج ہو' اس صورت میں وہ اپنے بیٹے کے مال سے بقدر ضرورت لے سکتا ہے۔

گھر میں جو اخراجات ہوتے رہے آپ ان سے حصہ رسدی وصول کرنے کے حق دار ہیں' لیکن اگر آپ خوراک کے اخراجات اپنے حصہ میں ڈال لیں۔ ان سے وصول نہ کریں تو والد صاحب کی ناراضگی دور ہو سکتی ہے اور یہ آپ کیلئے موجب سعادت ہو گا۔ خلاصہ یہ کہ آپ قانوناً یہ اخراجات ان سے وصول کر سکتے ہیں' لیکن مروت کا تقاضا یہ ہے کہ ان سے کھانے کے اخرجات وصول نہ کریں۔

## قرضہ کی نیت سے چوری کر کے واپس رکھنا

س ...... ایک آدمی کچھ پیسے ادھار لینے کی نیت سے چوری کرتا ہے کہ بعد میں رکھ دوں گا اور اپنی ضرورت پوری ہونے کے بعد وہ واپس چوری کئے ہوئے پیسے رکھ دیتا ہے تو کیا اسے سزا ملے گی کہ اس نے پیسے نکالے ہی کیوں؟

ج ...... چوری کرنے میں دو قصور ہیں ایک اللہ تعالیٰ کا' کہ اس کے حکم کے خلاف کیا' دوسرا بندے کا' کہ اس کے مال کا نقصان کیا' چوری کے پیسے واپس کر دینے سے بندے کا حق تو ادا ہو گیا لیکن اللہ تعالیٰ کا جو قصور کیا تھا وہ گناہ اس کے ذمہ رہا وہ توبہ واستغفار سے معاف ہو گا۔

## گمشدہ چیز کی تلاش کا انعام لینا

س ...... میری چچی کا لاکٹ گھر میں گم ہو گیا اور وہ لاکٹ میری رشتے کی بہن کو مل گیا مگر اس نے پیسوں کے لالچ میں وہ چھپا لیا جب چچی نے کہا کہ جو لاکٹ لا

کر دے گا اسے ۱۰ روپے دیئے جائیں گے تو اس نے وہ لاکٹ چچی کو دیکر ۱۰ روپے لے لئے اب آپ یہ بتائیں کہ یہ دس روپے اس کے لئے حلال ہیں یا حرام؟

ج ...... اگر اس نے واقعی چرایا تھا تو اس کے لئے یہ روپے لینا جائز نہیں۔

## شراب و خنزیر کا کھانا کھلانے کی نوکری جائز نہیں

س ...... میں بطور میس بوائے (بیرے) کے کام کرتا ہوں جس میں مجھے خنزیر کا گوشت اور شراب بھی روزانہ کھانے کی میزوں پر لگانا پڑتی ہے' مسئلہ یہ ہے کہ کیا اس کی اجرت جو ہم کو ملتی ہے وہ جائز ہے یا ناجائز؟ اسلام میں کونسی کمائی حلال اور کونسی حرام ہے' مختصر سی تشریح فرما دیں۔

ج ...... شراب اور خنزیر کا گوشت جس طرح کھانا جائز نہیں' اسی طرح کسی کو کھلانا بھی جائز نہیں۔ اور ایک مسلمان کے لئے ایسی نوکری بھی جائز نہیں' جس میں کوئی حرام کام کرنا پڑے۔

## سور کا گوشت پکانے کی نوکری کرنا

س ...... میں تمام عمر یہ سنتا آیا ہوں کہ سور کا گوشت کھانا حرام ہے' بالکل صحیح ہے۔ یہ سننے میں آیا ہے کہ سور جس جسم کے حصے پر لگ جائے وہ حصہ ناپاک ہو جاتا ہے۔ محترم جناب ہم تو باورچی ہیں جب تک سور کے گوشت کو کاٹیں گے نہیں' دھوئیں گے نہیں اور پکائیں گے نہیں تو انگریز ہمیں نوکری کیا دیں گے جب کہ نمک چکھنے اور ذائقہ کی بات باقی ہے۔ اگر انگریز کے پاس (یعنی نوکری میں) سور کا گوشت نہیں پکاتے تو انگریز مذاق اڑاتے ہیں کیونکہ ہمارے پاکستانی بھائی وہاں پر شراب' زنا جیسی چیزوں کی پرواہ نہیں کرتے بلکہ شراب مانگ لیتے ہیں انگریزوں سے اور اگر نظر دوڑائی جائے چرس بھنگ سب کا لین دین ہے'

اخباروں میں یہ بیان آتے رہتے ہیں۔کیا چرس ' شراب ' رشوت ' زنا وغیرہ سے زیادہ سور کا گوشت اہمیت رکھتا ہے ' مہربانی فرما کر مشکل مسئلہ کو حل کریں۔

ج ...... سور کا گوشت جیسا کہ آپ نے لکھا ہے مسلمانوں کے لئے حرام ہے۔ اللہ تعالیٰ کی زمین بہت وسیع ہے انگریزوں کے پاس سور پکانے کی نوکری آپ کیوں کر رہے ہیں ' کیا کوئی اور ذریعہ معاش نہیں مل سکتا؟ رہی یہ بات کہ بعض لوگ شراب ' زنا اور رشوت اور دوسرے گناہوں کی پرواہ نہیں کرتے تو یہ لوگ بھی گناہ گار ہیں اور مجرم ہیں۔لیکن ایک جرم کو دوسرے جرم کے جواز کے لئے دلیل بنانا صحیح نہیں۔ایک شخص اگر زنا کرتا ہے تو کیا اس کے حوالے سے دوسرے شخص کو گناہ کرنا جائز ہو گا؟

## کیا انسان کو دی ہوئی تکلیف کی معافی صرف خدا سے مانگ لے تو معاف ہو جائے گا

س ...... کسی مسلمان بندے کو اپنے قول یا فعل سے تکلیف پہنچانے کے بعد غلطی کے اعتراف کے طور پر بندے سے معافی مانگنی چاہئے یا نہیں؟ کچھ لوگوں کا کہنا ہے کہ بندوں سے معافی نہیں مانگنی چاہئے گناہ ہوتا ہے ' صرف خدا سے معافی مانگنی چاہئے۔

ج ...... ان لوگوں کا کہنا صحیح نہیں ہے ' جس بندے کا قصور کیا ہے اور جس کو تکلیف اور صدمہ پہنچایا اس سے معافی مانگنا لازم ہے ورنہ قصور معاف نہیں ہو گا ' اور اگر وہ فوت ہو گیا ہو یا اس سے معافی مانگنا ممکن نہ ہو تو اس کیلئے دعائے استغفار کرنی چاہئے الغرض صرف خدا تعالیٰ سے معافی مانگنے سے حقوق العباد معاف نہیں ہوتے ' ہاں! اللہ تعالیٰ اس بندے کو راضی کر کے اس سے حقوق معاف کروا دیں تو ان کی شان کریمی ہے مگر معاف ہوں گے بندے کے معاف کرنے سے ہی۔

## تمام جرائم سے معافی مانگیں

س ..... کراچی میں آج کل عذاب الٰہی آیا ہوا ہے' قرآن مجید میں کئی مقامات پر گزشتہ کئی قوموں پر آئے ہوئے عذاب وقہر الٰہی کے تذکرے موجود ہیں۔جب قومیں خدا کی نافرمانی کرتی ہیں تو ان پر عذاب بھیجا جاتا ہے ہم بھی نافرمان ہیں اور دن رات خالق کی نافرمانی میں مصروف رہتے ہیں۔ لیکن گزشتہ کئی سالوں سے ہم اجتماعی نافرمانی میں مصروف ہو گئے۔گزشتہ کچھ سالوں سے مختلف سیاسی پارٹیوں نے اپنے حامیوں سے چندے کے ساتھ ساتھ فطرہ' صدقہ' زکوۃ اور خیرات وغیرہ بھی وصول کرنا شروع کر دیا اور اس کا کچھ حصہ مستحقین کو اور بڑا حصہ اپنی شاہ خرچیوں اور اسلحہ وغیرہ کی خریداری پر صرف کرنا شروع کر دیا۔کراچی کے وہ لوگ جو دیار غیریعنی دوبئی' سعودی عرب' مسقط میں ہیں انہوں نے بھی اس فعل کو کارخیر سمجھ کر اس میں حصہ لیا اور اب بھی اس پر عمل کر رہے ہیں۔ جب کہ صدقہ' زکوۃ' خیرات وغیرہ کیلئے اللہ تعالیٰ اور اسکے رسول ﷺ نے باقاعدہ احکامات واضح طور پر دیئے ہیں۔اس فعل پر کسی عالم نے کبھی توجہ نہ کی آپ سے درخواست ہے کہ آپ اس کی بابت واضح طور پر بتائیں اور گزشتہ کئے گئے عمل پر توبہ استغفار کا کیا طریقہ ہو گا نیز وہ زکوۃ' خیرات' صدقہ' فطرہ کیا دوبارہ دیا جائے گا؟۔

ج ..... صدقہ' زکوۃ' چرم قربانی کی رقوم کو اگر صحیح مصرف پر خرچ نہ کیا جائے تو وہ زکوۃ اور صدقات واجبہ ادا ہی نہیں ہوئے اور صدقہ کا ثواب نہیں ملتا۔

آپ کی یہ بات صحیح ہے کہ کچھ عرصہ سے زکوۃ وصدقات اور چرم قربانی کی رقوم کو نا اہل ہاتھوں میں دیدیا جاتا ہے اور وہ بڑی بے دردی وبے پروائی کے ساتھ بے موقع خرچ کر ڈالتے ہیں' حدیث شریف میں اس کو علامات قیامت میں شمار کیا گیا ہے' ظاہر ہے کہ اس بے احتیاطی کے نتیجہ میں عذاب الٰہی تو نازل ہو گا' اس کے علاوہ اور بہت سی برائیاں اور گناہ ہیں۔رشوت جس میں ہم لوگ

اجتماعی طور پر مبتلا ہو گئے۔ ان میں عورتوں کی عریانی و بے حجابی' گانے بجانے کی کثرت' ٹی وی' ڈش انٹینا جیسی لعنت سرفہرست ہیں۔ توبہ واستغفار کا طریقہ یہ ہے کہ ہم جن جن گناہوں میں مبتلا ہیں ان سے سچے دل کے ساتھ توبہ کریں اور اللہ تعالیٰ سے اپنے تمام جرائم کی معافی مانگیں۔ بالخصوص قتل وغارت اور فتنہ وفساد سے دستبرداری کا عزم کریں۔ پاکستان کے عوام نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرکے ایک عورت کو حکمران بنایا ہے۔ اس سے بطور خاص توبہ کریں۔

## چھٹی کے اوقات میں ملازم کو بلا معاوضہ پابند کرنا صحیح نہیں

س ...... میں پاکستان اسٹیل میں بطور اسسٹنٹ منیجر الیکٹریکل (گریڈ ۱۷ کے برابر) ملازم ہوں۔ نماز روزہ اور دوسری اسلامی تعلیمات پر نہ صرف خود عمل کرتا ہوں بلکہ میرے بیوی بچے بھی عمل کرتے ہیں۔ جھوٹ نہیں بولتا' سودی رقم سے اجتناب کرتا ہوں۔ باقاعدگی سے زکوۃ ادا کرتا ہوں۔ حج ادا کر چکا ہوں۔ خوف خدا رکھتا ہوں۔ غرض یہ کہ اپنے تئیں ایک صالح مسلمان میں جو خوبیاں ہونی چاہئیں ان پر عمل کرنے کی پوری کوشش کرتا ہوں۔ پاکستان اسٹیل کے قریب گلشن حدید میں قیام پذیر ہوں۔ اپنی ڈیوٹی دل جمعی سے ادا کرتا ہوں۔

کیونکہ ڈیوٹی بھی عبادت سمجھ کر ادا کرتا ہوں' لہٰذا اپنے موجودہ عہدہ سے بھی زیادہ معلومات حاصل کیں اور اپنی ذمہ داریوں کو خوش اسلوبی سے بجا لاتا ہوں اور اس محاورے کے مصداق کہ "جس نے سبق یاد کیا اسے چھٹی نہ ملی" میرے ساتھ یہی سلوک ہوتا ہے اور میری ایمانداری' کام سے لگن اور معلومات کی وجہ سے مجھ سے میرے عہدے سے زیادہ کام لیا جاتا ہے اور وہ میں بھی ادا کرتا ہوں۔ جبکہ سرکاری نوکری ہونے کی وجہ سے میرے عہدے کے برابر بلکہ مجھ سے بڑے عہدے والے عیاشی کرتے ہیں اور ان کی نوکری

برائے نام ہوتی ہے۔نتیجتہً ان کے حصے کا بوجھ کسی نہ کسی حوالے سے مجھے اور مجھ جیسے کچھ دوسرے (آٹے میں نمک کے برابر) افراد کو اٹھانا پڑتا ہے۔ ڈیوٹی ٹائم میں محنت کی بات تو الگ رہی۔ اکثر ڈیوٹی کے بعد مجھے نہ صرف اپنی بلکہ دوسرے لوگوں کی سائٹ (پلانٹ) پر رکنا پڑتا ہے اور چھٹی والے دن یا رات کو اکثروبیشتر مجھے گھر سے فالٹ درست کرنے کیلئے اپنی بلکہ دوسرے لوگوں کی سائٹ (پلانٹ) پر بلایا جاتا ہے صرف اس لئے کہ دوسرے لوگ نہ ذمہ داری محسوس کرتے ہیں اور نہ انہوں نے کبھی کچھ سیکھنے کی کوشش کی ہے اکثراوقات جب بھی چھٹیاں آتی ہیں (جیسے ابھی حال ہی میں آنے والی عید پر حکومت کی طرف سے منگل' بدھ' جمعرات کی چھٹیوں کا اعلان کیا گیا ہے جبکہ جمعہ' ہفتہ کو اسٹیل ملز کی اپنی ہفتہ واری چھٹی ہوتی ہے لہٰذا مسلسل ۵ دن کی چھٹی ہوگئی) تو میری ڈیوٹی لگادی جاتی ہے یا مجھے ۲۴ گھنٹے اپنے گھر پر رہنے پر مجبور کردیا جاتا ہے کیونکہ میرا تمام خاندان کراچی میں رہتا ہے۔ لہٰذا مجھے مختلف تہواروں کے موقع پر سخت تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے جبکہ دوسرے لوگ مزے اڑاتے ہیں۔ہاں اگر میں بہانہ کردوں کہ میرا کوئی فلاں بیمار ہے تو پھر مجھے تہواری چھٹیوں میں گھر پر رہنے پر مجبور کرنا مشکل ہوگا۔ اسی طرح جب دن بھر کی ایمانداری کے ساتھ انجام دی گئی ڈیوٹی کے بعد میں رات کو آرام کررہا ہوں اور رات ۲ بجے گاڑی میرے گھر پر کھڑی ہوکہ چلئے صاحب آپ کو اسٹیل ملز میں یاد کیا جارہا ہے تو کیا میں اپنی ناسازی طبیعت کا بہانا کرکے اپنی جان بچاسکتا ہوں یا نہیں اور کیا ایسا کرنا جھوٹ بولنے کے زمرے میں آئے گا یا نہیں اور کیا اس طرح کا بہانہ کرکے میں گنہگار ہوں گا یا نہیں؟

ج ...... آپ امانت داری سے کام کرتے ہیں اللہ تعالیٰ خوش رکھے۔ ایک مسلمان کو یہی کرنا چاہئے۔

۲ ...... ڈیوٹی کے اوقات میں تو آپ کے ذمہ کام ہے ہی اور آپ کو کرنا بھی

چاہئے۔ اور زائد وقت میں اگر آپ سے کام لیا جاتا ہے تو آپ کو اس کا الگ معاوضہ ملنا چاہئے۔

۳ ...... زائد وقت یا چھٹیوں کا وقت آدمی کے اپنے ضروری تقاضوں اور ضرورتوں کے لئے ہوتا ہے' لہٰذا آپ اگر نہیں جا سکتے تو آپ کے لئے عذر کر دینا جائز ہے۔ کوئی مناسب لفظ استعمال کیا جائے تاکہ جھوٹ نہ ہو مثلاً "میری طبیعت کچھ صحیح نہیں"، صحیح فقرہ ہے۔ کیونکہ آدمی کی طبیعت کچھ نہ کچھ تو ناساز رہا ہی کرتی ہے۔

۴ ...... عید کی چھٹیوں پر آپ کو پابند کر دیا جانا بھی صحیح نہیں۔ اگر آپ کو اس کا زائد معاوضہ دیا جائے تب تو ٹھیک' ورنہ آپ کو عذر کر دینا چاہئے کہ مجھے کچھ ذاتی کام ہیں اور مناسب ہو گا کہ آپ اپنے دفتر کو چٹ لکھ دیا کریں کہ ایسے موقع پر آپ کو نہ بلایا جائے۔

۵ ...... واقعہ یہ ہے کہ اگر کاریگر اپنی ڈیوٹی پوری دیانتداری سے ادا کرتا ہو تو اتنے گھنٹے کام کرنے کے بعد اس کے لئے آرام کرنا بے حد ضروری ہے۔ ورنہ وہ اگلے دن کا کام ٹھیک سے نہیں کر سکتا۔ اس لئے آپ کو عذر کر دینا جائز ہے کہ چھٹی کے اوقات میں آپ کو پریشان نہ کیا جائے۔

## زائد رقم لکھے ہوئے بل پاس کروانا

س ...... میں گورنمنٹ ڈپارٹمنٹ میں ملازم ہوں اور جب سرکاری کام کے لئے فوٹو کاپی کروانی ہوتی ہے تو چپراسی مطلوبہ کاپیوں سے زیادہ رقم رسید پر لکھوا کر لاتا ہے اور مجھے ایک فارم پر کر کے اس رسید کے ساتھ اپنے ماتحت افسر سے تصدیق کرانی ہوتی ہے کیا اس گناہ میں میں بھی شریک ہوں حالانکہ میں اس زائد رقم سے ایک پیسہ بھی نہیں لیتا؟

ج ...... گناہ میں تعاون کی وجہ سے آپ بھی گناہ گار ہیں اور دوسروں کی دنیا کے لئے اپنی عاقبت برباد کرتے ہیں۔

## گمشدہ چیز اگر خود رکھنا چاہیں تو اتنی قیمت صدقہ کردیں

س ...... مجھے عیدالاضحیٰ سے چند روز قبل ایک بس سے گری ہوئی کلائی کی گھڑی ملی، گھڑی کافی قیمتی ہے۔ اپنے طور پر کوشش کرنے کے بعد مالک نہ ملا تو میں نے اخبار جنگ راولپنڈی میں ایک اشتہار دیا مگر مالک پھر بھی نہ ملا، اب آپ سے درخواست ہے کہ میرا مسئلہ حل کریں کہ میں اس گھڑی کا کیا کروں؟

ج ...... اگر مالک ملنے کی توقع نہیں تو اس کی طرف سے صدقہ کر دیجئے۔ آپ گھڑی خود رکھنا چاہیں تو اس کی قیمت لگوا کر اتنی قیمت صدقہ کر دیجئے۔ صدقہ کرنے کے بعد اگر مالک مل جائے اور وہ اس صدقہ کو جائز رکھے تو ٹھیک، ورنہ صدقہ آپ کی طرف سے ہوگا، مالک کو اس کی قیمت ادا کرنی پڑے گی۔

## جعلی ملازم کے نام پر تنخواہ وصول کرنا

س ...... میں سرکاری آفیسر ہوں ہمیں ایک ذاتی ملازم رکھنے کی اجازت ہے۔ اس ملازم کی تعیناتی ایک طویل دفتری کارروائی کے نتیجہ میں ہوتی ہے۔ بعد میں رجسٹر پر باقاعدہ حاضری لگتی ہے اور اس ملازم کی تنخواہ ہم لوگ خود ہی انگوٹھا لگا کر لیتے رہتے ہیں۔ لیکن مخصوص حالات کی بنا پر ملازم ہر دو چار ماہ بعد بدلنے پڑتے ہیں۔ ملازم (گھر میں کام والی ماسی) آتے جاتے رہتے ہیں۔ مگر جس ملازم کی تعیناتی کاغذوں میں ہے اس کے نام سے تنخواہ ملتی ہے میں نے کچھ عرصہ قبل آپ سے دریافت کیا تھا تو آپ نے فرمایا تھا کہ ملازم کی تنخواہ ہمارے لئے جائز نہیں خواہ گھر کا سارا کام کاج بیگم کرے۔ تب سے میں نے کئی جز وقتی ملازم رکھنے شروع کئے اور ان سب کی تنخواہ اسی "ملازم" کی تنخواہ سے ادا کرتا ہوں کیا میرا یہ فعل صحیح ہے؟

ا...... تنقیح مندرجہ ذیل امور کی وضاحت کی جائے۔ کیا ایسا ممکن نہیں کہ آپ قانون کے مطابق ایک مستقل ملازم رکھ لیں؟

۲ ...... کیا جز وقتی ملازمین رکھنے سے اس قانون کا منشا پورا ہو جاتا ہے؟

۳ ...... اگر گھر کے لوگ ملازم کا کام خود نمٹا لیا کریں تو کیا قانون آپ کو ملازم کی تنخواہ وصول کرنے کی اجازت دیتا ہے؟اس تنقیح کا درج ذیل جواب آیا۔

آپ نے گزشتہ سوال پر تنقیحی سوالات اٹھائے ہیں ان کا جواب حاضر ہے۔

۱...... جی ہاں قانون کے مطابق تو ایک ملازم رکھ لیتے ہیں مگر وہ ملازم پردہ کی مجبوری کے پیش نظر گھر میں کام نہیں کر سکتا۔ اور اگر کسی مائی کو قانون کے مطابق ملازم رکھ لیں تو یہ مائی (ماسی لوگ) تو ہر دو تین ماہ بعد گھر تبدیل کر لیتے ہیں۔ یا مالکہ ان کو مجبوراً بدل دیتی ہے اس صورت میں اس کی تعیناتی اور برخاستگی ایک مشکل مرحلہ ہوگی۔کیونکہ اس عمل میں کئی ماہ لگتے ہیں۔باقی جہاں تک بات قانون کی ہے وہ تو ایک ہی ملازم رکھا جاتا ہے جبکہ عملی طور پر ایسا شاید ہی کوئی کرتا ہے۔یعنی ۲/ ۱فیصد اور سب لوگوں کو پتہ ہے کہ لوگ اسے اپنے خرچے میں لاتے ہیں۔

۲/ ۳کوئی ملازم نہ رکھیں گے تو تنخواہ ملازمہ کی نہ ملے گی اس لئے لوگ کاغذی ملازم رکھ لیتے ہیں اور سہولت کیلئے ۱۰۰/ ۲۰۰روپے کی جز وقتی ملازمہ رکھ لیتے ہیں جبکہ ملازم کی تنخواہ ایک ہزار سے کچھ اوپر ملتی ہے۔

ج ...... آپ کی تحریر کا خلاصہ یہ ہے کہ آپ کا قانون ہی کچھ ایسا ہے جو ''اعلیٰ افسران'' کو جھوٹ اور جعل سازی کی تعلیم دیتا ہے جب تک آپ جعلی دستخط نہ کریں تب تک اس جائز رعایت سے فائدہ نہیں اٹھا سکتے جو قانون آپ کو دینا چاہتا ہے۔اب تین صورتیں ہو سکتی ہیں۔

اول : یہ کہ آپ بھی دوسرے ''افسران'' کی طرح ہر مہینے جھوٹے دستخط کرنے کی مشق کیا کریں، ظاہر ہے کہ میں آپ کو اس کا مشورہ نہیں دے سکتا۔

دوم : یہ کہ آپ ہمیشہ کے لئے اس رعایت سے محرومی کو گوارا کریں یہ

آپ کے ساتھ قانون کی زیادتی ہے کہ اگر آپ سچ بولیں تو رعایت سے محروم' اور اگر رعایت حاصل کرنا چاہتے ہیں تو جھوٹ بولنا لازم۔

تیسری صورت یہ ہے کہ آپ اور آپ کے رفقا اس قانون کے وضع کرنے والوں کو توجہ دلائیں اور اس قانون میں مناسب لچک پیدا کرائیں تاکہ ملازم کی تنخواہ حاصل کرنے کیلئے آپ کو اور آپ کی طرح کے دیگر "اعلیٰ افسران" کو ہر مہینے جعلی دستخط نہ کرنے پڑیں۔

س ...... ایک دو یا ۳ جز وقتی ملازم رکھنے کے باوجود کچھ رقم بچ جاتی ہے جسے میں کسی طرح سے حکومت کو واپس کرنے کی کوشش کرتا ہوں۔ مثلاً میرے ادارے میں کسی چیز کی ضرورت ہے اس کو محکمہ جاتی کارروائی کے ذریعے خریدا جائے تو شاید دو ہزار روپے لگیں جبکہ میں نے وہی چیز ایک ہزار روپے میں لیکر خاموشی سے رکھ دی۔ کیا اس طرح رقم لوٹانے سے میں مطالبہ سے بری الذمہ ہو جاؤں گا؟

ج ...... جی ہاں! جب رقم محکمہ میں واپس پہنچ گئی تو آپ کا ذمہ بری ہو گیا۔

س ...... بعض لوگ میرے دفتر میں بہت ہی غریب ہیں گزشتہ دنوں ایک ایسے ہی شخص کی بچی کی شادی کیلئے میں نے اس رقم سے کچھ پیسے دیئے خیال یہ تھا کہ غریب کی مدد بیت المال سے ہونی چاہئے اور میرے پاس بھی سرکاری رقم ہے کیا میرا یہ فعل صحیح ہے؟

ج ...... مجھے اس میں تردد ہے۔ کیونکہ آپ اس کے مجاز نہیں ہیں۔ بیت المال میں واقعی غریبوں کا حق ہے مگر بیت المال کے شعبے الگ الگ ہیں۔

## غیر قانونی طور پر کسی ملک میں رہنے والے کی کمائی اور اذان و نماز کیسی ہے؟

س ...... مولانا اگر کوئی شخص غیر قانونی طور پر پاکستان میں رہے اور یہاں نوکری

کرے تو کیا اس کی کمائی جائز ہے کیوں کہ وہ قرآن کے اس حکم کی خلاف ورزی کر رہے ہوتے ہیں کہ "اور تم میں جو لوگ صاحب حکومت ہوں ان کی اتباع کرو"۔

اور کیا اگر ایسا شخص موذن یا پیش امام ہو تو اس کی دی ہوئی اذان اور پڑھائی ہوئی نماز کے بارے میں کیا حکم ہے۔ اگر ان کا یہ عمل جائز ہے تو پھر جو لوگ بینکوں اور ٹی وی وغیرہ میں نوکری کرتے ہیں ان کا پیسہ کیوں ناجائز ہوا۔ وہ بھی تو آخر اپنی محنت سے پیسہ کماتے ہیں۔

ج ..... اس کی کمائی تو ناجائز نہیں اگر کوئی غیر قانونی طور پر رہتا ہے تو حکومت کو اس کی اطلاع کی جاسکتی ہے۔ واللہ اعلم۔

## مسلمان کا غیر مسلم یا مرتد کے پاس نوکری کرنا

س ..... کیا مسلمان کسی غیر مسلم یا مرتد کے پاس نوکری کر سکتا ہے جبکہ وہ جائز اور قانونی کاروبار کرتا ہے اور ایمانداری سے کرتا ہے۔

ج ..... مرتدین کے پاس نوکری جائز نہیں' دوسرے غیر مسلموں کے پاس نوکری جائز ہے۔

## نامعلوم شخص کا ادھار کس طرح ادا کریں؟

س ..... اگر ہم نے کسی شخص سے کوئی چیز ادھار لی اس کے بعد ہم اس جگہ سے کہیں اور چلے گئے۔ پھر ایک دن اس کی چیز واپس کرنے اسی کے گھر گئے تو معلوم ہوا کہ وہ شخص تو گھر چھوڑ کر وہاں سے جا چکا ہے اس شخص کو ہم نے تلاش بھی بہت کیا لیکن وہ نہ ملا تو بتایئے کہ اس شخص کا وہ ادھار ہم کس طرح چکا سکتے ہیں۔

ج ..... اس کا حکم گمشدہ چیز کا ہے۔ جس کا مالک نہ مل سکے وہ چیز مالک کی طرف سے صدقہ کر دی جائے۔

## حصے سے دستبردار نہ ہونے والے بھائی کو راضی کرنا ضروری ہے

س ...... میرے سارے بہن بھائی میرے والد کا مکان میرے نام کرنے کو تیار تھے جب کاغذات مکمل کرالئے تو ایک بھائی نے دست بردار ہونے سے انکار کر دیا جس پر انہیں ان کا حصہ دینے کو کہا گیا تو نہ وہ حصہ لینے پر تیار ہوئے نہ دستبردار ہونے پر۔کورٹ نے اجتماعی دستبرداری کی وجہ سے ٹرانسفر کر دیا ہے۔ کیا یہ شرعی حیثیت سے درست ہے۔واضح رہے کہ میں اپنی والدہ کے ساتھ اس مکان میں رہتا ہوں۔ اور باقی سب اپنے علیحدہ علیحدہ گھروں میں رہتے ہیں۔

ج ...... جو بھائی راضی نہیں انہیں قیمت دیکر راضی کرنا ضروری ہے۔

## بڑے کی اجازت کے بغیر گھر یا دکان سے کوئی چیز لینا

س ...... ایک شخص اپنی ضروریات پوری کرنے کے لئے اپنی دکان سے پیسے چراتا ہے یعنی چوری کرتا ہے تو کیا اس صورت میں اسکی نمازیں' وظائف اور تلاوت وغیرہ قبول ہوگی یعنی جو وظیفہ جس کام کے لئے پڑھ رہا ہے وہ وظیفہ چوری کی وجہ سے بے اثر تو نہیں ہو جائے گا کیونکہ یہ شخص اپنی ضروریات کو پوری کرنے کے لئے چوری کرتا ہے عادتاً نہیں؟

ج ...... اپنے گھر سے یا دکان سے اپنے بڑے کی اجازت کے بغیر کوئی چیز لینا جائز نہیں' بتا کر لینا چاہئے۔

## ماں کی رضامندی سے رقم لینا جائز ہے

س ...... میں بیمار ہوں کام نہیں کرتا میرے دو بھائی ملازمت کرتے ہیں اور اسی سے ہم سب گھر والوں کا گزارا ہوتا ہے میرا چھوٹا بھائی جاوید جو ملازمت کرتا ہے وہ ہر ماہ گھر کے دوسرے بھائی بہنوں سے چھپ کر مجھے ایک سو روپے دیتا ہے

اور اس نے مجھے تاکید کی ہے کہ ان روپوں کا ذکر گھر والوں سے نہ کروں کیونکہ یہ روپے والدہ کے لئے ہیں اور ان روپوں سے مقوی غذا مثلاً بادام، مغز، اخروٹ وغیرہ لے کر پابندی سے والدہ کو کھلاتے رہنا۔ اب مسئلہ یہ ہے کہ میں خود کافی عرصے سے بیمار ہوں اور کمزور بھی ہوں اس وجہ سے میری ماں اصرار کرکے ہر ماہ سو روپے میں سے کچھ رقم مجھے دے دیتی ہے یا کبھی اس سو روپے کی رقم سے بنی ہوئی کسی چیز میں مجھے شریک کرلیتی ہے جب میرے بھائی کو میں نے یہ بات بتلائی تو اس نے مجھ پر ناگواری کا اظہار کیا کہ میں کیوں اس رقم میں سے لیتا ہوں لیکن بہرکیف وہ اب بھی بدستور ماں کے لئے رقم دیتا ہے اور ماں بھی بدستور مجھے کبھی رقم میں سے کچھ دیتی ہے اور کبھی اس رقم سے تیار شدہ کھانے میں شریک کرلیتی ہے۔ کیا میرے لئے اس رقم کا لینا یا اس کھانے وغیرہ میں شریک ہونا جائز ہے یا ناجائز؟ حلال ہے یا حرام؟

ج …… جب وہ رقم آپ اپنی والدہ کے حوالے کر دیتے ہیں اس کے بعد اگر والدہ اپنی مرضی سے آپ کو کچھ رقم دے دیتی ہے یا اس رقم سے تیار کئے ہوئے کھانے میں آپ کو شریک کرلیتی ہے تو آپ کے لئے وہ رقم یا وہ کھانا شیر مادر کی طرح حلال ہے۔

## بچپن میں لوگوں کی چیزیں لے لینا

س …… سوال یہ ہے کہ اس وقت میری عمر تقریباً ۱۹ سال ہے اور کالج میں زیر تعلیم ہوں جس وقت میری عمر تقریباً ۱۱، ۱۲ سال کی تھی تو لڑکپن کی شرارتیں اپنے عروج پر تھیں ہم چند لڑکے بازار وغیرہ جاتے تو کسی پھل والے کے پھل وغیرہ چرا لیتے، یا کسی کی بغیر پیسے دیئے چیزیں لے لیتے تھے، مسجد میں جو چپلیں ہوتی تھیں ان چپلوں کے بند وغیرہ کاٹ دیتے تھے کوئی چپل اٹھاکر باہر پھینک دیتے تھے بس میں ٹکٹ نہیں لیتے تھے تقریب وغیرہ میں بغیر بلائے کھانا کھا آتے

تھے۔ زمین پر پڑی ہوئی چیز اٹھالیتے تھے پیسے وغیرہ۔یعنی لڑکپن اور جوانی کے دوران خوب یہ کام کرتے تھے اور خوش ہوتے تھے اب میں آپ سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ ان کاموں، جس میں ہم نے کسی کی چیزیں استعمال کیں کس طرح اس کا نقصان پورا کر سکتے ہیں، آپ شرعی لحاظ سے جواب دیجئے اور تفصیل سے دیجئے گا ہم آپ کے جواب کے منتظر ہیں۔

ج ...... ہونا تو یہ چاہئے کہ جن جن لوگوں کا آپ نے نقصان کیا تھا ان سب سے معافی مانگی جائے لیکن وہ سارے لوگ یاد نہ ہوں تو اللہ تعالیٰ سے ان کے حق میں دعا واستغفار کریں، آپ کے استغفار سے ان کی بخشش ہو جائے تو وہ آپ کو بھی معاف کر دیں گے۔

## کیا مجبوراً چوری کرنا جائز ہے

س ...... چند روز ہوئے ہمارے ورکشاپ میں چوری پر بحث ہو رہی تھی۔ایک صاحب فرمانے لگے کہ اگر آدمی غریب ہو اور اپنے بچوں کا پیٹ نہ پال سکے تو اس کو چوری کرنا جائز ہے۔اس نے تو قرآن اور حدیث کا نام لے کر یہ بات کہی ہے کہ ان میں موجود ہے اب آپ سے گذارش ہے کہ آپ برائے مہربانی قرآن وحدیث کی رو سے اس کی وضاحت کریں کہ آیا ایسا کوئی مسئلہ ہے کہ ایسے آدمی کی چوری کو جائز قرار دیا گیا ہو؟

ج ...... اگر کسی شخص کو ایسا فاقہ ہو کہ مردار اس کے لئے جائز ہو جائے تو اس کو اجازت ہے کہ کسی کا مال لیکر اپنی جان بچالے اور نیت یہ کرے کہ جب گنجائش ہوگی اس کو واپس کر دوں گا، محض بچوں کا پیٹ پالنے کے لئے چوری کو پیشہ بنالینا اس کی اجازت نہیں۔

## چائے میں چنے کا چھلکا ملانے والی دکان میں کام کرنا

س ...... ہمارا ایک رشتہ دار ایسی دکان میں ملازم ہے جہاں چائے میں چنے کا

چھلکا ملا کر بیچا جاتا ہے۔ اس شخص کی کمائی کیسی ہے' نیز اگر وہ ہدیہ دے تو اس کا لینا کیسا ہے؟

ج ...... اس کی کمائی حرام ہے اس کا ہدیہ لینا بھی جائز نہیں ہے۔

# سیاست

## کیا انتخابات صالح انقلاب کا ذریعہ ہیں؟

س ...... پاکستان میں انتخابات ہونے والے ہیں اور بار بار یہ عمل دہرایا جاتا ہے۔ اس پر لاکھوں روپے خرچ ہوتے ہیں، مختلف پارٹیوں کے راہ نما اپنی اپنی منطق بیان کرتے ہیں۔ کیا بر سر اقتدار آنے کا یہ طریقہ صحیح ہے، آیا انتخابات صالح انقلاب کا ذریعہ ہیں؟

ج ...... وطن عزیز میں انتخابات ہوں گے یا نہیں؟ ہوں گے تو ان کی نوعیت کیا ہوگی؟ ان کے لئے کیا طریقہ کار اختیار کیا جائے گا؟ اور انتخابات کے نتائج کیا ہوں گے؟ یہ وہ سوالات ہیں جن پر گفتگو ہو رہی ہے۔ اور ہر شخص اپنی ذہنی وفکری سطح کے مطابق ان پر اظہار خیال کرتا نظر آتا ہے۔

حکومت کی جانب سے انتخابات کی قطعی تاریخ کا اعلان اگرچہ نہیں کیا گیا، لیکن ارباب حل وعقد کی جانب سے بڑے وثوق سے اعلان کیا جا رہا ہے کہ نیا سال انتخابی سال ہوگا، اگرچہ سرحدوں کے حالات مخدوش ہیں۔ افغان طیارے پاکستانی فضائی حدود کی مسلسل خلاف ورزی کر رہے ہیں۔ روس کے فوجی دستے پاکستان کی سرحد پر جمع ہیں اور روس کی جانب سے پاکستان کو خفی وجلی الفاظ میں دھمکیاں دی جا رہی ہیں۔ ادھر بھارت کی مسلح افواج پاکستان کی سرحدوں پر ڈیرے ڈالے ہوئے ہیں۔ بھارتی افواج کی طرف سے پاکستانی سرحدوں پر گولہ باری کی خبریں بھی آ رہی ہیں اور پاکستان کی پرامن ایٹمی تنصیبات کو تباہ کرنے کے منصوبے بھی تیار کئے جا رہے ہیں، مختصر الفاظ میں

پاکستان کی سرحدوں پر حالات ""تشویشناک"" ہیں اس کے باوجود صدر مملکت کا ارشاد ہے کہ:

> "" سرحدوں پر دباؤ سے انتخابی پروگرام متاثر نہیں ہو گا""۔ ""ہم جنگ کی توقع نہیں رکھتے' لیکن اگر ہماری خواہشات اور کوششوں کے باوجود کوئی ناخوشگوار اور تلخ صورت حال پیدا ہوئی تو انتخابی پروگرام کا جائزہ لیا جائے گا""۔ (روزنامہ جنگ کراچی' ۴ ستمبر ۸۴ء)

ظاہر ہے کہ خدانخواستہ سرحدوں پر حالات زیادہ سنگین ہو جائیں تو وطن عزیز کا دفاع سب سے اہم تر فریضہ ہے۔ اور اس صورتحال میں انتخابات کا التواء ناگزیر ہو گا۔ گویا حکومت کے اعلانات پر مکمل اعتماد کے باوجود یہ کہنا مشکل ہے کہ مستقبل قریب میں انتخابات ہوں گے یا نہیں؟

رہا دوسرا سوال کہ انتخابات کس نوعیت کے ہوں گے اور ان کے لئے کیا طریقہ کار اختیار کیا جائے گا؟ اس سلسلہ میں شہسواران سیاست مشوروں کی تیر اندازی فرما رہے ہیں' لیکن افسوس کہ ابھی تک کوئی تیر نشانے پر نہیں بیٹھا اور نہ اس سلسلہ میں حکومت کا دو ٹوک فیصلہ سامنے آیا ہے۔ گویا یہ مسئلہ ہنوز حکومت اور سیاست دانوں کے درمیان متنازعہ فیہ ہے کہ انتخابات جماعتی بنیاد پر ہوں یا غیر جماعتی بنیاد پر۔ اسی طرح انتخابی حکمت عملی اور لائحہ عمل کی تفصیلات بھی ابھی تک پردہ خفا میں ہیں' البتہ صدر مملکت اور ان کی حکومت کی یہ کوشش ہے کہ اچھے آدمی منتخب ہو کر سامنے آئیں' لیکن یہ سوال پھر باقی رہ جاتا ہے کہ ""اچھے آدمی"" کا معیار کیا ہو گا؟ اسے کن صفات کی ترازو میں تول کر دیکھا جائے گا؟ اور یہ کہ بگڑے ہوئے معاشرے میں ""اچھے آدمی"" کیسے تلاش کئے جائیں گے؟ اور اگر ان کی ""دریافت"" میں ہم کامیاب بھی ہو جائیں تو ان کے اندر انتخابی کارزار میں ""ہل من مبارز"" پکارنے کی صلاحیت کیسے پیدا کی جائے گی؟ اور وہ زرد دولت کے جادو کا توڑ کیسے کریں گے۔ کیا ہماری سیاسی فضا میں یہ

صلاحیت موجود ہے کہ کوئی اچھا آدمی محض اپنی اچھائی کے بل بوتے پر انتخابات جیت جائے؟ ان سوالوں کا کوئی امید افزا جواب دینا مشکل ہے۔

اب رہا آخری سوال کہ ملک وملت اور دین ومذہب کے حق میں یہ انتخابات کس حد تک مفید اور بار آور ہوں گے؟ اس کا فیصلہ تو مستقبل ہی کریگا۔ لیکن گذشتہ تجربات اور موجودہ حالات پر نظر ڈالی جائے تو ایسا محسوس ہوتاہے کہ ان انتخابات سے (سوائے تبدیلی اقتدار کے) خوش کن توقعات وابستہ نہیں کی جاسکتیں۔اگر انتخابات کوکسی صالح انقلاب کا ذریعہ بنانا مقصود ہو تو اس کے لئے اولین شرط یہ ہے کہ تمام دیندار حلقے گروہی، جماعتی اور ذاتی مفادات سے بالاتر ہوکر کوئی متفقہ لائحہ عمل تجویز کرتے اور اپنا مجموعی وزن انتخابی پلڑے میں ڈالتے۔تب توقع کی جاسکتی تھی کہ وطن عزیز میں لادین قوتیں سرنگوں ہوتیں اور ملک میں خیروفلاح کا علم بلند ہوتا لیکن افسوس ہے کہ صورت حال اس سے یکسر مختلف ہے، جو لوگ اس ملک میں دینی اقتدار کو بلند دیکھنا چاہتے ہیں اور جن سے یہ توقع کی جاسکتی تھی کہ وہ لادینیت کے سامنے سینہ سپر ہوں گے ان کا شیرازہ کچھ اس طرح بکھیر دیا گیا ہے کہ کوئی معجزہ ہی ان کو متحد کر سکتاہے۔نہ جانے یہ حضرات حالات وواقعات کا صحیح تجزیہ کرنے کی صلاحیت ہی سے محروم ہو چکے ہیں، یا مسلمانوں کی بدقسمتی نے ان کی دور اندیشی و ژرف نگاہی پر پردے ڈال دیئے ہیں، کس قدر افسوس ناک اور لائق صد ماتم ہے یہ منظر کہ جن حضرات کے کندھوں پر ملک وملت کی قیادت ورہنمائی کا بار ہے ان کی نظر سے راہ ورسم منزل اوجھل ہو رہی ہے اور وہ حزبی وگروہی بھول بھلیوں میں بھٹک رہے ہیں۔اس تلخ نوائی پر معذرت خواہ ہوں لیکن اظہار درد دل کے بغیر چارہ نہیں:

مرا دردے ست اندر دل اگر گویم زباں سوزد
وگر دردرکشم ترسم کہ مغز استخواں سوزد

حالات کی شدت مجبور کر رہی ہے کہ کسی لاگ لپیٹ کے بغیر صاف صاف عرض کیا جائے:

نوارا تلخ ترمی زن چوں ذوق نغمہ کم یابی
حدی را تیز ترمی خواں چوں محمل راگراں بینی

ملک کی سیاسی فضاء مارشل لاء کی وجہ سے ٹھٹھری ہوئی ہے۔ اس کی ظاہری سطح کے پرسکون ہونے کی وجہ سے کسی کو یہ اندازہ نہیں کہ اس کی اندرونی سطح میں کیسے کیسے لاوے پک رہے ہیں؟ ملک وملت کے خلاف سازشوں کے کیسے کیسے جال بنے جا رہے ہیں؟ لادینی قوتیں۔ اَلْکُفْرُ مِلَّةٌ وَّاحِدَةٌ۔ کے اصول پر۔ متفق ومتحد ہیں' ان کے پاس اربوں کا سرمایہ ہے۔ اور بیرونی طاقتوں کی حمایت ورہنمائی میں وہ اس امر کیلئے کوشاں ہیں کہ اس ملک سے دین اور اہل دین کی آواز کو دبا دیا جائے۔ (یا پھر اس ملک کے وجود ہی کو معرض خطر میں ڈال دیا جائے) ان کے مقابلہ میں دین کے علمبرداروں کے پاس نہ سرمایہ ہے' نہ قوت' نہ اجتماعی سوچ۔ ان کی تمام تر صلاحیتیں باہمی نزاعات واختلافات کو ہوا دینے پر صرف ہو رہی ہیں دیوبندی' بریلوی (اپنے اختلافات کے باوجود) دینی محاذ پر متحد ہو جایا کرتے تھے۔ اور ان کا یہ اتحاد لادین طبقہ کے لئے ایک چیلنج کی حیثیت رکھتا تھا۔ لیکن موجودہ صورتحال سب کے سامنے ہے۔ اسی طرح تمام دینی جماعتوں کا شیرازہ کچھ اس طرح بکھر رہا ہے کہ ان کے درمیان کسی اہم ترین مقصد پر بھی اتفاق واتحاد کا سوال خارج از بحث ہوتا جا رہا ہے۔

اس تمام تر صورتحال کا انجام کیا ہو گا بزرگان ملت کو اس کا احساس بھی ہے؟

## مہاجرین یا اولاد المہاجرین؟

س...... لفظ "مہاجر" قرآن شریف میں کس کس جگہ پر آیا ہے' یعنی کن کن سورتوں کی کون کون سی آیات میں' کس معنی میں لفظ "مہاجر" احادیث

شریف کی کن کن کتابوں میں کہاں کہاں پر آیا ہے کن معنی میں؟

ج ...... لفظ مہاجر "ہجرت" سے ہے۔ جس کے معنی ہیں ہجرت کرنے والا اور ہجرت کے معنی ہیں "اپنے دین کو بچانے کے لئے دارالکفر سے دارالاسلام کی طرف یا دارالفساد سے دارالامن کی طرف ترک وطن کرکے جانا"۔

مکہ مکرمہ میں جب کفار کا غلبہ تھا اور مسلمانوں کو اپنے دین پر عمل کرنا دوبھر تھا' اس وقت دو مرتبہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے مکہ مکرمہ سے حبشہ کی طرف ہجرت کی۔ پھر آنحضرت ﷺ بنفس نفیس مکہ مکرمہ سے ہجرت کرکے مدینہ تشریف لے آئے اور مکہ مکرمہ کے تمام مسلمان' جو ہجرت کر سکتے تھے۔ وہ بھی آگے پیچھے مدینہ طیبہ آگئے اور مکہ مکرمہ میں چند گنے چنے ایسے مسلمان رہ گئے جو اپنے ضعف اور کمزوری کی وجہ سے ہجرت کرنے سے معذور تھے۔ مکہ مکرمہ کے فتح ہونے تک ان تمام لوگوں پر ہجرت کرکے مدینہ طیبہ آنا فرض تھا۔ جو کافروں کے درمیان رہتے ہوئے اپنے دین پر عمل نہ کر سکتے ہوں۔ فتح مکہ کے بعد یہ فرضیت باقی نہ رہی۔ اس لئے آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ "فتح مکہ کے بعد ہجرت نہیں" قرآن میں ان مہاجرین کا ذکر بار بار آیا ہے اور ان کے بے شمار فضائل بیان فرمائے گئے ہیں' حوالے کے لئے درج ذیل آیات دیکھ لی جائیں:

الحشر: آیت ۹ ' التوبہ: ۲۰' الانفال: ۷۲' النور: ۲۲' الاحزاب: ۵۰' النحل: ۴۱-۱۱۰' العنکبوت: ۲۶' الاحزاب: ۶' آل عمران: ۱۹۵' البقرۃ: ۲۱۸' الحج: ۵۸ ' الممتحنہ: ۱۰' الحشر: ۸' النساء: ۹۷--۱۰۰' التوبہ: ۱۰۰' الانفال: ۷۲تا۷۴' النساء: ۸۹' التوبہ: ۱۱۷۔

ہجرت اور "مہاجرین" کا لفظ صحاح ستہ اور دیگر کتب حدیث میں بھی بڑی کثرت سے آیا ہے' ان تمام کتابوں کے حوالے درج کرنا میرے لئے ممکن نہیں۔ ان احادیث میں ہجرت اور مہاجرین کے فضائل' ہجرت کی شرائط' اس کی

ضرورت اور اس کی قبولیت کی شرط وغیرہ مضامین بیان فرمائے گئے ہیں۔

س ...... کیا لفظ ''مہاجر'' قرآن وسنت کے منافی ہے؟

ج ...... ''مہاجر'' کا لفظ قرآن وسنت کے منافی نہیں۔ البتہ غیر مہاجر کو مہاجر کہنا بلاشبہ قرآن وسنت کے منافی ہے' چنانچہ حدیث میں ہے:

المهاجر من هجر مانهى الله عنه. (صحیح بخاری' صحیح مسلم' ابو داؤد' نسائی)

ترجمہ: مہاجر وہ ہے جو ان چیزوں کو چھوڑ دے جن سے اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا ہے۔

ظاہر ہے جو شخص محرمات کا مرتکب اور فرائض شرعیہ کا تارک ہو' اس کو مہاجر' کہنا اس کے منافی ہو گا۔

س ...... مسلمانوں کی ایک کثیر تعداد ہندوستان کے ان حصوں سے جو اب بھارت کہلاتا ہے' پاکستان آئی وہ مہاجر کہلاتے ہیں اور ان کی اولاد بھی کیا اس میں ازروئے شریعت کوئی قباحت ہے؟

ج ...... جو لوگ اپنے دین کی خاطر ہندوستان سے ترک وطن کرکے پاکستان آئے وہ بلاشبہ ''مہاجر'' ہیں' اور جن لوگوں کے مدنظر دین نہیں تھا۔ بلکہ دنیاوی مفادات کی خاطر یہاں آئے وہ قرآن وحدیث کی اصطلاح میں مہاجر نہیں' نہ قرآن وحدیث کی رو سے وہ مہاجر کہلا سکتے ہیں۔ ہجرت ایک عمل ہے اور اس عمل کے کرنے والے کو ''مہاجر'' کہا جاتا ہے۔ اس لئے جن حضرات نے خود ہجرت کی وہ تو ''مہاجر'' ہیں' ان کی اولاد کو ''اولاد المہاجرین'' کہنا تو صحیح ہے۔ مگر خود ان کو مہاجر کہنا قرآن وسنت کی اصطلاح نہیں' جس طرح کسی نمازی کی اولاد کو نمازی' کسی حاجی کی اولاد کو حاجی' کسی غازی کی اولاد کو غازی کہنا غلط ہے۔ اسی طرح کسی مہاجر کی اولاد کو مہاجر کہنا بھی غلط ہے۔ احادیث میں انصار کی اولاد کو ''اولاد الانصار'' فرمایا گیا ہے۔ جیسا کہ حدیث میں آنحضرت ﷺ کی دعا منقول ہے۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ للانصارِ ولابنَاءِ الانصَارِ ولابنَاءِ اَبنَاءِ الانصارِ
وفي روايةٍ: وَلِذَرَارِيِّ الانصَارِ وَلِذَرَارِيِّ ذَرَارِيهِم.
(صحیح بخاری، مسلم، ترمذی، جامع الاصول ۹ - ۱۶۳ - ۱۶۴)

پس جس طرح آنحضرت ﷺ نے انصار کی اولاد کے لئے "ابناء الانصار" اور "ذراری الانصار" کے الفاظ فرمائے۔ خود "انصار کے خطاب میں ان کو شامل نہیں فرمایا۔ اسی طرح "مہاجر" کی اولاد کو اولاد المہاجرین یا ابناء المہاجرین کہنا تو بجا ہے۔ لیکن خود "مہاجر" کا لقب ان کے لئے تجویز کرنا بے جا بات ہے۔

ہمارے یہاں جو "نعرۂ مہاجر" "جئے مہاجر" بلند کیا جاتا ہے، حدیث نبوی ﷺ کی رو سے دعوائے جاہلیت ہے۔ چنانچہ حدیث کا مشہور واقعہ ہے کہ کسی مہاجر نے کسی انصاری کے لات ماردی تھی، انصاری نے "یا للانصار" کا نعرہ لگایا۔ اور مہاجر نے "یا للمہاجرین" کا نعرہ لگایا، آنحضرت ﷺ باہر تشریف لائے اور فرمایا:

"ما بال دعوى الجاهلية".
یہ جاہلیت کے نعرے کیسے ہیں ؟

آپ ﷺ کو قصہ بتایا گیا تو فرمایا:

"دعوها فانّها منتنة" وفي رواية. "فانها خبيثة"

اس نعرہ کو چھوڑ دو، یہ بدبو دار ہے۔ (بخاری، مسلم، ترمذی، جامع الاصول ۲- ۳۸۹)

ہمارے بزرگوں نے پاکستان "دوقومی نظریہ" کی بنیاد پر بنایا تھا، یہ سندھی، پنجابی، پختون، بلوچ کے نعرے "دوقومی نظریہ" کی نفی ہے۔ اسی طرح مہاجر قومیت کا تصور بھی انہی نعروں میں سے ہے، اسلام رنگ ونسل اور وطنیت کے بتوں کو پاش پاش کرنے آیا تھا، نہ کہ ایک مسلمان کو دوسرے سے لڑانے اور ٹکرانے کے لئے۔ اسلام کی تعلیم یہ ہے کہ رنگ ونسل اور قبیلہ کی

بنیاد پر حمایت و مخالفت کے پیمانے وضع نہ کرو، بلکہ مظلوم کی مدد کرو، خواہ کسی رنگ و نسل اور قبیلے کا ہو اور ظالم کا ہاتھ روکو خواہ کسی برادری کا ہو۔

## جمہوریت اس دور کا صنم اکبر

س ...... میری ایک الجھن یہ ہے کہ "اسلام میں جمہوریت کی گنجائش ہے یا نہیں کیونکہ میری ناقص رائے کے مطابق "جمہوریت" کی حکومت میں آزاد خیالی اور لفظ آزادی کی وجہ سے مسلمان تمام حدوں سے تجاوز کر جاتے ہیں جبکہ مذہب "گھر" تک محدود ہو جاتا ہے حالانکہ "اسلام" نہ صرف ایک بے مثال مذہب ہے بلکہ اس میں خدا کے مستند قوانین سموئے ہوئے ہیں اور اسلام میں ایک حد میں رہتے ہوئے آزادی بھی دی گئی ہے۔ برائے مہربانی جواب عنایت فرمائیں۔

ج ...... بعض غلط نظریات قبولیت عامہ کی ایسی سند حاصل کر لیتے ہیں کہ بڑے بڑے عقلاء اس قبولیت عامہ کے آگے سر ڈال دیتے ہیں۔ وہ یا تو ان غلطیوں کا ادراک ہی نہیں کر پاتے یا اگر ان کو غلطی کا احساس ہو بھی جائے تو اس کے خلاف لب کشائی کی جرات نہیں کر سکتے۔ دنیا میں جو بڑی بڑی غلطیاں رائج ہیں ان کے بارے میں اہل عقل اسی المیہ کا شکار ہیں۔ مثلاً "بت پرستی" کو لیجئے، خدائے وحدہ لاشریک کو چھوڑ کر خود تراشیدہ پتھروں اور مورتیوں کے آگے سر بسجود ہونا کس قدر غلط اور باطل ہے۔ انسانیت کی اس سے بڑھ کر توہین و تذلیل کیا ہوگی کہ انسان کو، جو اشرف المخلوقات ہے، بے جان مورتیوں کے سامنے سرنگوں کر دیا جائے اور اس سے بڑھ کر ظلم کیا ہو گا کہ حق تعالیٰ شانہ کے ساتھ مخلوق کو شریک عبادت کیا جائے۔ لیکن مشرک برادری کے عقلاء کو دیکھو کہ وہ خود تراشیدہ پتھروں، درختوں، جانوروں وغیرہ کے آگے سجدہ کرتے ہیں۔ تمام تر عقل و دانش کے باوجود ان کا ضمیر اس کے خلاف احتجاج نہیں کرتا اور نہ وہ اس میں کوئی قباحت محسوس کرتے ہیں۔

اسی غلط قبولیت عامہ کا سکہ آج ''جمہوریت'' میں چل رہا ہے۔ جمہوریت دور جدید کا وہ ''صنم اکبر'' ہے جس کی پرستش اول اول دانایان مغرب نے شروع کی۔ چونکہ وہ آسمانی ہدایت سے محروم تھے اس لئے ان کی عقل نارسا نے دیگر نظام ہائے حکومت کے مقابلہ میں جمہوریت کا بت تراش لیا اور پھر اس کو مثالی طرز حکومت قرار دے کر اس کا صور اس بلند آہنگی سے پھونکا کہ پوری دنیا میں اس کا غلغلہ بلند ہوا یہاں تک کہ مسلمانوں نے بھی تقلید مغرب میں جمہوریت کی مالا جپنی شروع کر دی۔ کبھی یہ نعرہ بلند کیا گیا کہ ''اسلام جمہوریت کا علمبردار ہے'' اور کبھی ''اسلامی جمہوریت'' کی اصطلاح وضع کی گئی' حالانکہ مغرب جمہوریت کے جس بت کا پجاری ہے اس کا نہ صرف یہ کہ اسلام سے کوئی تعلق نہیں بلکہ وہ اسلام کے سیاسی نظریہ کی ضد ہے۔ اس لئے اسلام کے ساتھ جمہوریت کا پیوند لگانا اور جمہوریت کو مشرف بہ اسلام کرنا صریحاً غلط ہے۔

سب جانتے ہیں کہ اسلام نظریہ خلافت کا داعی ہے جس کی رو سے اسلامی مملکت کا سربراہ آنحضرت ﷺ کے خلیفہ اور نائب کی حیثیت سے اللہ تعالیٰ کی زمین پر احکام الٰہیہ کے نفاذ کا ذمہ دار قرار دیا گیا ہے۔

چنانچہ مسند الہند حکیم الامت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ' خلافت کی تعریف ان الفاظ میں کرتے ہیں:

> مسئلہ در تعریف خلافت ھی الریاسة العامة فی التصدی لاقامة الدین باحیاء العلوم الدینیة واقامة ارکان الاسلام والقیام بالجهاد ومایتعلق به من ترتیب الجیوش والفرض للمقاتلة واعطاء هم من الفیئ والقیام بالقضاء واقامة الحدود ورفع المظالم والامر بالمعروف والنهی عن المنکر نیابة عن النبی ﷺ۔ (ازالۃ الخفا۔ ص ۲)

ترجمہ : خلافت کے معنی ہیں' آنحضرت ﷺ کی نیابت میں دین کو قائم (اور نافذ) کرنے کے لئے مسلمانوں کا سربراہ بننا۔

○ دینی علوم کو زندہ رکھنا۔ ○ ارکان اسلام کو قائم کرنا۔ ○ جہاد کو قائم کرنا اور متعلقات جہاد کا انتظام کرنا' مثلاً لشکروں کا مرتب کرنا' مجاہدین کو وظائف دینا اور مال غنیمت ان میں تقسیم کرنا۔ ○ قضا وعدل کو قائم کرنا' حدود شرعیہ کو نافذ کرنا اور مظالم کو رفع کرنا۔ ○ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنا۔ (ازالۃ الخفا۔ ص ۲)

اس کے برعکس جمہوریت میں عوام کی نمائندگی کا تصور کارفرما ہے۔ چنانچہ جمہوریت کی تعریف ان الفاظ میں کی جاتی ہے۔

"جمہوریت وہ نظام حکومت ہے جس میں عوام کے چنے ہوئے نمائندوں کی اکثریت رکھنے والی سیاسی جماعت حکومت چلاتی ہے اور عوام کے سامنے جواب دہ ہوتی ہے"۔

گویا اسلام کے نظام خلافت اور مغرب کے تراشیدہ نظام جمہوریت کا راستہ پہلے ہی قدم پر الگ الگ ہو جاتا ہے۔ چنانچہ'

○ خلافت' رسول اللہ ﷺ کی نیابت کا تصور پیش کرتی ہے اور جمہوریت عوام کی نیابت کا نظریہ پیش کرتی ہے۔

○ خلافت مسلمانوں کے سربراہ پر اقامت دین کی ذمہ داری عقائد کرتی ہے یعنی اللہ تعالیٰ کی زمین پر اللہ کا دین قائم کیا جائے اور اللہ کے بندوں پر' اللہ تعالیٰ کی زمین پر اللہ تعالیٰ کے مقرر کردہ نظام عدل کو نافذ کیا جائے۔ جبکہ جمہوریت کو نہ خدا اور رسول سے کوئی واسطہ ہے نہ دین اور اقامت دین سے کوئی غرض ہے۔ اس کا کام عوام کی خواہشات کی تکمیل ہے اور وہ ان کے منشاء کے مطابق قانون سازی کی پابند ہے۔

○ اسلام منصب خلافت کے لئے خاص شرائط عقائد کرتا ہے' مثلاً مسلمان ہو' عاقل وبالغ ہو' سلیم الحواس ہو' مرد ہو' عادل ہو' احکام شرعیہ کا عالم

ہو۔جبکہ جمہوریت ان شرائط کی قائل نہیں۔جمہوریت یہ ہے کہ جو جماعت بھی عوام کو سبز باغ دکھا کر اسمبلی میں زیادہ نشستیں حاصل کرلے اسی کو عوام کی نمائندگی کا حق ہے۔جمہوریت کو اس سے بحث نہیں کہ عوامی اکثریت حاصل کرنے والے ارکان مسلمان ہیں یا کافر' نیک ہیں یا بد' متقی وپرہیز گار ہیں یا فاجروبدکار' احکام شرعیہ کے عالم ہیں یا جاہل مطلق اور لائق ہیں یا کندہ نا تراش۔الغرض جمہوریت میں عوام کی پسند وناپسند ہی سب سے بڑا معیار ہے اور اسلام نے جن اوصاف و شرائط کا کسی حکمران میں پایا جانا ضروری قرار دیا' وہ عوام کی حمایت کے بعد سب لغو اور فضول ہیں اور جو نظام سیاست اسلام نے مسلمانوں کے لئے وضع کیا ہے وہ جمہوریت کی نظر میں محض بے کار اور لایعنی ہے (نعوذ باللہ)

○ خلافت میں حکمران کے لئے بالاتر قانون' کتاب وسنت ہے اور اگر مسلمانوں کا اپنے حکام کے ساتھ نزاع ہو جائے تو اس کو اللہ ورسول ﷺ کی طرف رد کیا جائے گا اور کتاب وسنت کی روشنی میں اس کا فیصلہ کیا جائے گا جس کی پابندی راعی اور رعایا دونوں پر لازم ہوگی۔جبکہ جمہوریت کا فتویٰ یہ ہے کہ مملکت کا آئین سب سے مقدس دستاویز ہے اور تمام نزاعی امور میں آئین ودستور کی طرف رجوع لازم ہے۔حتیٰ کہ عدالتیں بھی آئین کے خلاف فیصلہ صادر نہیں کرسکتیں۔

لیکن ملک کا دستور اپنے تمام تر تقدس کے باوجود عوام کے منتخب نمائندوں کے ہاتھ کا کھلونا ہے۔وہ مطلوبہ اکثریت کے بل بوتے پر اس میں جو چاہیں ترمیم وتنسیخ کرتے پھریں' ان کو کوئی روکنے والا نہیں اور مملکت کے شہریوں کے لئے جو قانون چاہیں بنا ڈالیں' کوئی ان کو پوچھنے والا نہیں۔یاد ہوگا کہ انگلینڈ کی پارلیمنٹ نے دو مردوں کی شادی کو قانوناً جائز قرار دیا تھا اور کلیسا نے ان کے فیصلے پر صاد فرمایا تھا۔چنانچہ عملاً دو مردوں کا کلیسا کے پادری نے

نکاح پڑھایا تھا۔

نعوذ باللہ حال ہی میں پاکستان کی ایک محترمہ کا بیان اخبارات کی زینت بنا تھا کہ جس طرح اسلام نے ایک مرد کو بیک وقت چار عورتوں سے شادی کی اجازت دی ہے اسی طرح ایک عورت کو بھی اجازت ہونی چاہئے کہ وہ بیک وقت چار شوہر رکھ سکے۔ ہمارے یہاں جمہوریت کے نام پر مردوزن کی مساوات کے جو نعرے لگ رہے ہیں' بعید نہیں کہ جمہوریت کا نشہ کچھ تیز ہو جائے اور پارلیمنٹ میں یہ قانون بھی زیر بحث آجائے۔ ابھی گزشتہ دنوں پاکستان ہی کے ایک بڑے مفکر کا مضمون اخبار میں شائع ہوا تھا کہ شریعت کو پارلیمنٹ سے بالا تر قرار دینا قوم کے نمائندوں کی توہین ہے کیونکہ قوم نے اپنے منتخب نمائندوں کو قانون سازی کا مکمل اختیار دیا ہے۔ ان صاحب کا یہ عندیہ جمہوریت کی صحیح تفسیر ہے جس کی رو سے قوم کے منتخب نمائندے شریعت الٰہی سے بھی بالا تر قرار دیئے گئے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان میں ''شریعت بل'' کئی سالوں سے قوم کے منتخب نمائندوں کا منہ تک رہا ہے لیکن آج تک اسے شرف پذیرائی حاصل نہیں ہو سکا۔ اس کے بعد کون کہہ سکتا ہے کہ اسلام مغربی جمہوریت کا قائل ہے؟

○ تمام دنیا کے عقلاء کا قاعدہ ہے کہ کسی اہم معاملہ میں اس کے ماہرین سے مشورہ لیا جاتا ہے۔ اسی قاعدے کے مطابق اسلام نے انتخاب خلیفہ کی ذمہ داری اہل حل وعقد پر ڈالی ہے جو رموز مملکت کو سمجھتے ہیں اور یہ جانتے ہیں کہ اس کے لئے موزوں ترین شخصیت کون ہو سکتی ہے۔ جیسا کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا تھا:

انما الشوریٰ للمھاجرین و الانصار.

''خلیفہ کے انتخاب کا حق صرف مہاجرین وانصار کو حاصل ہے''۔

لیکن بت کدہ جمہوریت کے برہمنوں کا فتویٰ یہ ہے کہ حکومت کے

انتخاب کا حق ماہرین کو نہیں بلکہ عوام کو ہے۔ دنیا کا کوئی کام اور منصوبہ ایسا نہیں جس میں ماہرین کے بجائے عوام سے مشورہ لیا جاتا ہو۔ کسی معمولی سے معمولی ادارے کو چلانے کے لئے بھی اس کے ماہرین سے مشورہ طلب کیا جاتا ہے۔ لیکن یہ کیسی ستم ظریفی ہے کہ حکومت کا ادارہ (جو تمام اداروں کی ماں ہے اور مملکت کے تمام وسائل جس کے قبضہ میں ہیں' اس کو) چلانے کے لئے ماہرین سے نہیں بلکہ عوام سے رائے لی جاتی ہے۔ حالانکہ عوام کی ننانوے فی صد اکثریت یہی نہیں جانتی کہ حکومت کیسے چلائی جاتی ہے' اس کی پالیسیاں کیسے مرتب کی جاتی ہیں اور حکمرانی کے اصول و آداب اور نشیب وفراز کیا کیا ہیں۔ ایک حکیم و دانا کی رائے کو ایک گھسیارے کی رائے کے ہم وزن شمار کرنا اور ایک کندہ ناتراش کی رائے کو ایک عالی دماغ مدبر کی رائے کے برابر قرار دینا' یہ وہ تماشا ہے جو دنیا کو پہلی بار جمہوریت کے نام سے دکھایا گیا ہے۔

درحقیقت ''عوام کی حکومت' عوام کے لئے اور عوام کے مشورے سے'' کے الفاظ محض عوام کو الو بنانے کے لئے وضع کئے گئے ہیں۔ ورنہ واقعہ یہ ہے کہ جمہوریت میں نہ تو عوام کی رائے کا احترام کیا جاتا ہے اور نہ عوام کی اکثریت کے نمائندے حکومت کرتے ہیں۔ کیونکہ جمہوریت میں اس پر کوئی پابندی عائد نہیں کی جاتی کہ عوام کی حمایت حاصل کرنے کے لئے کون کون سے نعرے لگائے جائیں گے اور کن کن ذرائع کو استعمال کیا جائے گا۔ عوام کی ترغیب و تحریص کے لئے جو ہتھکنڈے بھی استعمال کئے جائیں' ان کو گمراہ کرنے کے لئے جو سبز باغ بھی دکھائے جائیں اور انہیں فریفتہ کرنے کے لئے جو ذرائع بھی استعمال کئے جائیں وہ جمہوریت میں سب روا ہیں۔

اب ایک شخص خواہ کیسے ہی ذرائع اختیار کرے' اپنے حریفوں کے مقابلے میں زیادہ ووٹ حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائے' وہ ''عوام کا نمائندہ'' شمار کیا جاتا ہے حالانکہ عوام بھی جانتے ہیں کہ اس شخص نے عوام کی

پسندیدگی کی بناء پر زیادہ ووٹ حاصل نہیں کئے بلکہ روپے پیسے سے ووٹ خریدے ہیں، دھونس اور دھاندلی کے حربے استعمال کئے ہیں اور غلط وعدوں سے عوام کو دھوکا دیا ہے۔ لیکن ان تمام چیزوں کے باوجود یہ شخص نہ روپے پیسے کا نمائندہ کہلاتا ہے، نہ دھونس اور دھاندلی کا منتخب شدہ اور نہ جھوٹ، فریب اور دھوکہ دہی کا نمائندہ شمار کیا جاتا ہے، چشم بد دور! یہ قوم کا نمائندہ کہلاتا ہے۔ انصاف کیجئے کہ "قوم کا نمائندہ" اسی قماش کے آدمی کو کہا جاتا ہے؟ اور کیا ایسے شخص کو ملک وقوم سے کوئی ہمدردی ہو سکتی ہے؟

عوامی نمائندگی کا مفہوم تو یہ ہونا چاہئے کہ عوام کسی شخص کو ملک وقوم کے لئے مفید ترین سمجھ کر اسے بالکل آزادانہ طور پر منتخب کریں، نہ اس امیدوار کی طرف سے کسی قسم کی تحریص و ترغیب ہو، نہ کوئی دباؤ ہو، نہ برادری اور قوم کا واسطہ ہو، نہ روپے پیسے کا کھیل ہو، الغرض اس شخصیت کی طرف سے اپنی نمائش کا کوئی سامان نہ ہو اور عوام کو بے وقوف بنانے کا اس کے پاس کوئی حربہ نہ ہو۔ قوم نے اس کو صرف اور صرف اس بناء پر منتخب کیا ہو کہ یہ اپنے علاقے کا لائق ترین آدمی ہے۔ اگر ایسا انتخاب ہوا کرتا تو بلاشبہ یہ عوامی انتخاب ہوتا اور اس شخص کو قوم کا منتخب نمائندہ کہنا صحیح ہوتا لیکن عملاً جو جمہوریت ہمارے یہاں رائج ہے، یہ عوام کے نام پر عوام کو دھوکا دینے کا ایک کھیل ہے اور بس۔

کہا جاتا ہے کہ جمہوریت میں عوام کی اکثریت کو اپنے نمائندوں کے ذریعہ حکومت کرنے کا حق دیا جاتا ہے۔ یہ بھی محض ایک پر فریب نعرہ ہے ورنہ عملی طور پر یہ ہو رہا ہے کہ جمہوریت کے غلط فارمولے کے ذریعہ ایک محدود سی اقلیت، اکثریت کی گردنوں پر مسلط ہو جاتی ہے! مثلاً فرض کر لیجئے کہ ایک حلقہ انتخاب میں ووٹوں کی کل تعداد پونے دو لاکھ ہے، پندرہ امیدوار ہیں، ان میں سے ایک شخص تیس ہزار ووٹ حاصل کر لیتا ہے جن کا تناسب دوسرے امیدواروں کو حاصل ہونے والے ووٹوں سے زیادہ ہے حالانکہ اس نے صرف

سولہ فیصد حاصل کئے ہیں۔ اس طرح سولہ فیصد کے نمائندے کو ۸۴ فیصد پر حکومت کا حق حاصل ہوا۔ فرمایئے! یہ جمہوریت کے نام پر ایک محدود اقلیت کو غالب اکثریت کی گردنوں پر مسلط کرنے کی سازش نہیں تو اور کیا ہے؟ چنانچہ اس وقت مرکز میں جو حکومت کوس لمن الملک بجا رہی ہے' اس کو ملک کی مجموعی آبادی کے تناسب سے ۲۳ فیصد کی حمایت بھی حاصل نہیں لیکن جمہوریت کے تماشے سے نہ صرف وہ جمہوریت کی پاسبان کہلاتی ہے بلکہ اس نے ایک عورت کو ملک کے سیاہ وسفید کا مالک بنا رکھا ہے۔

الغرض 'جمہوریت کے عنوان سے "عوام کی حکومت 'عوام کے لئے" کا دعویٰ محض ایک فریب ہے اور اسلام کے ساتھ اس کی پیوند کاری فریب در فریب ہے۔ اسلام کا جدید جمہوریت سے کوئی تعلق نہیں' نہ جمہوریت کو اسلام سے کوئی واسطہ ہے۔ ضدان لا یجتمعان (یہ دو متضاد جنسیں ہیں جو اکٹھی نہیں ہوسکتیں)۔

## اولوالامر کی اطاعت

س ...... اطاعت اولی الامر کی قرآنی ہدایت کے تحت پاکستانی مقننہ کے نافذ کردہ وہ قوانین جن کی صحت کی تصدیق اسلامی نظریاتی کونسل کرچکی ہو ان کی خلاف ورزی کرنے والا اللہ اور رسول ﷺ کی اطاعت کا نافرمان قرار پائے گا یا نہیں؟ نیز حکومت وقت کی کب تک اور کہاں تک اطاعت ضروری ہے؟

ج ...... "اولوالامر" کی اطاعت ان امور میں لازم ہے' جن پر اللہ تعالیٰ اور رسول ﷺ کی نافرمانی نہ ہوتی ہو۔ پس جو ملکی قوانین شریعت کے خلاف نہیں ان کی پابندی لازم ہے اور جو شریعت کے خلاف ہوں ان کی پابندی حرام اور ناجائز ہے۔ الغرض اولی الامر کی اطاعت مشروط ہے۔ اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت غیر مشروط ہے۔

## اسلامی نظام کے نفاذ کا مطلب

س ...... آج تقریباً عرصہ ۴ سال ہو گئے ' جب سے ہمارے ملک میں اسلامی نظام آرہا ہے ' پینٹ کوٹ وغیرہ لوگ بہت کم پہنتے ہیں ۔ لوگوں میں شلوار قمیص یا کرتے کا رواج ہو گیا ہے لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ مرد اور عورتیں سب تقریباً یکساں ڈیزائنوں کے شلوار قمیض اور کرتے پہن رہے ہیں جبکہ نبی کریم ﷺ نے عورت کو مرد جیسا لباس اور مرد کو عورت جیسے لباس کے بارے میں فرمایا ہے کہ ایسے پر لعنت ہے ۔ ہمارا ٹی وی اس معاملے میں پیش پیش ہے اور پھر ہمارے ملک کے ادبی اور سماجی رسالے ' ڈائجسٹ بھی نئے نئے ڈیزائن تخلیق کر رہے ہیں ۔ آیا ہمارے اسلامی معاشرے میں ان چیزوں کی گنجائش ہے ۔

یہ ایک معمولی بات ہو سکتی ہے لیکن قرآن کی رو سے لازم ہے کلمہ پڑھنے والے پر کہ "اسلام میں پورے کے پورے داخل ہو جاؤ" اسلام کی رو سے مرد اور عورت کے لباس کی وضاحت کریں ۔ اقبال ؔ

خود بدلتے نہیں قرآن کو بدل دیتے ہیں
ہوئے کس درجہ فقیہان حرم بے توفیق

ج ...... اسلامی نظام کے نفاذ کا مطلب ہے اپنی خواہشات پر احکام الہیہ کی بالادستی قائم کرنا اور حکم الٰہی کے سامنے اپنی خواہشات کو چھوڑ دینا ۔ مگر شاید ہم اس کے لئے تیار نہیں اس لئے ہم اسلامی نظام کے نفاذ کا مطلب سمجھتے ہیں اسلامی احکام کو اپنی پسند و ناپسند کے مطابق ڈھالنا ۔ چنانچہ اسی کا مظاہرہ ہمارے یہاں ہو رہا ہے جس کی آپ کو شکایت ہے ۔

## کیا اسراف اور تبذیر حکومت کے کاموں میں بھی ہوتا ہے

س ...... گزشتہ دنوں یہاں ایک مسجد میں ایک جید عالم دین تقریر کر رہے تھے جس کا عنوان یہ تھا کہ ہم پاکستان کے وزیر اعظم کی آمد کا خیر مقدم کرتے ہیں مگر

حکومت آزاد کشمیر ان کے استقبال کے لئے جو بے پناہ رقم خرچ کر رہی ہے اس کا کوئی جواز شرعاً نہیں بلکہ یہ اسراف ہے اس پر انہوں نے ۱۵ویں پارے کی آیت اسراف پڑھ کر تقریر ختم کر دی اختتام تقریر پر آزاد کشمیر کی اعلیٰ عہدہ پر فائز ایک شخصیت نے اٹھ کر کہا کہ مولوی جاہل ہوتے ہیں اور یہ کہ اسراف کا تعلق انسان کی ذات سے ہوتا ہے اور سلطنت میں اسراف کا اطلاق نہیں ہوتا اور یہ کہ میں جمعہ پڑھنے کے لئے مسجدوں میں اس لئے نہیں آتا کہ یہ جاہل مولوی کچھ نہ کچھ بے تکی باتیں کر دیتے ہیں جن کی وضاحت یا تردید کرنی ضروری ہوتی ہے جس سے فساد کا امکان ہوتا ہے۔ قابل دریافت امر یہ ہے کہ اسراف اور تبذیر میں کیا فرق ہے؟ اور بغیر استثنا کے تمام مولویوں کو جاہل کہنے والا شرعاً کیسا ہے؟ اور اسی خدشہ سے جمعہ کو عملاً ترک کرنے والا شرعاً کیا حکم رکھتا ہے؟۔

ج ...... اپنی ذاتی رقم تو آدمی کی ملکیت ہوتی ہے اور حکومت کے خزانہ میں جو روپیہ جمع ہوتا ہے وہ کسی کی ذاتی ملکیت نہیں بلکہ وہ امانت ہے اور اس پر حکومت کا قبضہ بھی امانت کا قبضہ ہے جب ذاتی ملکیت میں بے جا تصرف اسراف ہے تو امانت میں بے جا تصرف اسراف کیوں نہ ہو گا۔بلکہ یہ اسراف سے بڑھ کر ہے۔ یعنی امانت میں خیانت۔یہ تو اصولی جواب ہوا۔رہا یہ کہ کونسا تصرف بے جا ہے اور کونسا نہیں؟ اس میں بحث و گفتگو کی کافی گنجائش ہے بہت ممکن ہے کہ ایک شخص کسی خرچ کو بے جا سمجھے اور دوسرا اس کو بے جا نہ سمجھے۔

ان صاحب نے علماء کے بارے میں جو الفاظ کہے وہ بہت سخت ہیں ان کو ان الفاظ سے ندامت کے ساتھ توبہ کرنی چاہئے۔کسی عالم' مولوی میں اگر کوئی غلطی واقعتاً نظر آئے تو اس کی وجہ سے صرف اسی کو غلط کہا جا سکتا ہے لیکن علماء کی پوری جماعت کو مطعون کرنا یا ان کی تحقیر کرنا کسی طرح بھی قرین عقل وانصاف نہیں۔بلکہ اہل علم کی تحقیر و توہین کو کفر لکھا ہے۔اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کو اس آفت سے بچائے اور ان صاحب کا ''مولویوں'' کی وجہ سے جمعہ کی جماعت

تک کو ترک کر دینا اور بھی سنگین ہے۔ حدیث میں ہے کہ جو شخص بغیر عذر کے محض معمولی بات سمجھتے ہوئے تین جمعہ چھوڑ دے' اللہ تعالیٰ اس کے دل پر مہر کر دیتے ہیں۔ (نعوذ باللہ' مشکوۃ ص ۱۲۱)

## اپنے پسندیدہ لیڈر کی تعریف اور مخالف کی برائی بیان کرنا

س ...... آج کل سیاست کا بہت زور ہے' ہر کوئی اپنے پسندیدہ لیڈر کی تعریف کرتا ہے اور اپنے مخالف لیڈر کی برائی کرتا ہے' کیا یہ برائی بھی غیبت میں شامل ہے؟

ج ...... اپنے لیڈر کی بے جا تعریف کرنا یا ایسی بات پر تعریف کرنا جو اس کے اندر نہیں پائی جاتی یا ایسی چیز پر تعریف کرنا جو شرعاً مستحسن نہ ہو جائز نہیں۔ اور مخالف لیڈر کے ذاتی عیوب و نقائص کو بیان کرنا یہ بھی غیبت ہے' البتہ اگر اس کی کوئی پالیسی یا بیان و تقریر ملک و ملت کے مفاد کے خلاف ہو تو اس پر تنقید جائز ہے۔

## مروجہ طریق انتخاب اور اسلامی تعلیمات

س ...... مروجہ طریق انتخاب میں جس میں قومی اسمبلی کے امیدوار وغیرہ چنے جاتے ہیں اور اس میں جاہل' عقلمند' باشعور' بے شعور' دیندار اور بے دین کے ووٹ کی قدر (Value) ایک برابر ہوتی ہے کیا یہ از روئے قرآن و حدیث صحیح ہے؟

س ...... ہر پانچ سال کے بعد الیکشن کروانا اور ملک کے اندر ہیجان برپا کرنا کیا قرآن و حدیث کی رو سے از حد ضروری ہے؟ کیا ایک مرتبہ کا انتخاب کافی نہیں؟ اگر ضروری ہے تو بحوالہ قرآن و حدیث تحریر فرمائیں بار بار الیکشن کی مثال اسلامی رو سے دیں۔

س ...... مروجہ قانون کے تحت وزیر اعظم اسمبلی کی اکثریت کے فیصلے کا پابند ہوتا ہے کیا یہ شریعت کے خلاف نہیں؟ کیا اکثریت کے فیصلے کے ماننے کا

وزیر اعظم ازروئے قرآن وحدیث پابند ہے؟

ج ...... اسلامی نقطہ نظر سے حکومت کا انتخاب تو ہونا چاہئے لیکن موجودہ طریق انتخاب جو ہمارے یہاں رائج ہے کئی وجوہ سے غلط اور محتاج اصلاح ہے۔

اول :سب سے پہلے تو یہی بات اسلام کی روح اور اس کے مزاج کے خلاف ہے کہ کوئی شخص مسند اقتدار کے لئے اپنے آپ کو پیش کرے ' اسلام ان لوگوں کو حکومت کا اہل سمجھتا ہے جو اس کو ایک مقدس امانت سمجھتے ہوں اور عہدہ ومنصب سے اس بنا پر خائف ہوں کہ وہ اس امانت کا حق بھی ادا کر سکیں گے یا نہیں؟ اس کے برعکس موجودہ طریق انتخاب اقتدار کو ایک مقدس امانت قرار دینے کے بجائے حریصان اقتدار کا کھلونا بنا دیتا ہے۔ حدیث میں ہے کہ "ہم ایسے شخص کو عہدہ نہیں دیا کرتے جو اس کا طلب گار ہو یا اس کی خواہش رکھتا ہو"۔ (صحیح بخاری وصحیح مسلم)

دوم : مروجہ طریق انتخاب میں الیکشن جیتنے کے لئے جو کچھ کیا جاتا ہے وہ اول سے آخر تک غلط ہے۔ رائے عامہ کو متاثر کرنے کے لئے سبز باغ دکھانا' غلط پروپیگنڈہ' جوڑ توڑ' نعرہ بازی' دھن' دھونس' یہ ساری چیزیں اسلام کی نظر میں ناروا ہیں' اور یہ غلط روش قوم کے اخلاق کو تباہ کرنے کا ایک مستقل ذریعہ ہے۔

سوم : موجودہ طریق انتخاب میں فریق مخالف کو نیچا دکھانے کے لئے اس پر کیچڑ اچھالنا اور اس کے خلاف نت نئے افسانے تراشنا لازمۂ سیاست سمجھا جاتا ہے اور تکبر' غیبت' بہتان' مسلمان کی بے آبروئی جیسے اخلاق ذمیمہ کی کھلی چھٹی ملجاتی ہے' افراد واشخاص اور جماعتوں کے درمیان بغض ومنافرت جنم لیتی ہے اور پورے معاشرے میں تلخی' کشیدگی اور بیزاری کا زہر گھل جاتا ہے یہ ساری چیزیں اسلام کی نظر میں حرام اور قبیح ہیں کیونکہ ملک وملت کے انتشار وافتراق کا ذریعہ ہیں۔

چہارم : اس طریق انتخاب کو نام تو جمہوریت کا دیا جاتا ہے لیکن واقعتاً جو چیز سامنے آتی ہے وہ جمہوریت نہیں جبریت ہے' الیکشن کے پردے میں شروفتنہ کی جو آگ بھڑکتی ہے' ہلڑ بازی' ہنگامہ آرائی' لڑائی جھگڑا' دنگا فساد' مار پٹائی سے آگے بڑھ کر کئی جانیں ضائع ہو جاتی ہیں' یہ ساری چیزیں اسی جبریت کا شاخسانہ ہے جس کا خوبصورت نام شیطان نے جمہوریت رکھ دیا ہے۔

پنجم : ان ساری ناہموار گھاٹیوں کو عبور کرنے کے بعد بھی جمہوریت کا جو مذاق اڑتا ہے وہ اس طریق انتخاب کی بد مذاقی کی دلیل ہے ہوتا یہ ہے کہ ایک ایک حلقہ میں دس دس پہلوانوں کا انتخابی دنگل ہوتا ہے' اور ان میں سے ایک شخص پندرہ فیصد ووٹ لے کر اپنے دوسرے حریفوں پر برتری حاصل کر لیتا ہے' اور چشم بد دور یہ صاحب ''جمہور کے نمائندے'' بن جاتے ہیں۔یعنی اپنے حلقہ کے پچاسی فیصد رائے دہندگان جس شخص کو مسترد کر دیں ہماری جمہوریت صاحبہ اس کو نمائندہ جمہور کا خطاب دیتی ہے۔

ششم : تمام عقلا کا مسلمہ اصول ہے کہ کسی معاملے میں صرف اس کے ماہرین سے رائے طلب کی جاتی ہے لیکن سیاست اور حکمرانی شاید دنیا کی ایسی ذلیل ترین چیز ہے کہ اس میں ہر کس وناکس کو مشورہ دینے کا اہل سمجھا جاتا ہے اور ایک بھنگی کی رائے بھی وہی قدروقیمت اور وزن رکھتی ہے جو سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کی' اور چونکہ عوام ذاتی اور وقتی مسائل سے آگے ملک وملت کے وسیع ترین مفادات کو نہ سوچ سکتے ہیں اور نہ سوچنے کی صلاحیت رکھتے ہیں' اس لئے جو شخص رائے عامہ کو ہنگامی وجذباتی نعروں کے ذریعہ گمراہ کرنے میں کامیاب ہو جائے وہ ملک وملت کی قسمت کا ناخدا بن بیٹھتا ہے' یہی وہ بنیادی غلطی ہے جسے ابلیس نے ''سلطانی جمہور'' کا نام دے کر دنیا کے دل ودماغ پر مسلط کر دیا ہے' اسلام اس احمقانہ نظریہ کا قائل نہیں' وہ انتخاب حکومت میں اہل بصیرت اور ارباب بست وکشاد کو رائے دہندگی کا اہل سمجھتا ہے۔ شاعر ملت علامہ اقبال

مرحوم کے الفاظ میں:

گریز از طرز جمہوری غلام پختہ کارے شو
کہ از مغز دوصد خر کار یک انسان نمی آید

ہفتم: موجودہ طریق انتخاب تجربہ کی کسوٹی پر بھی کھوٹا ثابت ہوا ہے' اس طریق انتخاب سے جو لوگ مسند اقتدار تک پہنچے وہ ملک کی شکست وریخت کے سوا ملک وقوم کی کوئی خدمت نہ کر سکے' اور جو چیز تجربہ نے مضر ثابت ہوئی ہو اور قوم اس کا خمیازہ بھگت چکی ہو اس تجربہ کو دوبارہ دہرانا نہ تو شرعاً جائز ہے اور نہ عقلاً ہی اسے صحیح اور درست کہا جاسکتا ہے۔ لہٰذا موجودہ طریقہ کار کو بدل کر ایک ایسا طریقہ انتخاب وضع کرنا ضروری ہے جو ان قباحتوں سے پاک ہو اور جس کے ذریعہ اقتدار کی پرامن منتقلی ہوسکے۔

جواب سوال دوم: انتخاب ہر پانچ سال بعد کرانا کوئی شرعی فرض نہیں' لیکن اگر حکمران میں بھی کوئی ایسی خرابی نہ پائی جائے جو اس کی معزولی کا تقاضا کرتی ہو تو اس کو بدلنا بھی جائز نہیں۔ دراصل اسلام کا نظریہ اس بارے میں یہ ہے کہ وہ حکومت تبدیل کرنے کے مسئلہ کو اہمیت دینے کے بجائے منتخب ہونے والے حکمران کی صفات اہلیت کو زیادہ اہمیت دیتا ہے' اسلامی ذوق سے قریب تر بات یہ ہے کہ قوم کے اہل رائے حضرات صدر یا امیر کا چناؤ کریں اور پھر وہ اہل الرائے کے مشورے سے اپنے معاونین ورفقاء کو خود منتخب کرے۔

جواب سوال سوم: حکومت کا سربراہ اہل مشورہ سے مشورہ لینے کا پابند ہے۔ مگر کثرت رائے پر عمل کرنے کا پابند نہیں' بلکہ قوت دلیل پر عمل کرنے کا پابند ہے۔ اس مسئلہ میں بھی جمہوریت کا اسلام سے اختلاف ہے۔ جمہوریت کہنے والوں کی بات کا وزن کرنے کی قائل نہیں' صرف مردم شماری کی قائل ہے' بقول اقبال:

جمہوریت اک طرز حکومت ہے کہ اس میں
بندوں کو گنا کرتے ہیں تولا نہیں کرتے

# تعلیم

## صنف نازک اور مغربی تعلیم کی تباہ کاریاں

س ...... کیا خواتین کو مروجہ عصری علوم اور مغربی تعلیم سے آراستہ کرنا شرعاً ناجائز ہے' اس کے کیا کیا مفاسد ہیں؟تفصیل سے روشنی ڈالیں؟

ج ...... مغربی تہذیب اور اس کے طرز تعلیم نے صنف نازک کو اقتصادی' معاشرتی' سماجی اور اخلاقی میدان میں کس طرح پامال کیا ہے' اس کے ناموس اور تقدس کو حرص و آز کی قربان گاہ پر کس طرح بھینٹ چڑھایا ہے۔ اس کی معصومیت' حیا اور شرافت کو مغربیت کی فسوں کاری سے کس طرح شکار کیا ہے۔ اس کے وقار' اس کی عزت' اس کی اقدار اور وفادارانہ روایات کو دور حاضر نے کس طرح کچل کر رکھ دیا ہے' اس کے احساسات' جذبات اور تصورات کو اضطراب' بے چینی اور بے اطمینانی کے کس اندھیرے غار میں ڈال دیا ہے۔ ان سوالات کے جوابات آج اخبار کے صفحات میں "ہر دیکھنے والی نظر" کے سامنے بکھرے پڑے ہیں' لیکن مغربی افیون کا نشہ پڑھنے والوں کو ان پر غور و فکر کی مہلت نہیں دیتا۔ ہمیں لکھتے پڑھتے اور کہتے سنتے بھی شرم آتی ہے کہ مغربی تاجروں نے "نصف انسانیت" کو تعلیم و تہذیب' فیشن اور کلچر' مساوات اور حقوق کے پر فریب نعروں سے تجارتی منڈی میں فروختنی سامان کی حیثیت دے

ڈالی ہے۔ زندگی کا کون سا شعبہ ہے، جس میں ""عورت"" کے نام، نغمہ و کلام، شکل وصورت اور تصویر اور فوٹو کو فروغ تجارت کا ذریعہ نہیں بنایا ہے۔ عورت کے فطری فرائض بدستور اس کے ذمہ ہیں۔ خانہ داری اور نسل انسانی کی پرورش کا پورا بوجھ وہ اب بھی اٹھاتی ہے، لیکن ظلم پیشہ، کسل پسند اور آرام طلب ""مرد"" نے ""وزارت"" سے لے کر ہسپتال کے نرسنگ سسٹم تک زندگی کے ایک ایک شعبہ کا بوجھ بھی اس مظلوم اور ناتواں کے نحیف کندھوں پر ڈال دیا ہے۔

مردوزن کی الگ الگ فطری تخلیق ' الگ الگ جسمانی ساخت ' الگ الگ ذہنی صلاحیت ' الگ الگ جذبات واحساسات ' الگ الگ طرز نشست وبرخاست کا فطری تقاضا یہ تھا کہ ان دونوں کے فطری فرائض بھی الگ الگ ہوتے ' دونوں کا میدان عمل ہی الگ الگ ہوتا' دونوں کے حقوق وواجبات بھی الگ الگ ہوتے۔ دونوں کی زندگی کا دائرہ کار بھی الگ الگ ہوتا نیز جس طرح عورت اپنے فطری فرائض بجالانے پر بہرحال مجبور ہے' اسی طرح عقل وانصاف کا تقاضا اور نواعیس فطرت کی اپیل ہے کہ وہ مرد اپنے فطری فرائض کے میدان میں مکمل طور پر خود مصروف تگ وتاز ہونے کا بار خود اٹھائے اور صنف نازک کو ""اندرون خانہ"" سے باہر نکال کر ""بیرون خانہ"" رسوا نہ کرے۔

مرد اور عورت بلاشبہ انسانی گاڑی کے دو پہیئے ہیں۔ لیکن یہ گاڑی اپنی فطری رفتار کے ساتھ اسی وقت چل سکے گی جبکہ ان دونوں پہیوں کو اس گاڑی کے دونوں جانب فٹ کیا جائے۔ گھر کے اندر عورت ہو اور گھر سے باہر مرد ہو۔ لیکن اگر ان دونوں کو ایک ہی جانب فٹ کر دیا جائے یا بٹوارا کر لیا جائے کہ مرد بھی نصف گھر سے باہر کے فرائض انجام دے اور نصف گھر کے اندر کے۔ اسی طرح عورت کی زندگی کو اندر اور باہر کے فرائض کی دو عملی میں بانٹ دیا جائے تو یا تو یہ گاڑی سرے سے چلے گی ہی نہیں یا اگر چلے بھی تو فطری رفتار

سے نہیں چلے گی۔بلکہ اس کی رفتار میں کَجی' ہچکولے' بے اطمینانی اور سردروی کا اتنا عظیم طوفان ہو گا کہ انسانی زندگی نمونہ جنت نہیں بلکہ سراپا جہنم زار بن کر رہ جائے گی۔

آج مغرب کے ارزاں فروشوں نے صنف نازک کے گراں مایہ اقدار کو جن سستے داموں بیچ کر زندگی کے جہنم کا ایندھن خریدا ہے۔اس سے مشرق ومغرب بیک زبان لرزہ براندام اور نالہ کناں ہیں' اس نے "صنف ضعیف" کے طبعی میدان عمل پر اس شدت سے قہقہہ لگایا کہ عورت کو مجبوراً اپنا فطری مقام چھوڑ کر سست وجود اور کسل پسند "مرد" کے میدان عمل میں آنا پڑا' اور قانون فطرت نے جو ذمہ داری صرف اور صرف مرد پر ڈالی تھی۔اس مظلوم کو مردوں کے دوش بدوش اس کا نصف بار اٹھانا پڑا۔ اس جذبہ وفاداری کے تحت جب عورت گھر سے نکل کر "بیرون خانہ زندگی" میں گامزن ہوئی تو قدم قدم پر اس کی نسوانیت کا مذاق اڑایا گیا۔سب سے پہلے اس کے سامنے "تعلیم" کے خوش کن عنوان سے سکول' کالج اور یونیورسٹی کے دروازے کھولے گئے اور معصوم بچیوں کو آزادانہ طور پر لڑکوں کی صفوں میں بیٹھ کر نئی طرز زندگی سیکھنے پر مجبور کیا گیا۔مخلوط تعلیم نے جس کا رواج اگرچہ کئی جگہ بند کر دیا گیا ہے لیکن ابھی تک اس کی برائی اور نفرت سے کماحقہ واقفیت کی نعمت سے لوگ آشنا نہیں ہو سکے۔لڑکوں اور لڑکیوں کے اخلاق' عادات' اطوار اور جذبات میں جو زہر گھولا ہے اس کے لئے شواہد اور دلائل پیش کرنا غیر ضروری ہے' اخبار کے صفحات اور عدالتوں کے ریمارکس اس پر شاہد ہیں۔اس مرحلہ میں (الا ما شاء اللہ) جو نسوانیت کی مٹی پلید ہوئی اور ہو رہی ہے۔اس پر انسانیت بشرطیکہ وہ کسی میں موجود بھی ہو' سر پیٹ کر رہ جاتی ہے اور حیاء اور عصمت کی دیوی' اپنا دامن چاک کر لیتی ہے اس مرحلہ میں کتنی ہی دوشیزاؤں کو اپنے عزت مآب والدین سے باغی ہو جانا پڑا' کتنے ہی باعزت خاندانوں کو ذلت اور رسوائی کی اتھاہ

گہرائیوں میں ڈوب جانا پڑا اور کتنے ہی گھرانوں کو اپنی شرافت اور برتری کی معراج سے دناءت اور پستی کے تہ خانوں میں گم ہو جانا پڑا۔

خدا خدا کرکے تعلیم ختم ہوئی۔ اب ملازمت کی تلاش کا مرحلہ پیش آیا' اس مرحلہ میں کن کن لوگوں سے ملاقاتیں کرنا پڑیں' کن کن حیاسوز محفلوں میں حاضری دینا پڑی۔ کن کن شریفوں کے خندہ زیرلب کا نشانہ بننا پڑا' ایک طویل داستان ہے' جو ہر اس خاتون کے سر سے گذرتی ہے جسے یہ مرحلہ پیش آیا ہو مشرقی مذاق میں اس مرحلہ کی تعبیر یوں ہے۔

کرکے بی اے اب رشیدہ ڈھونڈتی ہے نوکری
لینے کے دینے پڑے اس گھر کی ویرانی بھی دیکھ

روزنامہ کوہستان لاہور ۲۳ ستمبر ۱۹۶۶ء کی اشاعت (خواتین کا اخبار) میں ایک قابل احترام خاتون کا ایک مضمون اسی موضوع پر نظر سے گذرا' جس میں مذکورہ بالا مرحلہ میں صنف نازک کی لاعلاج پریشانیوں کی ہلکی سی جھلک پیش کی گئی ہے۔ مجھے دوسروں کی خبر نہیں لیکن سچ یہ ہے کہ اپنی ایک بہن کی عجیب وغریب پریشانی احوال کو پڑھ کر دل ڈوب گیا' گردن جھک گئی' اور دماغ میں نفسیاتی بحران کی کیفیت طاری ہوگئی۔ میں سوچنے لگا کہ یا اللہ! شاطر فرنگ کتنا بڑا ظالم تھا۔ جس نے مشرقی خاتون کو "جنت خانہ" سے باہر نکال کر اس کے تمام ترضعف اور فطری ناتوانی کے باوجود اسے بے اطمینانی وبے چینی کے جہنم میں دھکیل دیا۔ اس موقعہ پر مناسب معلوم ہوتا ہے کہ میں اپنی بہن کی دردناک کہانی کے چند اجزاء یہاں نقل کر دوں۔ محترمہ لکھتی ہیں:

"جی چاہتا ہے اپنی ڈگریوں کو اٹھاکر بھاڑ میں جھونک دوں۔ سیما نے اپنی ایم اے تک کی ڈگریاں میز پر زور سے پٹخ دیں اور کرسی پر گرکر پیشانی کا پسینہ پونچھنے لگی' کیوں خیر تو ہے؟ میں نے حیرت سے اس کے چہرے کو دیکھا۔ آج ڈگریوں کی کم بختی کیوں آگئی۔ انہیں حاصل

کرنے کے لئے تو تم نے دن رات ایک کر دیئے۔ تمہارے چہرے پر کھنڈی ہوئی یہ زردی اور ہمیشہ کی سردردی ان ڈگریوں ہی نے تو دی ہے"۔

ان ڈگریوں کے حاصل کرنے پر اسے مجبوراً دن رات ایک کر دینا پڑا تھا اور جس کے نتیجہ میں چہرے کی زردی اور دائمی سردردی میں وہ بیچاری مبتلا ہو کر رہ گئی تھی۔ اس سوال کا جواب اس کی طرف سے کیا دیا گیا؟ ذرا اسے پڑھئے اور صنف نازک کی "غیر فطری پریشانیوں" کا اندازہ کیجئے۔

"محترمہ لکھتی ہیں کہ یہ سوال سن کر وہ رو دینے کے انداز میں کہنے لگی۔ یہی تو دکھ کی بات ہے۔ ان ڈگریوں کو حاصل کرنے کا مقصد اگر فریم کروا کے دیوار پر آویزاں کرنا ہے تو پھر ٹھیک ہے' بڑی سے بڑی ڈگری لو' اعلیٰ سے اعلیٰ فریم میں لگاؤ اور گھروں میں لٹکالو' پر اگر کوئی غریب چاہے کہ اس کی محنت کا ثمر مل جائے تو مشکل ہے' ڈگریوں کو ماتھے پر سجا کر در در کی خاک چھانو' سکول' کالج اور دفتروں کی چوکھٹیں گھساؤ' مگر سولہ سال کی محنت کے عوض ملی ہوئی یہ سند تمہیں کہیں نوکری نہ دلا سکے گی۔"

یہ تو اس تعلیم کا صرف ایک پہلو ہے' اس کا دوسرا پہلو اس سے بڑھ کر سنجیدہ غور و فکر کا مستحق ہے۔ اس کی طرف بھی اشارہ کیا گیا ہے۔

"اور پھر تم جانتی ہو' وہ سنجیدگی سے بولی۔ یہ وہ زمانہ نہیں جس میں معمولی پڑھی لکھی گھر گرہستی کو سمجھنے والی عورت ہی آورش سمجھی جاتی ہو۔ آج عظمت اور بڑائی کا معیار بدل گیا ہے۔ کسی بھی اخبار کے اشتہاروں کے کالم میں دیکھ لو۔ ضرورت رشتہ کے عنوان سے دیئے گئے اشتہار میں لیڈی ڈاکٹر اور پروفیسر کو کس طرح ترجیح دی گئی ہوتی ہے۔"

گویا اس تعلیم نے معاشرت و اقتصاد ہی کو نہیں سماج کو بھی متاثر کیا ہے۔

ذہنیت بدل کر رکھ دی۔ مزاج بگاڑ دیئے' اقدار کو مجروح کر دیا۔ کل تک جن چیزوں کو سماجی تعلقات اور رشتہ مناکحت کے لئے معیار قرار دیا جاتا تھا' اور وہ واقعتاً معیار تھیں بھی۔ اس تعلیمی ہیضہ نے ان تمام پر خط تنسیخ کھینچ دیا' شرافت اور بلندی کا معیار شستہ اخلاق' پاکیزہ عادات' عفت و عصمت' اقدار و اطوار نہیں رہے بلکہ صرف ایک معیار باقی رہ گیا۔ یعنی وہ لیڈی ڈاکٹر؟ یا پروفیسر؟ کس منصب پر فائز ہے اور ماہوار کتنے روپے کماتی ہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ممکن ہے جن لوگوں کو ان تلخیوں سے دوچار نہ ہونا پڑا ہو' انہیں یہ "داستان درد" بے وزن معلوم ہو۔ لیکن جن کے سر سے یہ گذری ہے ان کی شہادت کو آخر کیسے نظر انداز کر دیا جائے۔ تعلیم جدید کے قصیدہ خوانوں کو اپنی دردمند بیٹی اور بہن کا یہ بیان پورے غور و فکر سے پڑھ کر اپنے موقف پر نظر ثانی کرنا پڑے گی۔ محترمہ لکھتی ہیں:

> "برسوں اسی میدان میں دھکے کھانے کے بعد جب زندگی کے عملی میدان میں قدم رکھتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ سولہ برس کی محنت کا ثمرہ صرف کاغذ کا ایک پرزہ ہے جو زندگی کے لق و دق صحرا میں کسی وقعت کا حامل نہیں' یہ تو کسی کام بھی نہیں آسکتا پھر جی چاہتا ہے۔ کاش ڈھنگ سے برتن مانجھنے ہی سیکھ لئے ہوتے یا ہاتھ میں کوئی اور ہنر ہوتا کہ آج بے بسی اور محتاجی کا احساس یوں شدت سے کچوکے نہ لگاتا"۔

اس پر بس نہیں اس تعلیم نے صنف نازک کے جذبات پر جو گہرا زخم کیا ہے اسے معلوم کرنے کے لئے بدلتی ہوئی معاشرت پر بالاخانوں میں بیٹھ کر فخر کرنے والوں کو اپنی بہن کا یہ پیغام سن لینا چاہئے' اس پیغام میں اگر تلخی کی جھلک اور بڑے کڑوے کسیلے لہجے کی چبھن محسوس ہو تو انہیں سوچنا چاہئے کہ یہ کس کی آواز ہے۔ محترمہ لکھتی ہیں:

"میں پوچھتی ہوں، کہاں ہیں وہ لوگ جو گھر کی چار دیواری میں مستور، معمولی سی تعلیم و تربیت حاصل کرنے والی عورت کو آدرش جان کر اسے احساسات کے سب سے بلند استھان پر بٹھا لیا کرتے تھے۔ آج زندگی کی اقدار ہی بدل گئیں۔ غریبوں کو چاہئے کہ اپنی لڑکیوں کو نرسیں بنوایا کریں یا پھر پرائمری اسکولوں میں تیس روپے ماہوار پر استانیاں لگا دیا کریں، اس سے آگے وہ کچھ نہیں کر سکتیں۔ کیونکہ شروع میں ہی ان کا ہر احساس مٹا دیا جائے۔ یا شعور ہونے سے پہلے ہی ان کا شعور ختم کر دیا جائے تاکہ وہ زندگی میں کوئی مقام حاصل کرنے کے لئے جدوجہد کرتی ہوئی پاگل نہ ہو جائیں۔ کاغذ کے پرزوں کو سینے سے لگا لگا کر ان کی حسیات چوٹ نہ کھا جائیں"۔

اس تعلیم کے فضائل کی گنتی میں سرفہرست معیار زندگی کے بلند کرنے کا نام لیا جاتا ہے اور بڑے بے سروپا دلائل سے سمجھایا جاتا ہے کہ جب تک تعلیم عام نہ ہوگی زندگی کا معیار بلند نہیں ہو سکتا اگر معیار زندگی سے چند بڑے لوگوں کا معیار زندگی مراد ہے تو اور بات ہے، ورنہ اگر مجموعی زندگی کا اوسط مراد ہے تو معاف کیجئے یہ دلیل واقعات سے کوئی میل نہیں کھاتی۔ اس الٹ تعلیم سے معیار زندگی کے بلند کرنے کی امید باندھ لینا خواب خیالی سے زیادہ وقعت نہیں رکھتا۔ آخر امریکہ بہادر سے زیادہ تعلیم کہاں عام ہوگی؟ اور معیار زندگی کہاں بلند ہوگا۔ لیکن امریکی صدر آنجہانی کنیڈی نے اعتراف کیا تھا کہ امریکہ میں اب بھی ایسے لوگ موجود ہیں جنہیں پیٹ بھر کر دو دفعہ کھانا میسر نہیں۔ یہی معیار زندگی کا ہوا ہے جس کے لئے معصوم صنف نازک کو گوناگوں پیچیدگیوں میں جکڑ دیا گیا ہے حالانکہ خود "معیار زندگی" کے لئے کسی کے پاس کوئی "معیار" نہیں ہے کہ آخر یہ ہے کیا بلا؟ اس کے حدود کیا ہیں؟ یہ کہاں سے شروع ہوتی ہے اور کہاں جا کر ختم ہونے کا نام لیتی ہے۔ محترمہ نے کیا خوب لکھا ہے:

"سیما بے بسی سے ہنس دی اور بڑے سپاٹ لہجے میں بولی۔ لوگ پوچھتے ہیں تمہیں کیا معیار زندگی بلند کرنا ہے؟ انہیں کیا بتاؤں کہ یہاں تو زندگی کا سرے سے کوئی معیار ہی نہیں ہے اسے اونچا کیا کریں۔ ہم تو چاہتے ہیں زندگی اگر زندگی بن کر گزر جائے تو غنیمت ہے"۔

اور یہ اس "تعلیم جدید" کے ایک مرحلہ کا ذکر ہے یعنی ڈگری حاصل کرنے کے بعد نوکری کی تلاش۔ اس مرحلہ کا ایک پہلو اور بھی ہے کہ سب تو نہیں لیکن "بڑے لوگ" اپنی بیٹیوں کو یہاں سے مغرب کی یونیورسٹیوں میں بھیج دینے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔ مشرقی عورت مغربی ماحول میں جاکر تعلیم کے ساتھ کیا کیا سیکھ آتی ہوگی؟ اس کے لئے وہیں کی معاشرت پر نظر کر لینا ہی کافی سبق آموز ہے اور یہاں آکر یہ "بڑے گھر کی خواتین" مغربی طور طریقوں کی جو تبلیغ فرماتی ہیں۔ وہ کافی حد تک عبرت ناک ہے اور ان تعلیمی مراحل کو طے کرنے کے بعد اگر کسی خوش بخت کو کوئی ملازمت میسر آہی گئی تو سمجھا جاتا ہے کہ مقصد زندگی حاصل ہو گیا ہے' بلاشبہ مزعومہ مقصد ضرور حاصل ہو گیا ہو گا' لیکن اگر غور سے دیکھا جائے تو معلوم ہو گا کہ زندگی برباد ہو کر رہ گئی' اور صحیح لفظوں میں عورت کی زندگی مرد کی حرص وہوا کا نشانہ بن گئی۔ ذرا زندگی کے ہر شعبہ کی طرف نظر دوڑاؤ' جہاں جہاں عورت کو جکڑا گیا ہے' دکانیں نہیں سجتیں' جب تک انہیں بیٹی اور دلہن کی عریاں اور نیم عریاں تصاویر سے آراستہ نہ کیا جائے۔ کلب گھروں کی رونق عورتوں سے ہے۔ سنیما ہال کی شان وشوکت عورتوں سے ہے۔ تفریحی پروگراموں میں عورت کا استعمال' غیر ملکی مہمانوں کی آمد ہو تو بچیوں کا استقبال' ناچ اور ڈرامے کا طوفان ہو تو عورت حاضر' ریڈیو اسٹیشن پر اناؤنسری کی خدمت ہو تو عورت درکار' کتابوں اور رسالوں کی زینت عورت سے' اخبار اور مجلات کا کاروبار عورت کے دم قدم سے۔

سیاسیات میں صدارت اور وزارت کے لئے عورت' غیر ملکی وفود اور سفارت کے لئے عورت' ہوائی مہمانوں کی میزبان ملت کی بہن اور بیٹی' ہسپتالوں میں غیر محرم مردوں کی عیادت اور مرہم پٹی کرنے والی قوم کی نونہال' دفتروں میں افسران بالا کے ماتحت کام کرنے والی ملت کی خواتین' اور بعض نجی معاملات میں خدمت بجا لانے والی قوم کی بہو بیٹیاں' ہائے اکبر مرحوم اگر آج ہوتا تو کیا کچھ نہ کہتا۔

بے پردہ کل جو آئیں نظر چند بیبیاں
اکبر زمیں میں غیرت قومی سے گڑ گیا
پوچھا جو ان سے آپ کا پردہ وہ کیا ہوا
کہنے لگیں کہ عقل پہ مردوں کی پڑ گیا

اف : زمانے کا تغیر' کبھی مسلمان' غیر تمند مسلمان اس منحوس تعلیم کے ابتدائی اثرات کو دیکھ کر "غیرت قومی" سے گڑ جایا کرتا تھا۔ لیکن آج کا مسلمان کہلانے والا' جس کے لئے عورتوں کے منہ کا نقاب پردۂ عقل کی شکل اختیار کر گیا ہے۔ اس کے انتہائی "آثار بد" پر بھی ماتم نہیں کرتا' وہ اس تعلیمی فضا کی پیدا کردہ ذہنی اور اخلاقی انارکی کو آنکھوں سے دیکھتا ہے۔ سسکتی ہوئی اور دم توڑتی ہوئی انسانیت کی آہ وفریاد اور نالہ وگریہ اپنے کانوں سے سنتا ہے لیکن بڑے فخریہ انداز میں کہتا ہے۔

سعودی عرب میں شاہ فیصل کے دور میں جس وسیع پیمانے پر اصلاحات ہو رہی ہیں۔ اس کی خبریں ہمارے ہاں برابر چھپتی رہتی ہیں۔ ۱۲/۷ مئی کے پاکستان ٹائمز میں "سعودی عرب کا بدلتا ہوا معاشرہ" کے عنوان سے ایک مضمون شائع ہوا ہے۔ مضمون نگار "لڑکیوں کی تعلیم" کے ذکر میں لکھتے ہیں۔

"۱۹۶۱ء میں درعیہ میں لڑکیوں کے مدرسے کی پہلی جماعت

شروع کی گئی اس میں صرف ۱۲ طالبات تھیں اور لوگ اس
بدعت سے کچھ متوحش سے تھے۔ اب اس قسم کے ۱۴ دیہی
مراکز میں ۱۵۱۶ دن کی اور ۹۵۲ رات کی جماعتیں ہیں"

مضمون نگار کا کہنا ہے کہ ان سالوں میں سعودی خواتین عزلت کی زندگی سے نکل کر عوامی سرگرمیوں میں حصہ لینے لگی ہیں' وہ تعلیم حاصل کرنے کے بعد قومی تعمیر کے کاموں میں شریک ہو رہی ہیں' ان کے لئے مدارس میں بحیثیت استانیوں کے' سماجی بہبود کے اداروں میں بطور سماجی کارکنوں کے اور ہسپتالوں میں بحیثیت نرسوں کے برابر مواقع نکل رہے ہیں' (فکر و نظر جلد ۳ ش ۹ - ۱۰ ص ۶۳۰) اس بنائے افتخار پر اس کے سوا اور کیا عرض کر سکتے ہیں۔

تھا جو ناخوب بتدریج وہی خوب ہوا
کہ غلامی میں بدل جاتا ہے قوموں کا ضمیر

## علم کے حصول کے لئے چین جانے کی روایت

س ...... اکثر اخبارات' رسائل' کتب' تقاریر وغیرہ میں علم کے عنوان پر جب بھی بات چلتی ہے تو یہ کہا جاتا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا "اگر تمہیں تحصیل علم کے لئے چین بھی جانا پڑے تو جاؤ"۔

آپ ذرا بتایئے کہ آیا یہ حدیث کتب احادیث میں سے کسی میں موجود ہے یا نہیں؟

ج ...... یہ حدیث علامہ سیوطی ؒ نے جامع صغیر ص ۴۴ ج ۴ میں ابن عبدالبر ؒ کے حوالے سے نقل کی ہے۔ بعض حضرات نے اس کو من گھڑت (موضوع) کہا ہے۔ بہرحال یہ حدیث کسی درجہ میں بھی لائق اعتبار ہو تو علم سے مراد دینی علم ہے اور چین کا لفظ انتہائی سفر کے لئے ہے۔ کیونکہ چین اس وقت عربوں کے لئے بعید ترین ملک تھا۔

## دینی تعلیم کی راہ میں مشکلات نیز دینی اور دنیاوی تعلیم

س ...... میں نے بچپن سے آج تک دنیاوی تعلیم حاصل کی ہے اب میں دین کی تعلیم کی طرف آنا چاہتا ہوں۔ کیا مجھے کسی قسم کی مشکلات پیش آئیں گی؟

س ...... میرے والدین کی خواہش ہے کہ میں ڈاکٹر بنوں۔ انہوں نے میری تعلیم پر بڑا خرچہ کیا ہے۔ اگر میں ڈاکٹر نہیں بنتا ہوں تو انہیں بہت افسوس اور دکھ ہو گا۔ کیا انہیں دکھ میں مبتلا کر کے عالم دین بننا جائز ہے؟

س ...... اگر میں ان کی خواہش کے مطابق ڈاکٹر بنوں اور اپنی جوانی کو ڈاکٹری کی تعلیم میں صرف کروں تو اپنے دین کو قائم رکھ سکوں گا؟ میڈیکل کالجوں اور اسپتالوں میں مخلوط تعلیم اور دوسری برائیاں ہیں کیا ان کا گناہ اور وبال بھی میرے سر ہو گا؟

س ...... روز قیامت ایک عالم دین زیادہ مستحق اجروثواب ہو گا یا وہ شخص جس نے ہر قسم کی مشکلات اور نامساعد حالات میں اپنے دین کو باقی رکھا۔

س ...... کیا اس نیت سے یونیورسٹی کے شعبہ اسلامیات میں پڑھنا اور پی ایچ ڈی کی ڈگری لینا کہ بعد میں پروفیسر بنوں گا اچھی تنخواہ اور مراعات حاصل کروں گا...... دین بھی ہو گا اور دنیا بھی' جائز ہے؟

کیا مدرسے کی تعلیم اور یونیورسٹی کی تعلیم میں کوئی فرق ہے؟

ج ...... آپ کو مشکلات کا پیش آنا تو لازم ہے۔

(۲) اگر آپ ڈاکٹر بن کر دین پر قائم رہ سکیں تو والدین کی خوشنودی کیلئے ڈاکٹر بن جائیں۔

(۳) برائیوں کا گناہ تو یقیناً ہو گا اور یہ میں نہیں کہہ سکتا کہ دین کو قائم رکھ سکیں گے یا نہیں۔ اگر اہل دین کے ساتھ تعلق جڑا رہا تو توقع ہے کہ دین قائم رہ سکے گا۔

(۴) ظاہر ہے کہ عالم حقانی کا اجر بڑھا ہوا ہو گا۔

(۵) یونیورسٹی سے پی ایچ ڈی کر لینا تو دنیا ہی کیلئے ہوگا' آپ اسی دنیا کو دین بنا سکتے ہیں تو آپ کی ہمت ہے اور مدرسہ کی تعلیم دین کیلئے ہے۔ اگر کوئی اس کو دنیا بنالے تو یہ اس کی بے سمجھی ہے۔

## اسلام نے انسان پر کونسا علم فرض کیا ہے

س ...... سوال یہ ہے کہ اسلام نے ہم پر کونسا علم فرض کیا ہے۔ کیا وہ علم جو آجکل تعلیمی اداروں میں حاصل کر رہے ہیں یا کوئی اور؟

ج ...... آج کل تعلیم گاہوں میں جو علم پڑھایا جاتا ہے وہ علم نہیں۔ بلکہ ہنر' پیشہ اور فن ہے۔ وہ بذات خود نہ اچھا ہے نہ برا۔ اس کا انحصار اس کے صحیح یا غلط مقصد اور استعمال پر ہے۔ آنحضرت ﷺ نے جس علم کو فرض قرار دیا ہے' جس کے فضائل بیان فرمائے ہیں اور جس کے حصول کی ترغیب دی اس سے دین کا علم مراد ہے اور اسی کے حکم میں ہوگا وہ علم بھی جو دین کے لئے وسیلہ وذریعہ کی حیثیت رکھتا ہو۔

## کیا مسلمان عورت جدید علوم حاصل کر سکتی ہے

س ...... میں الحمدللہ پردہ کرتی ہوں لیکن میں کمپیوٹر سائنس کی تعلیم حاصل کر رہی ہوں۔ آپ مجھے یہ بتائیے کہ اسلام میں جدید تعلیم حاصل کرنے پر کوئی پابندی تو نہیں۔ جبکہ یہ تعلیم ایسی ہے کہ آدمی گھر بیٹھے کما سکتا ہے اس کو مرد کے ماحول میں ملازمت کی ضرورت نہیں پیش آئے گی۔ جبکہ کمپیوٹر کے سامنے وقت گزرنے کا پتہ نہیں چلتا۔ یہ ایک ایسا کام ہے کہ ہم جو فالتو وقت ٹی وی وغیرہ کے آگے گزار کر گناہ حاصل کرتے ہیں اس کے یعنی (کمپیوٹر) کے سامنے بیٹھ کر ان لغویات سے بچ سکتے ہیں۔ میں نے ایک جگہ پڑھا تھا کہ وہ علم جو دنیاوی عزت حاصل کرنے کے لئے لیا جائے اس کیلئے عذاب ہے لیکن میرے دل میں یہ خیال ہے کہ ہم مسلمان عورتوں کو پردے میں رہتے ہوئے ایسے

علوم ضرور سیکھنے چاہئیں کہ ہم کسی بھی طرح ترقی یافتہ قوموں سے پیچھے نہ رہیں۔ نیز اپنے پیروں پر ہم خود کھڑے ہو جائیں۔ نیز وہ لوگ جو پردہ دار عورتوں کو حقیر سمجھتے ہیں اور ان کے بارے میں یہ خیال رکھتے ہیں کہ یہ دقیانوسی عورتیں ہیں ان کو کیا پتہ کہ کمپیوٹر وغیرہ کیا ہوتا ہے؟ یا یہ کہ ان کو ایسی تعلیم سے کیا واسطہ؟ امید ہے کہ آپ میرا نظریہ سمجھ گئے ہوں گے میرا نظریہ یہ ہے کہ ایسی تعلیم کہ عورت مرد کے ماحول میں نکل کر کام کرنے کے بجائے گھر میں بیٹھ کر کمالے۔یہ زیادہ بہتر ہے کہ نہیں۔جو وقت اور جو حالات آپ دیکھ رہے ہیں آپ کی نظر میں کیا عورت کو ایسی تعلیم حاصل کرنی چاہئے کہ وہ آپ اپنے پیروں پر خود کھڑی ہو جائے۔یہ بتایئے کہ نبی پاک ﷺ اس بارے میں کیا فرماتے ہیں۔جو ہمارے نبی کا فیصلہ ہو گا وہی ہمارا انشاء اللہ فیصلہ ہو گا۔اگر آپ مجھے مطمئن کر دیں تو میں آپ کی بہت مشکور ہوں گی۔

ج ...... آپ کے خیالات ماشاء اللہ بہت صحیح ہیں کمپیوٹر کی تعلیم ہو یا کوئی دوسری تعلیم اگر خواتین ان علوم کو باپردہ حاصل کریں تو کوئی حرج نہیں۔تعلیم کے دوران یا ملازمت کے دوران نامحرموں سے اختلاط نہ ہو۔

## کونسا علم حاصل کرنا ضروری ہے اور کتنا حاصل کرنا ضروری ہے

س ...... علم حاصل کرو اگرچہ چین میں ملے علم حاصل کرو کا فقرہ

...... کیا علم دین کے لئے کہا گیا ہے؟

...... کیا یہ دنیا کے تمام علوم کے لئے کہا گیا ہے؟

...... کیا مرد اور عورتوں پر دنیوی علوم حاصل کرنا فرض ہے؟

ج ...... اول تو یہ حدیث ہی موضوع اور باطل ہے۔علاوہ ازیں انبیاء کرام علیہم السلام کی دعوت کا موضوع دنیا کا علم ہے ہی نہیں۔وہ تو آخرت کی دعوت دیتے ہیں اور انسانیت کو ان عقائد و اعمال اور اخلاق و معاملات کی تعلیم دیتے ہیں جن

سے ان کی آخرت بگڑے نہیں' بلکہ سنور جائے۔ اس لئے جو علوم آج کالجوں اور یونیورسٹیوں میں پڑھائے جاتے ہیں وہ آنحضرت ﷺ کے ارشاد "علم حاصل کرو" میں داخل نہیں' ان کا حاصل کرنا جائز ہے یا ناجائز؟ اور ضروری ہے یا غیر ضروری؟ یہ ایک الگ بحث ہے۔

۲۔ دینی علم بقدر ضرورت حاصل کرنا تو سب پر فرض ہے اور دنیاوی علوم کسب معاش کے لئے ہیں اور کسب معاش عورتوں کے ذمہ نہیں بلکہ مردوں کے ذمہ ہے' ان کی تعلیم اتنی کافی ہے کہ دینی رسائل پڑھ سکے اور لکھ پڑھ سکے۔ باقی سب زائد ہے۔

## کالجوں میں محبت کا کھیل اور اسلامی تعلیمات

س ...... کیا محبت کوئی حقیقت ہے (میری مراد صرف وہ محبت ہے جس کا ہمارے کالجز اور یونیورسٹیز میں بڑا چرچا ہے' اور بڑے بڑے عقلمند اسے سچ سمجھتے ہیں)۔

۲۔ کیا اسلام بھی اسے حقیقت سمجھتا ہے جبکہ ہمارے معاشرے میں ان لڑکیوں کو اچھا سمجھا جاتا ہے جو شادی سے پہلے کسی مرد کا خیال تک اپنے دل میں نہیں لاتیں۔ میں بھی اس پر یقین رکھتی ہوں اور اس کے مطابق عمل کرتی ہوں لیکن جب سے میں نے کالج میں داخلہ لیا وہ بھی بحالت مجبوری تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اب ایسا کرنا بہت مشکل ہے۔ اس سلسلے میں پچھلے سات آٹھ مہینوں سے میں بہت پریشان ہوں اور ہر دوسرے روز روتی ہوں لیکن کچھ سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا کروں اس سلسلے میں اسلام کیا سیدھا راستہ بتاتا ہے؟ برائے مہربانی تسلی بخش جواب دیجئے گا میں آپ کی بہت احسان مند ہوں گی۔

ج ...... اسلام میں مرد و عورت کے رشتہ محبت کی شکل نکاح تجویز کی گئی ہے' اس کے علاوہ اسلام "دوستی" کی اجازت نہیں دیتا۔ ہماری تعلیم گاہوں میں لڑکے

لڑکیاں جس محبت کی نمائش کرتی ہیں، یہ اسلام کی تعلیم نہیں بلکہ مغرب کی نقالی ہے، اور یہ "منقش سانپ"، جس کو ڈس لیتا ہے وہ اس کے زہر کی تلخی تادم آخر محسوس کرتا ہے۔ مغرب کو اسی محبت کے کھیل نے جنسی انارکی کے جہنم میں دھکیلا ہے، ہمارے نوجوانوں کو اس سے عبرت پکڑنی چاہئے۔

## انگریزی سیکھنا جائز ہے اور انگریزی تہذیب سے بچنا ضروری ہے

س ...... انگریزی زبان کو مذہب اسلام میں کیا حیثیت حاصل ہے۔ کیوں کہ ہمارے والدین اس زبان سے سخت نالاں ہیں اور اس کے سیکھنے کے حق میں نہیں ہیں لیکن آج کل کے دور میں انگریزی سیکھے بغیر کوئی چارہ نہیں ہے۔ اس کے بغیر ہم ترقی نہیں کر سکتے۔ لہٰذا آپ براہ مہربانی ہمیں بتائیں کہ مسلمانوں کے لئے انگریزی حاصل کرنا کیسا ہے کیونکہ یہ غیر مسلموں کی زبان ہے کیا مذہب اسلام اس بات کی اجازت دیتا ہے کہ ہم غیر مسلموں کی زبان سیکھیں؟

ج ...... انگریزی تعلیم سے اگر دین کے ضائع ہونے کا اندیشہ ہو تو حرام ہے۔ اگر دین کی حفاظت کے ساتھ دنیوی اور معاشی مقاصد کے لئے حاصل کی جائے تو مباح (جائز) ہے۔ اور اگر دینی مقاصد کے لئے ہو تو کار ثواب ہے۔ انگریزی زبان سیکھنے پر اعتراض نہیں، لیکن کیا موجودہ نظام تعلیم میں دین محفوظ رہ سکتا ہے؟ انگریزی سیکھے، انگریزی تہذیب نہ سیکھے تو کوئی مضائقہ نہیں۔

## دینی تعلیم کیلئے والدین کی اجازت ضروری نہیں

س ...... آج کل گھروں میں صرف دنیاوی تعلیم ہی کی باتیں ہوتی ہیں۔ دین کی باتیں تو والدین بتاتے ہی نہیں لہٰذا اگر کوئی شخص ایسے ماحول میں جانا چاہتا ہو جہاں اس کے علم میں اور ایمان میں اضافہ ہوتا ہو اور گھر والے اس کو نہ جانے دیتے ہوں تو کیا ان کی اطاعت جائز ہے؟

ج ...... دین کا ضروری علم ہر مسلمان پر فرض ہے اور اگر گھر والے کسی شرعی فرض کے ادا کرنے سے مانع ہوں تو ان کی اطاعت جائز نہیں۔

## دینی تعلیم کا تقاضہ

س ...... میں بارہویں جماعت پاس کر کے اب دینی تعلیم حاصل کرنا چاہتا ہوں۔ حضرت سے یہ دریافت کرنا تھا کہ میں نیت کیا رکھوں اور دین کی تعلیم حاصل کرنے کا اصل مقصود کیا ہے اور طالب علم اور استاد کا تعلق کیسا ہونا چاہئے؟ طالب علم ہونے کے ناتے استاد کے احترام اور ادب کے بارے میں کچھ ضروری باتیں جو دین کا علم حاصل کرنے میں ضروری ہوتی ہیں اگر حضرت سمجھا دیں تو میرے لئے بڑی کرم نوازی ہوگی۔

ج ...... دینی تعلیم سے مقصود صرف ایک ہے یعنی اللہ تعالیٰ کے احکام معلوم کر کے ان پر عمل کرنا اور رضائے الٰہی کے مطابق زندگی گزارنا۔ بس رضائے الٰہی کی نیت کی جائے، علم کے آداب کے لئے ایک رسالہ "تعلیم المتعلم" اور دوسرا رسالہ "آداب المتعلمین" چھپا ہوا موجود ہے اس کو خرید کر پڑھو اور اسکے مطابق عمل کرو۔

## مخلوط تعلیم کتنی عمر تک جائز ہے؟

س ...... دینی کتابوں کا مطالعہ کرنے سے حضور اکرم ﷺ کی تعلیمات کا جہاں تک پتہ چلتا ہے اور آج کل کے نظام تعلیم سے موازنہ کرتا ہوں تو ذہن میں کچھ سوالات پیدا ہوتے ہیں۔ الف۔ کیا مخلوط تعلیم کا جواز شریعت میں ہے؟ اگر ہے تو کتنی عمر تک کے بچے بچیاں اکٹھے بیٹھ کر تعلیم حاصل کر سکتے ہیں؟ اگر جواز شریعت میں نہیں تو پھر ذمہ دار افراد علیحدہ انتظام کیوں نہیں کرتے؟ جبکہ علماء حق اس پر زور دیتے ہیں۔

ج ...... دس سال کی عمر ہونے پر بچوں کے بستر الگ کر دینے کا حکم فرمایا گیا ہے۔ اس سے یہ بھی معلوم ہو سکتا ہے کہ بچے بچیاں زیادہ سے زیادہ دس گیارہ سال کی عمر تک ایک ساتھ پڑھ سکتے ہیں اس کے بعد مخلوط تعلیم نہیں ہونی چاہئے۔ دور جدید میں مخلوط تعلیم بے خدا تہذیب کی ایجاد کردہ بدعت ہے۔ جو ناگفتنی قباحتوں پر مشتمل ہے۔ معلوم نہیں ہمارے مقتدر حضرات اس نظام تعلیم میں کیوں تبدیلی نہیں فرماتے۔ جبکہ جداگانہ تعلیم کا مطالبہ صرف علمائے کرام ہی کا نہیں طلبہ اور طالبات کا بھی ہے۔

## مخلوط نظام تعلیم کا گناہ کس پر ہوگا

س ...... میں آٹھویں جماعت کا طالب علم ہوں دوسرے اسکولوں کی طرح ہمارے اسکول میں بھی (کو۔ایجوکیشن) مخلوط نظام تعلیم ہے۔ یہ وبا کراچی میں تو بہت زیادہ ہے۔ جناب! میں نے بزرگوں سے سنا ہے کہ دین کے مسائل پوچھنے میں ہم مسلمانوں کو شرم نہیں کرنی چاہئے۔ غرض یہ ہے کہ اس ترقی یافتہ دور میں لڑکے اور لڑکیاں بہت جلد بالغ ہو جاتے ہیں۔ باقی رہی سہی کسر وی سی آر' اور ٹیلی ویژن نے پوری کر دی ہے۔

جناب والا! ہماری کلاس میں بالغ لڑکے اور لڑکیاں جب مل کر بیٹھتے ہیں تو دونوں کے جذبات برانگیختہ ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ لڑکیاں اپنے دوست لڑکوں کو اس وقت اپنے گھر آنے کی دعوت دیتی ہیں جب کہ ان کے گھر والے گھر میں نہیں ہوتے۔ اسی طرح ہمارے اسکول میں مرد اور عورت اکٹھے تعلیم دیتے ہیں۔ جب خوبصورت عورت استانی پڑھانے کے لئے خوب "میک اپ" کے ساتھ سامنے آتی ہے تو اس وقت بھی لڑکوں کو بہت برے برے خیالات آتے ہیں۔ اسی طرح جب مرد استاد لڑکیوں کے سامنے آتے ہوں گے تو ان کے دلوں کا کیا حال ہوگا۔ جناب چند سالوں میں بہت عجیب و غریب واقعات

پیش آئے جن کو زبان پر اور قلم کی زد میں لاتے ہوئے بھی شرم آتی ہے۔ مثلاً ہمارے اسکول میں لڑکے لڑکیوں کے درمیان بد اخلاقی کے کچھ ایسے سنگین واقعات پیش آئے کہ ان کو اسکول سے خارج کرنا پڑا اور کتنے واقعات ایسے ہیں جو ہوتے ہیں لیکن ہر ایک دوسرے کے عیوب پر پردہ ڈالتے ہوئے اسے منظر عام پر نہیں لاتا۔

۱۔ ...... کیا پاکستان جو اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا اس میں مخلوط نظام تعلیم شرعاً جائز ہے؟

۲۔ ...... کیا اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے غیر محرم مردوں اور عورتوں کو آپس میں مل جل کر تعلیم دینے تعلیم حاصل کرنے یا بینکوں میں ملازم یا کسی اور ادارے میں کام کرنے کی اجازت دی ہے جبکہ ایسے میں تمام عورتیں بے پردہ ہوں؟

۳۔ ...... کیا پاکستان میں پردہ کا کوئی قانون نافذ نہیں؟

۴۔ ...... کیا مخلوط نظام تعلیم سے اسلام کا مذاق نہیں اڑایا جا رہا ہے؟

۵۔ ...... کیا مخلوط نظام تعلیم اور مخلوط ملازمتوں کا گناہ ارباب حکومت پر ہے' لڑکوں پر ہے یا لڑکیوں پر ہے؟ مردوں پر ہے یا عورتوں پر ہے ان میں سے کون سب سے زیادہ عذاب الٰہی کا مستحق ہے؟

ج ...... آپ کا خط کسی تبصرے کا محتاج نہیں' یہ حکومت کی' والدین کی اور معاشرے کے حساس افراد کی آنکھیں کھولنے کے لئے کافی ہے اور ان لوگوں کے لئے تازیانہ عبرت ہے' جو کہ مخلوط (کو۔ ایجوکیشن) اسکولوں اور اداروں میں اپنے بچوں اور بچیوں کو تعلیم دلوانا فخر سمجھتے ہیں اور ان کے بہترین مستقبل کی ضمانت سمجھتے ہیں' ان والدین کو سوچنا چاہئے کہ کہیں یہ مخلوط نظام تعلیم ان کے بچوں کی عزتوں کا جنازہ نہ نکال دے اور کہیں ان کے بہترین مستقبل کے سہانے خواب ڈھیر نہ ہو جائیں۔

## مرد، عورت کے اکٹھا حج کرنے سے مخلوط تعلیم کا جواز نہیں ملتا

س ...... گزارش یہ ہے کہ روزنامہ جنگ کراچی میں ایک خاتون کا انٹرویو شائع ہوا ہے، اس کے انٹرویو میں ایک سوال وجواب یہ ہے۔

س ...... پاکستان ایک اسلامی مملکت ہے مگر یہاں پر اسلامی نقطہ نظر سے خواتین کے لئے تعلیمی ماحول کچھ زیادہ خوشگوار نہیں ہے۔ جیسے خواتین یونیورسٹی کا قیام عمل میں نہ لانا وغیرہ اس سلسلے میں آپ کچھ اظہار خیال فرمایئے؟

پاکستان میں ہر لحاظ سے تعلیمی ماحول خوشگوار ہے۔ میں دراصل اس کی حمایت میں نہیں ہوں۔ کیونکہ جب ہم نے خود مردوں کے شانہ بشانہ چلنا ہے تو پھر یہ علیحدگی کیوں، اسلام کا ایک اہم فریضہ ہے "حج" جب اس میں خواتین علیحدہ نہیں ہوتیں تو تعلیم حاصل کرنے میں کیوں علیحدہ ہوں اور ہماری قوم بڑی مہذب وشائستہ ہے، میں نہیں سمجھتی کہ خواتین کو مخلوط تعلیم حاصل کرنے میں کوئی دشواری پیش آتی ہے۔ جب میں نے انجینئرنگ کی تو میں واحد لڑکی تھی اور ایک ہزار لڑکے تھے مگر مجھے کوئی دشواری پیش نہیں آئی۔ زمانہ طالب علمی میں طلبہ وطالبات ایک دوسرے کے بہت معاون ومددگار ہوتے ہیں"۔

حضرت! اب سوال یہ ہے کہ کیا مخلوط تعلیم حج کی طرح جائز ہے؟

اس خاتون کا مخلوط تعلیم کو حج جیسے اہم اور دینی فریضہ پر قیاس کرکے مخلوط تعلیم کو صحیح قرار دینا کیسا ہے؟ اور کیا واقعی خواتین کو مخلوط تعلیم حاصل کرنے میں کوئی دشواری پیش نہیں آتی؟ امید واثق ہے آپ تشفی فرمائیں گے۔

ج ...... حج کے مقامات تو مرد وعورت کے لئے ایک ہی ہیں، اس لئے مرد وعورت دونوں کو اکٹھے مناسک ادا کرنے ہوتے ہیں لیکن حکم وہاں بھی یہی ہے کہ عورتیں حتی الوسع حجاب کا اہتمام رکھیں۔ مردوں کے ساتھ اختلاط نہ کریں اور مرد نامحرم عورتوں کو نظر اٹھاکر نہ دیکھیں۔ پھر وہاں کے مقامات بھی مقدس، ماحول بھی مقدس اور جذبات بھی مقدس ومعصوم ہوتے ہیں اور اللہ

تعالیٰ کا خوف بھی غالب ہوتا ہے ۔ اس کے برعکس تعلیم گاہوں کا جیسا ماحول ہے سب کو معلوم ہے پھر وہاں لڑکے لڑکیاں بن ٹھن کر جاتی ہیں' جذبات بھی ہیجانی ہوتے ہیں اس لئے تعلیم گاہوں کو خانہ کعبہ اور دیگر مقامات مقدسہ پر قیاس کرنا کھلی حماقت ہے۔

# اوراد و وظائف

## قرض سے خلاصی کا وظیفہ

س ...... میں تین لاکھ کا قرض دار ہو گیا ہوں آنجناب کچھ پڑھنے کے لئے بتا دیں؟

ج ...... سورہ الشوریٰ (۲۵ واں پارہ) کے دوسرے رکوع کی آخری آیت "اللہ لطیف بعبادہ" آخر تک اسیّ مرتبہ فجر کے بعد پڑھا کریں۔ اگر داڑھی منڈاتے یا کترتے ہیں تو اس سے توبہ کریں۔ والسلام۔

## نوکری کے لئے وظیفہ

س ...... مولانا صاحب میں انٹر پاس نوجوان ہوں، نوکری نہیں ملتی کوئی وظیفہ تحریر فرما دیجئے۔

ج ...... ہر نماز باجماعت تکبیر کی پابندی کے ساتھ ادا کیجئے اور نماز کے بعد تین بار سورۂ فاتحہ اور تین بار آیت الکرسی پڑھ کر دعا کیا کیجئے۔ والسلام۔

## بچے کی بیماری اور اس کا وظیفہ

س ...... گذارش ہے کہ میرے پوتے کا نام محمد عمر خان ہے اکثر بیمار رہتا ہے والدین کا خیال ہے کہ شاید نام موافق نہیں آیا، اگر ایسا ہے تو کیا نام تبدیل کر دیں؟

ج ...... نام ٹھیک ہے بدلنے کی ضرورت نہیں سورۂ فاتحہ سات مرتبہ۔ آیۃالکرسی اور چاروں قل تین تین مرتبہ پڑھ کر دم کر دیا کریں۔

## رشتہ کے لئے وظیفہ

س ...... میں ایک بیوہ عورت ہوں میری ایک بیٹی ہے جس کا رشتہ کافی سالوں کی کوششوں کے باوجود نہیں ہورہا ہے میری خواہش ہے کہ اس کا رشتہ کسی صالح اور دیندار گھرانے میں ہوجائے۔ آنجناب اس کے لئے کوئی وظیفہ ارشاد فرمائیں میرا بیٹا دوبئی میں ملازمت کرتا ہے پہلے پہل تو کام صحیح ہوتا رہا، لیکن کچھ عرصہ سے حالات صحیح نہیں ہیں۔ ہمارے گھر میں تعویذ بھی کوئی پھینکتا ہے اس کے بعد پریشانی آتی ہے۔

ج ...... دل سے دعاء کرتا ہوں، نماز عشا کے بعد اول و آخر ۱۱-۱۱ مرتبہ درود شریف اور درمیان میں گیارہ سو مرتبہ یالطیف پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کریں۔ اللہ رب العزت آپ کی مشکل کو آسان فرمائے۔

## شہد کی مکھی کے کاٹے کا دم

س ...... ہمارے گھر کسی کو شہد کی مکھی کاٹ لیتی تھی تو ہماری والدہ سورۂ الناس پڑھ کر دم کرتی تھیں، مگر سورۂ الناس پڑھتے ہوئے "ناس" کا "س" ہٹا کر صرف حرف "نا" پڑھتی تھیں۔ کچھ دن پہلے میں نے بھی اس طرح سورۂ پڑھی تو مجھے خیال آیا کہ کہیں یہ قرآن شریف کی تحریف تو نہیں ہے، آنجناب رہنمائی فرمائیں۔

ج ...... اگر "نا" کا لفظ آیت کے ساتھ ملایا نہیں جاتا، بلکہ آیت پوری پڑھ کر پھر یہ لفظ بولا جاتا ہے تو کوئی حرج معلوم نہیں ہوتا۔

## سانس کی تکلیف کا وظیفہ

س ...... میرے بھائی کو ڈاکٹر حضرات بڑا بخار بتاتے ہیں کہ بگڑ گیا ہے سانس کی

• تکلیف کی وجہ سے ایک ڈاکٹر نے ناک کا آپریشن بھی کیا ہے' اکثر بیٹھے بیٹھے دماغ سن ہو جاتا ہے کوئی آسان عمل لکھ دیں۔

ج ...... السلام علیکم یہ ناکارہ عملیات کے فن سے تو واقف نہیں البتہ دعا کرتا ہوں۔ سورۂ فاتحہ کو حدیث میں شفا فرمایا گیا ہے۔ اکتالیس بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلایا کریں' کیا بعید ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے کلام کی برکت سے شفا عطا فرما دیں۔

## جادو کا توڑ

س ...... میں گزشتہ نو دس سال سے تجارت کے پیشہ سے وابستہ ہوں' لیکن انتہائی سعی اور جدوجہد کے باوجود حالات بتدریج خراب ہوتے جا رہے ہیں' حتیٰ کہ یہ نوبت آ گئی ہے کہ گھر کا خرچہ اور بچوں کی فیسوں تک کے لالے پڑ گئے ہیں۔ شک گزرتا ہے کہ کسی بد اندیش نے مجھ پر جادو نہ کر دیا ہو۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ مجھ پر حسب البحر نامی جادو کیا گیا ہے۔ آپ اس سلسلے میں رہنمائی فرمائیں۔

ج ...... آپ کی پریشانی سے بہت دل دکھا۔ دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ کی پریشانیوں کو دور فرمائے۔ کسی اچھے عامل کو دکھا لو تو بہتر ہے۔ میں تو ان عملیات کو جانتا نہیں۔ ایک عمل بتاتا ہوں' وہ کریں' انشاء اللہ اللہ تعالیٰ مدد فرمائیں گے۔ مغرب یا عشاء کے بعد گھر کے تمام افراد بیٹھ کر تین سو تیرہ مرتبہ آخری دونوں سورتیں (معوذتین) پڑھ کر دعا کیا کریں۔ انشاء اللہ اللہ تعالیٰ فضل فرمائیں گے۔ گھر کے تمام افراد نماز کی پابندی کریں' اور گھر میں ٹی وی وغیرہ نہ چلائیں۔ دعا کرتا ہوں کہ آپ کی تمام مشکلات کو اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے آسان فرمائے۔

## پریشانیوں سے حفاظت کا وظیفہ

س ...... ہماری ساری زندگی عذابوں میں گزری۔ باپ نشئی اور غلط عورتوں

کے چکر میں رہنے والا تھا۔ ماں اس غم میں چل بسی۔ ایک امید تھی کہ شادی ہوئی تو حالات بدل جائیں گے' مگر شوہر بھی نشئی نکلا۔ ہم چار بہنیں ہیں' مگر ایک بھی سکھی نہیں' ایک کو طلاق ہوچکی ہے' ایک کی اتنی عمر ہونے کے باوجود شادی نہیں ہوئی' میرے شوہر روزانہ شراب کے نشے میں مار کٹائی کا بازار گرم رکھتے ہیں۔ طلاق تک نوبت پہنچتی ہے۔ چوتھی کا بھی یہی حال ہے۔ کوئی وظیفہ بتائیں اور دعا بھی فرمائیں۔

ج ...... آپ نے جو حالات لکھے ہیں' اس پر صدمہ ہوا۔ اللہ تعالیٰ آپ کی تمام پریشانیوں کو دور فرمائے۔ یہ دنیا راحت کی جگہ نہیں' بلکہ راحت کی زندگی تو آخرت کی زندگی ہے۔ اللہ نصیب فرمائے' اس لئے جیسے بھی حالات ہوں' صبروشکر کے ساتھ وقت گزارنا چاہئے۔ پانچ وقت کی نماز کی پابندی کریں' اور ہر نماز کے بعد سورۂ فاتحہ سات مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کریں۔ یہ سب سے بڑا وظیفہ ہے۔ اپنے بچوں کو دینی تعلیم دلائیں' ٹی وی وغیرہ ہے تو اس کو گھر سے نکال دیں' اور اپنے شوہر کو میرے پاس بھیجیں' میں ان کو مفید مشورہ دوں گا۔

## بے خوابی کا وظیفہ

س ...... میں بے خوابی کی تکلیف سے پریشان رہتی ہوں' ایک صاحب نے مجھ کو درود تاج اور سورۂ توبہ کی آخری دو آیات پڑھ کر پانی پر دم کرکے پینے کو کہا ہے مجھے پہلے سے آرام ہے مگر کچھ لوگوں نے مجھے کہا کہ درود تاج نہیں پڑھنا چاہئے کیا یہ بات صحیح ہے؟

ج ...... سورۂ یٰس پڑھ کر دم کرکے پانی پی لیا کریں' اللہ تعالیٰ آپ کو شفا عطا فرمائے۔

## چلتے پھرتے یا مجلس میں ذکر کرتے رہنا جبکہ ذہن متوجہ نہ ہو کیسا ہے؟

س ...... میری عادت ہے کہ میں اکثر یہ کوشش کرتا ہوں کہ لا الہ الا اللہ کا ورد

کرتا رہوں چنانچہ یوں ہوتا ہے کہ میں کسی مجلس میں بیٹھا ہوتا ہوں اور دل میں ورد کرتا رہتا ہوں اسی طرح کالج آتے جاتے یا کلاس روم میں بیٹھے ورد کرتا رہتا ہوں اور درمیان میں لوگوں سے بات چیت بھی کر لیتا ہوں یعنی یہ ذکر خشوع وخضوع کے بغیر ہوتا ہے اور دھیان اکثر کسی اور طرف ہوتا ہے کیا جان بوجھ کر اس طرح ذکر کرنا صحیح ہے یا ذکر کی بے ادبی ہے؟ نیز ایک عالم فرماتے ہیں کہ صرف لا الہ الّا اللہ کا ورد صحیح نہیں بلکہ نو دس دفعہ کے بعد لا الہ الّا اللہ کے ساتھ کم از کم ایک بار محمد رسول اللہ (ﷺ) بھی کہنا ضروری ہے' نیز صرف یہ ذکر نہ کریں بلکہ بدل بدل کر سبحان اللہ' الحمدللہ' اللہ اکبر وغیرہ سب کا ورد کریں جبکہ میرے خیال میں تو یہ پابندی لازمی نہیں جبکہ احادیث میں کثرت کلمہ طیبہ کی ترغیب آئی ہے اور کہیں بھی یہ نہیں کہا گیا کہ صرف یہی ذکر کرنا منع ہے اس بارے میں بھی آپ رہنمائی فرماویں؟

ج ...... کلمہ شریف کا لساناً یا قلباً ذکر کرتے رہنا مطلوب بھی ہے اور محمود بھی' اور درمیان میں ضروری بات چیت کا ہو جانا خلاف ادب نہیں' خشوع اور خضوع اگر نصیب ہو جائے تو سبحان اللہ ورنہ نفس ذکر بھی خالی از فائدہ نہیں کہ اس کی برکت سے انشاء اللہ خشوع بھی نصیب ہو گا' وقفے وقفے سے درمیان میں محمد رسول اللہ ﷺ بھی ضرور کہہ لینا چاہئے اور دیگر اذکار بھی اگر وقتاً فوقتاً ہو تو بہت اچھا ہے ورنہ جس ذکر کے ساتھ قلب کو مناسبت ہو جائے وہی انفع ہے انشاء اللہ اسی سے بیڑا پار ہو جائے گا۔

## درجات کی بلندی کیلئے وظائف پڑھنا

س ...... سوال یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ کی مبارک حدیث ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن بعد نماز عصر اسی ہیئت پر بیٹھ کر ۸۰ دفعہ درود شریف پڑھے گا اس کے اسّی سال کے گناہ معاف ہوں گے اور اسّی درجے جنت میں بڑھیں گے۔ سوال

یہ ہے کہ جن کی عمر ابھی ۸۰ سال نہیں ہوئی تو ان کے ۸۰ سال کے گناہ کیسے معاف ہوں گے۔

ج ...... اگر اسّی سال کی عمر ہوئی تو گناہ معاف ہو جائیں گے' ورنہ اتنے درجات بلند ہو جائیں گے۔

س ...... استغفار' درود شریف ' دعائیں 'تیسرا کلمہ سب سے زیادہ ثواب کس چیز کے پڑھنے کا ہے؟

ج ...... کلمہ شریف سب سے افضل ہے (تیسرا کلمہ بھی اس میں داخل ہے) دوسرے مرتبہ پر درود شریف ہے اور تیسرے مرتبہ پر استغفار ہے مگر ہم جیسے لوگ جو گناہوں میں ملوث ہیں ان کیلئے استغفار افضل ہے۔تاکہ ظاہری وباطنی گناہوں سے پاک ہو کر درود شریف اور کلمہ شریف پڑھ سکیں۔

## حضور ﷺ کے لئے ہم دعائیں کیوں مانگتے ہیں؟

س ...... حضور ﷺ امت کی دعاؤں کے محتاج نہیں اگر یہ صحیح ہے تو ہم آپ ﷺ کے لئے دعا کیوں مانگتے ہیں؟

ج ...... دو وجہ سے ایک یہ کہ آنحضرت ﷺ محتاج نہیں 'مگر ہم محتاج ہیں' اور آنحضرت ﷺ کے لئے مانگنے کا حکم دینا ہمارے احتیاج کی وجہ سے ہے۔تاکہ آنحضرت ﷺ کی برکت سے رحمت خدا ہماری طرف متوجہ ہو اور ہمیں آنحضرت ﷺ سے تعلق ومحبت میں اضافہ نصیب ہو' خلاصہ یہ ہے کہ یہ ہمارے حق محبت کا تقاضا ہے۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ قرب ورضائے خداوندی کے درجات عالیہ پر فائز ہیں۔مگر ہر لمحہ ان درجات میں اضافہ ہوتا رہتا ہے اور امت کے مخلصین کی جتنی بھی دعائیں اور درود وسلام آپ ﷺ کو پہنچیں گے اسی قدر ان درجات میں اضافہ ہوگا اور آپ ﷺ کے درجات قرب ورضامیں ترقی کے انوار بھی امت کی طرف منعکس ہوں گے۔

## ماثورہ دعائیں پڑھنے کا اثر کیوں نہیں ہوتا؟

س ...... مختلف احادیث میں بعض دعاؤں کے پڑھنے پر جان ومال وغیرہ کی حفاظت کا وعدہ فرمایا گیا ہے' یا طلب پوری ہونے کی خوشخبری وغیرہ ہے۔ اس بارے میں ایک آدمی کی سوچ یہ ہے کہ مسلمان ہونے کے ناطے ہمارا یہ ایمان ہے کہ آنحضرت ﷺ کی کوئی بات غلط نہیں ہو سکتی دوسری طرف بعض اوقات ہم دیکھتے ہیں کہ ہم حدیث میں منقول کوئی دعا وغیرہ پڑھتے ہیں لیکن حدیث میں منقول مقصد حاصل نہیں ہوتا اس کی وجہ دراصل یقین کی کمی اور اعمال کی کمی ہوتی ہے کیا یہ صحیح ہے؟

ج ...... آنحضرت ﷺ کا فرمودہ برحق ہے لیکن بعض اوقات ہمارے ان دعاؤں کے پڑھنے میں جیسا استحضار ہونا چاہئے وہ نہیں ہوتا اور کبھی ہمارے اعمال بد اس مقصد سے مانع ہو جاتے ہیں اس کی مثال ایسی ہے کہ اطباء ایک دوا کی خاصیت بیان کرتے ہیں جس کا بارہا تجربہ ہو چکا ہے لیکن کبھی دوا کا وہ مطلوب اثر ظاہر نہیں ہوتا تو اس کا سبب یہ نہیں کہ یہ دوا اثر نہیں رکھتی بلکہ اس کا سبب یہ ہوتا ہے کہ کوئی عارض اس اثر سے مانع ہو جاتا ہے۔

## ہماری دعا قبول کیوں نہیں ہوتی؟

س ...... آپ سے ایک بات پوچھنا ہے' وہ یہ کہ ہماری دعائیں کیوں پوری نہیں ہوتیں بعض لوگ نہ نماز قرآن پڑھتے ہیں نہ حقوق العباد کا خیال رکھتے ہیں مگر پھر بھی انہیں کوئی پریشانی کوئی غم نہیں 'کوئی بیماری نہیں' خوشحال ہیں اور ہر طرح سے خوش اور دنیا داری میں مگن ہیں جبکہ بعض لوگ نماز قرآن کے پابند بھی ہیں' مختلف پریشانیوں میں گھرے ہوئے ہیں' بیماری جان نہیں چھوڑتی ایسے میں بہت افسوس ہوتا ہے' آخر اس طرح سے کیوں ہے' خدا تعالیٰ ان کی کیوں نہیں سنتا؟ اس پر خودکشی کے خیال آنے لگتے ہیں۔

ج ...... یہاں چند باتیں اچھی طرح سمجھ لینی چاہئیں۔

اول یہ کہ کسی شخص کی دعا کا بظاہر قبول ہونا اس کے مقبول عند اللہ ہونے کی دلیل نہیں اور کسی شخص کی دعا کا بظاہر قبول نہ ہونا اس کے مردود ہونے کی علامت نہیں، بلکہ بعض اوقات معاملہ برعکس ہوتا ہے کہ ایک شخص عنداللہ مقبول ہے مگر اس کی دعائیں بظاہر قبول نہیں ہوتیں، اور دوسرا شخص اللہ تعالیٰ کی نظر میں ناپسندیدہ ہے مگر اس کی دعا فوراً قبول ہو جاتی ہے، شیخ تاج الدین ابن عطاء اللہ اسکندری رحمہ اللہ کی کتاب میں ایک حدیث پڑھی تھی جس کا مفہوم کچھ اس طرح ہے کہ ایک شخص دعا کے لئے ہاتھ اٹھاتا ہے، اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرماتے ہیں کہ اس کا کام فوراً کر دو، کیونکہ اس کا ہاتھ پھیلانا مجھے پسند نہیں اور ایک شخص دعا کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرماتے ہیں کہ اس کا کام کرنے میں توقف کرو، کیونکہ اس کا ہاتھ پھیلانا اور میرے سامنے اس کا گڑگڑانا مجھے بہت اچھا لگتا ہے۔

دوم یہ کہ کسی شخص کو دعا کی توفیق ہو جانا بہت بڑی نعمت ہے، جو شخص اللہ تعالیٰ کے سامنے ہاتھ پھیلائے اس کو یہ بدگمانی ہرگز نہیں ہونی چاہئے کہ اس کی دعا قبول ہوگی یا نہیں؟ بلکہ یقین رکھنا چاہئے کہ حق تعالیٰ شانہ اپنی رحمت سے دعا ضرور قبول فرمائیں گے، ابو داؤد، ترمذی، ابن ماجہ اور مستدرک حاکم میں حدیث ہے کہ حق تعالیٰ بہت ہی کریم اور صاحب حیا ہیں جب بندے اس کی پاک بارگاہ میں ہاتھ پھیلاتے ہیں تو اس کو شرم آتی ہے کہ وہ ان کو خالی ہاتھ واپس کر دیں۔

سوم یہ کہ ہماری کوتاہ نظری اور غلط فہمی ہے کہ ہم جو چیز اللہ تعالیٰ سے مانگتے ہیں اگر وہی چیز مل جائے تو ہم سمجھتے ہیں دعا قبول ہوگئی اور اگر وہی مانگی ہوئی چیز نہ ملے تو سمجھتے ہیں کہ دعا قبول نہیں ہوئی، حالانکہ قبولیت دعا کی صرف یہی ایک شکل نہیں، مسند احمد کی حدیث میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ

جب بھی بندہ مسلم دعا کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو اس دعا کی برکت سے تین چیزوں میں سے ایک چیز ضرور عطا فرماتے ہیں' یا تو جو کچھ اس نے مانگا وہی عطا فرما دیتے ہیں' یا اس کی دعا کو ذخیرہ آخرت بنا دیتے ہیں یا اس دعا کی برکت سے اس شخص سے کسی آفت کو ٹال دیتے ہیں"۔ (مشکوٰۃ)

الغرض دعا تو ضرور قبول ہوتی ہے لیکن قبولیت کی شکلیں مختلف ہیں' اس لئے بندے کا فرض ہے کہ اللہ تعالیٰ سے مانگتا رہے' اور پورا اطمینان رکھے کہ حق تعالیٰ شانہ اس کے حق میں بہتر معاملہ فرمائیں گے' دعاؤں کے قبول نہ ہونے کی وجہ سے تنگ دل ہو جانا' اور اللہ تعالیٰ سے ناراض ہو کر خودکشی کے خیالات میں مبتلا ہونا آدمی کی کم ظرفی ہے۔

حدیث شریف میں ہے کہ بندے کی دعا ضرور قبول ہوتی ہے بشرطیکہ جلد بازی سے کام نہ لے' عرض کیا گیا کہ جلد بازی کا کیا مطلب؟ ارشاد فرمایا کہ جلد بازی یہ ہے کہ آدمی یوں سوچنے لگے کہ میں نے بہتیری دعائیں کیں مگر قبول ہی نہیں ہوئیں اور تھک کر دعا کرنا چھوڑ دے۔

## جب ہر چیز کا وقت مقرر ہے تو پھر دعائیں کیوں مانگتے ہیں

س ...... میں نے سنا ہے اور یقین بھی ہے اس بات پر کہ ہر چیز کا ایک وقت مقرر ہے مثلاً شادی' موت' پیدائش وغیرہ۔ تو پھر ہم لوگ دعائیں کیوں مانگتے ہیں مثلاً بعض لڑکیاں شادی کے لئے وظیفے پڑھتی ہیں تو کیا فائدہ؟ اس لئے کہ خدا تعالیٰ نے شادی کا جو وقت مقرر کیا ہے شادی تو اسی وقت پر ہوگی۔ کیا ہمارے وظیفے پڑھنے اور دعائیں مانگنے سے پہلے ہو جائے گی؟ ہمارے دعائیں مانگنے سے کیا خدا تعالیٰ تقدیر کا لکھا بدل دے گا؟

ج ...... اللہ تعالیٰ نے دنیا کو دار الاسباب بنایا ہے اور دعا بھی اسباب میں سے ایک سبب ہے اور اسباب تقدیر کے مخالف نہیں بلکہ تقدیر کے ماتحت ہیں'

دیکھئے! ہم بیمار پڑتے ہیں تو علاج معالجہ کرتے ہیں، یہ علاج معالجہ بھی تقدیر کے ماتحت ہے، اگر اللہ تعالیٰ کو منظور ہو گا تو علاج معالجہ سے شفا ہو جائے گی، اور اگر منظور نہیں ہو گا تو نہیں ہو گی۔ یہی حال دعاؤں کا سمجھنا چاہئے کہ یہ بھی تقدیر کے ماتحت ہیں، اگر اللہ تعالیٰ کو منظور ہو گا تو مانگی ہوئی چیز مل جائے گی، نہیں منظور ہو گا تو نہیں ملے گی، اور یہ بھی یاد رہنا چاہئے کہ دعاء اپنی احتیاج اور بندگی کے اظہار کے لئے ہے، اس لئے بندے کو اپنا کام (اظہار عجز و بندگی) کرتے رہنا چاہئے، اللہ تعالیٰ کا کام اس پر چھوڑ دینا چاہئے۔

حافظ وظیفہ تو دعا گفتن است وبس
دربند آں مباش کہ نہ شنید یا شنید

## حضور اکرم ﷺ کی زیارت کا وظیفہ

س ...... میں حضور ﷺ کی زیارت کرنا چاہتی ہوں مہربانی کر کے کوئی ایسا پڑھنے کا عمل بتایئے کہ ہمیں خواب میں یا بیداری میں حضور ﷺ کی زیارت نصیب ہو۔ مجھے بڑا شوق ہے کوئی ایسا پڑھنے کا عمل بتایئے کہ ہم آسانی سے کر سکیں اور میری طرح دوسرے لوگ جو اس کے خواہشمند ہیں وہ کر سکیں۔

ج ...... آنحضرت ﷺ کی خواب میں زیارت ہو جانا بڑی سعادت ہے، یہ ناکارہ تو حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی ؒ کے ذوق کا عاشق ہے، ان کی خدمت میں کسی نے عرض کیا کہ حضرت! دعا کیجئے کہ خواب میں آنحضرت ﷺ کی زیارت ہو جائے۔

ارشاد فرمایا! "بھائی تمہارا بڑا حوصلہ ہے کہ آنحضرت ﷺ کی زیارت چاہتے ہو، ہم تو اپنے آپ کو اس لائق بھی نہیں سمجھتے کہ خواب میں روضہ اطہر ہی کی زیارت ہو جائے"۔

بہرحال اکابر فرماتے ہیں کہ دو چیزیں زیارت میں معین و مددگار ہیں، ایک

ہر چیز میں اتباع سنت کا اہتمام' دوم کثرت سے درود شریف کو ورد زبان بنانا۔

## تحفہ دعا

### دعاء انسؓ

س ...... آج کل جیسا کہ آپ جانتے ہیں ملکی حالات خراب ہیں جلاؤ گھراؤ کی فضا ہے کسی کی جان ومال اور عزت محفوظ نہیں' اس کے لئے کوئی دعا بتلا دیں ہم نے سنا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ایسی کوئی دعا حضرت انس رضی اللہ عنہ کو سکھلائی تھی۔اگر اس کی نشاندہی ہو جائے تو عنایت ہوگی؟

ج ...... آپ کی خواہش پر وہ دعا تحریر کی جاتی ہے۔جو آنحضرت ﷺ نے اپنے خادم خاص حضرت انس رضی اللہ عنہ کو سکھلائی تھی۔اس کی برکت سے وہ ہر قسم کے مظالم اور فتنوں سے محفوظ رہے۔اس دعا کو علامہ سیوطیؒ نے جمع الجوامع میں نقل فرمایا ہے اور شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ نے اس کی شرح فارسی زبان میں تحریر فرمائی ہے۔اور اس کا نام "استیناس انوار القبس فی شرح دعاء انسؓ" تجویز فرمایا ہے' ذیل میں ہم دعا انس اور اس کی فارسی شرح کا اردو ترجمہ پیش کرتے ہیں' آنجناب' حضرات علماء وطلباء و مبلغین اسلام اور تمام اہل اسلام صبح وشام اس دعا کو پڑھا کریں' انشاء اللہ انہیں کسی قسم کی کوئی تکلیف نہیں پہنچے گی۔وہ دعا یہ ہے:

بِسْمِ اللهِ عَلٰى نَفْسِيْ وَدِيْنِي. بِسْمِ اللهِ عَلٰى اَهْلِيْ وَمَالِيْ وَوَلَدِيْ. بِسْمِ اللهِ عَلٰى مَا اَعْطَانِيَ اللهُ. اَللهُ رَبِّيْ لَا اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا. اَللهُ اَكْبَرُ – اَللهُ اَكْبَرُ – اَللهُ اَكْبَرُ وَاَعَزُّ وَاَجَلُّ وَاَعْظَمُ مِمَّا اَخَافُ وَاَحْذَرُ عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ، وَمِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ مَّرِيْدٍ، وَمِنْ شَرِّ كُلِّ جَبَّارٍ

عَنِيد. فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللهُ لا اِلٰهَ اِلا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اِنَّ وَلِيَّ اللهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتَابَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصَّالِحِيْنَ.

پس دعا انس بن مالک است رضی اللہ عنہ کہ خادم رسول اللہ ﷺ بود ودہ سال خدمت آنحضرت کرد۔ و آنحضرت اورا با التماس مادرش بدعاء خیر در دنیا و آخرت مشرف ومخصوص ساختہ وحق سبحانہ وتعالٰی بدعاء آنحضرت در عمر ومال واولاد وے برکت عظیم دادہ۔و عمرش از صد سال متجاوز شدہ اولاد صلبی اش بصدتن رسیدہ ہفتا دوسہ تن از ذکور وباقی اناث وباغ وبستان وے دریک سال دوبار میوہ مے داد۔پس برکات دنیا است۔ برکات آخرت راخود چہ تواں گفت۔

شیخ جلال الدین سیوطی کہ از اعاظم علما حدیث است درکتاب جمع الجوامع مے آرد کہ ابو الشیخ درکتاب ثواب وابن عساکر در تاریخ آوردند کہ روزے انس رضی اللہ عنہ نزد حجاج بن یوسف ثقفی نشستہ بود۔ حجاج حکم کرد تا چہار صد اسپ از اجناس مختلفہ در نظروے آوردند پس بانس گفت۔ ہرگز دیدی کہ صاحب ترا یعنی محمد رسول اللہ راشل ایں' اسپاں ودیگر اسباب دولت ومکنت بود؟ فرمود بخدا سوگند تحقیق دیدم من نزد آنحضرت ﷺ چیزہا بہترازیں وشنیدم از رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کہ فرمودہ است۔اسپ کہ مردم نگاہ دارندسہ قسم است' یکے اسپ نگاہدارد تادر راہ خدا جہاد کند' وبادشمنان دین داد غزادہد۔بول وسرگین وگوشت وپوست وخون آں روزقیامت ہمہ در میزان اعمال وے باشد۔ ودیگرے اسپ نگہدارد

تادرحاجات خود سوار شود ورفع پیادگی کند۔ ودیگرے اسپاں نگہدارد برائے نام و آوازہ' تامردم بینند بگویند کہ فلاں چنیں وچنداں اسپ دارد۔ جائے او در آتش دوزخ بود۔ واسپان تو اے حجاج! ازیں قبیل است۔ حجاج بشنیدن ایں حدیث بہم برآشفت ونائرہ غضب وے تیز شد۔ وگفت اگر ملاحظہ خدمت تو اے انس کہ پیغمبر راکردہ صلی اللہ علیہ وسلم وکتاب امیر المومنین یعنی عبدالملک بن مروان کہ در سفارش ورعایت احوال تو بمن نوشتہ نمی بود۔ ے کردم بتو امروز آنچہ ے کردم ۔انس گفت لا واللہ ہرگز نتوانی کردو بچشم بدبجانب من؟ دید۔ بدرستی شنیدم من از پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کلماتے کہ ہمیشہ درپناہ آں کلماتم۔ ونترسم بآں کلماتً از سطوت ہیچ سلطانے وشر ہیچ شیطان۔ حجاج از ہیبت ایں کلام از خود رفت۔ واز ساعتے برآوردوگفت بیاموز آں مرا' یا اباحمزہ آں کلمات را۔ گفت ہرگز نیاموزم ترابخدا سوگند کہ تو نہ اہل آنی۔

تاچوں وقت رحلت انس رضی اللہ عنہ دررسید آبان کہ خادم وے بود برسرش آمدوفریادش زد۔ انس رضی اللہ عنہ گفت چہ خواہی؟ گفت! آں کلمات راکہ حجاج از تو طلبید وتو بوے ندادی واور انیاموختی۔ گفت بلے بیاموزم ترا آں کلمات راوتو اہل آنی۔ خدمت کردم من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دہ سال پس درگذشت وے از دنیا درحالے کہ راضی بود از من وتو نیز' اے آبان خدمت کردی مرادہ سال ودرمے گذرم من از دنیا درحالے کہ راضی ام از تو بگو دربامداد وشام ایں کلمات رانگاہ وارد خدائے تعالیٰ از ہمہ آفات۔

"بسم اللہ علی نفسی و دینی" حرزے کنم وپناہ سازم بنام خدا برنفس خودودین خود، تو اند کہ مراد بہ بسم اللہ مجموع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم باشد کہ بجزء اولش اکتفا نمودہ۔ چنانچہ گویند چہ مے خوانی گوید الحمدللہ مے خوانم ومراد تمام سورہ است، وتخصیص کرد حرزرا بنفس ودین، زیراکہ بناء تحصیلی برکمال واصل درمبدا و مآل نفس ودین است، باز تقدیم کرد نفس را از جہت بودن وے موقوف علیہ تحصیلی کمال دینی ودنیاوی۔ وللہذا ابقا اودر تہلکہ حرام است وابقائے اوحتی الامکان واجب وورمسائل شرعیہ مے آرند کہ اگریکے رالقمہ درگلوبند شودودوم آبے کہ بوے آں لقمہ بندشدہ را فروبردبہم نرسد شراب خوردن کہ باجماع درشرع حرام است دریں حالت اورا حلال گردد۔ بلکہ واجب بود تابقاء نفس وحیات فانی کہ سبب حصول حیات حقیقی جاودانی ست گردد واجراء کلمہ کفر برزبان باطمینان قلب بایماں درحالت جبرواکراہ نیزازہمیں قبیل است وازبرائے نگاہداشت جاں اگر ناشائستگی بگویند ودل برقرار خودبودت رخصت است بجہت ابقاء نفس ودین، واگر صبرکنند، وعمل بہ عزیمت نمایند آں خود اعلیٰ وارفع است ایں مسئلہ درکتب فقہ بتفصیل مذکور است از آنجا باید طلب داشت۔

"بسم اللہ علی اھلی ومالی وولدی" بعد از حفظ واحراز نفس ودین واہل ومال وولدرا یادکرد کہ اسباب بقائے نفس ودین وممدومعاون آنند وجدا بسم اللہ برسر آنہا آورد وبہمان لفظ بسم اللہ کہ دراول آورد بسندگی، نکرد ونگفت بسم اللہ علی نفسی ودینی واہلی ومالی وولدی۔ وسلوک ایں طریقہ درعبارت نزد

ارباب معانی اشارت کند بر آنکه ہردو قسم یعنی ہرچہ اول مذکور شدہ و آنچہ در آخر ذکر یافتہ مقصود است' واعتناء واهتمام بہرد وعلی السویہ است واہل و آل ہردوبیک معنی است گاہے بمعنی تابعاں وپسراں استعمال یابندو گاہے بمعنی اولاد۔ لیں جاچوں اولاد در آخر ذکر یافتہ معنی اول مناسب ترست ومال ومنال چوں درمقام مدح واستحسان مذکور گردد مراد بداں مال حلال افتد۔ کہ وسیلہ آخرت گردد وحفظ واحر از آں تخم سعادت ومثمر کمال ست۔ باقی ہمہ مایہ وبال ونکال۔ وولدبمعنی اولاد بود خواہ ذکور خواہ اناث۔ ووجود اولاد نیز از اسباب قوت ومعاضدت بازوی دین ودولت است۔

وفرزند اگر رشید بود وصالح موجب سعادت دنیا وآخرت است۔ ودر حدیث آمدہ است کہ سہ چیز از آدمی زادبعد از رفتن وے از دنیا باقی ے ماند یکے علم دین کہ با اہل آں آموختہ باشد ولیں سلسلہ راکہ منتہی بجناب رسالت است صلی اللہ علیہ وسلم برپا دارد۔ ودیگر خیرجاری کہ درآنجامنفعت بندگان خدا باشد۔ وبعد ازوے بجاماند۔

خوش آنکس کہ ماند پس ازوے بجا
پل ومسجد وچاہ ومہماں سرا

ودیگر فرزند دصالح کہ بعد از مردنش بدعاء ایماں یاد آوردتاموجب آمرزیدن گناہاں وباعث رفع درجات پدرگردد۔ ودرحدیث بہ ہمیں ترتیب واقع است ذکر شاں بدیں ترتیب اشارت است بفضل علم ومال بردار دریں باب۔ ازانکہ وجود ولد صالح درآخر زمان نادر است۔ ودربعضے روایات ذکر ولد

بر ذکر مال تقدیم یافتہ وبیشک ولد از مال عزیز تر و محبوب تر باشد۔ وحفظ واحرازوے مطلوب تر ومقدم تر بود۔

"بسم اللّٰہ علی ما اعطانی اللّٰہ" حرزے کنم بنام خدا بر ہر نعمتے کہ داد مرا خدا۔ چوں ذکر کرد چند نعمت مخصوص را کہ اصل وعمدۂ نعمتہائے دنیا و آخرت است۔ بعد ازاں لفظ عام آورد تاہمہ نعمتہائے اصل وفرع وکلی وجزی راشامل باشدو بحقیقت ہرنعمتہائے وے تعالیٰ بیرون دائرہ امکان است وان تعدوا نعمۃ اللّٰہ لا تحصوھا۔ ان الانسان لظلوم کفار۔ آدمی برنفس خود ظلم کند وکفران نعمت ورزد۔ ازیں جہت فرمودان الانسان لظلوم کفار بصیغہ مبالغہ وجائے دیگر میفرمایدوان تعدوا نعمۃ اللہ لا تحصوہا۔ ان اللہ لغفور رحیم۔ یعنی اگر نہ مغفرت ورحمت وے تعالیٰ بودے کاربر آدمی زاد بدیں کافرنعمتی وناسپاسی کہ دارد تنگ بودے 'مغفرت ورحمت وے تعالیٰ نیز از نعمت ہائے اواست۔ اصل ایں است باقی ہمہ ہیچ در حدیث آمدہ است درنیا مدہیچ یکے بہشت راالا بفضل خداورحمت وے تعالیٰ' شکر ایں نعمت باید گذارد۔ وبیکار نہ نشست سید العالمین ﷺ چنداں درنماز شب استادے کہ پایہائے مبارکش بیاماسیدے وخون ازانہا رواں شدے گفتند یارسول اللہ آخر نہ گناہان اول وآخر ترا امرزیدہ اند؟ قولہ تعالیٰ لیغفرلك اللّٰہ ما تقدم من ذنبك وماتاخر۔ دیگر ایں ہمہ تعب ومشقت چیست۔ فرمودے وے تعالیٰ مرابخشیدوبخشیدن وے نعمتی است عظیم۔ اگر شکر ایں نعمت نکنم۔ بندۂ شاکرنباشم۔ سید اولین وآخرین کہ عالم وعالمیاں طفیل اوبند' ایں ہمہ تعب کشد

وبندگی کند دیگراں را خود چہ گوید۔

"الله ربی لا أُشرك به شیأ" خدا است پروردگار من! شریک نمی گردانم باوے ہیچ چیز را۔ فضل ایں کلمہ وخاصیت وے در دفع محنت وشدت آنچہ پیش آید مرد را از حوادث وودواہی در احادیث بسیار واقع شدہ وحقیقت معنی وے شہود توحید افعالی است کہ ہرچہ پیش آید ہمہ را از پیش گاہ (داند ودر دام شرک خفی نیفتد بہ حسن ظن بہ پروردگارش کہ چو در تربیت اوست ہرچہ کند صلاح کار بندہ ہمدراں خواہد بود ولیکن ایں درحق کسی بود کہ دائم متوجہ وملتجی بجناب لطف وکرم اوست تعالیٰ شانہ وتمام امور خود را بوے تفویض نمودہ وپرتو از نور ولایت بر ناصیہ حالش تافتہ وپروردگار تعالیٰ بلطف خاص متولی امور اوشدہ' والامذہب آنست کہ اصلح بربارئ تعالیٰ واجب نبود۔ ہرچہ خواہد کند لایسئل عما یفعل' وہم یسئلون۔

تنبیہ : مراد حقیقی بآنکہ در شرع ورود یافتہ ہر کہ ایں دعا بخواند جزائش انیست آں بود کہ متحقق براں حال ومتصف بمعنی آں شود والا مجرد حرکت جوارح وجنبا نیدن زبان چنداں کفایت نہ کند۔ مگر آنکہ بنص شارع معلوم شود کہ ایں خاصیت درمجرد لفظ ونفس صرف وصوت است۔ آں زماں اثر بخاصیت براں لفظ مرتبیت گردد وحاجت بدرک معنی نباشد۔

وباوجود آں بے کار نباید نشست وعمل موقوف آں حال نباید داشت۔ فضل خدا واسع است ووے سبحانہ مجیب الدعوات بندگان است بہرحال کہ بکنند رعایت شرائط وآداب حساب بے ست۔ ولیکن فضل وکرم وے تعالیٰ بیرون دائرہ حساب است۔

مالا یدرک کله لایترک کله وباللہ التوفیق چنانچہ درباب اخلاص وریا درعمل از شیخ شیوخ زمان خود شہاب الملة والدین السہوردی پرسیدند چہ کار باید کرد چوں عمل کنیم ریا راہ یابد واگر نکنیم بیکار نشینم۔ فرمود عمل کنیدوازریا استغفار نمائید بیکارنشستن مصلحت نیست آخرایں عمل اگر دوام پذیرفت ہم بنورانیت عمل سراخلاص دردل پیدا شود انشاء اللہ تعالیٰ۔

"اللہ اکبر اللہ اکبر واعز واجل واعظم مما اخاف واحذر" خدا بزرگ تر وغالب ترست از چیزیکہ ے ترسم من ۔وبیم دارم ازاں چیز۔ دربعضے روایات واعظم بعد ازاجل نیز مذکورست۔ کبریا وعزت وعظمت وجلال در معنی نزدیک ہم آیندو اگر کبریارا باعتبار ذات وعزت را با فعال وعظمت را با سماء وجلالت رابصفات اعتبار نمایند دور نہ باشد' وچوں نفس بجبلیت بے یقینی وخود ترسی وہرا سے از اغیار دارد خصوصاً درجائیکہ معاملہ با غالب تر از خودش افتد چنانچہ سلاطین وجباراں' دریں کلمہ با استحضار عظمت وکبریا الٰہی کہ مستلزم اشتعال وانقداح نوریقین ست دلیرش ساخت۔ کہ ہاں اے نفس مترس! کہ پروردگارتو بزرگ تروغالب ترازدشمن تست

ع

گر دشمنت قوی ست نگہبان قوی ترست۔ تو

از مولیٰ تعالیٰ بترس تاہمہ از تو بترسند

من خاف عن اللہ خاف عنه کل شیئی .ودریں کلمہ تنبیہ است براں کہ در وقت معاملہ باغالب باطن رامملو ومعمور بکبریائے

حق دارد تا ہیبت و عظمت بیگانہ را در دل جائے نماند و در سطوت نور عظمت و جلال وے تعالیٰ جباریت و قہاریت دیگراں مضمحل و متواری گردد۔

"عز جارك" غالب است ہمسایہ تو و پناہ آرندہ بتو چوں احضار کبریا۔ حق و شہود عظمت او کرد از غیب بمقام حضور آمد و خطاب کرد و ہمسائگی حق بدوام توجہ والتجا بجناب لطف و تمسک بذیل عزت اوست ہر کہ ملتجی بجناب عزت اوست ہرگز مقہور و مغلوب نگردد۔

ع عزیز تو خواری بیند زکس

"وجل ثناؤك" و بزرگ است ثنائے تو ہیچ کس بکنہ صفات کمال تو و قدرت لایزال نرسد۔ ضعیف را قوت دہی و قوی را ضعیف گردانی۔ تعز من تشاء و تذل من تشاء صفت تست۔

"ولا الٰہ غیرك" و نیست ہیچ معبود بحق جز تو اللّٰھم انی اعوذبك من شر نفسی" چوں منبع تمام۔ شرور و قبائح۔ و باعث بے یقینی و بے ثباتی نفس است پناہ جست بخدا از شروے و ہرچہ از شر آدمی زادرسد ہمہ از نفس اوست پیغمبر فرمود ﷺ رب لاتکلنی الی نفسی طرفۃ عین ولا اقل من ذالک' پروردگارا! مگزار مرا بنفس من یک چشم زدن بلکہ کمتر ازاں۔ مراد ائم باخود دار! و در مشاہدہ عظمت خود بگذار۔ تا یک چشم زدن اغیار مجال تاثیر و تصرف و غلبہ بر من نباشد۔

ومن شر کل شیطان مرید– من شر کل جبار عنید" و پناہ بجویم بتو از شر ہر شیطان راند شدہ و از شر ہر سلطان متکبر مائل از راہ راست معاند حق۔ معنی عناد از راہ راست برآمدن و مخالف

شدن برحق را باوجود شناخت آں۔ چوں تدبیر کار شرو سلطنت وملک اغوا و اضلال بشیطان حوالہ کردہ اندو بریں قیاس حال جباراں وقہاراں راکہ مسلط برخلائق اند استفادہ از شر ایشاں از واجبات وقت باشد۔ وشیاطین دو قسم اند۔ شیاطین جن ابلیس وجنودوے۔ وشیطان انس ظلمہ واعوان ایشاں۔ اول اشارت باول است۔ وثانی بثانی وقوت وہمیہ کہ در سرشت آدمی زادنہادہ اندو او راشیطان عالم الفس گویند نمونہ از شیطان عالم آفاق است کہ برعقل وجمیع قویٰ ومشاعر سلطنتے دارد مگر برعقل مصفاومنور بنوریقین کہ بحکم ان عبادی لیس لك علیهم سلطان" سلطنت وے ازاں مقہور ومنتفی ست واستعاذہ از شروے کہ معدوم را بصفت موجود وباطل را در لباس حق نماید نیز واجب است وزوال خوف از ماسوائے حق جز بدفع وازالہ وہم صورت نہ بندد ودرحقیقت استعاذہ از شرنفس ست چنانچہ درفقرۂ اولیٰ مذکورشد۔

"فان تولوا فقل حسبی اللہ لا الٰہ الا ہو علیہ توکلت وہو رب العرش العظیم" ایں آیتے است از قرآن مجید کہ حق سبحانہ وتعالیٰ برسول خود ﷺ امرکردہ ے فرماید۔ پس اگرپشت دہند کافراں روئے بجانب حق نیایند۔ واز قبول آں اعراض نمایند بگوائے محمد وائے محبوب من وائے محفوظ ومعصوم من "حسبی اللہ" بس است مرا خدا۔ لا الٰہ الا ہو۔ نیست ہیچ معبودے بحق مگروے علیہ توکلت بروے گزاشتم کاروبار خود را وکیل خود گردانیدم اورا۔ وھو رب العرش العظیم ووے پروردگار عرش عظیم است کہ عظیم تر وبالا ترازوے خلقے در عالم اجسام پیدانہ شدہ

چوں سوق کلام در دفع جباراں وقہاراں و دفع بیم و ہراس ایشاں بود۔ واصل ومادہ آں شہود قہر وعظمت الٰہی تعالیٰ است مقطع کلام بر سنن مطلع آوردہ ختم سخن بر عظمت کردہ۔ واگر اصحاب حرز وارباب دعوت مراقبہ احاطہ عرش الٰہی باملاحظہ ایں اضافت دریں وقت نمایند درحفظ وصیانت ادخل باشد۔

چنانچہ قطب الوقت شیخ ابوالحسن شاذلی رضی اللہ عنہ درحزب البحر کہ حضرت خاتم الانبیاء ﷺ تلقین نمودہ است ودرباب حرز وحفظ تریاق اکبراست فرمودہ ستر العرش مسبول علینا وعین اللہ ناظرۃ الینا۔ وبحول اللہ لا یقدر احد علینا واللہ من ورائہم محیط۔ پردۂ عرش برماز دہشۃ وعین عنایت وعصمت الٰہی۔ بجانب ماناظر دیگر بقوت الٰہی ہیچ کس راقدرت برمانباشد۔ قدرت وے تعالیٰ ہمہ رامحیط ست کہ راہ بیرون آمدن از حیطہ قدرت او محال ست وہو الکبیر المتعال۔

فائدہ: وصیت مشائخ شاذلیہ است قدس اللہ آسرارہم مرمریداں رانجواندن ایں دعایعنی حسبی اللہ لا الٰہ الا ھو علیہ توکلت وھو رب العرش العظیم گفتہ اند کہ یکے باشد کہ وے رادرہیچ وردے نباشد الا ہمیں ورد کفایت کند اورا از جمیع اوراد۔ وگفتہ اند کہ درخواندن ایں دعا اگر فہم وحضور نباشد نیز موثر ومقبول ست۔ وعدد خواندن آں دہ کرات است بعد از نماز صبح وبعد مغرب واگر ہفت بارنجو انند نیز کفایت است بلکہ ایں بصحت روایت اقرب است وحاصل آں توحید وجہ بجناب حق واخلاص مطلب است باشہود وعظمت وے تعالیٰ وتبری از ماسوا وترک تدبیر واختیار۔ رزقنا اللہ وثبتنا علیٰ ہذہ الطریقۃ المستقیمۃ۔

ان ولیّ اللہ الذی، نزل الکتاب وھو یتولی الصالحین" دربعضے روایات ایں کلمہ نیز درآخر دعامذکور است۔

ترجمہ: بدرستی وراستی کہ دوست ومتولی تمام امور من خدا است کہ

فروفرستادہ است کتاب کہ درو ے تدبیر تمامہ امور دنیا و آخرت کردہ است یعنی قرآن مجید را۔ ووی سبحانہ وتعالیٰ دوست میدار دو تولیت امور میکند مر صالحین را اللّٰھم اجعلنا من الصالحین ودعا قنوت والتحیات را نیز در وقتی بتقربی ترجمہ وشرح کردہ شدہ بود آں نیز منقول ومسطور میگردد۔فقط

یہ حضرت انس بن مالک ﷺ کی دعا ہے جو آنحضرت ﷺ کے خادم خاص تھے۔ دس سال آنحضرت ﷺ کی خدمت میں رہے اور آنحضرت ﷺ نے ان کی والدہ کی استدعا پر ان کو خیر دنیا و آخرت کی دعا سے مشرف ومخصوص فرمایا تھا اور حق سبحانہ وتعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کی دعا کی برکت سے ان کی عمر ومال اور اولاد میں عظیم برکت عطا فرمائی' چنانچہ ان کی عمر سو سال سے زیادہ ہوئی اور ان کی صلبی اولاد کی تعداد سو کو پہنچی ہے۔جن میں تہتر مرد تھے اور باقی عورتیں۔ اور ان کا باغ سال میں دوبار پھل لاتا۔ یہ دنیا کی برکات تھیں (جو بطفیل دعاء آنحضرت ﷺ ان کو حاصل ہوئیں) باقی آخرت کی برکات کا اندازہ کون کر سکتا ہے۔

شیخ جلال الدین سیوطی ؒجلیل القدر حافظ حدیث ہیں انہوں نے "جمع الجوامع" میں نقل کیا ہے کہ ابو الشیخ ؒنے "کتاب الثواب" میں اور ابن عساکر نے اپنی تاریخ میں یہ واقعہ روایت کیا ہے کہ ایک دن حضرت انس ﷺ عنہ حجاج بن یوسف ثقفی کے پاس بیٹھے تھے۔ حجاج نے حکم دیا کہ ان کو مختلف قسم کے چار سو گھوڑوں کا معائنہ کرایا جائے۔ حکم کی تعمیل کی گئی۔ حجاج نے حضرت انس ﷺ سے کہا۔فرمایئے [۱] اپنے آقا یعنی آنحضرت ﷺ کے پاس بھی اس قسم

---

[۱] بہ تقدیر صحت یہ فقرہ حجاج کی غباوت سے ناشی ہے اس کے حالات پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ نشہ امارت ودولت میں مخمور ہونے کی وجہ سے خود پسندی کے مرض میں وہ مسکین جتلا تھا۔ اصحاب رسول اللہ ﷺ سے اپنی فضیلت جتلانے میں بعض ناگفتہ بہ اقوال وافعال اس سے سرزد ہوجایا کرتے تھے' یہ فقرہ بھی اسی سلسلہ کی کڑی ہے۔ مترجم

کے گھوڑے اور ناز و نعمت کا سامان کبھی آپ نے دیکھا۔ فرمایا: بخدا یقیناً میں نے آنحضرت ﷺ کے پاس اس سے بدرجہا بہتر چیزیں دیکھیں اور میں نے آنحضرت ﷺ سے سنا کہ آپ ﷺ فرماتے تھے جن گھوڑوں کی لوگ پرورش کرتے ہیں۔ ان کی تین قسمیں ہیں ایک شخص گھوڑا اس نیت سے پالتا ہے کہ حق تعالٰی کے راستے میں جہاد کرے گا اور داد شجاعت دیگا۔ اس گھوڑے کا پیشاب' لید' گوشت پوست اور خون قیامت کے دن تمام اس کے ترازوئے عمل میں ہو گا۔ اور دوسرا شخص گھوڑا اس نیت سے پالتا ہے کہ ضرورت کے وقت سواری کیا کرے اور پیدل چلنے کی زحمت سے بچے (یہ نہ ثواب کا مستحق ہے اور نہ عذاب کا) اور تیسرا وہ شخص ہے جو گھوڑے کی پرورش نام اور شہرت کے لئے کرتا ہے۔ تاکہ لوگ دیکھا کریں کہ فلاں شخص کے پاس اتنے اور ایسے ایسے عمدہ گھوڑے ہیں۔ اس کا ٹھکانہ دوزخ ہے۔ اور حجاج! تیرے گھوڑے اسی قسم میں داخل ہیں' حجاج یہ بات سن کر بھڑک اٹھا اور اس کے غصہ کی بھٹی تیز ہوگئی اور کہنے لگا اے انس! جو خدمت تم نے آنحضرت ﷺ کی کی ہے اگر اس کا لحاظ نہ ہوتا' نیز امیر المومنین عبدالملک بن مروان نے جو خط مجھے تمہاری سفارش اور رعایت کے باب میں لکھا ہے' اس کی پاسداری نہ ہوتی تو نہیں معلوم کہ آج میں تمہارے ساتھ کیا کر گزرتا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا' خدا کی قسم تو میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتا اور نہ تجھ میں اتنی ہمت ہے کہ تو مجھے نظر بد سے دیکھ سکے۔ میں نے آنحضرت ﷺ سے چند کلمات سن رکھے ہیں۔ میں ہمیشہ ان ہی کلمات کی پناہ میں رہتا ہوں اور ان کلمات کی برکت سے مجھے نہ کسی سلطان کی سطوت سے خوف ہے' نہ کسی شیطان کے شر سے اندیشہ ہے۔ حجاج اس کلام کی ہیبت سے بے خود اور مبہوت ہوگیا۔ تھوڑی دیر بعد سر اٹھایا اور (نہایت لجاجت سے) کہا اے ابو حمزہ وہ کلمات مجھے

بھی سکھا دیجئے۔ فرمایا تجھے ہرگز نہ سکھاؤں گا۔ بخدا تو اس کا اہل نہیں۔

پھر جب حضرت انس ﷺ کے وصال کا وقت آیا آبان' جو آپ ﷺ کے خادم تھے' حاضر ہوئے اور آواز دی' حضرت نے فرمایا کیا چاہتے ہو؟ عرض کیا وہی کلمات سیکھنا چاہتا ہوں جو حجاج نے آپ ﷺ سے چاہے تھے مگر آپ ﷺ نے اس کو سکھائے نہیں' فرمایا ہاں تجھے سکھاتا ہوں تو ان کا اہل ہے' میں نے آنحضرت ﷺ کی دس برس خدمت کی' اور آپ ﷺ کا انتقال اس حالت میں ہوا کہ آپ ﷺ مجھ سے راضی تھے اسی طرح تو نے بھی میری خدمت دس سال تک کی اور میں دنیا سے اس حالت میں رخصت ہوتا ہوں کہ میں تجھ سے راضی ہوں۔ صبح و شام یہ کلمات پڑھا کرو' حق سبحانہٗ وتعالیٰ تمام آفات سے محفوظ رکھیں گے۔ وہ کلمات یہ ہیں :

"بسم اللہ علیٰ نفسی و دینی" یعنی حفاظت مانگتا ہوں اور پناہ لیتا ہوں نام خدا کی اپنے نفس پر اور اپنے دین پر۔ ہو سکتا ہے بسم اللہ سے مراد پوری بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہو جس کے جزء اول پر اکتفا کیا۔ جیسے جب کہا جائے کہ کیا پڑھتے ہو؟ تو جواب میں کہا جاتا ہے کہ الحمدللہ پڑھتا ہوں' مراد پوری سورت ہوتی ہے۔ حفاظت میں تخصیص نفس اور دین کی اس وجہ سے فرمائی کہ ہر کمال کے حاصل کرنے کی بنیاد' اور مبداء مآل کی اصل نفس و دین ہیں۔ پھر نفس کو مقدم فرمایا' کیونکہ نفس ہر کمال دینی و دنیاوی کی تحصیل کیلئے موقوف علیہ ہے۔ اسی وجہ سے نفس کو ہلاکت میں ڈالنا حرام اور مقدور بھر اس کی حفاظت واجب ہے۔ مسائل شرعیہ میں لکھا ہے کہ اگر لقمہ کسی کے گلے میں پھنس جائے (جس سے جان پر بن آئے) اور پانی وہاں موجود نہ ہو جس سے اس پھنسے ہوئے لقمہ کو نیچے اتار سکے (نہ کوئی اور صورت اس کے اتارنے کی ہو سکے تو ایسے وقت شراب کا گھونٹ

پی لینا جو قطعی حرام ہے۔اس کے لئے حلال ہو گا'بلکہ واجب ہو گا۔ تاکہ نفس وحیات فانی کو جو حیات حقیقی جاودانی کے حصول کا سبب ہیں باقی رکھا جا سکے۔جبر واکراہ کی حالت میں کلمہ کفر زبان پر جاری کرنا بشرطیکہ قلب پوری طرح ایمان کے ساتھ مطمئن ہو نیز اسی قبیل سے ہے۔یعنی مجبوری کی حالت میں جان بچانے کے لئے کوئی نامناسب لفظ اگر کہہ دیا جائے اور دل بدستور ایمان پر قائم رہے تو نفس ودین کی خاطر اس کی اجازت ہے۔ہاں اگر کوئی باہمت عزیمت پر عمل کرتے ہوئے جان دے دے اگر کلمہ کفر زبان پر نہ لائے تو بہت ہی بہتر اور بلند کام ہے۔یہاں اس مسئلہ کی پوری تفصیل کا موقع نہیں اس لئے کتب فقہ میں دیکھا جائے۔یا کسی عالم سے رجوع کیا جائے۔

"بسم اللہ علی اھلی ومالی وولدی" نفس ودین کی حفاظت کے بعد اہل' مال اور ولد کو یاد کیا کیونکہ یہ چیزیں بھی نفس ودین کے بقا کے لئے سبب اور مددومعاون ہیں اور ان پر بسم اللہ جدا ذکر کی۔اسی بسم اللہ پر جو پہلے ذکر ہو چکی تھی کفایت کرتے ہوئے یوں نہیں کہا "بسم اللہ علیٰ نفسی ودینی واہلی ومالی وولدی" عبارت میں یہ طریق اختیار کرنا اصحاب بلاغت کے نزدیک اس طرف اشارہ کرتا ہے کہ اول الذکر اور ثانی الذکر دونوں قسمیں مقصود ہیں اور دونوں کا قصد واہتمام یکساں ہے۔اہل و آل دونوں لفظ ہم معنی ہیں'کبھی تابع اور پسر کے معنی میں استعمال ہوتے ہیں'کبھی اولاد کے معنی میں' یہاں اولاد کا ذکر چونکہ بعد میں موجود ہے۔اس لئے معنی اول زیادہ مناسب ہیں۔یہ یاد رہے کہ مال واسباب کا ذکر جب مدح اور خوبی کے موقع پر کیا جائے تو مراد وہاں مال حلال ہوتا ہے۔جو آخرت کے لئے وسیلہ ہے اور اس کا جمع کرنا سعادت کا باعث اور کمال کا موجب ہے باقی تمام وبال وعذاب کا سامان ہے۔اور ولد کے معنی

اولاد کے ہیں۔ مذکر ہو یا مونث اور اولاد کا وجود بھی من جملہ اسباب قوت کے ہے۔ جو دین و دولت کے لئے مددگار ہے۔ اور لڑکا اگر نیک اور رشید ہو تو سعادت دنیا و آخرت کا موجب ہے۔ حدیث میں ہے کہ آدمی کے دنیا سے رخصت ہو جانے کے بعد تین چیزیں باقی رہ جاتی ہیں۔ اول: علم دین' جو اس کے اہل لوگوں کو سکھایا ہو اور علمی سلسلہ کو جو جناب رسالت پناہ ﷺ پر منتہی ہوتا ہے قائم رکھتا ہو۔ دوم: صدقہ جاریہ جس میں بندگان خدا کا نفع ہو اور مرنے والے کے بعد تک قائم رہے۔ مبارک ہے' وہ شخص جس کے مرنے کے بعد پل' کنواں' مسجد اور مہمان خانے باقی رہیں۔ سوم: نیک لڑکا جو اس کے انتقال کے بعد دعا ایمان کے ساتھ یاد کرتا رہے۔ تاکہ باپ کے گناہوں کی بخشش اور اس کے رفع درجات کا موجب بنے۔ حدیث میں ان تین امور کا ذکر اسی ترتیب سے واقع ہوا ہے جو ذکر کی گئی۔ اس ترتیب ذکری میں اشارہ اس طرف ہے کہ علم و مال اولاد' اس باب میں فضیلت رکھتے ہیں کیونکہ ولد صالح کا وجود آخر زمان میں نادر ہو گا اور بعض روایات میں ولد کا ذکر مال سے مقدم ہے۔ بیشک اولاد مال سے عزیز تر اور محبوب تر ہے۔ اس کی حفاظت اور نگہداشت بھی زیادہ مطلوب اور مقدم ہے۔

"بسم اللہ علی ما اعطانی اللہ" حفاظت لیتا ہوں نام خدا کی ہر نعمت پر جو حق تعالیٰ نے عطا فرمائی۔ جب چند نعمتوں کا جو دنیا و آخرت کی تمام نعمتوں کے لئے اصل اور مدار ہیں' ذکر کیا۔ اس کے بعد عام لفظ ذکر کیا' تاکہ اصل و فرع اور چھوٹی بڑی سب نعمتوں کو شامل ہو جائے۔ درحقیقت حق تعالیٰ کی نعمتوں کا شمار دائرہ امکان سے خارج ہے۔ فرمایا ہے۔ و ان تعدوا نعمة اللہ لا تحصوھا، ان الانسان لظلوم کفار" صیغہ مبالغہ کے ساتھ فرمایا (یعنی بلاشبہ انسان بڑا ظالم اور بڑا ناشکرا ہے۔ بڑا ظالم اس لئے کہ خالق و مالک کی نعمتوں کا شکر

کرنے کی بجائے ان کی دوسروں کی طرف نسبت کرتا ہے) دوسری جگہ ان اللہ لغفور رحیم فرمایا۔یعنی اگر خالق تعالیٰ کی مغفرت ورحمت نہ ہوتی۔تو اس ناسپاسی کی وجہ سے آدمی پر کام تنگ ہو جاتا۔اس کی مغفرت ورحمت خود ایک نعمت ہے۔بلکہ اصل نعمت ہے باقی اس کے مقابلہ میں سب ہیچ ہیں۔حدیث میں ہے کہ بدوں فضل ورحمت خداوندی کوئی بھی جنت میں داخل نہ ہوگا۔اس نعمت کا شکر ادا کرنا چاہئے۔بیکار بیٹھنا زیبا نہیں۔سید العالمین ﷺ نماز تہجد میں اس قدر قیام فرماتے کہ قدم مبارک پر ورم آجاتا اور ان سے خون جاری ہو جاتا۔ عرض کیا گیا یا رسول اللہ کیا آپ ﷺ کے اگلے پچھلے سب قصور معاف نہیں کر دیئے گئے خود حق جل مجدہ کا ارشاد ہے۔ "لیغفرلك الله ماتقدم من ذنبك وماتاخر" پھر اس قدر تعب اور مشقت کس لئے اٹھاتے ہیں؟ ارشاد فرماتے کہ حق تعالیٰ نے میری بخشش فرمادی ہے اور اس کی بخشش بڑی نعمت ہے۔اگر اس نعمت کا شکر نہ کروں تو بندۂ شاکر کیسے کہلاؤں' غور کا مقام ہے کہ سید اولین وآخرین کہ عالم وعالمین جن کا طفیل ہیں۔جب یہ مشقت برداشت فرماتے ہیں۔ اور بندگی میں مشغول ہیں۔ تو دوسروں کو کیوں ضرورت نہ ہوگی۔

"اللہ ربی لا اشرك به شيأ"— خدا میرا پروردگار ہے۔میں اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کروں گا۔ آدمی کو جو مصائب اور حوادث پیش آتے ہیں ان کی شدت اور محنت کو دفع کرنے میں اس کلمہ کی فضیلت فضیلت اور خاصیت احادیث میں بہت واقع ہوئی ہے اور اس کی حقیقت حق تعالیٰ کی توحید افعالی کا مشاہدہ کرنا ہے کہ جو کچھ پیش آئے سب کو اسی کی پیش گاہ سے جانے' اور شرک خفی کے دام میں گرفتار نہ ہو۔اپنے پروردگار کے ساتھ حسن ظن رکھے کہ جب بندہ اسی ذات بے چون وبے چگون کی تربیت میں ہے تو جو معاملہ اس کی

طرف سے ہوگا' بندہ کی صلاح وفلاح اسی میں ہوگی۔ لیکن یہ اس شخص کے لئے ہے جو دائما اس کے لطف وکرم کی جانب متوجہ اور ملتجی رہے اور اپنے تمام امور اسی کے سپرد کئے ہوئے ہو اور نور ولایت کا عکس اس کی پیشانی پر درخشاں ہو' اور پروردگار عالم اپنے لطف خاص کے ساتھ اس کے امور کا متولی ہو۔ ورنہ مذہب یہی ہے کہ اصلح حق تعالیٰ پر واجب نہیں وہ جو چاہے کرے کسی کی مجال نہیں کہ دم مار سکے۔

تنبیہ: جس دعا کے متعلق شریعت میں آیا ہے کہ اس کے پڑھنے کی یہ جزا ہے۔ اس کا صحیح مطلب یہ ہے کہ اس حال کو اپنے اندر پیدا کر لے اور اس معنی کے ساتھ متصف ہو جائے ورنہ اعضا کی خالی حرکت اور محض زبان پر کلمات کا جاری کر لینا کافی نہیں مگر یہ کہ شارع کی جانب سے تصریح ہو جائے کہ یہ خاصیت محض لفظ اور نفس حروف میں ہے تو اس وقت وہ اثر بالخاصہ اس لفظ پر مرتب ہوگا اور معنی جاننے کی حاجت نہ ہوگی۔

لیکن اس کے باوجود بیکار نہ بیٹھنا چاہئے اور عمل کو اس حال کے حصول پر موقوف نہ رکھنا چاہئے خدا کا فضل نہایت وسیع ہے اور حق تعالیٰ بندوں کی دعا قبول فرمانے والے ہیں۔ شرائط و آداب کی رعایت جس قدر بھی کی جائے گی وہ بہرحال محدود ہوگی لیکن حق تعالیٰ کا فضل وکرم دائرہ حساب سے خارج ہے۔ جو چیز پوری حاصل نہ ہو سکے اسے بالکلیہ چھوڑا بھی نہیں جا سکتا۔ اللہ توفیق دے چنانچہ اخلاص وریا کے باب میں حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی رحمہ اللہ سے سوال کیا گیا کہ کیا کیا جائے۔ اگر ہم عمل کریں تو ریا کی آمیزش ہو جاتی ہے۔ نہ کریں تو بیکاری ہے۔ فرمایا عمل کرتے رہو اور ریا سے استغفار کرتے رہو۔ بیکار بیٹھنا مصلحت نہیں۔ عمل پر اگر

دوام کیا جائے تو نورانیت عمل سے دل میں اخلاص بھی پیدا ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

"اللہ اکبر اللہ اکبر واعز واجل واعظم مما اخاف واحذر" خدا بزرگ تر اور غالب تر ہے ہر اس چیز سے جس سے میں ڈرتا ہوں اور اندیشہ رکھتا ہوں۔ بعض روایات میں "اجل" کے بعد "اعظم" بھی ذکر ہوا ہے۔ کبریائی' عزت' عظمت اور جلال قریب المعنی ہیں۔ اگر کبریائی کا تعلق ذات سے' عزت کا افعال سے' عظمت کا اسماء سے اور جلالت کا صفات سے اعتبار کیا جائے تو بعید نہ ہو گا۔ چونکہ نفس جبلی طور پر بے یقینی۔ خود ترسی اور ہر آسانی کا خوگر ہے۔ خصوصاً جہاں معاملہ اپنے سے غالب کے ساتھ ہو جیسے سلطان وجبار۔ اس لئے اس کلمہ میں عظمت وکبریائی خداوندی کے استحضار کے ساتھ (جس سے لازماً شعلہ نور یقین مشتعل ہو جاتا ہے) اسے دلیر بنا دیا۔

کہ ہاں اے نفس ڈر نہیں۔ تیرا پروردگار دشمن سے بزرگ تر ہے اور غالب بھی۔ دشمن اگر قوی ہے نگہبان قوی تر ہے۔ تو اپنے مولا سے ڈر۔ تاکہ سب تجھ سے ڈریں۔ سچ ہے کہ جو خدا سے ڈرے اس سے ہر چیز ڈرتی ہے۔ اس کلمہ میں اس پر بھی تنبیہ ہے کہ معاملہ جب غالب کے ساتھ ہو تو باطن کو حق تعالیٰ کی کبریائی سے معمور رکھا جائے۔ تاکہ بیگانہ کی ہیبت اور عظمت کے لئے دل میں گنجائش نہ رہے اور حق تعالیٰ کی عظمت کے غلبہ میں دوسروں کی جباری وقہاری مضمحل اور مغلوب ہو جائے۔

"عز جارك" غالب ہے تیرا ہمسایہ اور تیری پناہ لینے والا جب حق تعالیٰ کی کبریائی کا استحضار اور اس کی عظمت کا مشاہدہ ہو گیا۔ غیبت سے مقام حضور نصیب ہوا' اور خطاب کا شرف حاصل ہوا۔ حق تعالیٰ کی ہمسائیگی دوام توجہ۔ جناب لطف میں التجا اور اس کے

دامن عزت کے مضبوط پکڑنے سے حاصل ہوتی ہے۔ جو شخص اس کی جناب عزت میں ملتجی رہے وہ ہرگز مغلوب و مقہور نہ ہو گا۔

"وجل ثناؤك" تیری ثنا بزرگ ہے تیری صفات کمال اور قدرت لایزال کی گہرائی میں کون جاسکتا ہے کمزور کو قوی کر دے اور بازور کو بے زور بنا دے' جسے چاہے عزت دے' جسے چاہے ذلیل کر دے یہ تیری شان ہے۔

"ولا اله غيرك" اور تیرے سوا کوئی معبود حقیقی نہیں۔ "اللّٰهم انی اعوذبك من شر نفسی" چونکہ تمام شرور وقبائح کا منبع اور بے یقینی و بے ثباتی کا باعث نفس ہے اس لئے اس سے حق تعالیٰ کی پناہ لی جو شر کہ آدمی کو پیش آتا ہے۔ تمام اس کے نفس کی جانب سے ہے۔ آنحضرت ﷺ دعا فرمایا کرتے : رب لا تكلني الى نفسی طرفة عين ولا اقل من ذالك، اے پروردگار مجھے ایک لمحہ کے لئے بھی میرے نفس کے سپرد نہ کیجئے۔ بلکہ ہمہ دم باخود رکھئے اور اپنی عظمت کے مشاہدہ میں مشغول رکھئے تاکہ چشم زدن کے لئے بھی اغیار کو مجھ پر تاثیر و تصرف اور غلبہ کی مجال نہ ہو۔

ومن شر كل شيطان مريد ومن شر كل جبار عنيد" اور میں آپ کی پناہ لیتا ہوں ہر شیطان مردود کے شر سے اور ہر شیطان متکبر کے شر سے جو راہ حق سے مائل ہو۔ عناد کے معنی راہ راست سے ہٹ جانا اور حق کو جان لینے کے باوجود اس کا مخالف ہونا چونکہ کار شر کی تدبیر اور اغوا و اضلال کی سلطنت شیطان کے حوالے کی گئی ہے بالکل یہی حال ان جبار و قہار قسم کے لوگوں کا ہے جو مخلوق پر مسلط ہیں' اس لئے ان کے شر سے پناہ مانگنا بھی واجبات وقت میں سے ہے۔ اور شیاطین کی دو قسمیں ہیں۔ اول شیاطین' جن یہ ابلیس اور اس کی ذریت ہے۔ دوم شیطان انس۔ یہ ظالم اور ان کے ہمنوا ہیں فقرہ اول میں قسم اول کی طرف اور ثانی میں ثانی کی طرف اشارہ ہے اور

قوت وھمیہ جو آدمی کی سرشت میں رکھی گئی ہے اور اسے شیطان عالم انفس کہا جاتا ہے۔ یہ شیطان عالم آفاق کا نمونہ ہے کہ عقل قوی اور آلات شعور پر تسلط رکھتی ہے البتہ جو عقل نوریقین سے منور اور مصفا ہو' اس پر اس کا تسلط نہیں حکم : "ان عبادی لیس لك علیھم سلطان" پس یہ قوت معدوم کو موجود کی شکل میں اور باطل کو حق کے لباس میں پش کرنے کی خوگر ہے۔اس سے استعاذہ ضروری ہے۔ ماسوی اللہ کا خوف زائل ہونے کی بجز دفع وہم کے کوئی صورت نہیں۔ یہ بھی درحقیقت استعاذہ از شر نفس کی فرع ہے۔جیسا کہ فقرہ اول میں ذکر ہوا۔

"فان تولوا فقل حسبی اللہ لا الٰہ الا ھو علیہ توکلت وھو رب العرش العظیم"۔ یہ قرآن مجید کی ایک آیت ہے جس میں حق تعالیٰ آنحضرت ﷺ کو حکم کرتے ہوئے فرماتے ہیں "پس اگر کافر لوگ منہ پھیرلیں۔ حق کی جانب متوجہ نہ ہوں اور اس کے قبول کرنے سے پہلو تہی کریں۔ تو اے محمدؐ! اے محبوب! اے میرے محفوظ ومعصوم! آپ ﷺ کہہ دیں' "حسبی اللہ" اللہ مجھے کافی ہے۔ لا الٰہ الا ھو" اس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں"علیہ توکلت" میں نے اپنا تمام کاروبار اسی کے سپرد کر دیا۔اس کو اپنا کارساز بنالیا" وھو رب العرش العظیم" وہ عرش عظیم کا مالک ہے۔ جس سے عظیم تر اور بالاتر عالم اجسام میں کوئی مخلوق پیدا نہیں کی گئی۔

سیاق کلام چوں کہ جباروں اور قہاروں کے دفع کرنے اور ان کے خوف واندیشہ کو دور کرنے میں تھا اور اس کی اصل اور مادہ ہے عظمت وقہر خداوندی کا مشاہدہ کرنا اس لئے مقطع کلام مطلع کے طرز پر لایا گیا اور بات کو عظمت پر ختم کیا گیا اگر اصحاب حفظ اور ارباب دعوت احاطہ عرش الٰہی کا مراقبہ مع ملاحظہ اس اضافت کے کریں تو

حفظ وصیانت میں زیادہ دخیل ہوگا۔

چنانچہ قطب وقت شیخ ابو الحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ نے حزب البحر میں (جو کہ حضرت خاتم الانبیاء ﷺ سے حاصل کیا ہے اور حفاظت ونگہداشت کے باب میں تریاق اکبر ثابت ہوا ہے) فرمایا ستر العرش مسبول علینا وعین اللہ ناظرۃ الینا وبحول اللہ لا یقدر احد علینا واللہ من ورائھم محیط۔ یعنی پردۂ عرش ہم پر لٹکا ہوا ہے اور عنایت وعصمت الٰہی کی نظر ہماری طرف نگراں ہے پھر قوت الٰہی کے ساتھ ہم پر کسی کو قدرت نہ ہوگی۔ اس کی قوت سب کو محیط ہے کہ اس قدرت کے احاطہ سے باہر نکلنے کا راستہ محال ہے۔

فائدہ: مشائخ شاذلیہ قدس اللہ اسرار ہم نے مریدوں کو اس دعا کے پڑھنے کی وصیت فرمائی ہے یعنی حسبی اللہ لا الہ الا ھو علیہ توکلت وھو رب العرش العظیم۔ اور ان کا ارشاد ہے کہ اگر کوئی شخص صرف یہی وظیفہ اختیار کئے ہوئے ہو تو اس کو تمام وظائف سے کفایت کرے گا۔ ان کا یہ بھی ارشاد ہے کہ اگر اس دعا کے پڑھنے میں فہم وحضور نہ ہو تب بھی موثر اور مقبول ہے اس کی تعداد دس دس مرتبہ بعد نماز صبح وبعد نماز مغرب ہے۔ اگر سات سات مرتبہ پڑھا جائے تو بھی کافی ہے بلکہ یہ صحت روایت سے قریب تر ہے اس کا خلاصہ حق جل مجدہ میں اپنی ذات کا یکسو کرنا اور اخلاص کا مطلب ہے۔ مع ہذا عظمت خداوندی کا مشاہدہ کرنا اور ماسوا سے تبری اختیار کرنا اور تدبیر واختیار سے فارغ ہو جانا۔ حق تعالیٰ اپنے فضل خاص سے ہم کو بھی اس طریقہ مستقیمہ کی توفیق عطا فرمائیں اور اس پر ثابت قدم رکھیں۔

بعض روایات میں یہ کلمہ بھی دعا مذکور (یعنی دعائے انس رضی اللہ عنہ) میں مذکور ہے۔ "ان ولی اللہ الذی نزل الکتاب وھو یتولی الصالحین"۔

اس کا ترجمہ یہ ہے۔بے شک میرے تمام امور کا دوست اور متولی خدا تعالیٰ ہے جس نے ایسی کتاب نازل فرمائی جس میں تمام امور دنیا و آخرت کی تدبیر ہے یعنی قرآن مجید اور وہی نیک لوگوں کے تمام امور کو دوست رکھتا ہے اور ان کی تولیت فرماتا ہے۔اے اللہ اپنی رحمت سے ہمیں نیک لوگوں میں شامل فرما' آمین!

# صدقہ، فقراء وغیرہ سے متعلق مسائل

## مجبوراً لوگوں سے مانگنے کے بارے میں شرعی حکم

س ...... میں چھٹی جماعت کا طالب علم تھا کہ میرے والد صاحب بیمار ہوگئے اور کمائی کرنے کے قابل نہ رہے میرا نہ تو بڑا بھائی تھا اور نہ ہی برادری میں کوئی مددگار، جس کے ذریعے ہمارے گھر کا نظام چل سکتا۔ میری والدہ صاحبہ لوگوں کے گھروں میں کام کاج کرکے ہمارا پیٹ پال لیتی، مگر چونکہ ہم گھر کے ۸ آدمی کھانے والے تھے مہنگائی کی وجہ سے گذارہ نہیں ہوتا تھا۔ مجبوراً میری امی جان لوگوں کے کام کاج کے علاوہ لوگوں کو اپنے حالات سے آگاہ کرکے ان سے خدا کے واسطے مدد کی بھی درخواست کرتیں۔ میرے والد صاحب تین سال بیمار رہے اور فوت ہوگئے میں نے پڑھائی چھوڑ کر مزدوری شروع کی ہے اب اللہ کا فضل وکرم ہے میں نے دو ہمشیرہ کی شادی کر دی ہے اپنی بھی شادی کی ہے والدہ صاحبہ کی بھی خدمت کر رہا ہوں۔ اب مسئلہ یہ ہے کہ میں نے لوگوں سے سنا ہے کہ بھکاری کے ماتھے پر بھیک کا داغ ہوتا ہے اور بھکاری جنت میں نہیں جا سکتا۔ میں اپنی والدہ صاحبہ کے سلسلے میں پریشان ہوں کیونکہ کچھ دن انہوں نے بھی مجبوری سے لوگوں سے بھیک لی تھی براہ کرم وضاحت فرمائیں کہ یہ بات صحیح ہے کہ بھکاری جنت میں نہیں جائے گا؟

ج ...... جو لوگ بھیک کو پیشہ بنالیتے ہیں ان کے بارے میں سخت وعید آئی ہے، لیکن جو شریف اپنی مجبوری کی وجہ سے سوال کرتا ہے وہ وعید کا مستحق نہیں۔ آپ کی والدہ نے اگر سوال کیا تو گداگری کے لئے نہیں بلکہ مجبوری کی وجہ سے، اس لئے ان کے بارے میں پریشانی کی ضرورت نہیں، خدا توفیق دے تو جتنا لوگوں

سے لیا ہے اس سے زیادہ دیا بھی کیجئے۔

## کیا صدقہ دینے سے موت ٹل جاتی ہے؟

س ...... حضرت امام جعفر صادقؒ سے روایت منسوب ہے کہ صدقہ دینے سے موت بھی ٹل جاتی ہے۔ کیا یہ درست ہے؟ جبکہ ام الکتاب میں موت کا وقت معین اور اٹل ہے تو یہ کیسے ممکن ہے وضاحت فرمادیں؟

ج ...... روایت کے جو الفاظ آپ نے نقل کئے ہیں وہ تو کہیں نظر سے نہیں گزرے البتہ ترمذی شریف کی روایت میں ہے کہ "صدقہ اللہ تعالیٰ کے غضب کو بجھاتا ہے اور بری موت کو ٹالتا ہے"۔ اور طبرانی کی روایت میں ہے کہ "مسلمان کا صدقہ عمر کو بڑھاتا ہے اور بری موت کو ٹالتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے کبر، فقر اور فخر کو دور کر دیتے ہیں"۔ موت کا وقت جب آجاتا ہے تو وہ نہیں ٹلتی۔ البتہ بعض اعمال و اسباب کو عمر بڑھانے والے فرمایا گیا، اگر کوئی شخص ان اعمال کو اختیار کرلے تو عمر ضرور بڑھے گی اور یہ علم الٰہی میں پہلے سے طے شدہ ہے کہ یہ شخص ان اسباب کو اختیار کرے گا یا نہیں اس لئے علم الٰہی میں موت کا وقت بہرحال متعین ہے۔

## کیا سڑکوں پر مانگنے والے گداگروں کو دینا بہتر ہے یا نہ دینا

س ...... اکثر سڑکوں اور بازاروں میں چلتے پھرتے یا ڈیرہ ڈالے ہوئے فقیر نظر آتے ہیں جو ہر آنے جانے والے راہ گیر سے سوال کرتے ہیں جن میں کچھ ضرورت مند ہوتے ہیں اور اکثر پیشہ ور ہوتے ہیں مگر مسافروں اور راہ گیروں کو یہ نہیں پتہ ہوتا کہ کون اصلی ہے اور کون نقلی، جس کی وجہ سے بعض خیرات دینے والے غیر مستحق لوگوں کو دے جاتے ہیں اسی وجہ سے بعض لوگ خیرات دیتے ہیں اور بعض نہیں دیتے تو اس صورت میں خیرات دینے والے کو ثواب ہو گا یا

نہیں اب چاہے اس نے ضرورت مند کو دیا ہو یا پیشہ ور کو کیونکہ اس بارے میں خیرات دینے والا نہیں جانتا اور بعض لوگ خیرات نہیں دیتے' چاہے وہ ضرورت مند ہو یا پیشہ ور ہو کیونکہ نہ دینے والا بھی یہ نہیں جانتا تو کیا اس صورت میں اسے عذاب ہو گا؟

ج ...... پیشہ ور گداگروں کو خیرات دینا جائز نہیں۔ان میں سے اکثر مالدار ہوتے ہیں۔ان کے لئے سوال کرنا حرام ہے اور ان کو خیرات دینے میں ان کے اس حرام پیشہ کی معاونت ہے۔اس لئے یہ بھی جائز نہیں اور ان کو زکوۃ دینے سے زکوۃ ادا نہیں ہوگی۔اگر کسی شخص کے بارے میں یہ گمان غالب ہو کہ یہ واقعی مستحق ہے تو اس کو خیرات دے سکتے ہیں اور دینے کا ثواب بھی ہو گا۔لیکن زکوۃ انہی لوگوں کو دینی چاہئے جو واقعتاً محتاج ہوں۔بھیک مانگنے کا پیشہ نہ کرتے ہوں۔

## پیشہ ور گداگروں کو خیرات نہیں دینی چاہئے؟

س ...... آپ سے یہ پوچھنا ہے کہ شریعت کے لحاظ سے خیرات کسے دینا جائز ہے کیونکہ آجکل کے دور میں ایسے لوگ بھی خیرات مانگتے ہیں جو بالکل صحت مند ہوتے ہیں تو کیا ان کو خیرات دینا جائز ہے یا ناجائز اور اگر دے دی جائے تو کچھ گناہ تو نہیں کیونکہ ہمیں یہ معلوم نہیں ہوتا کہ ان میں یتیم ،مسکین یا بیوائیں ہیں یا نہیں کیا ان میں یتیم ،مسکین اور بیوائیں ہو سکتی ہیں ویسے شکل سے دیکھنے میں لگتے نہیں اور اگر نہ دیں تو ڈر بھی لگتا ہے کہ کہیں ہم نے اللہ کے حکم کی نافرمانی تو نہیں کی جس سے ہم سزا کے سزاوار ہوں۔

ج ...... پیشہ ور گداگروں کو تو نہیں دینا چاہئے ان کے علاوہ اگر غالب خیال ہو کہ یہ واقعی محتاج ہے تو دے دیا جائے ورنہ نہیں۔

# جائز و ناجائز

## کیا الٹی مانگ نکالنے والے کا دین ٹیڑھا ہوتا ہے؟

س ...... کیا واقعی یہ حقیقت ہے کہ جس کی (مانگ) ٹیڑھی ہو اس کا دین بھی ٹیڑھا ہے اور کیا الٹی کنگھی کرنا گناہ کبیرہ ہے؟

ج ...... اس میں فاسق و فاجر اور کفار کی مشابہت ہے۔ اور یہ علامت ہے دل کے ٹیڑھا ہونے کی اور دل کے ٹیڑھا ہونے سے پناہ مانگی گئی ہے۔

## بچوں کو ٹائی پہنانے کا گناہ اسکول کے ذمہ داروں پر ہے

س ...... ہمارے قریبی اسکول میں بچوں کے یونیفارم میں (ٹائی) بھی شامل ہے جبکہ ہماری دانست میں ٹائی لگانا ممنوع ہے۔ جب اسکول کی سربراہ سے اس سلسلے میں بات کی گئی تو انہوں نے حوالہ مہیا کرنے پر اپنے اسکول میں ٹائی اتار دینے کا وعدہ کیا ہے، آپ سے یہی دریافت کرنا ہے کہ ٹائی جائز ہے یا ناجائز؟ اگر ناجائز ہے تو کن وجوہات کی بناء پر۔

ج ...... (ٹائی) دراصل عیسائیوں کا مذہبی شعار ہے جو انہوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی صلیب کے نشان کے طور پر اختیار کیا تھا، اس لئے ایک مسلمان کے لئے ٹائی باندھنا عیسائیوں کی تقلید کی وجہ سے حرام ہے، اور اسکول کے بچوں کے لئے اس کو لازم قرار دینا نہایت ظلم ہے، بچے تو معصوم ہیں مگر اس کا گناہ اسکول کے ذمہ داروں پر پڑے گا۔

## احکام شریعت کے خلاف جلوس نکالنے والی عورتوں کا شرعی حکم

س ...... بات یہ ہے کہ ایک گروہ کے لوگ اللہ کی کتاب کو اور رسول اکرم ﷺ کو ملتے ہیں، فقط آخری نبی نہیں ملتے جس کی بنا پر ان کو غیر مسلم قرار دیدیا گیا ہے۔ اخباروں کے ذریعہ آپ کو اور عوام کو بھی معلوم ہو چکا ہے کہ چند خواتین نے لاہور میں اللہ اور رسول اللہ ﷺ کے ارشادات کے خلاف جلوس نکالا اور اسلامی احکام کو ماننے سے انکار کیا تو کیا یہ خواتین ایمان سے خارج اور مرتد نہیں ہوئیں؟ جبکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک نام نہاد مسلمان کا یہودی کے حق میں ہمارے پیارے رسول اکرم ﷺ کے فیصلے کو تسلیم نہ کرنے پر سر گردن سے جدا کر دیا تھا، اس طرح نوح علیہ السلام کی اہلیہ کو اپنے نبی اور شوہر کی اطاعت نہ کرنے پر جہنم میں ڈال دیا، اور فرعون کافر کی اہلیہ حضرت آسیہ کو جنت میں ایمان کی بدولت اعلیٰ مقام عطا کر دیا جس کی شہادت قرآن پاک میں موجود ہے۔

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جن عورتوں نے اللہ اور رسول خدا کے خلاف احتجاج کیا ہے مندرجہ بالا کی روشنی میں مرتد ہوگئیں یا نہیں؟ ان کا نکاح اپنے مسلمان شوہروں سے باقی رہا ہے یا از خود فسخ ہو گیا؟ اگر وہ مرجائیں تو مسلمانوں کی قبروں میں کیا دفن کی اجازت ہے؟ ان کی اولاد سے مسلمان شادی بیاہ کا رشتہ قائم کر سکتے ہیں یا نہیں؟

یہ بات قابل ستائش اور مبارکبادی ہے کہ لاہور کی نرسوں نے اپنے ایمان کی حفاظت کی اور مغرب زدہ و دریدہ دہن اور اسلام دشمن جلوس خواتین سے بیزاری کا برملا اظہار کیا، جس کے صلہ میں جنت کی خواتین بی بی آسیہ اور رابعہ خاتون اور حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی ہم نشینی کی سعادت حاصل کریں گی۔ اس ضمن میں ایک بات عرض کرنا ہے کہ علماء دین کو حضرت امام اعظمؒ اور دیگر علماء حق کا کردار ادا کرنے میں کیا رکاوٹ ہے؟ شریعت عدالت سے ملحدہ اور دریدہ دہن

عورتوں کے خلاف رٹ کی درخواست پر ان عورتوں کے کافرانہ احتجاج پر ان کی حیثیت کو متعین کرالیا جائے کہ یہ مومنہ ہیں یا نوح علیہ السلام کی اہلیہ اور لوط علیہ السلام کی اہلیہ کی فہرست میں شامل ہیں جن کا انجام قرآن نے بتا دیا ہے۔

مکرر عرض ہے کہ ایک حدیث کے مفہوم سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ جن کے ہاتھ میں اقتدار ہے اگر وہ اوامر کے فروغ میں مدد نہ کریں اور برائی کو اپنی طاقت سے نہ روکیں تو مبادا کوئی ظالم ملک پر اللہ تعالیٰ مسلط نہ کر دے، جو بوڑھے اور بچوں پر رحم نہ کرے اور ظلم سے نجات کی دعا مانگی جائے اور اللہ تعالیٰ دعا قبول نہ کریں جس کا مظاہرہ ۱۹۷۱ء کی جنگ میں ہوا اور حاجیوں کی دعا رد کر دی گئی۔

اس لئے پاکستان کے حکمراں اور خدا کی دی ہوئی زمام اقتدار کے مالک ملک سے اگر فحاشی بدکاری اور سنگین جرائم کو نہیں روک سکتا تو اللہ تعالیٰ کی سنت میں کوئی تبدیلی پیدا نہیں ہوگی اس لئے چند روزہ عیش کو شیطان کا سبز باغ سمجھ کر فوراً تائب ہو جائیں تاکہ زلزلہ کا آنا بند ہو جائے (فاعتبروا یا اولی الابصار)

ج ...... کوئی مسلمان جو اللہ و رسول پر ایمان رکھتا ہو وہ اسلام اور اسلامی احکام کے خلاف کیسے احتجاج کر سکتا ہے؟ جن خواتین نے اسلامی احکام کے خلاف احتجاجی جلوس نکالا میرا قیاس یہ ہے کہ وہ جلوس سے پہلے بھی مسلمان نہیں تھیں، اور اگر تھیں تو اس احتجاج کے بعد اسلام سے خارج ہوگئیں۔ اگر انہیں آخرت کی نجات کی کچھ بھی فکر ہے تو اپنے اس فعل پر ندامت کے ساتھ توبہ کریں اور اپنے ایمان اور نکاح کی تجدید کریں لیکن اندازہ یہ ہے کہ مرنے سے پہلے ان کو اپنے کئے پر ندامت نہیں ہوگی۔ بلکہ وہ مسئلہ بتانے والوں کو گالیاں دیں گی۔

## مدینہ منورہ کے علاوہ کسی دوسرے شہر کو (منورہ) کہنا

س ...... میری نظر سے ایک رسالہ گذرا ہے جس میں پاکستان کے ایک شہر کو "المنورۃ" کہا گیا ہے حالانکہ ایسا لفظ ہم نے کبھی کسی اور جگہ نہیں پڑھا۔

مذکورہ شہر میں ایک مخصوص عقائد کے لوگ (قادیانی) بستے ہیں۔کیا اس طرح کے الفاظ کا استعمال جائز ہے یا نہیں؟

ج ...... "المنورۃ" کا لفظ مدینہ طیبہ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔"المدینہ المنورہ" کے مقابلہ میں مخصوص عقائد کے لوگوں (قادیانیوں) کا "ربوۃ المنورۃ" کہنا آنحضرت ﷺ سے چشم نمائی، شر انگیزی اور مسلم آزاری کی شرمناک کوشش ہے۔اور یہ ان کے کفر وضلالت کی ایک تازہ دلیل ہے۔

## عربی سے ملتے ہوئے اردو الفاظ کا مفہوم الگ ہے

مولانا صاحب! عموماً ہمارے ہاں یہ دیکھنے میں آتا ہے کہ بعض اچھے لفظوں کو غلط معنوں میں استعمال کیا جاتا ہے مثلاً ایک لفظ ہے "صلوٰۃ" جس کا مطلب نماز ہے مگر حیرت اور افسوس کی بات ہے یہ لفظ اردو زبان میں محاورے کی طرح استعمال کیا جاتا ہے اور اس کا مفہوم ڈانٹ پھٹکار، گالی گلوچ، جلی کٹی وغیرہ ہوتا ہے جیسے صلواتیں سنانا، صلواتیں پڑھنا اور مثلاً ایک لفظ ہے "رقیب" جو عام طور پر حاسد، مخالف یا دشمن شخص کیلئے استعمال کیا جاتا ہے جیسے رقیب روسیاہ وغیرہ، حالانکہ یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ایک ہے۔آپ سے پوچھنا یہ ہے کہ شرعی اعتبار سے یہ کیسا طرز عمل ہے جس میں عربی زبان کے اتنے مقدس الفاظ کو اردو میں ایک مضحکہ خیز ضرب المثل کے طور پر استعمال کیا جائے؟ ایسے لوگوں کیلئے کیا حکم ہے کیا وہ گناہ گار ہوتے ہیں؟ مہربانی فرماکر مفصل ومدلّل جواب دیجئے تاکہ میری طرح کے دین کے اور بہت سے ادنیٰ طالب علموں کی تشفی ہو سکے کیونکہ بہت سے غیر مسلم جوان باتوں کو سمجھتے ہیں وہ ہمارا مذاق اڑاتے ہیں کہ تم کیسے مسلمان ہو جو خود اپنے مذہبی امور کو تماشا بناتے ہو۔

ج ...... ان الفاظ کا اردو محاورہ عربی محاورے سے الگ ہے، جو لوگ اردو

ترکیب میں "رقیب" کا لفظ استعمال کرتے ہیں ان کے ذہن کے کسی گوشے میں یہ نہیں ہوتا کہ یہ عربی میں اللہ تعالیٰ کا نام ہے اور پھر عربی میں بھی ایک ایک لفظ کے کئی کئی معنی آتے ہیں۔ اس لئے نہ ایک زبان کے محاورے کو دوسری زبان کے محاورے پر قیاس کیا جاسکتا ہے، اور نہ ایک لفظ کے معنی سے دوسرے معنی کا انکار کیا جاسکتا ہے۔

## کسی کی نجی گفتگو سننا یا نجی خط کھولنا

س ...... کچھ اداروں میں یہ غلط طریقہ کار رائج ہے کہ وہاں کے ملازمین کی ٹیلی فون پر ہونے والی گفتگو سنی جاتی ہے اور کسی ملازم کے نام کوئی خط آئے، چاہے وہ ذاتی ہو یا دفتری، کھول لیا جاتا ہے اور اس کے بعد انتظامیہ کی اگر مرضی ہو تو اسے دے دیا جاتا ہے، ورنہ اسے پتا ہی نہیں چل پاتا کہ اس کے نام کوئی خط آیا تھا۔ آپ اسلامی نقطہ نگاہ سے بتائیں کہ یہ دونوں حرکتیں کیسی ہیں؟

ج ...... کسی کی نجی گفتگو یا نجی خط اس کی امانت ہے، گفتگو کا سننا اور کسی کے خط کا کھولنا اس امانت میں خیانت ہے، اور خیانت گناہ کبیرہ ہے۔ اس لئے کسی کی گفتگو سننا اور اس کے خط کا کھولنا ناجائز ہے، الاّ یہ کہ یہ شبہ ہو کہ یہ گفتگو یا خط اس شخص کے خلاف ہے۔

## اغوا کرنے کا گناہ کس پر ہوگا

س ...... کافی عرصہ سے میرے ذہن میں بھی ایک مسئلہ موجود ہے جو معاشرے کی پیداوار ہے۔ آج کل روز اخبارات جہاں بہت سی خبروں سے بھرے ہوتے ہیں وہاں کچھ ایسی خبریں بھی ہوتی ہیں جو رونے پر مجبور کر دیتی ہیں۔ یعنی عورتوں کو اغوا کرنا اور ان کی بے عزتی۔ یہ ایک ایسا ظلم ہے جو ہنستی زندگی کو ہمیشہ

کے لئے آنسوؤں میں دھکیل دیتا ہے اور یہ سب عورتوں کی بے پردگی و بے حجابی اور غلط کتابوں کا نتیجہ ہے۔ میں آپ سے یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ ایسے آدمیوں کے لئے قرآن میں کیا حکم ہے اور ایسی عورتوں کے لئے۔ بعض ایسی لڑکیاں جو دھوکے سے ایسے حالات کا شکار ہو جاتی ہیں اور وقت گزرنے پر ان کو احساس ہوتا ہے' ان کے لئے قرآن کا کیا کہنا ہے؟ اور گناہ گار کون ہے؟

ج ...... آپ نے اس آفت کا سبب تو خود ہی لکھ دیا ہے' یعنی عورتوں کے بے پردگی اور بے حجابی۔ لہٰذا حسب مراتب وہ سب لوگ مجرم ہیں جو ان اسباب کے محرک ہیں یا جو قدرت کے باوجود ان اسباب کا انسداد نہیں کرتے۔ باقی اغوا کرنے والے اور اغوا شدہ لڑکیاں (اگر وہ برضا ورغبت گئی ہوں) چوراہے پر سولی دیئے جانے کے لائق ہیں۔

## خواہشات نفسانی کی خاطر مسلک تبدیل کرنا

س ...... مورخہ ۴ نومبر کو مفتی عبدالرؤف صاحب نے طلاق کے موضوع پر لکھتے وقت ایک جملہ اس طرح لکھا ہے "طلاق کے حکم کو ختم کرنے کیلئے دوسرا مسلک اختیار کرنا حرام ہے"۔ اب تک میں یہ سمجھتا تھا کہ اللہ تعالیٰ کے یا اللہ کے رسول ﷺ کے کسی صریح حکم کی خلاف ورزی ہی حرام ہے۔ جہاں تک میں سمجھتا ہوں کسی مسلک کا چھوڑ دینا کسی طرح بھی اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ کے کسی حکم کی خلاف ورزی نہیں ہوتی' چنانچہ آپ سے درخواست ہے کہ کیا آپ بتائیں گے کہ حرام کی جامع تعریف کیا ہے؟

ج ...... محض خواہش نفس اور مطلب براری کے لئے کوئی مسلک اختیار کرنا' اتباع ہویٰ ہے' جس کا حرام ہونا قرآن وسنت میں منصوص ہے' جو شخص مطلب نکالنے کے لئے مسلک بدل سکتا ہے' وہ دین بھی بدل سکتا ہے' چنانچہ اکابر نے ایسے شخص کے بارے میں فرمایا ہے کہ جو شخص خواہش نفس کے لئے

فقہی مسلک بدل لیتا ہے اندیشہ ہے کہ اس کا خاتمہ ایمان پر نہ ہو۔نعوذ باللہ

## ضرب المثل میں ''نماز بخشوانے گئے روزے گلے پڑے'' کہنا

س ...... بعض افراد دوران گفتگو ضرب المثل کے طور پر ایسی مثال دیتے ہیں جو کہ ایک مسلمان کو نہیں کہنی چاہئے۔ مثلاً گئے تھے نماز بخشوانے روزے گلے پڑ گئے وغیرہ وغیرہ۔ برائے مہربانی ان کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار فرما دیں تاکہ لوگ اس گفتگو سے توبہ کریں۔

ج ...... گو محاورہ میں نماز روزے کی توہین مقصود نہیں ہوتی مگر پھر بھی ایسی مثال نہیں دینی چاہئے۔

## مزار پر پیسے دینا شرعاً کیسا ہے؟

س ...... میں جس روٹ پر گاڑی چلاتا ہوں اس راستے میں ایک مزار آتا ہے لوگ مجھے پیسے دیتے ہیں کہ مزار پر دے دو۔ مزار پر پیسے دینا کیسا ہے؟

ج ...... مزار پر جو پیسے دیئے جاتے ہیں اگر مقصود وہاں کے فقرا و مساکین پر صدقہ کرنا ہو تو جائز ہے اور اگر مزار کا نذرانہ مقصود ہوتا ہے تو یہ ناجائز اور حرام ہے یہ تو میں نے اصول اور ضابطہ کی بات لکھی ہے، لیکن آج کل لوگوں کے حالات کا مشاہدہ یہ بتاتا ہے کہ عوام کا مقصد دوسرا ہے۔ اس لئے اس کو ممنوع کہا جائے گا۔

## خواب کی بنا پر کسی کی زمین میں مزار بنانا

س ...... مولانا صاحب ہمارے قصبہ سے کوئی ایک میل دور ایک کھیت میں ایک پیر صاحب دریافت ہوئے ہیں۔ وہ ایسے کہ ایک عورت نے خواب میں دیکھا کہ پیر صاحب کہتے ہیں کہ فلانی جگہ پر میرا مزار بناؤ۔ لوگوں نے مزار بنا دیا آج ہم

اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں کہ اس مزار پر روزانہ تقریباً ۲۰۰ سے زائد آدمی دعا مانگنے آتے ہیں جس مالک کی یہ زمین ہے وہ بہت تنگ ہے اور کہتا ہے کہ میری زمین سے یہ جعلی مزار ہٹاؤ لیکن وہ نہیں ہٹاتے۔ آپ بتائیں کہ اس کا کیا حل ہے۔

ج ...... ایک عورت کے کہنے کی بنا پر مزار بنا لینا بدعقلی ہے، کہ بیٹھے بٹھائے شرک وبدعت کا اڈا بنا دیا جائے۔ زمین کے مالک کو چاہئے کہ وہ اس کو ہموار کر دے اور لوگوں کو وہاں آنے سے روک دے۔

## دست شناسی اور علم الاعداد کا سیکھنا

س ...... میرا سوال یہ ہے کہ علم پامسٹری، علم کیرل، علم جفر، دست شناسی، قیافہ شناسی وغیرہ اور پیش گوئی سے بہت سے لوگ مستقبل کے بارے میں ذاتی یا قومی باتیں بتاتے ہیں، مثلاً دست شناسی میں ہاتھ دیکھ کر مستقبل اور اچھائی برائی کے بارے میں بتاتے ہیں۔ اسی طرح علم اعداد کے تحت لوگوں کا مستقبل بتایا جاتا ہے، میرے ذہن میں یہ سوال ہے کہ آیا یہ سب علوم درست ہیں، کیا ان پر یقین کرنا صحیح فعل ہے؟ یاد رہے کہ بعض اوقات ان لوگوں کی کہی ہوئی بات سو فیصدی صحیح ہوتی ہے اور اکثر لوگ ان کی باتوں پر یقین کر لیتے ہیں، اور بعض مایوسی کا شکار ہو کر غلط اقدامات کر بیٹھتے ہیں، مجھے امید ہے آپ میرے اس سوال کا ضرور جواب دیں گے۔

ج ...... ان علوم کے بارے میں چند باتوں کو سمجھ لینا ضروری ہے۔

اول: مستقبل بینی کے جتنے طریقے ہیں، سوائے انبیا علیہم السلام کی وحی کے، ان میں سے کوئی بھی قطعی ویقینی نہیں، بلکہ وہ اکثر حساب اور تجربہ پر مبنی ہیں، اور تجربہ وحساب کبھی صحیح ہوتا ہے، کبھی غلط۔ اس لئے ان علوم کے ذریعہ کسی چیز کی قطعی

پیش گوئی ممکن نہیں کہ وہ لازماً صحیح نکلے' بلکہ وہ صحیح بھی ہو سکتی ہے اور غلط بھی۔

دوم: کسی غیر یقینی چیز کو یقینی اور قطعاً سمجھ لینا عقیدہ اور عمل میں فساد کا موجب ہے۔ اس لئے ان علوم کے نتائج پر سو فیصد یقین کر لینا ممنوع ہے کہ اکثر عوام ان کو یقینی سمجھ لیتے ہیں۔

سوم: مستقبل کے بارے میں پیشگوئیاں دو قسم کی ہیں' بعض تو ایسی ہیں کہ آدمی ان کا تدارک کر سکتا ہے' اور بعض ایسی ہیں کہ ان کا تدارک ممکن نہیں۔ ان علوم کے ذریعہ اکثر پیشگوئیاں اسی قسم کی کی جاتی ہیں جن سے سوائے تشویش کے اور کوئی نفع نہیں ہوتا۔ جیسا کہ سوال میں بھی اس طرح اشارہ کیا گیا ہے اس لئے ان علوم کو علوم غیر محمودہ میں شمار کیا گیا ہے۔

چہارم: ان علوم کی خاصیت یہ ہے کہ جن لوگوں کا ان سے اشتغال بڑھ جاتا ہے خواہ تعلیم و تعلم کے اعتبار سے' یا استفادہ کے اعتبار سے۔ ان کو اللہ تعالیٰ سے صحیح تعلق نہیں رہتا۔ یہی وجہ ہے کہ انبیا کرام علیہم السلام اور خصوصاً ہمارے آنحضرت ﷺ نے امت کو اُن علوم میں مشغول نہیں ہونے دیا۔ بلکہ ان کے اشتغال کو ناپسند فرمایا ہے اور انبیا علیہم السلام کے سچے جانشین بھی ان علوم میں اشتغال کو پسند نہیں کرتے۔ پس ان علوم میں سے جو اپنی ذات کے اعتبار سے مباح ہوں' وہ ان عوارض کی وجہ سے لائق احتراز ہوں گے۔

## بیت الخلا میں اخبار پڑھنا

س ...... بیت الخلا میں اسلامی کتاب کے علاوہ کوئی کتاب یا اخبار پڑھنا یا اور باتیں کرنا کیسا ہے؟

ج ...... بیت الخلا پڑھنے یا باتیں کرنے کی جگہ تھوڑی ہے' اس جگہ اخبار یا کتاب پڑھنا گناہ ہے۔

## محبت اور پسند کو برا سمجھنا

س ...... ہمارے گھروں میں محبت یا پسند کو اتنا برا کیوں سمجھا جاتا ہے؟ اگر کوئی لڑکا یا لڑکی اپنا شریک حیات وقت سے کچھ پہلے منتخب کرلے تو اس میں حرج ہی کیا ہے؟

ج ...... محبت تو بری نہیں لیکن اس کا بے قید ہونا برا ہے' اور یہ بے قیدی آدمی کی صحت و عمر اور دین و دنیا دونوں کو غارت کر دیتی ہے۔

## نامحرم عورتوں سے آشنائی اور محبت کو عبادت سمجھنا کفر کی بات ہے

س ...... محمد بن قاسم نے تو سترہ سال کی عمر میں سندھ کو فتح کیا تھا جبکہ آج کل کے اسکولوں اور کالجوں میں پڑھنے والے اکثر طالب علم غیر محرم لڑکیوں کا پیچھا کرتے نظر آتے ہیں' بس اسٹاپوں پر کھڑے ہو کر غیر محرم لڑکیوں پر آوازیں کسنا' بس میں بیٹھ کر گھر تک ان کا پیچھا کرنا اور ان سے خط و کتابت کرنا نوجوان نسل کا پسندیدہ مشغلہ ہے۔ کالج کے لڑکوں سے ایک مرتبہ میری بحث ہوئی' وہ یہ دلیل پیش کرتے ہیں کہ ہم لڑکیوں کے ساتھ جو کچھ کرتے ہیں' وہ پیار اور محبت میں کرتے ہیں اور پیار کرنا کوئی گناہ نہیں بلکہ عبادت ہے۔ میں نے ان سے پوچھا کہ تمہیں یہ کس نے بتایا کہ پیار کرنا عبادت ہے؟ تو ان لوگوں نے جواب دیا کہ ہمارے ریڈیو' ٹی وی اور سینما دن رات ہمیں یہی سبق سکھاتے ہیں کہ پیار ہی سے زندگی ہے اور پیار کرنا بھی ایک عبادت ہے۔ میں نے ان سے کہا کہ یقیناً انسانوں اور مخلوق خدا سے پیار کرنا عبادت ہے' لیکن اس عبادت کا طریقہ یہ ہے کہ کسی بھوکے کو کھانا کھلایا جائے' کسی یتیم' بیوہ یا غریب کی مدد کی جائے' کسی مصیبت زدہ سے اظہار غمخواری کرکے اسکا دکھ بانٹا جائے' ضرورت کے

وقت کسی مجبور اور مظلوم انسان کی مدد کی جائے' اور شادی کے بعد اپنی بیوی سے محبت کی جائے' یہ سب باتیں پیار کا اصل مفہوم ہیں' اور عبادت کے زمرے میں آتی ہیں' لیکن وہ لوگ اپنی اس ضد پر قائم ہیں کہ غیر محرم لڑکیوں سے راہ و رسم بڑھانا بھی اس پیار میں شامل ہے جو عبادت کا درجہ رکھتا ہے۔
ازراہ کرم آپ شریعت کی روشنی میں اس مسئلے کا جواب مرحمت فرمائیں۔

ج ...... غیر محرم سے تعلق و آشنائی حرام ہے' اسے پاک محبت سمجھنا جہالت ہے' اور حرام کو حلال بلکہ عبادت سمجھنا کفر کی بات ہے۔

## بینک کے تعاون سے ریڈیو پر دینی پروگرام پیش کرنا

س ...... ریڈیو سے ایک پروگرام روشنی کے عنوان سے نشر ہوتا ہے جو زیادہ تر ........ کی آواز میں ہوتا ہے لیکن اس پروگرام کے بعد بتایا جاتا ہے کہ یہ پروگرام آپ کی خدمت میں فلاں بینک کے تعاون سے پیش کیا گیا۔ آپ قرآن وحدیث کی روشنی میں یہ بتائیں کہ کیا سود کا کاروبار کرنے والے ادارے کے ذریعے ایسے پروگرام وغیرہ نشر کرنا ٹھیک ہیں کیونکہ سود حرام ہے؟

ج ...... حرام کا مال کسی نیک کام میں خرچ کرنا درست نہیں' بلکہ دوہرا گناہ ہے' یہ پروگرام روشنی نہیں' بلکہ ظلمت ہے' یہی وجہ ہے کہ اس سے ایک شخص کی بھی اصلاح نہیں ہوتی۔

## کنواری عورت کا اپنے آپ کو کسی کی بیوی ظاہر کر کے ووٹ ڈالنا

س ...... ہمارے معاشرے میں جس طرح کئی دوسری اخلاقی بیماریاں پھیل رہی ہیں اس سے زیادہ جعلی ووٹ ڈالنے کی بیماری سرطان کی طرح پھیل رہی ہے۔ خصوصاً خواتین میں تو یہ بیماری عام ہے۔ ایک عورت خواہ مخواہ دوسرے مرد کی زوجہ اپنے آپ کو ظاہر کر کے ووٹ ڈالتی ہے۔ اب تصفیہ طلب دو امور ہیں:

اولاً شرعی نقطہ نظر سے اس کی حیثیت کیا ہے؟ آیا ایسا کرنا جائز ہے اگر کسی اسلام پسند فرد کے لئے کیا جائے؟ ثانیاً اگر کوئی کنواری لڑکی پولنگ عملہ کے سامنے کسی شخص کی زوجہ اپنے آپ کو ظاہر کرتی ہے اور وہ فرد اگر قاضی کی عدالت میں دعویٰ دائر کرے کہ فلاں میری زوجہ ہے اور پولنگ عملہ گواہی بھی دے دیتا ہے تو کیا وہ لڑکی جس نے جعلی ووٹ ڈالنے کے لئے اپنے آپ کو شادی شدہ ظاہر کیا تھا اس مذکورہ شخص کی بیوی ہو جائے گی؟ شریعت اس بات میں کیا فرماتی ہے؟

نوٹ: یاد رہے کہ ووٹ ڈالتے وقت اپنا اصلی نام نہیں بتاتی بلکہ انتخابی فہرست والا نام بتاتی ہے؟

ج ...... ووٹ کی حیثیت، جیسا کہ حضرت اقدس مفتی محمد شفیع رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے، شہادت کی ہے اور جھوٹی گواہی کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ''اکبر کبائر'' میں شمار فرمایا۔ یعنی سات بڑے گناہ، جو تمام گناہوں میں بدترین اور آدمی کے دین و دنیا دونوں کو برباد کرنے والے ہیں اس سے معلوم ہوا ہو گا کہ ووٹ میں جعل سازی کتنا بڑا گناہ ہے؟ اور جو شخص اتنے بڑے گناہ کو حلال سمجھے وہ نہ اسلام پسند ہے اور نہ شرافت پسند۔

۲۔ جو عورت جعل سازی سے اپنے آپ کو کسی کی بیوی ظاہر کرے اس اظہار سے اس کا نکاح اس مرد سے منعقد نہیں ہوتا، اور جب نکاح ہوا ہی نہیں تو عدالت میں اس کو ثابت بھی نہیں کیا جا سکتا، البتہ یہ شخص اگر چاہے تو ایسی عورت کو جعل سازی کی سزا عدالت سے دلوا سکتا ہے۔

## مجبوراً قبلہ رخ پیشاب کرنا

س ...... اگر ایسی صورت پیش آجائے کہ ایک طرف قبلہ ہو دوسری طرف بیت

المقدس اور تیسری طرف افراد ہوں تو کس طرف رخ کر کے قضائے حاجت کی جائے؟

ج ...... پیشاب پاخانہ کرتے وقت قبلہ کی طرف منہ کرنا یا پشت کرنا مکروہ ہے اور آدمیوں کی طرف (خواہ مرد ہوں یا عورتیں) منہ کرنا حرام ہے' باقی ہر طرف جائز ہے' مرد اور عورت سب کے لئے ایک ہی حکم ہے۔

## کیا کھڑے ہو کر پیشاب کرنا سنت ہے؟

س ...... ایک مولانا صاحب فرما رہے تھے کہ کھڑے ہو کر پیشاب کرنا ایک لحاظ سے سنت رسول ہے کیونکہ حضور ﷺ بھی بعض دفعہ کھڑے ہو کر پیشاب کیا کرتے تھے کیا یہ درست ہے؟

ج ...... بالکل غلط ہے جو کام آنحضرت ﷺ نے کسی عذر کی بنا پر کیا ہو وہ عام سنت نہیں ہوتی۔

## مجبوراً کھڑے ہو کر پیشاب کرنا

س ...... پاکستان کے تقریباً ہر بڑے شہر میں ۹۵ فیصد ہوٹلوں' ریلوے اسٹیشنوں' اسپتالوں' تفریح گاہوں' سرکاری اور نجی دفاتر کے باتھ روم یعنی پیشاب گھروں میں کھڑے کھڑے پیشاب کرنے کا انتظام ہوتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا کھڑے کھڑے پیشاب کرنا طبی اور مذہبی لحاظ سے درست ہے؟

ج ...... ایک گنوار کا لڑکا انگریزی پڑھتا تھا' کسی نے گنوار سے پوچھا کہ لڑکا کتنا پڑھ گیا ہے؟ کہنے لگا کھڑے ہو کر پیشاب تو کرنے لگا ہے' جدید تہذیب نے انسانی معاشرہ کو حیوانیت میں تبدیل کر دیا ہے۔ یہ حیوانوں کی طرح کھڑے ہو کر کھاتے پیتے ہیں اور کھڑے ہو کر بول و براز کرتے ہیں' استنجا اور صفائی کی ان کو

ضرورت ہی نہیں۔ اس حیوانی معاشرہ میں انسانوں کو مشکلات کا پیش آنا قدرتی بات ہے۔

## درخت کے نیچے پیشاب کرنا

س ...... کسی درخت، پودے وغیرہ کے نیچے پیشاب کرنا صحیح ہے یا نہیں؟

ج ...... جو درخت سایہ دار ہو جس کے نیچے لوگ آرام کرتے ہوں اس کے نیچے پیشاب کرنا ممنوع ہے، اسی طرح ہر ایسی جگہ پیشاب و پاخانہ کی ممانعت ہے جس سے لوگوں کو تکلیف ہو۔

## دوائی میں شراب ملانا

س ...... کیا دوائی میں شراب ملانا جائز ہے؟

ج ...... دوائی میں شراب ملانا جائز نہیں، البتہ اگر بیماری ایسی ہو کہ اطبا کے نزدیک اس کا علاج شراب کے بغیر ہو ہی نہیں سکتا تو جس طرح جان بچانے کے لئے مردار کھانے کی اجازت ہے اسی طرح اس کی بھی ہوگی۔

## آیۃ الکرسی پڑھ کر تالی بجانا حرام ہے

س ...... میرے گھر میں سونے سے پہلے روزانہ آیۃ الکرسی پڑھ کر زور سے تالی بجائی جاتی ہے عقیدہ یہ ہے کہ تالی کی آواز جتنی دور جائے گی گھر ہر بلا اور چور سے اتنا ہی محفوظ رہے گا آیۃ الکرسی تو اللہ تعالیٰ کا کلام ہے اس کے بابرکت ہونے میں کچھ شک نہیں ہو سکتا لیکن تالی کے ساتھ اس کا کیا تعلق ہے؟

ج ...... اس طرح تالی بجانا حرام ہے۔ اور یہ عقیدہ کہ تالی بجانے سے بلائیں دور ہوتی اور چور بھاگ جاتے ہیں جاہلانہ توہم پرستی ہے۔ آیۃ الکرسی پڑھنا صحیح ہے اور حفاظت کا ذریعہ ہے۔

## احادیث یا اسلامی لٹریچر مفت تقسیم کرنے پر اجروثواب

س ...... اگر کوئی شخص اسلامی مسائل احادیث یا احکامات رضائے الٰہی اور عوام الناس کے فہم کے لئے چھپوا کر مفت تقسیم کرے تو آیا اسے اس کا اجر ملے گا یا نہیں۔ جب کہ مشتہر کرنے والے شخص کا ارادہ یہ ہو کہ یہ عمل میرے لئے ثواب کا ذریعہ بنے' یا ان احکامات میں سے کوئی شخص ان پر عمل کرے اور وہ میرے لئے باعث مغفرت ہو جائے۔

ج ...... اس نیک عمل کے موجب اجروثواب ہونے میں کیا شک ہے؟ بشرطیکہ مقصود محض رضائے الٰہی ہو' اور مسائل مستند اور صحیح ہوں۔

## وڈیو سینٹر پر قرآن خوانی کرنا دین سے مذاق ہے

س ...... ویڈیو سینٹر کے افتتاح کے موقع پر قرآن خوانی کرنے اور کرانے والوں کے بارے میں کیا حکم ہے؟

ج ...... یہ لوگ گناہ گار تو ہیں ہی۔ مجھے تو اس میں یہ بھی شبہ ہے کہ وہ اس فعل کے بعد مسلمان بھی رہے یا نہیں۔

## مسجد میں قالین یا اور کوئی قیمتی چیز استعمال کرنا

س ...... مسجد میں قالین یا دوسری قیمتی اشیا استعمال کرنا جائز ہے یا نہیں؟

ج ...... جائز ہے۔

## کہانی کی کتابیں' رسالے' ڈائجسٹ پڑھنا شرعاً کیسا ہے؟

س ...... کہانی کی کتابیں' رسالے' ڈائجسٹ اور دوسری فحش کتابیں پڑھنی

چاہئیں کہ نہیں۔اگر پڑھے تو گناہ ہے یا نہیں؟

ج ...... اخلاقی' اصلاحی اور سبق آموز کہانیاں پڑھنا جائز ہے'فحش اور گندی کہانیاں جن سے اخلاق تباہ ہوں'پڑھنا حرام ہے۔

## حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مشکل کشا کہنا

س ...... حضرت عرض ہے کہ حاجی امداد اللہ مہاجر مدنی رحمۃ اللہ علیہ کے شجرات اور حضرت نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ کے قصائد میں ایک دو مقام ایسے ہیں جن کو بریلوی حضرات سامنے رکھ کر ہمارے نوجوانوں کے ذہن خراب کرتے ہیں ہمیں ان اشعار کا مطلب اور حکم مطلوب ہے۔امید ہے دست شفقت دراز فرمائیں گے۔ان اشعار کی فوٹو کاپی ارسال خدمت ہے۔

ج ...... (۱)اصطلاحات کے فرق سے مفہوم میں فرق ہو جاتا ہے "مشکل کشا" فارسی کا لفظ ہے۔اور اس کے معنی ہیں "مشکل مسائل کو حل کرنے والا" اور یہ لقب حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دیا تھا'عربی میں اس کا ترجمہ "حل العویصات" ہے'اردو میں آج کل "مشکل کشا" کے معنی سمجھے جاتے ہیں "لوگوں کے مشکل کام کرنے والا" حاجی صاحب ؒ کے شعر میں وہ معنی مراد ہیں۔یہ معنی مراد نہیں۔

۲۔حضرت نانوتوی ؒ کے قصیدہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی روحانیت سے استشفاع ہے۔"کرم احمدی ؐ" کو خطاب ہے' اور یہ استمداد دنیا کے کاموں کے لئے نہیں۔بلکہ آخرت میں نجات اور دنیا میں استقامت علی الدین کے لئے ہے۔ جس طرح عشاق اپنے محبوبوں کو خطاب کرتے ہیں'حالانکہ وہ جانتے ہیں کہ ان کی آواز ان کے محبوب کے کان تک نہیں پہنچتی'اور واقعۃً ان کو سنانا مقصود بھی نہیں ہوتا۔بلکہ اظہار عشق و محبت کا ایک پیرایہ ہے۔اسی طرح اکابر ؒ کے کلام میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جو خطاب کیا گیا ہے وہاں بھی اظہار عشق و محبت اور طلب

شفاعت مقصود ہے۔نہ کہ اس زندگی میں اپنے کاموں کے لئے مدد طلب کرنا۔
اہل سنت کا عقیدہ ہے کہ بندوں کے اعمال آنحضرت ﷺ کی خدمت پر پیش کئے جاتے ہیں' سو اگر کوئی آنحضرت ﷺ کو اسی خیال سے خطاب کرتا ہے کہ اس کا یہ معروضہ بارگاہ نبوی پر پیش ہو گا تو یہ ایسا ہی ہے جیسے کوئی شخص کسی کے نام خط لکھ رہا ہو' اور اس سے اپنے خط پر خطاب کر رہا ہو۔کیونکہ وہ جانتا ہے کہ مکتوب الیہ اس خط کو پڑھے گا۔

الغرض اگر عقیدہ فاسد نہ ہو تو آنحضرت ﷺ حاضر و ناظر ہیں تو ان خطابات کی صحیح توجیہ ممکن ہے' ہاں! عقیدہ فاسد ہو تو خطاب ممنوع ہو گا۔

(نوٹ) اس ناکارہ نے "اختلاف امت اور صراط مستقیم" میں بھی اس پر تھوڑا سا لکھا ہے اس کو بھی ملاحظہ فرمالیں۔

## تبلیغ والوں کا شب جمعہ کی پابندی کرنا کیسا ہے

س ...... سالوں سال تبلیغی جماعت والے شب جمعہ مناتے چلے آرہے ہیں۔اور کبھی بھی ناغہ کرتے ہوئے نہیں دیکھا گیا خدانخواستہ اسی عمل کی بناء پر تو اس حدیث کے زمرے میں نہیں آتا ہے کہ لا تختصو الیلة الجمعة الخ۔اور نیز اس پر دوام کیا بدعت تو نہ ہو گا۔

ج ...... تعلیم و تبلیغ کے لئے کسی دن یا رات مخصوص کر لینا بدعت نہیں۔نہ اس کا التزام بدعت ہے۔دینی مدارس میں اسباق کے اوقات مقرر ہیں۔جن کی پابندی التزام کیساتھ کی جاتی ہے' اس پر کبھی کسی کو بدعت کا شبہ نہیں ہوا۔

## وکیل کی کمائی شرعاً کیسی ہے

س ...... میں بارہویں کلاس کا طالب علم ہوں اور آرٹس کا طالب علم ہوں۔میں وکیل بننا چاہتا ہوں۔مگر میں نے کئی لوگوں سے سنا ہے کہ وکیل کی کمائی حرام

کی کمائی ہے۔میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا واقعی وکیل کی کمائی حرام کی کمائی ہوتی ہے؟ کیا اسے کسی طرح بھی حلال نہیں کہا جاسکتا؟

ج ...... وکیل اگر جھوٹ کو سچ اور سچ کو جھوٹ ثابت کرکے فیس لے تو ظاہر ہے کہ یہ حلال نہیں ہوگی، اور اگر کسی مقدمہ کی صحیح پیروی کرتا ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ اس کی کمائی کو حرام کہا جائے، اب یہ خود دیکھ لیجئے کہ وکیل حضرات مقدمات کی پیروی کرتے ہوئے کتنا جھوٹ ملاتے ہیں؟

## جعلی ڈگری لگاکر ڈاکٹری کی پریکٹس کرنا

س ...... اگر کوئی شخص ڈاکٹری کی ڈگری نہیں رکھتا اور ڈاکٹر کا بورڈ اور جعلی ڈگری لگاکر پریکٹس کرتا ہے تو کیا اس طرح سے حاصل آمدنی حرام ہے اور یہ کس درجہ کا گناہ گار ہے؟

ج ...... اگر ڈاکٹر کا فن نہیں رکھتا تو گناہ گار ہے، اس کی آمدنی ناجائز ہے، اور اگر کوئی شخص اس غلط دوائی سے مرگیا تو اس پر تاوان ہے۔

## ترک سگریٹ نوشی کے لئے جرمانہ مقرر کرنا

س ...... ایک آدمی یا دو آدمی آپس میں بیٹھ کر یہ عہد کرتے ہیں کہ ہم آئندہ سگریٹ نوشی نہیں کریں گے۔اگر آئندہ سگریٹ نوشی کے مرتکب ہوں گے تو مبلغ ۵۰۰ ریال بطور جرمانہ ادا کریں گے ان میں سے اگر کوئی فریق عہد شکنی کر دے تو اس کے لئے کیا حکم ہے۔ذرا وضاحت سے لکھ دیں تاکہ ہماری مشکل دور ہو۔

ج ...... یہ آپ نے نہیں لکھا کہ جرمانہ کس کو ادا کرنا تھا اگر یہ مطلب تھا کہ جو فریق عہد شکنی کرے گا تو دوسرے ساتھیوں کو جرمانہ دے گا تو یہ صحیح نہیں اور

اس پر کچھ لازم نہیں اور اگر یہ طے ہوا تھا کہ جو فریق عہد شکنی کرے گا وہ پانچ سو ریال راہ اللہ دے گا تو یہ نذر ہوئی اور اس کے ذمہ اس رقم کا فی سبیل اللہ دینا ضروری ہے۔

## اپنے مکان کا چھجہ گلی میں بنانا

س ...... ہمارا محلّہ مسرت کالونی (ملیرسٹی) جو کافی گنجان ہے یہاں ایک گلی ہے جس کی لمبائی ۱۰۰فٹ ہے اور چوڑائی ۶فٹ ہے، اس گلی کے دونوں بازو میں دو مکان ہیں اس میں سے ایک مکان کے مالک ڈاکٹر صاحب ہیں جو ضعیف العمر ہیں۔ انہوں نے چند ماہ قبل گلی کی طرف اپنے مکان کی تعمیر شروع کی۔ جب مکان کی تعمیر کا کام، چھت پر آیا تو وہ گلی میں اپنے نئے مکان کی چھت کے ساتھ ۳فٹ کا تعمیر کروانے لگے اہل محلّہ نے مشترکہ طور پر اس کی مخالفت کی۔ اہل محلّہ کا جواز یہ ہے کہ اس گلی سے بجلی کی لائن آتی ہے جس کے لئے دونوں اطراف کھبے لگے ہوئے ہیں ٹیلی فون کی لائن بھی اس گلی سے گذر رہی ہے نیز گلی اندھیری ہو جائے گی۔ واضح ہو کہ گلی کے دوسرے بازو کے مالک مکان نے کوئی چھجہ تعمیر نہیں کیا ہے اور نہ ارادہ ہے اہل محلّہ نے آپس میں مل بیٹھ کر مشترکہ فیصلہ کیا جس میں ڈاکٹر صاحب بھی شریک تھے کہ گلی میں کوئی چھجہ تعمیر نہیں ہوگا اور مکان کو بغیر چھجہ کے تعمیر کرنے کا فیصلہ دیدیا۔ خیر ڈاکٹر صاحب کا مکان بھی تعمیر ہو گیا اب جب محکمہ بجلی نے بجلی کی لائن نصب کرنے کے لئے گلی میں کام شروع کیا تو ڈاکٹر صاحب نے کام بند کرا دیا اور بجلی والوں کو واپس کرا دیا کہ یہ لائن گلی سے نہیں جائے گی گلی میں وہ چھجہ تعمیر کریں گے۔ ڈاکٹر صاحب کے اس عمل سے محلّہ کے ۲۰مکانات بجلی کی بہتر سہولت سے محروم رہ گئے اور اسٹریٹ لائٹ جو ان پولوں پر لگنی تھی وہ بھی رک گئی واضح ہو کہ ڈاکٹر صاحب اپنی زمین کی ایک ایک انچ جگہ تعمیر کرا چکے ہیں اور گلی جو کہ سرکاری ہے۔ اس

کو ہر طرح سے استعمال کر رہے ہیں یعنی گلی میں گٹرلائن ڈالے ہوئے ہیں اور اپنے مکان میں داخل ہونے کے لئے چبوترہ (ایک اسٹیپ) (One Step) بھی گلی میں بنایا ہوا ہے یہ بھی راہ داری میں رکاوٹ پیدا کرتی ہے۔ مگر اہل محلّہ کو اس پر اعتراض نہیں ہے۔ اہل محلّہ ڈاکٹر صاحب کے اس عمل پر خاصے ناراض ہیں اور ان کے متعلق طرح طرح کی باتیں شروع ہوگئی ہیں۔ لہٰذا مندرجہ بالا حقائق کی روشنی میں کیا ڈاکٹر صاحب کا عمل شرعاً جائز ہے؟ کیا یہ حقوق العباد کی نفی نہیں ہے۔ نیز یہ بھی مشورہ دیں کہ یہ مسئلہ ان سے کس طرح حل کرایا جائے۔

ج ...... چونکہ ڈاکٹر صاحب کے اس عمل سے گلی والوں کے حقوق متاثر ہوتے ہیں اس لئے ان کی اجازت ورضامندی کے بغیر ڈاکٹر صاحب کا چھجہ بنانا جائز نہیں۔

## کمپنی سے سفرخرچ وصول کرنا

س ...... زید جس کمپنی میں ملازم ہے اس کمپنی کی طرف سے دوسرے شہروں میں مال کی فروخت اور رقم کی وصولی کے لئے جانا پڑتا ہے جس کا پورا خرچہ کمپنی کے ذمہ ہوتا ہے بعض شہروں میں زید کے ذاتی دوست ہیں جن کے پاس ٹھہرنے کی وجہ سے خرچہ نہیں ہوتا۔ کیا زید دوسرے شہروں کے تناسب سے ان شہروں کا خرچہ بھی اپنی کمپنی سے وصول کرسکتا ہے یا نہیں؟

ج ...... اگر کمپنی کی طرف سے یہ طے شدہ ہے کہ ملازم کو اتنا سفرخرچ دیا جائے خواہ وہ کم خرچ کرے یا زیادہ' اور کرے یا نہ کرے' اس صورت میں تو زید اپنے دوست کے پاس ٹھہرنے کے باوجود کمپنی سے سفرخرچ وصول کرسکتا ہے اور اگر کمپنی کی طرف سے طے شدہ نہیں بلکہ جس قدر خرچ ہو ملازم اس کی تفصیلات جزئیات لکھ کر کمپنی کو دیتا ہے اور کمپنی سے بس اتنی ہی رقم وصول کرلیتا ہے جتنی

اس نے دوران سفر خرچ کی تھی تو اس صورت میں کمپنی سے اتنا ہی سفر خرچ وصول کر سکتا ہے جتنا کہ اس کا خرچ ہوا۔

## رفاہی کام کے لئے اللہ واسطہ کے نام سے دینا

س ...... ہم نے مسافروں کی سہولت کے لئے جنرل بس اسٹینڈ بھکر میں جنرل پوسٹ آفس بھکر میں درخواست دی کہ مسافروں کو یا وہاں کے مقامی لوگوں کو خط ڈاک میں ڈالنے کی بہت تکلیف ہوتی ہے اور شہر جنرل بس اسٹینڈ سے تقریباً تین میل دور ہے لہذا مہربانی کر کے یہاں پر لیٹر بکس بڑا لگایا جائے ڈاک خانے والوں نے درخواست اس شرط پر منظور کی ہے کہ لیٹر بکس کا جو خرچہ آتا ہے وہ اڈے والے خود کریں اور ہم لیٹر بکس دے دیں گے۔ خرچے کی وضاحت میں آپ کو کر دیتا ہوں یعنی لیٹر بکس کو نصب کرنے پر بجری سیمنٹ اور اینٹوں کا خرچہ' مستری مزدوری کا خرچ ہم نے لیٹر بکس کو نصب کرنے کے لئے چندہ کیا ہے جو تقریباً ۱۲۲ روپے ہے کیونکہ یہ ایک رفاہی کام ہے اور خدمت خلق ہے ہم نے ایک آدمی سے چندہ مانگا اس نے کہا کہ میں اللہ واسطہ یا صدقہ کر کے دیتا ہوں اس نے پانچ روپے دیئے ہیں کیا اس رفاہی کام میں اس کا اللہ واسطہ کا دیا ہوا روپیہ کار ثواب ہے؟ کیا یہ اس کا اللہ واسطہ یا صدقہ ہو سکتا ہے؟

ج ...... رفاہی کام بھی اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے کیا جا سکتا ہے اس لئے اس شخص کا اس کام کے لئے اللہ واسطہ کے نام سے دینا صحیح ہے۔

## سگریٹ نوشی شرعاً کیسی ہے؟

س ...... سگریٹ پینا کیسا ہے؟ اگر مکروہ ہے تو کونسا مکروہ؟ میں نے ایک رسالے میں پڑھا تھا کہ امام حرم نے (مجھے نام یاد نہیں رہا) یہ فتویٰ دیا ہے کہ سگریٹ پینا حرام ہے' دلیل یہ دی ہے کہ ایک تو ہر نشہ حرام ہے دوسرے سگریٹ سے

قدرتی نشوونما رک جاتی ہے آج تک کسی سرجن یا ڈاکٹر نے سگریٹ کے فائدے نہیں بتائے سوائے مضرات کے ۔۔۔۔ یہاں تک کہا گیا ہے کہ سگریٹ خودکشی کا ایک مہذب طریقہ ہے۔

تیسری دلیل یہ ہے کہ کسی چیز کو بے کار جلانا حرام ہے اور سگریٹ کا جلانا بھی بے کار ہے کیونکہ اس کے جلانے میں کوئی فائدہ نہیں۔

چوتھی دلیل یہ ہے کہ ازروئے حدیث ایذائے مسلم حرام ہے اور سگریٹ سے دوسروں کو تکلیف ہوتی ہے راقم الحروف نے بچشم خود یہ بھی دیکھا ہے کہ بہت سے لوگ سگریٹ پیتے ہی مسجد میں داخل ہوتے ہیں اور لیلتہ القدر میں یہ بھی دیکھا ہے کہ مسجد سے نکلتے ہی مسجد کے دروازے کے پاس سگریٹ پیتے ہیں اور پھر فوراً مسجد میں داخل ہو جاتے ہیں اور نماز پڑھتے ہیں آپ ذرا ایسے مسلمانوں کو احکام شرعیہ سے آگاہ کریں اور یہ بتائیں کہ سگریٹ حرام ہے کہ نہیں؟

ج ...... آپ کے دلائل خاصے مضبوط ہیں۔امید ہے کہ دیگر اہل علم اس پر مزید روشنی ڈالیں گے۔بندہ کے نزدیک عام حالات میں سگریٹ مکروہ تحریمی ہے۔

## چونگی ناکہ کم دینے کے لئے خریداری بل کم بنوانا

س ...... ہم باہر سے جو سامان لاتے ہیں اس پر چنگی ناکہ ادا کرنا پڑتا ہے اور چنگی والے خریداری بل دیکھ کر چارفی صد وصول کرتے ہیں ہم سیٹھوں سے جعلی بل بنوالیتے ہیں جس سے ناکہ کم ادا کرنا پڑتا ہے۔کیا ایسا کرنا یعنی جعلی بل بنواکر ناکہ چنگی کم ادا کرنا جائز ہے یا ناجائز؟ جب کہ سرکاری ناکہ کم ہوتا ہے لیکن ٹھیکیدار بولی بڑھا بڑھا کر تقریباً دوگنا زیادہ کر لیتے ہیں اگر یہ ٹھیکیدار بولی بڑھا کر ٹھیکہ زیادہ نہ کریں تو سرکاری شرح کم ہوگی۔

ج ...... جعل سازی کو جائز تو نہیں کہا جا سکتا۔مگر چنگی وصول کرنا خود بھی ظلم ہے' اور ظلم سے بچنے کے لئے اس میں کچھ تخفیف ہو جائے تو ہو جائے۔

## یہود و نصاریٰ سے ہمدردی فاسقانہ عمل ہے

س ...... مردان کے ایک صاحب کے سوال ''سونا مرد کیلئے حرام ہے تو سونے کی انگوٹھی پہن کر نماز جائز ہوگی یا نہیں'' کے جواب میں آپ نے فرمایا کہ :

''نماز اللہ کی بارگاہ میں حاضری ہے جو شخص عین حاضری کی حالت میں بھی فعل حرام کا مرتکب ہو اور حق تعالیٰ شانہ کے احکام کو توڑنے پر مصر ہو خود ہی سوچ لیجئے کہ کیا اس کو قرب ورضا کی دولت میسر آئے گی''۔

متذکرہ بالا جواب کے تناظر میں حسب ذیل چند سوالات پیدا ہوتے ہیں جن کی وضاحت ضروری ہے (۱) سورۂ فاتحہ (ام القرآن) ہر نماز کی ہر رکعت میں پڑھی جاتی ہے، جس میں اللہ جل شانہ کے حکم کے مطابق مغضوبین وضالین کے خلاف اللہ سے پناہ مانگی جاتی ہے (اے اللہ مجھ کو مغضوبین وضالین کی راہ پر چلنے سے بچا) اور مغضوبین وضالین کے متعلق علماء حق نے غالباً ترمذی شریف کی احادیث سے یہود و نصاریٰ مراد لئے ہیں پھر بھی کوئی مسلمان یہود و نصاریٰ کو قابل اعتماد دوست اور ہمدرد بناتا ہے تو ایسے مسلمان کیلئے آپ کی کیا رائے ہے ایسا شخص اللہ تعالیٰ کی رحمتوں اور مدد کا مستحق ہو سکتا ہے؟ کیا ایسے شخص کی نماز ودیگر عبادات منافقانہ نہیں ہوں گی؟ اس سلسلہ میں سورہ مائدہ کی آیات نمبر ۱۶۲ تا ۱۶۵ کے حوالہ کے ساتھ آپ کے جواب کا انتظار رہے گا یہ بھی حقیقت واضح ہے کہ رسول اللہ ﷺ وخلفائے راشدین رضی اللہ عنہم کو ہمیشہ یہود و نصاریٰ سے من حیث القوم تکلیف ہی پہنچی اور متواتر ان کے خلاف جہاد کیا۔

ج ...... منافقانہ عمل کہنا تو صحیح نہیں البتہ گناہ میں مبتلا ہونے کی وجہ سے ان کا عمل فاسقانہ ہے اللہ تعالیٰ ہم سب کو ہر گناہ سے محفوظ رکھیں۔

## عزت کے بچاؤ کی خاطر قتل کرنا

س ...... کسی مسلمان یا غیر مسلم نے کسی مسلمان لڑکی کی عزت پر حملہ کیا تو کیا مسلمان لڑکی کے لئے یہ جائز ہے کہ وہ اپنی عزت بچانے کے لئے حملہ آور کو قتل کر دے؟

ج ...... بلاشبہ جائز ہے۔

## عصمت پر حملہ کے خطرہ سے کس طرح بچے

س ...... کسی مسلمان کی بیوی' بیٹی' بہن یا ماں کی عصمت کو خطرہ لاحق ہے' بچاؤ کی کوئی صورت نہیں تو کیا مسلمان مرد کو یہ جائز ہے کہ وہ عزت پر حملہ ہونے سے پہلے چاروں میں سے کسی کو قتل کر دے؟

ج ...... ان چاروں کو قتل کرنے کے بجائے حملہ آور کو قتل کر دے یا خود شہید ہو جائے۔

## عصمت کے خطرہ کے پیش نظر لڑکی کا خودکشی کرنا

س ...... اسلام نے خودکشی کو حرام قرار دیا ہے اور خودکشی کرنے والے کو جہنم کا سزا وار کہا ہے' زندگی میں بعض مرتبہ ایسے سنگین حالات پیش آتے ہیں کہ لڑکیاں اپنی زندگی کو قربان کرکے موت کو گلے لگانا پسند کرتی ہیں۔ دوسرے الفاظ میں وہ خودکشی کرلیتی ہیں۔ مثلاً اگر کسی لڑکی کی عصمت کو خطرہ لاحق ہو اور بچاؤ کا کوئی بھی راستہ نہ ہو تو وہ اپنی عصمت کی خاطر خودکشی کرلیتی ہے۔ اس کا عظیم مظاہرہ تقسیم ہند کے وقت دیکھنے میں آیا جب بے شمار مسلمان خواتین نے ہندوؤں اور سکھوں سے اپنی عزت محفوظ رکھنے کی خاطر خودکشی کرلی' باپ اپنی بیٹیوں کو اور بھائی اپنی بہنوں کو تاکید کرتے تھے کہ وہ کنوئیں میں کود کر مرجائیں

لیکن ہندوؤں اور سکھوں کے ہاتھ نہ لگیں۔

آپ قرآن وحدیث کی روشنی میں براہ کرم یہ بتائیں کہ مندرجہ بالا حالات میں لڑکیوں اور خواتین کا خودکشی کرنا جائز ہے یا نہیں؟

ج ...... قانون تو وہی ہے جو آپ نے ذکر کیا باقی جن لڑکیوں کا آپ نے ذکر کیا ہے توقع ہے کہ ان کے ساتھ رحمت کا معاملہ ہوگا۔

## کیا کوڑے مارنے کی سزا خلاف شریعت ہے

س ...... کیا اسلام میں کوڑے مارنے کی سزا خلاف شریعت ہے؟' اور اگر واقعی اسلام میں کوڑوں کی سزا کی کوئی گنجائش نہیں تو پھر ایک جلیل القدر صحابی نے یہ سزا اپنے بیٹے کو کیوں دی؟

ج ...... اسلام میں بعض جرائم پر کوڑوں کی سزا تو رکھی گئی ہے۔ لیکن اس سے یہ فوجی یا جلادی کوڑے مراد نہیں۔ جن کا آج کل رواج ہے۔ وہ کوڑے اتنے ہلکے پھلکے ہوتے تھے کہ سو کوڑے کھا کر بھی آدمی نہ صرف زندہ بلکہ تندرست رہ سکتا تھا اور وہ کوڑے ٹکٹکی باندھ کر ایک ہی جگہ نہیں مارے جاتے تھے' نہ کوڑے لگانے کے لئے خاص جلاد رکھے جاتے تھے۔ "اسلام میں کوڑے کی سزا" سن کر یہ غلط فہمی پیدا ہوتی ہے کہ شاید اسلام بھی موجودہ دور کے جلادی کوڑوں کو روا رکھتا ہوگا۔

ایک جلیل القدر صحابی کے اپنے بیٹے کو کوڑوں کی سزا دینے کے جس واقعہ کی طرف آپ نے اشارہ کیا ہے اگر اس سے مراد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے' جو عام طور سے واعظ حضرات میں مشہور ہے' تو یہ واقعہ غلط اور موضوع اور من گھڑت ہے۔

## بے نمازی کے ساتھ کام کرنا

س ...... میں ایک ایسے آدمی کے ساتھ کام کرتا ہوں جو نماز نہیں پڑھتے بلکہ جمعہ

تک نہیں پڑھتے، کیا ایسے آدمی کے ساتھ کام کرنا جائز ہے؟
ج ...... کام تو کافر کے ساتھ بھی کر سکتے ہیں، وہ صاحب اگر مسلمان ہیں تو ان کو نماز کی ترغیب دینا ضروری ہے، آپ ان کو کسی بہانے کسی نیک صحبت میں لے جایا کیجئے، اس سے انشاء اللہ تعالیٰ وہ نمازی ہو جائیں گے۔

## گورنمنٹ کے محکموں میں چوری شخصی چوری سے بد تر ہے

س ...... تقریباً دو سال پہلے میرے بڑے بھائی اور میرے والد مرحوم نے بجلی چوری کرنے کا طریقہ اپنایا تھا جو ابھی جاری ہے۔ کہتے ہیں کہ جو شخص دنیا میں کوئی اچھا عمل یا برا عمل چھوڑ جاتا ہے اس کو مرنے کے بعد بھی قبر میں اس کا بدلہ ملتا رہتا ہے، کہتے ہیں کہ جب تک برا عمل دنیا میں ہوتا رہے گا اس کا گناہ مرحوم اور جوان کا ساتھی ہو گا اسے ملتا رہے گا۔ بجلی کیونکہ ایک قومی ادارہ ہے۔ یہ ایک قوم کی امانت ہے اور اسی طرح ٹیلی فون، ٹیکس کی چوری وغیرہ جو بھی چوری کرتا ہے یا مدد کرتا ہے کہتے ہیں کہ قیامت کے روز اس کا بدلہ اعمال کی کرنسی سے لیا جائے گا یعنی اعمال لے لئے جائیں گے، ہمارے یہاں جو بجلی چوری ہوتی ہے اس لحاظ سے ہم اس بجلی کے استعمال سے جو نیک عمل یا عبادت اس کی روشنی میں کریں گے یقیناً وہ قابل قبول نہیں ہوگی کیونکہ چوری کرنا حرام ہے اور حرام چیز استعمال کرکے نیک کام کرے تو وہ بھی یقیناً قبول نہیں ہو گا۔ مولانا صاحب یہ سوال جو میں نے کیا ہے اور اس سوال میں جو میں نے اپنے خیالات کا بھی اظہار کیا ہے وہ صحیح ہے یا نہیں۔ اس کا جواب دیں۔ ہمارے دوسرے ایسے مسلمان بھائیوں کو بھی معلوم ہو جائے کہ گورنمنٹ کے مال کی چوری کا بھی اللہ کے یہاں نیکیوں کے بدلے سے چوری کا خسارہ پورا کیا جائے گا۔ ہو سکے تو ایسے لوگوں کا انجام حدیث سے ثابت فرمایئے؟
ج ...... آپ کے خیالات صحیح ہیں گو تعبیرات صحیح نہیں۔ جس طرح شخصی املاک کی

چوری گناہ ہے اسی طرح قومی املاک میں چوری بھی گناہ ہے، بلکہ بعض اعتبارات سے چوری زیادہ سنگین ہے۔ کیونکہ ایک آدمی سے تو معاف کرانا بھی ممکن ہے اور پوری قوم سے معاف کرانے کی کوئی صورت ہی نہیں۔

## رکشہ کے میٹر کو غلط کر کے زائد پیسے لینا

س ...... ہمارے محلّہ میں اکثریت رکشہ، ٹیکسی والوں کی ہے۔ ان لوگوں کے ساتھ اکثر میری تکرار ہو جاتی ہے چونکہ حکومت نے رکشہ کا میٹر ایک روپیہ بیس پیسہ فی میل اور ٹیکسی کا میٹر دو روپے فی میل مقرر کیا ہے یہ لوگ کہہ رہے ہیں کہ حکومت وقتاً فوقتاً پیٹرول مہنگا کرتی ہے اور رکشہ ٹیکسی کا کرایہ زیادہ نہیں کرتی اس لئے ہمارا اس موجودہ ریٹوں پر گزارہ نہیں ہوتا ہے تو مجبوراً ہم لوگ ایک روپیہ بیس پیسہ کے بجائے دو روپے اور دو روپے کے بجائے ڈھائی روپے چلاتے ہیں حالانکہ میرے خود بھی دو رکشے اسی دو روپے میں چل رہے ہیں۔ واضح طور پر لکھ دیجئے کہ یہ زائد جو کمائی ہم لوگ کرتے ہیں حلال ہے یا حرام؟ باوجود اس کے کہ حکومت کے مقرر کردہ ریٹ کے مطابق ان لوگوں کو روزانہ ساٹھ روپے سے لے کر ستر اسی روپے تک بچت ہوتی ہے۔

ج ...... جو لوگ رکشہ، ٹیکسی پر سفر کرتے ہیں ان کے ذہن میں تو یہی ہے کہ رکشہ، ٹیکسی والے حکومت کے مقررہ کردہ ریٹ پر چلتے ہیں اس صورت میں رکشہ، ٹیکسی والے کا اپنے طور پر کرایہ بڑھا کر وصول کرنا مسافر کی رضامندی سے نہیں بلکہ دھوکے سے ہے۔ اس لئے زائد رقم ان کے لئے حلال نہیں۔ البتہ اگر مسافر سے یہ طے کر لیا جائے کہ میں اتنے پیسے زائد لوں گا اور وہ اس پر راضی ہو جائے تو جائز ہے۔

## مذہبی شعار میں غیر قوم کی مشابہت کفر ہے

س ...... ایک حدیث سنی ہے جس کا مفہوم میری سمجھ میں اس طرح آیا کہ "جو

شخص جس کسی کی مشابہت اختیار کرتا ہے وہ کل قیامت کے دن اسی کے ساتھ اٹھایا جائے گا"۔ ہم لوگ سر کے بالوں سے لے کر پیر کے ناخنوں تک غیروں کی مشابہت کرتے ہیں۔ داڑھی پر استرا چلاتے ہیں' قمیض اور پتلون انگریزی اپناتے ہیں۔ غرض ہر طرح انگریز کا طریقہ اپناتے ہیں۔ کوئی زیادہ دیندار ہو تو قمیص کے کالر تبدیل کر لیتا ہے۔ شکل قمیص کی انگریزی ہوتی ہے گھڑی بائیں ہاتھ میں باندھتے ہیں۔ برائے مہربانی یہ بتائیں کہ ہمارا طریقہ یہ کیا ہے؟ کیا یہ انگریزی طریقہ نہیں ہے اور یہ حدیث ہم پر صادق نہیں آتی ہے؟

ج ...... یہ حدیث صحیح ہے' اور کسی قوم سے تشبہ کا مسئلہ خاصا تفصیل طلب ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ کسی غیر قوم کے مذہبی شعار میں ان کی مشابہت کرنا تو کفر ہے جیسے ہندوؤں کی طرح چوٹی رکھنا' یا زنار پہننا' یا عیسائیوں کی طرح صلیب پہننا' اور جو چیز کسی قسم کا مذہبی شعار تو نہیں لیکن کسی خاص قوم کی وضع قطع ہے۔ ان میں مشابہت کفر نہیں' البتہ گناہ کبیرہ ہے۔ جیسا کہ داڑھی منڈانا مجوسیوں کا شعار تھا۔ اور جو چیز کسی قوم کے ساتھ مخصوص نہیں ان میں مشابہت نہیں' البتہ اگر کوئی شخص مشابہت کے ارادے سے ان چیزوں کو اختیار کرے گا وہ بھی اس حدیث کا مصداق ہے۔

## نعتیں ترنم کے ساتھ پڑھنا

س ...... حمد و نعتیں اور اسلام کے پروگرام میں کبھی خواتین اور کبھی خواتین و مرد ایک ساتھ' کبھی مرد لحن سے اور کبھی ترنم سے پڑھتے ہیں جب عورتیں یا مرد اور عورتیں ایک ساتھ حمد یا نعت یا سلام ریڈیو پر پڑھتے ہوں تو اسے ہر مرد اور عورت کو سننا جائز ہے؟ اگر نہیں تو کس طرح سنا جا سکتا ہے؟

ج ...... حمد و نعت تو بہت اچھی چیز ہے بلکہ بہترین عبادت کہنا چاہئے بشرطیکہ حمد و نعت کے مضامین خلاف شرع نہ ہوں' جیسا کہ آج کل کے بہت سے نعت

گو خلاف شرع مضامین کا طومار باندھ دیتے ہیں۔ جہاں تک پڑھنے کا تعلق ہے اگر مرد، مردوں کے مجمع میں اور کوئی عورت خواتین کی محفل میں پڑھے اور اس کی آواز نامحرم مردوں تک نہ پہنچے تب تو صحیح ہے لیکن مردوں عورتوں کا ایک ساتھ پڑھنا ناجائز ہے۔

## قرآن مجید کی ٹیوشن پڑھانا جائز ہے

س ...... میں کسی ادارے میں ملازمت کرتا ہوں اور میری نامعقول تنخواہ ہے اور گھر کی فیملی زیادہ ہے گھر کا واحد سہارا ہوں۔ فارغ ٹائم میں بچوں کو ٹیوشن پڑھاتا ہوں اور میں حافظ قرآن ہوں، بچوں کو قرآنی تعلیم دیتا ہوں جو تنخواہ ملتی ہے اس سے اپنی گھریلو ضروریات کو پورا کرتا ہوں۔ آپ قرآن وحدیث کی روشنی میں بتائیں ٹیوشن فیس لینا جائز ہے کہ نہیں؟

ج ...... ٹیوشن ایک جز وقتی ملازمت ہے پس فارغ وقت میں ٹیوشن پڑھائی جائے تو اس وقت کی اجرت لینا جائز ہے۔

## اپنے آپ کو تیل ڈال کر جلانے والے کا شرعی حکم

س ...... کچھ دن پہلے کی بات ہے کہ میری ہمشیرہ نے اپنے سسرال والوں کے ظلم سے تنگ آکر اپنے آپ پر مٹی کا تیل چھڑک کر اپنے جسم کو آگ لگالی اور وہ بری طرح جل گئی۔ تین دن تک وہ موت وحیات کی کشمکش میں رہی اس کے بعد انتقال ہوگیا آیا اس کی موت کو اپنی موت کہیں گے یا خودکشی۔

ج ...... یہ خودکشی نہیں تو اور خودکشی کسے کہتے ہیں۔

## غلط عمر لکھوا کر ملازمت کی تنخواہ لینا

س ...... پاکستان میں عموماً حضرات اپنے بچوں کی عمر کم لکھواتے ہیں تاکہ مستقبل میں فائدے ہوں۔ مثلاً ریٹائر ہونے کی عمر میں ۲ یا ۳ سال کا ناجائز اضافہ ہو

جاتا ہے۔اب مسئلہ یہ ہے کہ اس اضافے سے جو تنخواہ ملتی ہے کیا وہ جائز ہے یا ناجائز؟ کیونکہ وہ زائد سال کسی اور کا حق ہے جو عمر بڑھوا کر کسی شخص نے حاصل کئے۔

ج ...... تنخواہ تو خیر حلال ہے اگر کام حلال ہو مگر جھوٹ کا گناہ ہمیشہ سر رہے گا۔

## مقرر شدہ تنخواہ سے زیادہ بذریعہ مقدمہ لینا

س ...... میں ایک جگہ کام کرتا تھا اب جی بھر گیا ہے۔۵ سال ہوگئے ہیں۔نوکری کرتے ہوئے مالک کے ساتھ جو معاہدہ تھا' یعنی تنخواہ مقرر تھی وہ مجھے ملتی رہی ہے۔ ہر ماہ مقرر کی ہوئی تنخواہ مجھے برابر ملتی رہی ہے۔اب ایک آدمی نے مشورہ دیا ہے کہ تم کورٹ میں مقدمہ کرو۔کافی رقم ملے گی جب کہ مجھے میرا حق یعنی جو تنخواہ مقرر تھی وہ مجھے ملتی رہی ہے۔اب اگر میں مقدمہ کروں اور مجھے جو رقم ملے گی اس رقم کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے کیا یہ جائز ہے؟

ج ...... آپ سے جتنی تنخواہ کا معاہدہ ہوا تھا وہ تو آپ کے لئے حلال ہے' اس سے زیادہ اگر آپ وصول کریں گے تو غصب ہوگا اگر آپ کو وہ تنخواہ کافی نہیں تو آپ معاہدہ فسخ کر سکتے ہیں۔

## غیر حاضریاں کرنے والے ماسٹر کو پوری تنخواہ لینا

س ...... ایک صاحب علم آدمی ایک اسکول میں ماسٹر ہے مگر وہ اپنے علاقہ کے لوگوں کے معاملات میں اس قدر مصروف ہے کہ باقاعدگی سے اسے اسکول میں حاضری کا موقع نہیں ملا کرتا بلکہ زیادہ سے زیادہ مہینے میں کوئی ۱۷-۱۸ حاضریاں اس کی بنیں گی تو کیا اسکو اس بنا پر پوری تنخواہ وصول کرنا جائز ہوگا کہ وہ خدمت خلق اور لوگوں کے کاموں میں مصروف ہے جبکہ اسکول میں ایسا دوسرا ماسٹر موجود ہو جو اس کے پریڈ لے سکے؟

ج ...... ماسٹر صاحب کو تنخواہ تو پڑھانے کی ملتی ہے' خدمت خلق کی نہیں ملتی'. اس لئے وہ جتنی پڑھائی کریں بس اتنی ہی تنخواہ کے مستحق ہیں' اس سے زیادہ ناجائز لیتے ہیں۔

## غلط بیانی سے عہدہ لینے والے کی تنخواہ کی شرعی حیثیت

س ...... پاکستان سے ایک صاحب جعلی سرٹیفکیٹ بنواکر یہاں سعودیہ میں ایک بڑی پوسٹ پر آکر فائز ہوئے پاکستان کے متعلقہ حکام بہت حیرت زدہ ہوئے اس لئے کہ پاکستان میں یہ صاحب ماضی میں اس عہدے کے اسسٹنٹ کی حیثیت سے کام کرچکے تھے اور اپنی نالائقی کی بناپر اسسٹنٹ کے عہدے سے بھی متعلقہ محکمے سے نکالے جاچکے تھے۔ اسسٹنٹ سے آگے محنت کرکے قانونی طورپر ترقی کرنا ان کے لئے قطعی ناممکن تھا اس طرح انہوں نے اس دنیامیں تو چالاکی سے جعلی سرٹیفکیٹ کے ذریعہ دوسرے ملک والوں کو بے وقوف بنالیا اور یہاں اس بڑے عہدے پر جیسے تیسے کام کررہے ہیں اس طرح انہوں نے پاکستان سے آنے والے ایک موزوں اور قابل انسان کی حق تلفی بھی کی۔ اب ان کی اس کمائی کی شرعی حیثیت کیا ہوگی کیابہت سے حج اور عمرہ کرنے سے ان کا یہ جان بوجھ کرکیاہواگناہ دھل سکتاہے؟

ج ...... جھوٹ اور جعل سازی کے ذریعہ کوئی عہدہ ومنصب حاصل کرنا یہ تو ظاہرہے کہ حرام ہے اور جھوٹ' دغابازی اور فریب دہی پر جتنی وعیدیں آئی ہیں یہ شخص ان کا مستحق ہے' مثلاً جھوٹوں پر اللہ تعالیٰ کی لعنت۔ ارشادنبوی ﷺ ہے کہ دھوکہ کرنے والا ہم میں سے نہیں ہے۔ اس لئے جعل سازی خواہ چھوٹی کی ہو یا بڑی ایسے شخص کے بدکار' گناہ کار ہونے میں توکوئی شبہ نہیں اللہ تعالیٰ سے توبہ کرنی چاہئے۔ باقی رہا یہ مسئلہ کہ ایسے شخص کی کمائی بھی حلال ہے یا نہیں؟ اس کے لئے یہ اصول یادرکھنا چاہئے کہ اگر یہ شخص اس منصب کی اہلیت

وصلاحیت رکھتا ہے اور کام بھی صحیح کرتا ہے تو اس کی تنخواہ حلال ہے' اور اگر منصب کا سرے سے اہل نہیں' یا کام ٹھیک سے انجام نہیں دیتا تو اس کی تنخواہ حرام ہے اس اصول کو وہ صاحب ہی نہیں بلکہ تمام سرکاری وغیر سرکاری افسران وملازمین پیش نظر رکھیں۔ میرے مشاہدہ ومطالعہ کی حد تک ہمارے افسران وملازمین میں سے پچاس فیصد حضرات ایسے ہیں جو یا تو اس منصب کے اہل ہی نہیں 'محض سفارش یا رشوت کے زور سے اس منصب پر آئے ہیں' یا اگر اہل ہیں تو اپنی ڈیوٹی صحیح طور پر نہیں بجالاتے' ایسے لوگوں کی تنخواہ حلال نہیں۔ وہ خود بھی حرام کھاتے ہیں اور گھر والوں کو بھی حرام کھلاتے ہیں۔

## اوور ٹائم لکھوانا اور اس کی تنخواہ لینا

س ...... میں نماز روزہ کا سختی سے پابند ہوں اور حلال رزق میری جستجو ہے۔ لیکن ایک رکاوٹ پیش آرہی ہے جو کہ مندرجہ ذیل ہے' بزرگوارم! میں ایک مالیاتی ادارے میں ملازم ہوں جہاں مقرر شدہ اوقات کار ختم ہونے کے بعد مزید چند گھنٹے خدمات سرانجام دینا پڑتی ہیں جس کا علیحدہ سے معاوضہ دیا جاتا ہے جس کا طریقہ کار یہ ہے کہ تمام ملازمین کو جنہوں نے اوور ٹائم کیا ہوتا ہے اوور ٹائم ختم کرنے کے بعد ایک رجسٹر پر دستخط کرنے پڑتے ہیں 'جس میں ٹوٹل اوور ٹائم کتنے گھنٹے کیا اور ساتھ میں وقت اور دستخط تحریر کرنا پڑتے ہیں 'لیکن اس تحریر کردہ اور دستخط شدہ وقت سے دو گھنٹے پہلے ہی چھٹی کر لی جاتی ہے اور صرف ایک گھنٹہ کام کیا جاتا ہے 'کافی اداروں میں ایسا ہوتا ہے 'تو مزید جو دو گھنٹے کا بھی (جس میں ہم کام نہیں کرتے چھٹی کر جاتے ہیں) معاوضہ وصول کرتے ہیں کیا وہ ہمارے لئے حلال ہے؟ ہم اسے اپنے بال بچوں کے پیٹ کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔

ج ...... معاوضہ صرف اتنے وقت کا حلال ہے جس میں کام کیا ہو' اس سے زیادہ وقت کا رجسٹر میں اندراج کرنا جھوٹ اور بددیانتی ہے' اور اس کا معاوضہ وصول کرنا قطعی حرام ہے۔

## غلط اوور ٹائم کی تنخواہ لینا

س ...... آج کل خاص طور پر سرکاری دفاتر میں یہ بیماری عام ہے کہ لوگ بوگس اوور ٹائم اور بوگس ٹی اے ڈی اے حاصل کرتے ہیں جس سے گورنمنٹ کو کروڑوں روپے سالانہ نقصان ہوتا ہے اس طرح بعض لوگ مہینہ میں ۸ یا ۱۰ دن دفتر آتے ہیں مگر تنخواہ پورا مہینہ حاصل کرتے ہیں۔

(الف) وہ لوگ جو اوور ٹائم ٹی اے ڈی اے اور بوگس تنخواہ حاصل کرتے ہیں ان کی کمائی کیسی ہے؟

(ب) جو افسران اوور ٹائم' ٹی اے' ڈی اے اور تنخواہ تیار کرتے ہیں اور ان کاغذات پر کئی افسران دستخط بھی کرتے ہیں کیا انہیں بری الذمہ قرار دیا جا سکتا ہے یا وہ بھی اس کام میں برابر کے شریک ہیں ان لوگوں کی کمائی سے زکوۃ' صدقات اور دوسرے فلاحی کاموں میں خرچ کی گئی رقم قابل قبول ہے یا نہیں؟

ج ...... ظاہر ہے کہ ان کی کمائی خالص حرام ہے' اور جو افسران اس کی منظوری دیتے ہیں وہ اس جرم اور حرام کام میں برابر کے مجرم ہیں۔ صدقہ وخیرات حلال کمائی سے قبول ہوتی ہے۔ حرام سے نہیں' حرام مال سے صدقہ کرنے کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی شخص گندگی کا پیکٹ کسی کو تحفہ میں دے۔

## سرکاری ڈیوٹی صحیح ادا نہ کرنا قومی وملی جرم ہے

س ...... زید کا بحیثیت ورکس شاپ اٹینڈنٹ کے تقرر کیا جاتا ہے لیکن وہ اپنے فرائض منصبی قطعی طور پر انجام نہیں دیتا لیکن حکومت سے ماہانہ تنخواہ وصول کرتا ہے کیا اس کی ماہانہ تنخواہ شرعی حدود کے مطابق جائز ہے؟

ج ...... جس کام کے لئے کسی کا تقرر کیا گیا ہے اگر وہ اس کام کو ٹھیک ٹھیک انجام دے گا تو تنخواہ حلال ہوگی ورنہ نہیں۔ جو سرکاری ملازمین اپنی ڈیوٹی صحیح

طور پر ادا نہیں کرتے تو وہ خدا کے بھی خائن ہیں اور قوم کے بھی خائن ہیں' اور ان کی تنخواہ شرعاً حلال نہیں۔ دنیا میں اس خیانت کا خمیازہ انہیں یہ بھگتنا پڑتا ہے کہ اچھی آمدنی' اچھی رہائش اور اچھی خاصی آسائش اور آسودگی کے باوجود ان کا سکون غارت اور رات کی نیند حرام ہو جاتی ہے۔ طاعت و عبادت کی توفیق سلب ہو جاتی ہے۔ اور آخرت کا عذاب مرنے کے بعد سامنے آئے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنی پناہ میں رکھیں۔ بہرحال اپنی ڈیوٹی ٹھیک طور پر بجا نہ لانا ایک ایسا دینی' اخلاقی اور قومی و ملی جرم ہے کہ آدمی اس گناہ کی معافی بھی نہیں مانگ سکتا۔

## پریشانیوں سے گھبرا کر مرنے کی تمنا کرنا

س ...... اب دنیا میں جینا مشکل ہو گیا ہے' دل چاہتا ہے کہ موت آجائے' دنیا کے حالات دگرگوں ہو چکے ہیں۔ بندہ کو پانچ چھ ماہ سے پریشانیوں اور بخار نے ایسا گھیرا ہے کہ جان نہیں چھوٹتی' کیا اس طرح کہنا جائز ہے؟

ج ...... پریشانیوں پر اجر تو ایسا ملتا ہے کہ عقل و تصور میں نہیں آسکتا' لیکن اجر صابرین کے لئے ہے' اور پریشانیوں سے تنگ آکر موت کی تمنا کرنا حرام بھی ہے اور اجر کے منافی بھی۔

اب تو گھبرا کے یہ کہتے ہیں کہ مر جائیں گے
مر کے بھی چین نہ آیا تو کدھر جائیں گے

## ماں باپ سے متعلق قرآن کریم کے احکامات کا مذاق اڑانا

س ...... اگر ایک لڑکا نہایت اونچی تعلیم اور صاف ستھرے ماحول میں پرورش پا کر بعد شادی اور حصول ملازمت کے اپنے والد' بھائیوں اور بہنوں سے نامعقول عذر لیکر ہر قسم کا تعلق منقطع کرلے بلکہ نفرت کرنے لگے اور اپنی زوجہ اور اس کے عزیزوں کو خوش کرنے کے لئے ان کو ذہنی تکلیف میں ڈال کر خوش ہو۔

پابند نماز ہونے کے باوجود ان احکامات کا مذاق اڑائے جو ماں باپ اور بزرگوں کے احترام کے سلسلے میں خدا اور رسول ﷺ نے بیان فرمائے ہیں شرعاً اور اخلاقاً کیا وعید بیان کی گئی ہے؟

ج ...... آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے: والدین کا نافرمان جنت میں نہیں جائے گا' والدین کے ساتھ حسن سلوک کی تاکید تو قرآن کریم اور حدیث شریف میں بہت ہی آئی ہے' قرآن وحدیث کا مذاق اڑانے والا مسلمان کیسے رہ سکتا ہے؟ اس لئے آپ کی لکھی ہوئی کہانی پر مجھے تو یقین نہیں آیا۔

## پنشن جائز ہے اس کی حیثیت عطیہ کی ہے

س ...... گورنمنٹ ملازمین کو مدت ملازمت ختم کرنے کے بعد پنشن بطور حق ملتی ہے۔ مروجہ قانون کے مطابق پنشنر کو یہ حق حاصل ہے کہ اگر وہ چاہے تو اپنی نصف پنشن کی حد تک گورنمنٹ کو بیچ دے (یعنی پنشن کی اس رقم کے بدلے (عوض یکمشت رقم نقد لے لے) اس کو انگریزی میں کمیوٹیشن آف پنشن کہتے ہیں اس کے لئے شرط ہے کہ پنشنر بالکل تندرست ہو اور مقامی سول سرجن اس کو تندرست تسلیم کرکے سرٹیفکیٹ دے۔ بصورت دیگر کمیوٹیشن منظور نہیں ہوتا۔ عام طور پر جب پنشنر تندرست ہو تو زندگی کی آخری حد ستر سال مانی جاتی ہے' اور اسی حساب سے یکمشت رقم پنشن کی رقم کے بدلے یا عوض میں ادا کی جاتی ہے۔ اور اب وہ ہمیشہ کے لئے پنشن کے اس حصہ سے جو وہ کمیوٹ کر چکا ہے محروم ہو جاتا ہے۔ اس طرح بعض حالات میں اگر پنشنر جلد انتقال کر جائے گورنمنٹ نقصان میں رہتی ہے اور اگر ستر سے زیادہ زندہ رہے تو خود پنشنر نقصان میں رہتا ہے' اب جبکہ ملک میں اسلامی قوانین نافذ ہیں جوا' شراب وغیرہ بند اور زکوۃ وصول کی جارہی ہے تو کیا یہ مروجہ قانون مذکورہ بالا شکل میں جوا یا شرط کے ممنوعہ حدود میں شامل نہیں ہے؟ اگر جواب اثبات میں ہے تو اس

حالت میں کیا گورنمنٹ کو ان تمام پنشنروں کو جو ستر سال کی حد پوری کر چکے ہیں اور اب بھی زندہ ہیں ان کی کمیوٹڈ پنشن اب بحال نہیں کرنی چاہئے جس طرح سود (ربا) کے حرام ہوتے ہی اصل کے سوا تمام قسم کا سود وصول کرنا ممنوع قرار دیا گیا ہے اور عملاً معاف کر دیا گیا ازراہ کرم جواب اخبار جنگ کے کالم ''آپ کے مسائل اور ان کا حل'' میں عنایت فرما دیں تاکہ دیگر علمائے کرام کو بھی رائے زنی کا موقع ملے۔ نیز کیونکہ معاملہ حکومت وقت سے متعلق ہے اس لئے مودبانہ عرض ہے کہ جواب للہ کسی ایسی تاویل وتوجیہہ سے پاک ہو جو اصول مسلمہ کے خلاف ہو اللہ تعالیٰ جناب کو جزائے خیر عطا فرمائے آمین۔

ج ...... پنشن کی حیثیت ایک لحاظ سے عطیہ کی ہے اس لئے جو معاملہ پنشنر اور حکومت کے درمیان طے ہو جائے وہ صحیح ہے یہ جوا اور قمار نہیں۔

## بچوں کے نسب کی تبدیلی

س ...... ۱۹۷۶ء میں میرے بڑے بھائی کا انتقال ہو گیا تھا۔ اس کے دو بچے تھے بھائی کے انتقال کے وقت بڑے لڑکے کی عمر ۳ سال تھی اور چھوٹے کی عمر ایک سال تھی ان دنوں میں کراچی میں سروس کر رہا تھا بھائی کے انتقال کے بعد میں نے اپنے والدین کی رضامندی سے تقریباً ڈھائی سال کے بعد اپنی بھابی سے شادی کر لی۔ اس وقت بڑے لڑکے کی عمر تقریباً چار سال تھی میرے دونوں بھتیجے مجھے ابو ہی کہتے ہیں اور میں انہیں ان کے والد کا احساس نہیں ہونے دیتا۔ میں شادی کے ۶ مہینے بعد بچوں کو کراچی لے آیا تھا پھر میں نے انہیں اسکول میں داخل کروا دیا تھا۔ بچوں کے والد کے نام کی جگہ میں نے اپنے نام کو شامل کیا تھا یعنی اپنا نام درج کروا دیا تھا۔ میں چاہتا ہوں کہ بچوں کو میں ان کے والدین کے متعلق اس وقت تک نہ بتاؤں جب تک وہ سمجھدار نہ ہو جائیں ابھی میں اس لئے نہیں بتا رہا ہوں کہ کہیں وہ احساس کمتری کا شکار نہ ہو جائیں اب اللہ کے فضل

وکرم سے میرے بھی دو بچے ہیں لیکن میں اپنے بچوں سے زیادہ بھائی کے بچوں کو عزیز رکھتا ہوں۔ آپ از راہِ کرم مہربانی کر کے اسلامی رو سے مجھے بتایئے کہ میں نے جو بھائی کے نام کی جگہ بچوں کے اسکول میں اپنی ولدیت لکھوائی ہے درست ہے یا غلط؟

ج ...... اگرچہ بچوں کی مصلحت کے لئے آپ نے ایسا کیا تھا لیکن بچوں کے نسب کو یکسر بدل دینا گناہ ہے' جائز نہیں۔ ان بچوں کی ولدیت ان کے باپ ہی کی لکھوانی چاہئے۔

## مقدس اسمائے مبارکہ

س ...... اخبارات' رسائل وغیرہ میں قرآنی آیت اور اللہ تعالیٰ کے نام لکھتے ہیں جو کہ ردی اخبار کی صورت میں زمین پر پڑے رہتے ہیں۔ بعض اوقات ایسی خستہ حالت اور گندگی میں پڑے ہوتے ہیں کہ اٹھانے کو بھی دل نہیں چاہتا ان کے بارے میں کیا حکم ہے۔ اگر ایسے نام مثلاً عبدالرحمٰن وغیرہ لکھے ہوں تو انہیں مٹا دینا کافی ہے۔

ج ...... ایسے مقدس اسمائے مبارکہ جہاں ملیں ان کو حفاظت سے رکھ دیا جائے اور بعد میں دریا برد کر دیا جائے۔

## افسران کی وجہ سے غلط رپورٹ پر دستخط کرنا

س ...... ہم جہاں کام کرتے ہیں وہاں انسانی جانوں کے تحفظ کا مسئلہ پیش پیش ہوتاہے اور جب ہم ان کی صحیح رپورٹ اپنے افسر کو دیتے ہیں کہ یہ مسئلہ انسانوں کے لئے مضر صحت ہے اور بڑے افسران بالا کو مطلع کر دیا جائے لیکن اس کے برعکس ہمارا اوپر کا افسر اس رپورٹ کو ایک طرف رکھ کر اپنی طرف سے غلط رپورٹ بنا کر ہم سے دستخط لے لیتا ہے اور اس کو افسران بالا کو بھجوا دیتا ہے

صرف ان کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے' آپ سے گزارش ہے کہ آپ یہ بتائیں کہ عرصے سے یہ ہو رہا ہے کیا یہ گناہ ہے؟ اگر ہے تو اس سے کیسے نجات مل سکتی ہے جبکہ ہمارے افسر کے ہاتھ ہماری سالانہ رپورٹ ہے اگر ہم انکار کرتے ہیں تو ہماری نوکری کو داغ لگنے کا خطرہ ہے۔

ج ...... آپ کے افسر کا غلط رپورٹ دینا تین گناہوں کا مجموعہ ہے جھوٹ' فرض منصبی میں خیانت' بددیانتی اور انسانی صحت سے کھیلنااور آپ لوگوں کا نوکری کی خاطر اس کی غلط رپورٹ پر دستخط کرنا خود کو ان گناہوں میں ملوث کرنا ہے۔اس کی تدبیر یہ ہو سکتی ہے کہ اپنا نام ونشان بتائے بغیر اس افسر کی بددیانتی کی شکایت صدر محترم 'گورنر صاحب' تمام افسران بالا تک پہنچائی جائے۔ نیز قومی وصوبائی اسمبلی کے ممبران اور معاشرہ کے دیگر موثر افراد کے علم میں یہ بات لائی جائے' اس کے بعد بھی اگر افسران بالا اس پر توجہ نہیں کریں گے تو وبال ان پر ہوگا' اور آپ مواخذہ سے بری الذمہ ہوں گے۔ ہر محکمہ میں اگر ماتحت لوگ اپنے افسران کی غلط روی کی نشاندہی کریں تو میرا اندازہ ہے کہ سرکاری مشینری کی بڑی اصلاح ہو سکتی ہے' خیانت وبددیانتی کو پنپنے کا موقع اس لئے ملتا ہے کہ ماتحت ملازمین اپنی نوکری کی فکر میں افسران کی خیانت وبددیانتی سے مصالحت کر لیتے ہیں۔

## کسی پر بغیر تحقیق کے الزامات لگانا

س ...... زید نے ایک ایسی عورت سے نکاح کیا جس کی ایک لڑکی بھی ہے جس کی عمر تقریباً ۱۳ سال ہے۔ نکاح کے تقریباً ۴ ماہ بعد کچھ ایسے واقعات رونما ہوئے جس کی وجہ سے زید نے اس عورت کو طلاق دیدی۔ طلاق دینے کے بعد اس نے زید کو مختلف طریقوں سے بدنام کرنا شروع کر دیا۔ اس دوران اس عورت نے زید پر یہ الزام لگایا کہ میری لڑکی کہتی ہے کہ زید نے مجھ کو مختلف طریقوں

سے اپنی طرف متوجہ کرنے کی کوشش کی ہے اور مجھ سے چھیڑ چھاڑ کی ہے اور یہ واقعات اس زمانہ کے بیان کرتی ہے جب کہ اس کی ماں زید کے نکاح میں تھی جبکہ زید یہ کہتا ہے کہ یہ الزام قطعاً غلط ہے اور زید کی سابقہ زندگی جس حسن وخوبی سے گزری ہے اس سے عوام الناس بخوبی واقف ہیں اب یہ الزام جو زید پر لگاکر بدنام کیا گیا ہے اس سے لوگوں کو تعجب ہے اس سلسلے میں کچھ لوگوں نے زید کے پیچھے نماز پڑھنا چھوڑ دیا ہے اور مخالفت کے درپے ہیں۔اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ بغیر تحقیق یہ الزام جس کا کوئی گواہ بھی نہیں ہے کہاں تک معتبر ہے۔

ج ...... کسی کو بدنام کرنا، جھوٹے الزامات لگانا اسی طرح جھوٹے الزامات کو صحیح تسلیم کر لینا اور کسی کی آبرو پر حملہ کرنا سخت گناہ ہے۔ اور یہ بد ترین کبیرہ گناہوں میں سے ہے۔اسلام میں اس قسم کے امور کے لئے نہایت سخت احکام ہیں۔ مسلمانوں کو قرآن کریم میں ہدایت دی گئی ہے کہ جس امر کی تم کو تحقیق نہ ہو اس کے پیچھے نہ چلو، لہٰذا لوگوں کا بغیر تحقیق کیے ہوئے زید کے پیچھے نماز پڑھنا چھوڑ دینا نہایت غلط ہے، زید کو حسب سابق امام برقرار رکھا جائے۔

## گمشدہ چیز کا صدقہ کرنا

س ...... عرض یہ ہے کہ مجھے ایک عدد گھڑی دفتر کے باتھ روم سے ملی ہے میں نے اس کی اطلاع قریب کے تمام دفتروں میں کر دی۔قریبی مسجد میں اعلان کروا دیا۔اس کے علاوہ اشتہار لکھ کر مناسب جگھوں پر لگا دیا تاکہ لوگوں کو معلوم ہو جائے اور اس کا اصل مالک مل جائے تو اس کی امانت اس کو واپس کر دوں۔
اس واقعہ کو عرصہ ڈیڑھ ماہ ہو چکا ہے۔لیکن اس کا مالک نہیں ملا۔
آپ سے التماس ہے کہ شرعی نقطہ نظر سے اس کا حل بتائیں کہ اس گھڑی کا استعمال کیسا ہے؟

ج ...... اگر اس کے مالک کے ملنے کی توقع نہ ہو تو مالک کی طرف سے صدقہ کر دیا جائے بعد میں اگر مالک مل جائے تو اس کو اختیار ہے کہ وہ اس صدقہ کو جائز رکھے' یا آپ سے گھڑی کی قیمت وصول کرے۔ یہ صدقہ آپ کی طرف سے سمجھا جائے گا۔

## دکان پر چھوڑی ہوئی چیزوں کا کیا کریں

س ...... میری دکان پر گاہک آتے ہیں کبھی کبھار کوئی گاہک میری دکان پر کھانے کی چیزیں جس میں فروٹ وغیرہ شامل ہوتا ہے بھول کر چھوڑ کر چلے جاتے ہیں آپ سے معلوم کرنا ہے کہ ان چیزوں کا کیا کیا جائے؟

(۱) اگر ان چیزوں کو امانتاً رکھ لیا جاتا ہے تو یہ خراب ہو جاتی ہے زیادہ دیر رکھنے کی وجہ سے۔

(۲) کیا کسی غریب کو دینا جائز ہے یا خود رکھ سکتا ہے؟

(۳) یا پھر انہیں خراب ہونے دیں

ج ...... ان پھلوں کے خراب ہونے سے پہلے تک تو مالک کا انتظار کیا جائے۔ جب خراب ہونے کا اندیشہ ہو تو مالک کی طرف سے کسی محتاج کو دیدیئے جائیں۔ اگر بعد میں مالک آئے تو اس کو صحیح صورت سے آگاہ کر دیا جائے اگر مالک اس صدقہ کو جائز رکھے تو ٹھیک' ورنہ مالک کو ان پھلوں کی قیمت ادا کر دیں اور یہ صدقہ آپ کی طرف سے شمار ہو گا۔

## گمشدہ بکری کے بچے کو کیا کیا جائے

س ...... کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ ایک زیر تعمیر پلاٹ پر تقریباً دو ماہ کا ایک بکری کا بچہ نماز فجر سے قبل آگیا جس کو بارہا بھگایا لیکن وہ نہیں گیا۔

اڑوسی پڑوسی سے دریافت کیا کسی نے اپنا نہیں بتایا۔ اس علاقے کے چرواہے سے دریافت کیا اس نے بھی انکار کیا مسجد کے لاؤڈ اسپیکر سے کہلوایا مگر کوئی لینے نہیں آیا اب وہ تقریباً دس ماہ کا ہو گیا ہے ازروئے شرع کیا قانون لاگو ہوتا ہے؟

ج ...... اگر تلاش کے باوجود اس بکری کے بچے کا مالک نہیں مل سکا تو اس کا حکم گمشدہ چیز کا ہے کہ مالک کی طرف سے صدقہ کی نیت کر کے کسی غریب محتاج کو دیدیا جائے' اگر بالفرض کبھی مالک مل جائے تو اس کو اختیار ہو گا' خواہ اس صدقہ کو برقرار رکھے یا آپ سے اس کی قیمت وصول کرلے۔ دوسری صورت میں یہ صدقہ آپ کی طرف سے ہو جائے گا۔

## ساس کو بوسہ دینا

س ...... میری منگنی ہو چکی ہے۔ میں اپنی ساس سے اپنی ماں کی طرح محبت کرتا ہوں اور ماں ہی کہہ کر مخاطب کرتا ہوں۔ ان کی عمر ۶۰ سال ہے۔ کیا میں ان کی پیشانی پر بوسہ دے سکتا ہوں کیا شادی کے بعد بوسہ دے سکتا ہوں؟

ج ...... اگر شہوت کا اندیشہ نہ ہو تو کوئی حرج نہیں۔

## انجکشن کے نقصان دینے پر دوسرا لگا کر دونوں کے پیسے لینا

س ...... میرے پاس ایک مریض آیا جس کو بخار تھا۔ میں نے اس کو انجکشن لگایا اتفاق سے وہ انجکشن اس کو موافق نہ آسکا اور اسے اسے انجکشن کا ردعمل ہو گیا۔ میں نے اس مریض کو پہلے انجکشن کا توڑ لگایا۔ پہلے انجکشن کی قیمت ۲۰ روپے تھی جبکہ دوسرے انجکشن کی قیمت ۱۰۰ روپے ہے۔ آنجناب سے دریافت یہ کرنا ہے کہ ۲۰ روپے لوں یا دونوں انجکشن کی قیمت جو ۱۲۰ روپے بنتی ہے۔

ج ...... اگر آپ مستند ڈاکٹر صاحب ہیں اور آپ نے پہلا انجکشن لگانے میں کسی غفلت وکوتاہی کا ارتکاب نہیں کیا' تو آپ کے لئے دونوں کے پیسے

وصول کر لینا جائز ہے اور اگر آپ مستند معالج نہیں۔یا آپ نے غفلت و کوتاہی کا ارتکاب کیا تو دونوں کی رقم آپ کے لئے حلال نہیں۔

## میاں بیوی کا ایک دوسرے کے مخصوص اعضاء دیکھنا

س ...... جماع کے وقت بیوی کا تمام بدن' مقام خاص اور دوسرے اعضاء دیکھنا جائز ہے یا نہیں؟

ج ...... میاں بیوی کا ایک دوسرے کے بدن کو دیکھنا جائز ہے لیکن بے ضرورت دیکھنا اچھا نہیں۔

## بیوی کے پستان چوسنا

س ...... ایک شوہر اپنی بیوی کی چھاتی چوستا ہے تو اس میں سے پانی نکلتا ہے اور وہ تھوک دیتا ہے جبکہ بیوی حمل سے نہیں ہے۔کیا یہ فعل ناجائز اور گناہ ہے اگر بیوی حمل سے ہو تو کیا تب بھی گناہ ہو گا؟

ج ...... منہ لگانا جائز ہے۔مگر دودھ پینا جائز نہیں' بیوی حاملہ ہو یا نہ ہو۔

## سورۂ النساء کی آیت ۳۱ سے عورتوں کے لئے کاروبار کرنے کی اجازت ثابت نہیں ہوتی

س ...... مورخہ ۲۰ جنوری ۱۹۹۲ء کے روزنامہ جنگ میں ایک محترمہ نے کراچی اسٹاک ایکسچینج کے نومنتخب عہدیداران کے استقبالیہ میں تقریر کرتے ہوئے سورۂ النساء کی آیت نمبر ۳۱ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ عورت جو کماتی ہے وہ اس کا حصہ ہے اور مرد جو کماتا ہے وہ اس کا حصہ ہے لہٰذا عورتوں کو کاروبار کرنے کی اجازت ہے جبکہ قرآن مجید میں اس آیت کا ترجمہ یہ ہے کہ "مردوں کیلئے ان کے اعمال کا حصہ ثابت ہے اور عورتوں کیلئے ان کے اعمال کا حصہ ثابت ہے۔"

قرآن مجید کے ترجمہ سے کہاں یہ ثابت ہوتا ہے کہ عورتیں کاروبار اعلانیہ کر سکتی ہیں جبکہ ہر شخص کی طرح عورتوں کو بھی ان کے اعمال کا حصہ ملے گا اور مردوں کو بھی ان کے اعمال کا حصہ ملے گا تو محترمہ نے کاروبار کا مفہوم کہاں سے نکال لیا اس سے قبل ایک مولانا صاحب نے بھی مرحوم جنرل محمد ضیاء الحق صاحب کے ریفرنڈم کے زمانہ میں خطاب کے دوران اسی قسم کا ترجمہ کیا تھا اور ان کو مرحوم نے مجلس شوریٰ کا ممبر نامزد کیا تھا کیونکہ مرحوم نے بھی اس زمانہ میں پاک پتن شریف میں تقریر کرتے ہوئے خواتین کے اجتماع سے خطاب کے دوران یہی ترجمہ کیا تھا کہ عورت کاروبار کر سکتی ہے جس کی تائید کرنے پر مولانا محترم کو مجلس شوریٰ کا ممبر نامزد کیا گیا' لہٰذا آپ سے مودبانہ گزارش ہے کہ آپ براہ کرم مندرجہ بالا آیت مبارکہ کا صحیح ترجمہ شائع فرما کر امت مسلمہ کو کسی نئے تنازع سے بچائیں۔

ج ...... یہاں دو مسئلے الگ الگ ہیں اول یہ کہ عورت کیلئے کسب معاش کا کیا حکم ہے؟ میں اس مسئلہ کی وضاحت پہلے بھی کر چکا ہوں کہ اسلام نے بنیادی طور پر کسب معاش کا بوجھ مرد کے کندھوں پر ڈالا ہے اور خواتین کے خرچ اخراجات ان کے ذمہ ڈالے ہیں' خاص طور پر شادی کے بعد اس کے نان و نفقہ کی ذمہ داری مرد پر ڈالی گئی ہے اور یہ ایک ایسی کھلی ہوئی حقیقت ہے جس پر دلائل پیش کرنا کار عبث نظر آتا ہے۔ ابلیس مغرب نے صنف نازک پر جو سب سے بڑا ظلم کیا ہے وہ یہ کہ "مساوات مردوزن" کا فسوں پھونک کر عورت کو کسب معاش کی گاڑی میں جوت کر مردوں کا بوجھ ان پر ڈال دیا اور جن حضرات کا آپ نے تذکرہ کیا ہے اور وہ اسی مسلک کے نقیب اور داعی ہیں اور اس کی وجہ سے جو جو خرابیاں مغربی معاشرہ میں رونما ہو چکی ہیں وہ ایک مسلمان معاشرہ کیلئے لائق رشک نہیں بلکہ لائق شرم ہیں' ہاں! بعض صورتوں میں بے چاری عورتوں کو مردوں کا یہ بوجھ اٹھانا پڑتا ہے' ایسی عورتوں کا کسب معاش پر مجبور ہونا ایک

اضطراری حالت ہے اور اپنی عفت وعصمت اور نسوانیت کی حفاظت کرتے ہوئے وہ کوئی شریفانہ ذریعہ معاش اختیار کریں تو اس کی اجازت ہے۔ دوسرا مسئلہ بیگم صاحبہ کا قرآن کریم کی آیت سے استدلال ہے اس کے بارے میں مختصراً یہی عرض کیا جاسکتا ہے کہ آیت شریفہ کا موصوفہ کے دعویٰ کے ساتھ کوئی جوڑ نہیں بلکہ یہ آیت ان کے دعوے کی نفی کرتی ہے' کیونکہ اس آیت شریف کا نزول بعض خواتین کے اس سوال پر ہوا تھا کہ ان کو مردوں کے برابر کیوں نہیں رکھا گیا؟ مردوں کو میراث کا دگنا حصہ ملتا ہے۔ حضرت مفتی محمد شفیع تفسیر معارف القرآن میں لکھتے ہیں۔

"ماقبل کی آیتوں میں میراث کے احکام گزرے ہیں ان میں یہ بھی بتلایا جا چکا ہے کہ میت کے ورثاء میں اگر مرد اور عورت ہو اور میت کی طرف سے رشتہ کی نسبت ایک ہی طرح کی ہو تو مرد کو عورت کی بہ نسبت دگنا حصہ ملے گا اسی طرح کے اور فضائل بھی مردوں کے ثابت ہیں۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اس پر ایک دفعہ حضور اکرم ﷺ سے عرض کیا کہ ہم کو آدھی میراث ملتی ہے اور بھی فلاں' فلاں فرق ہم میں اور مردوں میں ہے۔

مقصد اعتراض کرنا نہیں تھا بلکہ ان کی تمنا تھی کہ اگر ہم لوگ بھی مرد ہوتے تو مردوں کے فضائل ہمیں بھی حاصل ہو جاتے' بعض عورتوں نے یہ تمنا کی کہ کاش ہم مرد ہوتے تو مردوں کی طرح جہاد میں حصہ لیتے اور جہاد کی فضیلت ہمیں حاصل ہو جاتی۔

ایک عورت نے حضور ﷺ سے عرض کیا' مرد کو میراث میں دگنا حصہ ملتا ہے اور عورت کی شہادت بھی مرد سے نصف ہے تو کیا عبادات واعمال میں بھی ہم کو نصف ہی ثواب ملے گا؟ اس پر یہ آیت نازل ہوئی جس میں دونوں قولوں کا جواب دیا گیا ہے حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قول کا جواب "ولا تتمنوا" سے دیا گیا اور اس عورت کے قول کا جواب "للرجال نصیب" سے دیا گیا۔(تفسیر معارف القرآن ص ۳۸۸ ج ۲)

خلاصہ یہ کہ آیت شریفہ میں بتایا گیا کہ مرد و عورت کے خصائص الگ الگ اور ان کی سعی و عمل کا میدان جدا جدا ہے عورتوں کو مردوں کی اور مردوں کو عورتوں کی ریس کیا؟ اس کی تمنا بھی نہیں کرنی چاہئے قیامت کے دن ہر شخص کو اس کی اپنی سعی و عمل کا پھل ملے گا' مردوں کو ان کی محنت کا اور عورتوں کو ان کی محنت کا' مرد ہو یا عورت کسی کو اس کی محنت کے ثمرات سے محروم نہیں رکھا جائے گا۔

بیگم صاحبہ نے جو مضمون اس آیت شریفہ سے اخذ کرنا چاہا ہے وہ یہ ہے کہ مردوں کی دنیوی کمائی ان کو ملے گی عورتوں کا اس میں کوئی حق نہیں اور عورتوں کی محنت مزدوری ان کی ہے مردوں کا اس میں کوئی حق نہیں اگر یہ مضمون صحیح ہوتا تو دنیا کی کوئی عدالت بیوی کے نان و نفقہ کی ذمہ داری مرد پر نہ ڈالا کرتی اور عدالتوں میں نان و نفقہ کے جتنے کیس دائر ہیں ان سب کو یہ کہہ کر خارج کر دینا چاہئے کہ محترمہ کی تفسیر کے مطابق مرد کی کمائی مرد کے لئے ہے عورت کا اس میں کوئی حق نہیں۔ استغفر اللہ تعجب ہے کہ ایسی کھلی بات بھی لوگوں کی عقل میں نہیں آتی۔

## ایک عبادت کیلئے دوسری عبادت کا چھوڑنا

س ...... ایک شخص ہے وہ اپنے پورے کنبے والدین' بیوی بچوں کی کفالت کرتا ہے اور ہر وقت اسی فکر میں رہتا ہے جس کے بعد بڑی مشکل سے اس کا گذر اوقات ہوتا ہے مگر وہ اس کسب معاش میں اتنا مصروف رہتا ہے کہ اس کو نماز وغیرہ کا وقت نہیں ملتا کیا ایسے شخص کا یہ کسب معاش عبادت کے درجہ میں نہیں ہو گا؟

ج ...... یہ شخص اگر کسب معاش اس لئے کرتا ہے کہ اس کو خدائے تعالیٰ نے حکم دیا کہ اپنے والدین اور اولاد کے لئے رزق حلال کی کوشش کرو اور واقعی رزق

حلال کے لئے کوشش کرتاہے تو واقعی وہ عبادت میں مصروف ہے کیونکہ حدیث میں آتاہے 'کہ جو شخص روزی اس لئے کماتاہے کہ اپنے بال بچوں کی پرورش کرے اور کسی کے سامنے ہاتھ نہ پھیلانا پڑے اور اسے خدائے تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرے تو وہ شخص ہروقت عبادت میں مصروف ہے اور اس کی یہ کمائی بھی عبادت کے درجہ میں ہے مگر اسکا مطلب یہ نہیں کہ وہ دوسرے فرائض سے غافل ہو جائے 'جس طرح والد کی خدمت کرنے والا اور والدہ کی خدمت نہ کرنے والا قابل مواخذہ ہے۔ایک اولاد کی پرورش کرنے والا اور دوسری اولاد کی پرورش نہ کرنے والا قابل مواخذہ ہے اس کی مثال بالکل اس طرح ہوگی کہ ایک شخص کسی جگہ نوکری کرتاہے اور اسکے ذمہ دو کام لگائے جاتے ہیں 'اب اگر وہ ایک کام میں اتنا منہمک ہو جائے کہ دوسرے کام سے جاتارہے تو ایسے شخص کے لئے یہ نہیں کہا جاسکتا کہ وہ اپنی نوکری کے فرائض پورے کر رہا ہے۔بلکہ اس کو نوکری سے جواب مل جائے گا۔اسی طرح خدائے تعالیٰ نے فرائض مقرر کئے ہیں اب جو شخص جس جس فرض کو پورا کرے گا تو اس کو اس فرض کی ادائیگی کا ثواب ملے گا اور اگر ایک فرض میں بھی کوتاہی کرے گا تو وہ اس فرض کے سلسلہ میں پکڑا جائے گا اور اس کو اس جرم کی سزادی جائے گی۔کسی ایک فرض کی ادائیگی سے دوسرے فرض سے وہ چھٹکارا نہیں پاسکتا۔

## قرآن 'خدا اور رسول کا واسطہ نہ ماننا

س ...... اگر کسی شخص کو خدا' رسول اور قرآن کا واسطہ دیا جائے 'مگر وہ پھر بھی نہ مانے تو کیا گناہ ہوتاہے؟

ج ...... ایسا شخص گنہگار ہی نہیں سنگ دل بھی ہے۔

## خبروں سے پہلے ریڈیو پر درود پڑھنا کیسا ہے؟

س ...... آج کل صبح روزانہ ریڈیو پاکستان سے خبروں سے قبل درود شریف پڑھا

جاتا ہے۔ لیکن ترنم سے اس کا کیا جواز ہے؟ کیا ایسی کوئی نظیر ہے یا اکابرین میں سے کسی نے ایسا کیا ہے؟

ج ...... درس حدیث سے پہلے درود شریف پڑھنا تو اکابر کا معمول دیکھا۔ شاید "خبروں کے درس" کو بھی درس حدیث پر قیاس کر لیا ہو گا لیکن اس کے لئے صنف نازک اور ترنم کا انتخاب کیوں کیا جاتا ہے؟ یہ ہماری عقل و فہم سے اونچی چیز ہے۔

## غیر مسلم کے مرنے پر انا للہ و انا الیہ راجعون پڑھنا!

س ...... جس طرح انسان مسلمان کے مرنے پر (انا للہ و انا الیہ راجعون) دعائیہ کلمات پڑھتے ہیں۔ کیا دعائیہ کلمات غیر مسلم کے مرنے پر پڑھ سکتا ہے۔ کوئی شخص یہ کہے کہ یہ دعا ہر شخص کے لئے پڑھی جا سکتی ہے خواہ وہ مسلمان ہو یا غیر مسلم، کوئی یہ کہے کہ میں اس چیز کو نہیں مانتا کہ یہ دعا صرف مسلم کیلئے ہی پڑھی جائے۔ اس کے ایمان کی کیا حالت ہوگی؟ اس کا جواب حدیث کی رو سے یعنی حدیث کے تحت دیا جائے؟

ج ...... میرے علم میں نہیں کہ کسی کافر کی موت پر انا للہ و انا الیہ راجعون پڑھی گئی ہو، قرآن کریم میں اس دعا کا پڑھنا مصیبت کے وقت بتایا گیا ہے، اگر کوئی شخص کسی غیر مسلم کے مرنے کو بھی اپنے حق میں مصیبت سمجھتا ہے تب تو واقعی اس دعا کو پڑھے گا مگر حدیث شریف میں تو یہ ہے کہ فاجر کے مرنے سے اللہ کی زمین اور اللہ کے بندے راحت پاتے ہیں۔

## زبور، تورات، انجیل کا مطالعہ کس کے لئے جائز ہے؟

س ...... میں عرصہ دراز سے ایک مسئلے میں الجھا ہوا ہوں اور وہ یہ ہے کہ کیا اس نیت سے زبور، تورات یا انجیل کا مطالعہ کرنا درست ہے کہ اس سے اسلام کی

حقانیت معلوم ہو جائے۔یا یہ معلوم کرنے کیلئے کہ دوسرے مذاہب اور اسلام میں کیا فرق ہے۔ ان کے پڑھنے سے یہ مقصود ہو کہ قرآن کسی قوم یا معاشرہ کی کس طرح اور کن اصولوں پر تشکیل کرنے کا حکم دیتا ہے اور دوسری مقدس کتابیں کسی معاشرہ کو تشکیل دینے میں کیا اصول دیتی ہیں اور دونوں کے کیا فوائد ہیں۔

میرے ایک دوست نے کہا کہ دیکھو بھائی! جب تک ہم زبور' انجیل اور تورات وغیرہ کا مطالعہ نہیں کریں گے ہم کس طرح یہ ثابت کر سکیں گے کہ اسلام ایک سچا مذہب ہے اور دوسرے مذاہب میں فلاں فلاں کوتاہیاں ہیں۔ اس کیلئے ضروری ہے کہ آپ پہلے اسلام کا کچھ مطالعہ رکھتے ہوں پھر ان کتابوں کا مطالعہ کریں تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ واقعی ان کتابوں میں ردوبدل ہو چکا ہے۔اگر میرے دوست کی بات صحیح مان لی جائے تو پھر وہ حضرت عمر فاروق ؓ جب شاید تورات پڑھ رہے تھے اور حضور اکرم ﷺ کا چہرہ مبارک غصہ سے لال ہو گیا کا واقعہ کس طرف جائے گا۔

میں نے ایک مولوی صاحب سے پوچھا تو انہوں نے جواب دیا کہ تورات وغیرہ کا مطالعہ صرف علماء کرام کو جائز ہے کیونکہ ان کا اسلام کے بارے میں کافی مطالعہ ہوتا ہے مگر آج کل کے علماء کرام تو فرقہ پرستی کے اندھیرے گڑھے میں گر چکے ہیں' خدا سے دعا ہے کہ تمام مسلمان علماء فرقہ پرستی سے باہر نکلیں اور آپس میں اتحاد و یگانگت پیدا کریں۔

ج ...... ا۔حضرت عمر ؓ کا جو واقعہ آپ نے ذکر کیا ہے مشکوۃ ص ۳۰ پر مسند احمد اور شعب الایمان بیہقی کے حوالے سے اور ص ۳۲ پر دارمی کے حوالہ سے مذکور ہے۔ مجمع الزوائد (ص ۱۷۳ ج ۱) میں اس واقعہ کی متعدد روایات موجود ہیں:

عن جابر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم حین اتاہ عمر فقال:

انا نسمع احاديث من يهود تعجبنا افترى ان نكتب بعضها فقال امتهو كون انتم كما تهوكت اليهود والنصارى لقد جئتكم بها بيضأ نقية ولو كان موسى حيا ما وسعه الا اتباعي رواه احمد، والبيهقي في شعب الايمان (مشکوۃ ص ۳۰).

۲۔اس حدیث کے پیش نظر مسلمانوں کو آنحضرت ﷺ کی لائی ہوئی شریعت (جو کامل ومکمل ہے) کے بعد یہودونصاریٰ کی کتابوں کے مطالعہ اور ان سے استفادہ کی کوئی ضرورت نہیں' بلکہ یہ چیز آنحضرت ﷺ کے عتاب اور ناراضی کی موجب ہے۔

۳۔خط کے شروع میں ان کتابوں کے مطالعہ کے جو مقاصد بیان کئے گئے ہیں وہ معتدبہ نہیں اور پھر ہر شخص اس کا اہل بھی نہیں چونکہ مسائل کی علمی استعداد کے بارے میں ہمیں علم نہیں اس لئے اس کو ان مقاصد کے لئے ان کتابوں کے مطالعہ کا مشورہ نہیں دیا جاسکتا۔

۴۔اہل کتاب کو جواب والزام کا جو مقصد "دوست" نے بیان کیا وہ اپنی جگہ صحیح ہے لیکن یہ عوام کا کام نہیں' بلکہ اہل علم میں سے بھی صرف ان حضرات کا کام ہے جو فن مباحثہ ومناظرہ میں ماہر ہوں' دوسرے لوگوں کو یہ چاہئے کہ ایسے موقع پر ایسے اہل علم سے رجوع کریں۔

۵۔مولوی صاحب نے جو بات کہی وہ صحیح ہے لیکن اس موقع پر فرقہ پرستی کا قصہ چھیڑنا صحیح نہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے عیسائیت کے موضوع پر ایسے ماہرین اہل علم موجود ہیں جو اس کام کو خوش اسلوبی سے کر رہے ہیں اور مسلمانوں کی طرف سے فرض کفایہ بجالا رہے ہیں۔

۶۔جو اہل علم بائیبل کا مطالعہ کرتے ہیں وہ ان سے استفادہ کیلئے نہیں کرتے

اس لئے حدیث مذکور کا اطلاق ان پر نہیں ہوتا۔

۷۔ پی ایچ ڈی کرنے والے حضرات بھی اگر اسلام کے اصول وفروع سے بخوبی واقف ہوں اور ان کا مقصد کتب سابقہ سے استفادہ نہ ہو تو ان کا بھی وہی حکم ہے جو جواب نمبر۶ میں لکھا گیا ہے۔

ان نکات میں آپ کے تمام خدشات کا جواب آگیا۔

۸۔ آخر میں آپ کو مشورہ دوں گا کہ اگر آپ اس موضوع پر بصیرت حاصل کرنا چاہتے ہیں تو حضرت مولانا رحمت اللہ کیرانوی ؒ کی کتاب ''اظہار الحق'' کا مطالعہ فرمائیں۔ اصل کتاب عربی میں ہے اس کا اردو ترجمہ ''بائیبل سے قرآن تک'' کے نام سے دارالعلوم کراچی کی طرف سے تین جلدوں میں شائع ہو چکا ہے۔

## عورت کا عورت کو بوسہ دینا

س ...... محترم کی خدمت میں اس سے پہلے بھی یہ سوال پوچھ چکی ہوں کہ کیا اسلام میں دوست کی کِس (Kiss) (بوسہ لینا) لینا جائز ہے یا ناجائز۔مگر جناب نے میری اس بات کا کوئی نوٹس ہی نہ لیا۔کیا وجہ ہے؟ کیا ہماری اس پریشانی کو حل نہیں کر سکتے۔ پلیز جلد از جلد میرے اس سوال کا جواب دیں۔کیونکہ ہم جب بھی دو دوست آپس میں (Kiss) کرنے لگتی ہیں تو فوراً اس عمل سے کنارہ کشی اختیار کرنا پڑتی ہے حالانکہ قرآن وحدیث کی رو سے تو ایک دوسرے کو پاک بوسہ دینا چاہئے؟

ج ...... مرد کا مرد کو اور عورت کا عورت کو بوسہ دینا جائز ہے بشرطیکہ شہوت اور فتنہ کا اندیشہ نہ ہو (درمختار)

## پردہ کی مخالفت کرنے والے والدین کا حکم ماننا

س ...... میرے والدین پردہ کرنے کے خلاف ہیں میں کیا کروں؟

ج ...... اللہ اور اس کے رسول ﷺ بے پردگی کے خلاف ہیں، آپ کے والدین کا اللہ اور رسول ﷺ سے مقابلہ ہے آپ کو چاہئے کہ اس مقابلہ میں اللہ ورسول ﷺ کا ساتھ دیں۔ والدین اگر اللہ ورسول ﷺ کی مخالفت کر کے جہنم میں جانا چاہتے ہیں تو آپ ان کے ساتھ نہ جائیں۔

## کیا فقہ حنفی کی رو سے چار چیزوں کی شراب جائز ہے؟

س ...... چونکہ ہماری فقہ شریف (فقہ حنفیہؒ) میں چار قسم کی شراب حلال ہے۔ ہدایہ شریف کتاب الاشربہ میں حضرت الامام الاعظم ابو حنیفہؒ نے گیہوں، جو، جوار، اور شہد کی شراب حلال لکھی ہے اور اس کے پینے والے پر اگر نشہ بھی ہو جائے تو اس کی حد نہیں۔

ہم نے ایک کمپنی قائم کی ہے جس کا نام حنفی وائن اسٹور رکھا ہے۔ اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ اگر اس میں بیئر، وہسکی، برانڈی اور شمپیئن فروخت کریں تو یہ جائز ہو گا یا نہیں؟

ج ...... فقہ حنفی میں فتویٰ اس پر ہے کہ ہر نشہ آور شراب حرام ہے۔ نجس ہے اور قابل حد ہے۔ (شامی ص ۴۵۵ ج ۶ طبع جدید)

## ویڈیو گیمز کی دکان میں قرآن کا فریم لگانا

س ...... ویڈیو گیمز کی ایک دکان میں تیز میوزک کی آواز، نیم عریاں تصویریں دیواروں پر لگی ہوئیں، جدید دور کے ترجمان، لڑکے اور لڑکیاں گیمز کھیلنے میں مصروف اور کھلے ہوئے قرآن کا فریم لگا ہوا۔ دکان کے مالک لڑکے سے کہا کہ یہ قرآن کی بے حرمتی ہے کہ ان تمام چیزوں کے ہوتے ہوئے تم نے اس کا فریم بھی لگایا ہوا ہے۔ کہنے لگا کہ یہ ان تمام چیزوں سے اوپر ہے۔ پوچھا کیوں لگایا؟ بولا برکت کے لئے۔ اس سے پہلے کہ میں کوئی قدم اٹھاؤں آپ سے عرض ہے

کہ کیا ایسے مقامات پر قرآن یا اس کی آیات کا لگانا جائز ہے؟ اگر یہ بے حرمتی ہے تو مسلمان کی حیثیت سے ہماری کیا ذمہ داری ہوگی کیونکہ یہ چیزیں اب اکثر جگہوں پر دیکھی جاتی ہیں۔

ج ...... ناجائز کاروبار میں "برکت" کیلئے قرآن مجید کی آیات لگانا بلاشبہ قرآن کریم کی بے حرمتی ہے' مسلمان کی حیثیت سے تو ہمارا فرض یہ ہے کہ ایسے گندے اور حیاسوز کاروبار ہی کو رہنے نہ دیا جائے' جس گلی' جس محلے میں ایسی دکان ہو لوگ اس کو برداشت نہ کریں۔ قرآن کریم کی اس بے حرمتی کو برداشت کرنا تو پورے معاشرہ کے لئے اللہ تعالیٰ کے قہر کو دعوت دینا ہے۔

## امتحان میں نقل کروانے والا استاذ بھی گناہ گار ہوگا

س ...... آج کل کے امتحانات سے ہر ایک بخوبی واقف ہے۔ امتحانات میں ٹیچر دو قسم کے ہوتے ہیں' پہلا وہ جو اپنے فرض کو بخوبی انجام دیتا ہے اور طالب علموں کو نقل سے روکتا ہے۔ دوسرا وہ جو اپنے فرض کو کوتاہی سے ادا کرتا ہے اور طالب علموں کو نقل کرنے سے نہیں روکتا اور خود یہ کہتا ہے کہ ایک دوسرے کی مدد کرو' وہ خود دروازے پر کھڑا ہو جاتا ہے اور جب کوئی چیک کرنے آتا ہے تو طالب علموں کو خبردار کرتا ہے۔ جو ٹیچر طلباء کو روکتا ہے تو وہ طالب علم اس کے دشمن ہو جاتے ہیں اور جب ٹیچر باہر نکلتا ہے تو اسے اذیت پہنچاتے ہیں۔ اس صورت میں اس ٹیچر کو کیا راستہ اختیار کرنا چاہئے' کیا وہ بھی دوسرے ٹیچروں کی طرح ہو جائے۔ دوسرا ٹیچر جو اپنے فرض کو صحیح طرح ادا نہیں کرتا۔ کیا وہ گناہ کا مرتکب نہیں ہوگا۔ کیا طالب علم دونوں صورتوں میں گناہ گار ہوتا ہے۔ اس صورت میں تو طالب علم گناہ گار ہوتا ہوگا کہ اسے نقل سے روکا جائے اور جب بھی وہ نقل کرے لیکن کیا اس صورت میں بھی گناہ گار ہوتا ہے کہ جب ٹیچر خود نقل کرنے کی اجازت دے دیں۔

ج ...... امتحان میں نقل کرنا خیانت اور گناہ ہے۔ اگر استاد کی اجازت سے ہو تو استاد اور طالب علم دونوں خائن اور گناہ گار ہوں گے اور اگر استاد کی اجازت کے بغیر ہے تو صرف طالب علم ہی خائن ہوں گے۔

## صرف اپنا دل بہلانے کے لئے شعر پڑھنا

س ...... آپ کے کالم میں میں نے پڑھا تھا کہ ایسی شاعری جس سے کسی کے جذبات ابھریں، منع ہے لیکن اگر بالفرض میں شاعری کروں صرف جذبات کی آگ بجھانے کیلئے اور وہ اشعار صرف میرے پاس رہیں کوئی اور انہیں نہ پڑھ سکے صرف اپنے لئے اشعار لکھے جائیں تو ایسی صورت میں اسلام کیا حکم دیتا ہے؟

ج ...... حق تعالیٰ شانہ کی حمد و ثناء، آنحضرت ﷺ کے اوصاف جمیلہ اور اخلاق عالیہ پر مشتمل شعر کہہ لیا کریں اسی طرح عقل و دانش اور علم و حکمت کے اشعار کی بھی اجازت ہے، اس کے علاوہ شعر و شاعری فضول ہے، آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے کہ کسی کا پیٹ پیپ سے بھر جائے یہ اس سے بہتر ہے کہ اس کا سینہ شعروں سے بھرا ہوا ہو۔

## شعائر اسلام کی توہین اور اس کی سزا

س ...... اسلام آباد میں گزشتہ دنوں دو روزہ بین الاقوامی سیرت کانفرنس برائے خواتین منعقد ہوئی جس میں عالم اسلام کی جید عالم دین خواتین نے شرکت کی۔ اس کانفرنس میں جہاں اسلام کے مقاصد کو آگے بڑھانے کے لئے کام ہوا وہاں بعض باتیں ایسی بھی ہیں جو توجہ طلب ہیں۔ ٹیلی ویژن کی ایک ادیبہ نے کہا کہ مردوں میں کوئی نہ کوئی کجی رکھی گئی ہے یہ قدرت کی مصلحت ہے کہ حضور ﷺ کے بیٹا نہیں تھا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے باپ نہیں (بحوالہ رپورٹ روزنامہ جسارت صفحہ نمبر ۲ مورخہ ۲۴ دسمبر ۸۶ء)

آپ برائے مہربانی قرآن وسنت کی روشنی میں یہ بتایئے کہ ایسا کیوں تھا اور ایک اسلامی حکومت میں ایسی خواتین کے لئے کیا سزا ہے۔ برائے کرم آپ اخبار جنگ کے توسط سے جواب دیجئے تاکہ عام مسلمان بھی فائدہ اٹھا سکیں۔

ج ...... حدیث شریف میں ہے کہ عورت ٹیڑھی پسلی سے پیدا کی گئی ہے اور اس کو سیدھا کرنا ممکن نہیں اگر اس کو سیدھا کرنے کی کوشش کروگے تو ٹوٹ جائے گی اور اس کا ٹوٹنا طلاق ہے (مشکوٰۃ شریف ص ۲۸۰)

ادیبہ صاحبہ نے (جو شاید اس اجتماع کے شرکاء میں سب سے بڑی عالم دین کی حیثیت میں پیش ہوئی تھیں) اپنے اس مصرعے میں آنحضرت ﷺ کے مندرجہ بالا ارشاد کے مقابلہ کی کوشش کی ہے۔

ادیبہ کی عقل ودانش کا عالم یہ ہے کہ وہ آنحضرت ﷺ کے صاحب زادوں کے عمر نہ پانے کو اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بن باپ پیدائش کو نقص اور کجی سے تعبیر کرتی ہیں "اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن." حالانکہ اہل فہم جانتے ہیں کہ یہ دونوں چیزیں نقص نہیں، کمال ہیں۔ جس کی تشریح کا یہ موقع نہیں۔

رہا یہ کہ ایک اسلامی حکومت میں ایسی دریدہ دہن عورتوں کی کیا سزا ہے؟ اس کی سزا تو خود "اسلامی حکومت" نے تجویز کردی ہے کہ اس محترمہ کو ٹیلی ویژن کی ادیبہ بنا دیا ہے کسی پردہ نشین کے لئے اس سے بڑھ کر کیا سزا ہو سکتی ہے کہ وہ ٹی وی کی اسکرین پر اپنی آبرو کی عام نمائش کرانے پر مجبور ہو۔

## استمنٰی بالید کی شرعی حیثیت

س ...... کراچی ہسپتال لمیٹڈ جس کے بانی اعلیٰ ڈاکٹر سید مبین اختر ہیں، کا جریدہ "نوجوانوں کے جنسی مسائل" اتفاقاً میرے ہاتھ لگ گیا۔ اس کے مطالعہ کے دوران میری نظر سے چند ایسی باتیں گذریں جن کے متعلق انہوں نے حضرت امام مالک ؒ، امام شافعی ؒ، امام ابو حنیفہ ؒ اور امام احمد ؒ کے فتاویٰ کا حوالہ اور

حدیثوں کا ذکر کیا ہے' نہ صرف یہ بلکہ حضور پر نور محبوب خدا نبی آخر الزمان ﷺ سے بھی تعلق ظاہر کیا ہے۔ اس لئے میں ان باتوں کی شرعی حیثیت اور تصدیق چاہتا ہوں' کیونکہ میرے ناقص علم کے مطابق ان کا بیان غلط اور گمراہ کن ہے۔

میں اس جریدہ کے متعلقہ صفحات کی تصویری نقول ہمرشتہ ہذا کر رہا ہوں تاکہ خود مطالعہ فرما کر مجھے جواب سے جلد سرفراز فرمائیں۔

صفحہ گیارہ پر "اسلام میں مشت زنی" کے عنوان کے تحت ڈاکٹر صاحب لکھتے ہیں:

> "امام ابو حنیفہؒ کا یہ خیال ہے کہ کسی بڑے گناہ سے بچنے کے لئے شدت جذبات میں یہ ہو جائے تو امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے معاف کرے گا"۔ امام احمد بن حنبل کے خیال میں مشت زنی بالکل حلال ہے اور جائز اور اس میں کوئی گناہ نہیں ہے"

کیا ڈاکٹر صاحب کا یہ بیان درست ہے؟ اگر درست ہے تو حوالہ کی کتب وغیرہ کے نام سے مطلع فرمائیں۔

جریدہ کے صفحہ ۱۶ پر ڈاکٹر صاحب رقمطراز ہیں

> "اسلام میں تو بیک وقت چار بیویاں رکھنے کی اجازت ہے اور حضرت محمد ﷺ کی خود تو بارہ بیویاں تھیں اور یہ حدیثوں میں مذکور ہے کہ بسا اوقات ایک ہی رات میں وہ سب بیویوں سے مباشرت کر لیتے تھے۔ اگر یہ اتنا نقصان دہ عمل ہوتا تو یقیناً دین فطرت نہ اتنی بیویوں کی اجازت دیتا اور نہ اس قسم کے عمل کی اجازت ہوتی"۔

کیا ڈاکٹر صاحب کا یہ ارشاد درست ہے؟ ایسا کن احادیث میں مذکور ہے؟ درست ہونے کی صورت میں حدیثوں سے مطلع فرمائیں۔

اسی صفحہ کے کالم دو کی آخری سطور اور کالم تین میں ڈاکٹر موصوف نے فرمایا ہے کہ "مباشرت سے پہلے عضو سے منی کے قطرے رستے ہیں۔"

حدیثوں میں بھی اس کا ذکر آتا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے معلوم کروایا کہ اس کو پاک کیسے کرنا چاہئے' تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر منی رسنا شروع کر دے اور زور سے نہ نکلے جیسا کہ مباشرت میں نکلتی ہے تو صرف عضو کا دھو دینا کافی ہوتا ہے اور اگر زور سے نکلے جیسا کہ مباشرت میں نکلتی ہے یا احتلام میں نکلتی ہے تو پھر غسل ضروری ہے"۔ کیا حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا حکم فرمایا تھا؟ یہ حکم کن احادیث میں مذکور ہے؟ احادیث اور احکام شرعیہ سے مطلع فرمائیں تاکہ تسلی ہو اور دینی معلومات میں اضافہ ہو۔ بے حد مشکور و ممنون ہوں گا۔

اگر ڈاکٹر صاحب موصوف کے بیانات غلط اور احکامات شرعیہ کے خلاف ہیں تو برائے مہربانی مطلع فرمائیں۔

ج ...... ڈاکٹر صاحب کے مضمون میں نوجوانوں کی غلط رہنمائی کی گئی ہے۔ آج کل نوجوان ویسے بھی بہت سے جنسی امراض میں مبتلا ہیں۔ اگر انہوں نے ڈاکٹر صاحب کے غلط مشوروں پر آنکھیں بند کر کے عمل کرنا شروع کر دیا' پھر تو ان کی صحت و کردار کا خدا ہی حافظ ہے۔

ڈاکٹر صاحب نے مشت زنی کے بارے میں اعتراف کیا ہے کہ امام مالک ؒ و امام شافعی ؒ اس کو حرام اور گناہ سمجھتے ہیں' لیکن موصوف نے امام ابو حنیفہ ؒ اور امام احمد ؒ کی طرف جو جواز کا قول منسوب کیا ہے غلط ہے' یہ فعل قبیح ائمہ اربعہ کے نزدیک حرام ہے' یہاں میں فقہاء اربعہ کے مذاہب کی کتابوں کے حوالے درج کر دیتا ہوں۔

**فقہ حنبلی:** امام موفق الدین عبداللہ بن احمد بن محمد بن قدامہ مقدسی المتوفی ۶۲۰ھ "المغنی" شرح مختصر خرقی میں لکھتے ہیں:

"ولو استمنی بیده فقد فعل محرماً، ولا یفسد صومه به الا

ان ینزل، فان انزل فسد صومه."

ترجمہ: اگر کسی نے اپنے ہاتھ سے منی خارج کی تو اس نے حرام کا ارتکاب کیا' اور اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ الا یہ کہ انزال ہوجائے۔ اگر انزال ہوجائے تو روزہ فاسد ہوجائے گا۔

(المغنی مع الشرح الکبیر ص ۴۸ ج ۳)

امام شمس الدین ابو الفرج عبدالرحمٰن بن ابی عمر محمد بن احمد بن قدامہ المقدسی الحنبلی المتوفی ۶۸۲ھ الشرح الکبیر میں لکھتے ہیں:

"ولو استمنی بیده فقد فعل محرّمًا، ولا یفسد صومه بمجرده، فان انزل فسد صومه."

ترجمہ: اور اگر کسی نے اپنے ہاتھ سے منی خارج کی تو اس نے حرام کا ارتکاب کیا' اور اس سے روزہ فاسد نہیں ہوتا' لیکن اگر انزال ہوگیا تو روزہ فاسد ہوجائے گا۔ (حوالہ بالا ص ۴۹ ج ۳)

دونوں عبارتوں کا مفہوم یہ ہے کہ جس شخص نے اپنے ہاتھ سے مادہ منویہ خارج کرنے کی کوشش کی اس نے فعل حرام کا ارتکاب کیا' اگر انزال ہو جائے تو روزہ ٹوٹ جائے گا' اور اگر انزال نہیں ہوا تو روزہ فاسد نہیں ہوا' یہ دونوں امام احمد بن حنبل ؒ کے مذہب کی مستند کتابیں ہیں' اور ان میں اس فعل کے حرام ہونے کی تصریح کی گئی ہے' جواز کا قول سرے سے نقل ہی نہیں کیا' بعض حضرات نے امام احمد بن حنبل ؒ سے جواز کا جو قول نقل کیا ہے (اور جس سے ڈاکٹر صاحب کو دھوکہ ہوا ہے) یا تو اس کی نقل میں غلطی ہوئی ہے۔ یا ممکن ہے کہ پہلے ان کا قول جواز کا ہو بعد میں اس سے رجوع کر لیا ہو۔ بہرحال امام احمد بن حنبل ؒ کا مذہب وہی سمجھا جائے گا جو ان کی مستند کتابوں میں نقل کیا گیا ہے۔

**فقہ شافعی :** امام ابو اسحاق ابراہیم بن علی بن یوسف الشیرازی الشافعی (المتوفی ۴۷۶ھ) ''المہذب'' میں لکھتے ہیں :

"ویحرم الاستمناء لقولہ عزّوجلّ : ﴿ والذین ھم لفروجھم حافظون الا علیٰ ازواجھم اوماملکت ایمانھم فانھم غیر ملومین ﴾ ولانھا مباشرۃ تفضی الی قطع النسل فحرم کاللواط، فان فعل عزّر و لم یحد." الخ

(شرح مہذب ص ۳۱ ج ۲۰)

ترجمہ : ''اور مشت زنی حرام ہے۔کیونکہ حق تعالیٰ کا ارشاد ہے :
''اور جو اپنی شرم گاہوں کی حفاظت رکھنے والے ہیں لیکن اپنی بیویوں سے یا شرعی لونڈیوں سے 'کیونکہ ان پر کوئی الزام نہیں'' اور نیز اس لئے کہ یہ ایسی مباشرت ہے جس کا انجام قطع نسل ہے 'اس لئے لواطت کی طرح یہ بھی حرام ہے 'پس اگر کسی نے یہ فعل کیا تو اس پر تعزیر لگے گی 'حد جاری نہیں ہوگی''۔

**فقہ مالکی :** امام ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بہ ابن العربی المالکی (المتوفی ۵۴۳ھ) ''احکام القرآن'' میں لکھتے ہیں :

"قال محمد بن عبدالحکم سمعت حرملۃ بن عبدالعزیز قال سئلت مالکًا عن الرجل یجلد عمیرۃ، فتلا ھذہ الآیۃ : ﴿والذین ھم لفروجھم حافظون، الا علی ازواجھم اوما ملکت ایمانھم فانھم غیر ملومین، فمن ابتغی وراء ذالك فاؤلئك ھم العادون ﴾ (المومنون : ۵-۷)
وعامۃ العلماء علی تحریمہ وھو الحق الذی لا ینبغی ان یدان اللہ الابہ."

(احکام القرآن ابن عربی ص ۱۳۱۰ ج ۳' الجامع لاحکام القرآن' قرطبی ۱۰۵ ج ۱۲)

ترجمہ :" محمد بن الحکم کہتے ہیں میں نے حرملہ بن عبدالعزیز سے سنا وہ فرماتے ہیں کہ میں نے امام مالک ؒ سے مشت زنی کے بارے میں سوال کیا' تو آپ نے یہ آیات تلاوت فرمائیں : "اور جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت رکھنے والے ہیں' لیکن اپنی بیویوں یا شرعی لونڈیوں سے 'کیونکہ ان پر کوئی الزام نہیں' ہاں جو اس کے علاوہ کا طلب گار ہو ایسے لوگ حد شرعی سے نکلنے والے ہیں۔" اور عام علماء اس کی حرمت کے قائل ہیں اور یہی وہ حق ہے جس کو اپنے لئے دین خداوندی قرار دینا چاہئے"۔

**فقہ حنفی :** فقہ حنفی کے مشہور متن درمختار میں ہے :

"في الجوهرة: "الاستمناء حرام، وفيه التعزير. "

(ردالمحتار حاشیہ درمختار ص ۷ ۲ جلد ۴ کتاب الحدود)

ترجمہ :"جوہرہ میں ہے کہ مشت زنی حرام ہے اور اس میں تعزیر لازم ہے"۔

علامہ ابن عابدین شامی ؒ اس کے حاشیہ میں لکھتے ہیں :

"قوله: الاستمناء حرام اى بالكف اذا كان لاستجلاب الشهوة– اما اذا غلبة الشهوة وليس له زوجة ولا امة ففعل ذالك لستكينها فالرجاء انه لا وبال عليه، كما قاله ابو الليث، ويجب لو خاف الزنا"—

(ردالمحتار حاشیہ درمختار ص ۷ ۲ جلد ۴ کتاب الحدود)

ترجمہ : "اپنے ہاتھ سے منی خارج کرنا حرام ہے' جبکہ یہ فعل شہوت لانے کے لئے ہو'لیکن جس صورت میں کہ اس پر شہوت کا غلبہ ہو' اور اس کی بیوی یا لونڈی نہ ہو' اگر وہ شہوت کی تسکین کے لئے ایسا کر لے تو امید ہے کہ اس پر وبال نہیں ہوگا جیسا کہ

ابواللیث ؒ نے فرمایا ہے ' اور اگر زنا میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہو تو ایسا کرنا واجب ہے"۔

اس عبارت سے چند باتیں معلوم ہوئیں۔

اول : عام حالات میں مشت زنی حرام ہے موجب وبال ہے اور اس کے کرنے والے پر تعزیر لازم ہے۔

دوم : اگر شہوت کا اس قدر غلبہ ہے کہ کسی طرح سکون نہیں ہوتا اور قضائے شہوت کا صحیح محل بھی موجود نہیں تو امام فقیہہ ابو اللیث کا قول ہے کہ اگر تسکین شہوت کی نیت سے ایسا کرلے تو امید رکھنی چاہئے کہ اس پر وبال نہیں ہوگا۔

یہاں ڈاکٹر صاحب سے دو غلطیاں ہوئی ہیں۔ایک یہ کہ یہ امام ابو حنیفہ ؒ کا قول نہیں۔بلکہ بعد کے مشائخ کی تخریج ہے اس کو امام ابو حنیفہ ؒ کا قول قرار دینا غلط ہے۔

دوم یہ کہ ڈاکٹر صاحب اس کو عام اجازت سمجھ گئے حالانکہ یہ ایک خاص حالت کے اعتبار سے ہے۔

اس کی مثال ایسی ہے کہ رشوت قطعی حرام ہے 'لیکن فقہاء لکھتے ہیں کہ اگر ظالم کو رشوت دیکر اس کے ظلم سے بچا جائے تو امید کی جاتی ہے کہ رشوت دینے والے پر مواخذہ نہیں ہوگا' اب اگر اس مسئلہ سے کوئی شخص یہ کشید کرلے کہ رشوت حلال ہے 'بعض صورتوں میں فقہاء نے اس کی اجازت دی ہے تو صحیح نہیں ہوگا۔حرام اپنی جگہ حرام ہے۔لیکن اگر کوئی شخص شدید مجبوری کی حالت میں یا اس سے بڑے حرام سے بچنے کے لئے اس کا ارتکاب کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے یہی امید رکھنی چاہئے کہ اس کی مجبوری پر نظر فرماتے ہوئے اس سے مواخذہ نہیں فرمائیں گے۔لیکن ڈاکٹر صاحب نے اس کو جواز کی آڑ بنا کر نوجوانوں کو اس کی باقاعدہ دعوت دینی شروع کر دی۔

۲- ڈاکٹر صاحب کی یہ بات تو صحیح ہے کہ اسلام نے چار تک شادی کرنے کی اجازت دی ہے بشرطیکہ ان کے حقوق ادا کرنے کی صلاحیت رکھے اور عدل وانصاف کے ساتھ حقوق ادا بھی کرے' ورنہ احادیث شریفہ میں اس کا سخت وبال ذکر کیا گیا ہے۔ لیکن ڈاکٹر صاحب کا یہ ارشاد صحیح نہیں کہ آنحضرت ﷺ کی بیک وقت بارہ بیویاں تھیں۔ اور یہ کہ آپ ﷺ "بسا اوقات" ایک ہی شب میں تمام ازواج سے فارغ ہو لیتے تھے۔

آنحضرت ﷺ کی ازواج مطہرات رضی اللہ تعالیٰ عنہن کی کل تعداد مشہور اور معتمد روایت کے مطابق گیارہ ہے۔ ان میں حضرت ام المومنین خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کا انتقال تو مکہ مکرمہ میں ہجرت سے تین سال قبل رمضان ۱۰ نبوت میں ہو گیا تھا' اور ان کی موجودگی میں آنحضرت ﷺ نے کوئی اور عقد نہیں فرمایا' اور ام المومنین حضرت زینب بنت خزیمہ ام المساکین رضی اللہ عنہا سے آنحضرت ﷺ نے رمضان ۳ھ میں عقد کیا اور آٹھ مہینے بعد ربیع الثانی ۴ھ میں ان کا انتقال ہو گیا تھا' آنحضرت ﷺ کے وصال کے وقت نواز واج مطہرات رضی اللہ عنہن موجود تھیں جن کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔

حضرت عائشہ' حضرت صفیہ' حضرت ام حبیبہ' حضرت سودہ' حضرت ام سلمہ' حضرت ماریہ قبطیہ' حضرت حفصہ' حضرت زینب بنت جحش اور حضرت میمونہ رضی اللہ عنہن۔

تمام ازواج سے فارغ ہونے کا واقعہ کبھی شاذونادر ہی پیش آیا اس کو "بسا اوقات" کے لفظ سے تعبیر کرنا درست نہیں' پھر یہ بھی یاد رہنا چاہئے کہ آنحضرت ﷺ کو اہل جنت کے چالیس مردوں کی طاقت عطا کی گئی تھی۔ اور جنت میں آدمی کو سو مردوں کی طاقت ہوگی۔ حافظ ابن حجرؒ ان روایات کو نقل کر کے لکھتے ہیں:

"فعلی هذا یکون حساب قوة نبینا (صلی اللہ علیہ وسلم) اربعة آلاف."

(فتح الباری ص ۳۷۸' ج ۱-کتاب الغسل' باب اذا جامع ثم عاد)

اس لئے دوسرے لوگوں کو آنحضرت ﷺ پر قیاس کرنا صحیح نہیں۔

۳-ڈاکٹر صاحب کا یہ کہنا کہ مباشرت سے پہلے عضو سے منی کے قطرے رستے ہیں..... الخ بالکل غلط ہے۔غالباً موصوف نے مذی اور منی کے درمیان فرق نہیں کیا' حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے "مذی" کا حکم دریافت کروایا تھا' منی کا نہیں۔

جو لیس دار رقیق مادہ شہوت کی حالت میں غیر محسوس طور پر خارج ہوتا ہے وہ "مذی" کہلاتا ہے۔اس کے خروج سے شہوت ختم نہیں ہوتی۔اور جو مادہ قوت اور دفق کے ساتھ (کود کر) خارج ہوتا ہے اور جس کے خروج کے بعد شہوت کو تسکین ہو جاتی ہے اسے "منی" کہا جاتا ہے' "مذی" سے غسل لازم نہیں آتا' منی کے خروج سے لازم آتا ہے۔

۴-مشت زنی یا کثرت جماع کا اثر انسانی صحت پر کیا ہوتا ہے؟ یہ اگرچہ شرعی مسئلہ نہیں کہ ہمیں اس پر گفتگو کی ضرورت ہو۔تاہم چونکہ ڈاکٹر صاحب نے "مشت زنی" ایسے فعل کی ترغیب کے لئے یہ نکتہ بھی اٹھایا ہے کہ اس سے انسانی صحت متاثر نہیں ہوتی۔بلکہ "مشت زنی" اور کثرت جماع صحت کے لئے مفید ہے' اس لئے یہ عرض کر دینا ضروری ہے کہ ڈاکٹر صاحب کا یہ نظریہ دنیا بھر کے اطباء و حکماء کی تحقیق اور صدیوں کے تجربات کے قطعاً خلاف ہے' وظیفہ زوجیت اگر حد اعتدال کے اندر ہو تو اس کو تو مفید صحت کہا جا سکتا ہے' مگر اغلام' لواطت' مشت زنی اور دیگر غیر فطری طریقوں سے مادہ کا اخراج ہرگز مفید صحت نہیں ہو سکتا' بلکہ انسانی صحت کے لئے مہلک ہے۔اسی طرح وظیفہ زوجیت ادا کرنے میں حد اعتدال سے تجاوز بھی غارتگر صحت ہے۔

## سر کے بالوں کو صاف کرانا

س ...... ایک مولانا یہ فرماتے ہیں کہ سر پر پٹھوں کا رکھنا ہر ایک کے لئے ضروری ہے، سوائے حج و عمرہ کے سر منڈانا بدعت ہے۔

لہٰذا جناب تحقیق کر کے تحریر فرمائیں کہ کیا حضور پاک ﷺ نے مدینہ منورہ میں سر منڈایا ہے اور خلفاء راشدین کا کیا عمل ہے اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا، ائمہ اربعہ کا کیا مذہب ہے۔ اور صحاح ستہ کے محدثین کا کیا مسلک ہے۔

ج ...... ومن اللہ الصدق والصواب

آنحضرت ﷺ کا حج و عمرہ کے علاوہ سر مبارک کے بال صاف کرانا میرے علم میں نہیں ہے۔ البتہ بعض احادیث میں سر منڈانے کا جواز معلوم ہوتا ہے اور وہ درج ذیل ہیں:

(۱) عن ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہ ان النبی ﷺ رأی صبیاً قد حلق بعض رأسہ وترک بعضہ فنہاہم عن ذالک فقال احلقوہ کلہ او اترکوہ کلہ. (ابو داؤد ج ۲، ص ۲۲۱)

ترجمہ: "حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ایک بچے کو دیکھا جس کے سر کا کچھ حصہ منڈا ہوا تھا اور کچھ چھوڑ دیا گیا تھا۔ آنحضرت ﷺ نے ان کو اس سے منع فرمایا اور ارشاد فرمایا: یا تو پورا منڈاؤ، یا پورا چھوڑ دو"۔

(۲) عن عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہما ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم امہل آل جعفر ثلاثاً ان یاتیہم، ثم اتاہم فقال لاتبکوا علی اخیہ بعد الیوم، ثم قال ادعوا الی بنی اخی، فجیئ بنا کاننا افرخ، فقال ادعوا الی الحلاق فحلق رؤسنا. (ابوداؤد، ج ۲ ص ۲۲۱)

ترجمہ : ”حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ (جب ان کے والد حضرت جعفر رضی اللہ عنہ، جنگ موتہ میں شہید ہوئے تو) آنحضرت ﷺ نے آل جعفرؓ کو تین دن تک (اظہار غم) کی مہلت دی کہ آپ ﷺ ان کے پاس تشریف نہیں لائے۔ پھر (تین دن بعد) ان کے پاس تشریف لائے اور فرمایا: ”آج کے بعد میرے بھائی پر نہ رونا“۔ پھر فرمایا: ”میرے بھتیجوں کو میرے پاس بلاؤ“۔ چنانچہ ہمیں لایا گیا گویا ہم چوزے ہیں۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: حلاق کو بلاؤ چنانچہ (حلاق بلایا گیا اور) اس نے ہمارے سر کے بال صاف کئے“۔

(۳) عن ابی هریرة رضی الله تعالی عنه ان رسول الله ﷺ قال: من کان له شعر فلیکرمه. (ابوداؤد، ج ۲ ص ۲۱۷)

ترجمہ : ”حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس کے بال رکھے ہوئے ہوں اسے چاہئے کہ ان کو اچھی طرح رکھے، (کہ تیل لگایا کرے اور کنگھی کیا کرے)۔

حدیث اول (حدیث نهی عن القزع) کے ذیل میں لامع الدراری میں حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ نے ”تقریر مکی“ کے حوالے سے حضرت اقدس گنگوہیؒ کا ارشاد نقل کیا ہے:

”وفي تقرير المكي: قال قدس سره القزع في اللغة حلق بعض الرأس وترك بعضه فهو مكروه تحريماً كيف ما كان، لاطلاق النهي عنه..... الى قوله..... فالحاصل ان السنة حلق الكل او ترك الكل وما سواهما كلّه منهي عنه.“

(لامع جلد ۳، ص ۲۳۰، مطبوعہ سہارنپور)

ترجمہ : ”تقریر مکی میں ہے کہ حضرت گنگوہی قدس سرہ نے فرمایا کہ

لغت میں "قزع" کے معنی ہیں سر کے کچھ حصہ کو مونڈ دیا جائے اور کچھ چھوڑ دیا جائے' یہ مطلقاً مکروہ تحریمی ہے' خواہ کسی شکل میں ہو' کیونکہ ممانعت مطلق ہے..... حاصل یہ کہ سنت یا تو پورے سر کا حلق کرنا ہے یا پورے کا چھوڑ دینا' ان دونوں صورتوں کے سوا ہر صورت ممنوع ہے"۔

اور دوسری حدیث کے ذیل میں حضرت اقدس سہارنپوری "بذل المجہود" میں تحریر فرماتے ہیں:

وفیه ان الکبیر من اقارب الاطفال یتولی امرهم و ینظر في مصالحهم من حلق الرأس وغیره. (بذل' ج ۵' ص ۷۷' سہارنپور)

ترجمہ: "اس حدیث سے یہ مسئلہ معلوم ہوا کہ بچوں کے اقارب میں جو بڑا ہو وہ بچوں کے معاملات کا متولی ہوگا اور ان بچوں کی ضروریات و مصالح مثلاً سر منڈانا وغیرہ (کا نظر رکھے گا)"۔

اکابر کی ان تصریحات کے مطابق آنحضرت ﷺ کے ارشادات سے سر کے بال اتارنے کا جواز ثابت ہوتا ہے۔ اس لئے حضرت گنگوہی قدس سرہ "حلق" کو سنت سے تعبیر فرماتے ہیں۔

حضرات خلفائے راشدین میں خلفائے ثلاثہ رضی اللہ عنہم سے حج و عمرہ کے علاوہ سر کے بال صاف کرانے کی روایت نہیں ملی' البتہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ سر کے بال صاف کراتے تھے:

عن علی رضی اللہ عنہ قال ان رسول اللہ ﷺ قال: من ترك موضع شعرة من جنابة لم یغسلها فعل بها کذا و کذا من النار. قال علیٌ فمن ثم عادیت رأسي، فمن ثم عادیت رأسي، فمن ثم عادیت رأسي. و کان یجز شعره رضی اللہ عنه.

(ابوداؤد' ج ۱ ص ۳۳)

ترجمہ: "حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا

: جس نے غسل جنابت میں بدن کے ایک بال کی جگہ کو بھی چھوڑ دیا
کہ اس کو نہ دھویا اس کو دوزخ میں ایسے ایسے جلایا جائے گا۔
حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ (اس حدیث کو بیان کرکے) فرماتے تھے کہ اسی لئے
میں نے اپنے سر سے دشمنی کر رکھی ہے' تین بار فرمایا۔ راوی کہتے
ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے سر کے بال تراشا کرتے تھے (اسی کو
دشمنی سے تعبیر فرمایا)"۔

دیگر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ
(صاحب سر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) سے بھی مروی ہے کہ وہ سر منڈاتے تھے:

عن ابی البختری قال خرج حذیفة رضی اللہ عنه وقد جم
شعره، فقال ان تحت کل شعرة لا یصیبها الماء جنابة
فعافوها فلذالك عادیت رأسی کما ترون.

(مصنف ابن ابی شیبۃ جلد ۱ص ۱۰۰)

ترجمہ: "ابو البختری" کہتے ہیں کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ باہر
تشریف لائے۔ اس حال میں کہ اپنے بال صاف کئے ہوئے تھے پس
فرمایا کہ ہر بال کے نیچے' جس کو پانی نہ پہنچا ہو جنابت ہے پس اس
سے نفرت کرو' اسی بناء پر میں نے اپنے سر سے دشمنی کر رکھی ہے
جیسا کہ تم دیکھ رہے ہو"۔

بظاہر یہ دونوں حضرات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سر کے بال تراشتے
ہوں گے۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی تصویب وتقریر فرمائی ہوگی۔ اس سے
یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ سر کے بال تراشنا نہ صرف ایک خلیفہ راشد
(حضرت علی کرم اللہ وجہہ) اور ایک عظیم المرتبت صحابی (حضرت حذیفہ رضی
اللہ عنہ) کی سنت ہے' بلکہ یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تقریری سنت ہے۔

ائمہ اربعہ رحمہم اللہ کی فقہی کتابوں میں بھی سر منڈانے یا کترانے کو جائز
قرار دیا گیا ہے:

**فقہ حنفی:** درمختار میں منظومہ وھبانیہ سے نقل کیا ہے:

• وقد قیل حلق الرأس في كل جمعةٍ يحب وبعض بالجواز يعبّر.

ترجمہ: ''اور کہا گیا ہے کہ ہر جمعہ کو سر منڈانا مستحب ہے اور بعض حضرات اس کو جواز سے تعبیر کرتے ہیں۔

علامہ ابن عابدین شامیؒ اس کے حاشیہ میں تحریر فرماتے ہیں:

وفي الروضة للزند ويسى: ان السنة في شعر الرأس اما الفرق واما الحلق وذكر الطحاوى: ان الحلق سنةٌ ونسب ذالك الى العلماء الثلاثة.

(ردالمحتار ج ۶ ص ۴۰۷ کراچی)

ترجمہ: ''زندویسی کی الروضہ میں ہے کہ سر کے بالوں میں سنت یا تو مانگ نکالنا ہے یا حلق کرنا ہے اور امام طحاوی نے ذکر کیا ہے کہ حلق سنت ہے اور انہوں نے اس کو ہمارے ائمہ ثلاثہ (امام ابو حنیفہؒ امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ) کی طرف منسوب کیا ہے''۔

فتاویٰ عالمگیری میں علامہ شامیؒ کی نقل کردہ عبارت ''تارتار خانیہ'' کے حوالہ سے نقل کرکے اس پر یہ اضافہ کیا ہے۔

يستحب حلق الرأس في كل جمعة

(فتاویٰ ھندیہ جلد ۵ ص ۳۵۷ کوئٹہ)

ترجمہ: ''ہر جمعہ کو سر کا منڈوانا سنت ہے''۔

**فقہ شافعی:** امام محی الدین نوویؒ شرح مہذب میں لکھتے ہیں:

(فرع) أما حلق جميع الرأس فقال الغزالى لا بأس به لمن أراد التنظيف ولا بأس بتركه لمن أراد دهنه وترجيله: هذا كلام الغزالى، وكلام غيره من أصحابنا في معناه:

وقال احمد بن حنبل رحمه الله لا بأس بقصه بالمقراض وعنه في كراهة حلقه روايتان: والمختار ان لا كراهة فيه ولكن السنة تركه فلم يصح ان النبی ﷺ حلقه الا في الحج والعمرة ولم يصح تصريح بالنهی عنه: ومن الدليل على جواز الحلق وانه لا كراهة فيه حديث ابن عمر رضى الله عنهما قال "رأى رسول الله صلى الله عليه وسلم صبياً قد حلق بعض شعره وترك بعضه فنهاهم عن ذلك وقال "احلقوه كله أو اتركوه كله" رواه أبو داؤد باسناد صحيح على شرط البخاری ومسلم: وعن عبدالله بن جعفر رضی الله عنهما ان النبی صلی الله عليه وسلم أمهل آل جعفر ثلاثا ثم أتاهم فقال "لا تبكوا على اخی بعد اليوم ثم قال ادعوا الی بنی أخی فجیئ بنا كأنا أفرخ فقال ادعوا الی الحلاق فأمره فحلق رؤسنا" حديث صحيح رواه أبو داؤد باسناد صحيح على شرط البخاری ومسلم.

(المجموع شرح المہذب جلد ۱ ص ۲۹۵، ۲۹۶)

ترجمہ: ''مسئلہ'' رہا پورے سر کا منڈوانا تو امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ اس میں کوئی حرج نہیں اس شخص کیلئے جو صفائی کرنا چاہتا ہو اور حلق نہ کرانے میں بھی کوئی حرج نہیں اس شخص کیلئے جو تیل لگانے اور کنگھی کرنے کا ارادہ رکھتا ہو۔ یہ امام غزالیؒ کا ارشاد ہے اور ہمارے دوسرے حضرات (شافعیہ) کا کلام بھی اسی کے ہم معنی ہے۔ امام احمد بن حنبلؒ فرماتے ہیں کہ قینچی سے سر کے بال کترانے میں کوئی حرج نہیں اور سر کا منڈانا مکروہ ہے یا نہیں؟ اس میں امام احمدؒ سے دو روایتیں ہیں۔ مختار یہ ہے کہ اس میں کوئی کراہت نہیں۔ لیکن سنت یہ ہے کہ حلق نہ کرایا جائے۔ چنانچہ آنحضرت

ﷺ سے حج و عمرہ کے علاوہ حلق کرانا ثابت نہیں اور اس کی ممانعت کی تصریح بھی ثابت نہیں اور اس بات کی دلیل کہ حلق جائز ہے اور اس میں کوئی کراہت نہیں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ایک بچے کو دیکھا جس کا کچھ سر منڈا ہوا تھا اور کچھ نہیں۔ آپ ﷺ نے اس سے منع فرمایا' اور ارشاد فرمایا کہ یا تو پورا سر منڈاؤ یا پورا چھوڑ دو۔اس حدیث کو امام ابو داؤد نے ایسی صحیح سند کیساتھ روایت کیا ہے جو بخاری و مسلم کی شرط پر ہے اور حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے آل جعفر کو تین دن تک (اظہار غم) کی مہلت دی۔ پھر ان کے پاس تشریف لائے اور فرمایا آج کے بعد میرے بھائی پر نہ رونا۔ پھر فرمایا: میرے بھتیجوں کو میرے پاس بلاؤ ہمیں لایا گیا' گویا ہم پرندے کے چوزے تھے (کم سنی اور بال بڑھے ہوئے ہونے کی وجہ سے چوزے سے تشبیہ دی) فرمایا' حجام کو بلاؤ' حلاق آیا تو اس کو حکم فرمایا اس نے ہمارے سر کے بال مونڈ دیئے۔

**فقہ حنبلی**: جیسا کہ اوپر امام نووی ؒ کی عبارت سے معلوم ہوا امام احمد کے نزدیک قینچی سے تراشنا تو بلا کراہت جائز ہے (خود امام احمد ؒ کا عمل بھی اسی پر تھا) اور حلق میں ان سے دو روایتیں ہیں' راجح اور مختار یہ ہے کہ حلق بھی بغیر کراہت کے جائز ہے' امام ابن قدامہ مقدسی حنبلی نے "المغنی" میں اس کو تفصیل سے لکھا ہے۔ان کی عبارت درج ذیل ہے:

(فصل) واختلفت الروایة عن احمد في حلق الرأس فعنه انه مکروہ لماروی عن النبی ﷺ انه قال في الخوارج "سیماھم التحلیق" فجعله علامة لهم وقال عمر لصبیغ لو وجدتك محلوقا لضربت الذی فیه عیناك بالسیف وروی عن النبی صلی اللہ علیه وسلم انه قال "لا توضع النواصی

إلا في حج أوعمرة" رواه الدار قطني في الافراد– وروى أبو موسى عن النبي ﷺ "ليس منا من حلق" رواه أحمد– وقال ابن عباس الذى يحلق رأسه في المصر شيطان، قال احمد كانوا يكرهون ذلك، وروى عنه لا يكره ذلك لكن تركه أفضل، قال حنبل كنت انا وأبى نحلق روسنا في حياة أبى عبدالله فيرانا ونحن نحلق فلا ينهانا وكان هو يأخذ رأسه بالجلمين ولا يحفيه وياخذه وسطا، وقدروى ابن عمر أن رسول الله صلى الله عليه وسلم رأى غلاماً قد حلق بعض رأسه وترك بعضه فنهاهم عن ذلك رواه مسلم، وفي لفظ قال "احلقه كله او دعه كله" وروى عن عبدالله بن جعفر أن النبى صلى الله عليه وسلم لما جاء نعى جعفر أمهل آل جعفر ثلاثا أن يأتيهم ثم اتاهم فقال "لا تبكون على أخى بعد اليوم–ثم قال– ادعوا بنى أخى– فجيئ بنا قال– ادعو الى الحلاق" فأمر بنا فحلق رؤسنا، رواه أبو داؤد الطيالسى ولانه لا يكره استئصال الشعر بالمقراض وهذا في معناه وقول النبى صلى الله عليه وسلم "ليس منا من حلق" يعنى في المصيبة لان فيه" أو صلق أو خرق" قال ابن عبدالبر وقد أجمع العلماء على اباحة الحلق وكفى بهذا حجة، وأما استئصال الشعر بالمقراض فغير مكروه رواية واحدة قال أحمد انما كرهوا الحلق بالموسى وأما بالمقراض فليس به بأس لان ادلة الكراهة تختص بالحلق – (المغنى مع الشرح الكبير، ص ٣، ٢، ج ١)

ترجمہ : ''سر کا حلق کرانے کے بارے میں امام احمدؒ سے روایتیں مختلف ہیں۔ چنانچہ ایک روایت میں ہے کہ یہ مکروہ ہے کیونکہ آنحضرت ﷺ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے خارجیوں کے بارے میں فرمایا کہ ''ان کی علامت سرمنڈانا ہے'' پس سرمنڈانے کو خوارج کی علامت قرار دیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے صبیغ سے فرمایا تھا کہ اگر تیرا سر منڈا ہوا ہوتا تو تلوار سے تیرا سر اڑا دیتا اور آنحضرت ﷺ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا پیشانی کے بال صاف نہ کرائے جائیں مگر حج و عمرہ میں' اس کو دار قطنی نے افراد میں روایت کیا ہے اور حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ آنحضرت ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ''ہم میں سے نہیں وہ شخص جس نے حلق کیا''۔ یہ مسند احمد کی روایت ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ جو شخص شہر میں اپنے سر کا حلق کراتا ہے وہ شیطان ہے۔ امام احمدؒ نے فرمایا کہ سلف اس کو مکروہ سمجھتے تھے۔ امام احمدؒ سے دوسری روایت یہ ہے کہ یہ مکروہ تو نہیں لیکن نہ کرنا افضل ہے حنبل کہتے ہیں کہ میں اور میرے والد امام احمدؒ کی حیات میں سرمنڈایا کرتے تھے' آپ دیکھتے تھے اور منع نہیں فرماتے تھے اور خود قینچی سے کتراتے تھے استرے سے صاف نہیں کرتے تھے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے ایک بچے کو دیکھا جس کا کچھ سر منڈا ہوا تھا اور کچھ نہیں۔ آپ ﷺ نے اس سے منع فرمایا (یہ صحیح مسلم کی روایت ہے) اور ایک روایت میں ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا پورا صاف کراؤ یا پورا چھوڑ دو' اور حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب حضرت جعفر رضی اللہ عنہ (شہید موتہ) کے انتقال کی خبر آئی تو آنحضرت ﷺ نے آل جعفر کو تین دن (اظہار غم) کی مہلت دی۔ ان کے پاس تشریف نہیں لائے' تین دن کے

بعد تشریف لائے تو فرمایا' آج کے بعد میرے بھائی پر نہ رونا۔پھر فرمایا میرے بھائی پر نہ رونا پھر فرمایا میرے بھائی کے بچوں کو میرے پاس لاؤ' ہمیں لایا گیا تو فرمایا' حلاق کو بلاؤ' حلاق آیا تو اسے ہمارے سروں کا حلق کرنے کا حکم فرمایا (یہ ابو داؤد' طیالسی کی روایت ہے) اور سر منڈانا اس لئے بھی مکروہ نہیں کہ باریک قینچی سے سر کے بالوں کو بالکل صاف کر دینا مکروہ نہیں۔اور حلق میں بھی یہی چیز ہے اور آنحضرت ﷺ کا یہ ارشاد کہ ""ہم میں سے نہیں جس نے حلق کیا"" اس سے مراد مصیبت میں حلق کرنا ہے کیونکہ اسی حدیث میں یہ بھی ہے:۔ "او صَلَقَ وخرَق "یعنی ""یا چلایا یا کپڑے پھاڑے""۔ حافظ ابن عبدالبر کہتے ہیں کہ ""حلق کے مباح ہونے پر اہل علم کا اجماع ہے"" اور یہ کافی دلیل ہے رہا قینچی سے بالوں کا باریک کاٹنا اس میں ایک ہی روایت ہے کہ یہ مکروہ نہیں' امام احمدؒ فرماتے ہیں کہ انہوں نے استرے سے حلق کرنے کو مکروہ سمجھا ہے قینچی سے کترنے کا کوئی حرج نہیں کیونکہ کراہت حلق کے ساتھ خاص ہے۔

**فقہ مالکی:** حضرات مالکیہ کے سب سے بڑے ترجمان الامام الحافظ ابو عمرو ابن عبدالبرؒ کا قول ""المغنی"" کے حوالہ سے اوپر آچکا ہے کہ:

اجمع العلماء علی اباحۃ الحلق

اور حافظ ابن قدامہؒ مقدسی کے بقول: وکفی بہ حجۃ (یہ دلیل وبرہان کے لحاظ سے کافی ہے) حافظ ابن عبدالبرؒ کا قول علامہ عینیؒ نے بھی شرح بخاری میں نقل کیا ہے:

وادعی ابن عبدالبر الاجماع علی اباحۃ حلق الجمیع۔

(عمدۃ القاری ص ۵۸ ج ۲۲' بیروت)

ترجمہ :اور حافظ ابن عبدالبر نے حلق کے مباح ہونے پر اجماع کا دعویٰ کیا ہے۔

مندرجہ بالا فقہی مذاہب کی تفصیل کے بعد حضرات محدثین رحمہم اللہ

کے مسلک کی وضاحت غیر ضروری ہے۔ تاہم ان حضرات کا مسلک ان کے تراجم ابواب سے واضح ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث ''نہی عن القزع کی ترمذی'' کے علاوہ سب حضرات نے تخریج کی ہے اور اس پر درج ذیل ابواب قائم کئے ہیں۔

صحیح بخاری ص ۸۷۷' جلد ۲ باب القزع (کتاب اللباس)

صحیح مسلم ص ۲۰۳' جلد ۲ باب کراھة القزع (کتاب اللباس والزینة)

نسائی ص ۲۷۵' جلد ۲ النہی عن القزع (کتاب الزینة)

ابن ماجہ ص ۲۵۹' النہی عن القزع (کتاب اللباس)

ابو داؤد ص ۲۲۱' جلد ۲ باب فی الصبی لہ ذوابتہ (کتاب الترجل)

علاوہ ازیں امام نسائی نے ص ۲۷۴ جلد ۲ میں الرخصة في حلق الرأس کا اور امام ابو داؤد نے ''باب في حلق الرأس'' کا عنوان بھی قائم کیا ہے۔ مگر کراھة حلق الراس' کا عنوان کسی نے قائم نہیں کیا۔ اس سے ان حضرات کا مسلک واضح ہو جاتا ہے کہ ان کے نزدیک ''قزع'' مکروہ ہے۔ یعنی یہ کہ سر کے کسی حصہ کے بال اتار دیئے جائیں اور کسی حصہ کے چھوڑ دیئے جائیں' لیکن تمام سر کے بال اتار دینا مکروہ نہیں۔

خلاصہ یہ کہ صحیح احادیث میں سر کے بال اتارنے کی اجازت دی گئی ہے' صحابہؓ میں سے بعض اکابر واجلہ کا اس پر عمل ثابت ہے اور بقول ابن عبد البر ''تمام علماء کا اس کے جواز پر اجماع ہے''۔ یہی ائمہ اربعہؒ کا مسلک ہے اور یہی حضرات محدثینؒ کا۔ اس لئے اس کو ناجائز یا بدعت کہنا' جیسا کہ سوال میں ذکر کیا گیا ہے۔ بے جا جسارت ہے۔ البتہ یہ کہنا صحیح ہو گا کہ سر پر بال رکھنا آنحضرت ﷺ اور عام صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کا معمول مبارک تھا' لیکن چونکہ یہ سنت تشریعیہ نہیں۔ بلکہ سنت عادیہ ہے اس لئے اگرچہ حلق وقصر بلا کراہت جائز ہے' تاہم بال رکھنا اولیٰ وافضل ہے' یہ مضمون امام نوویؒ کی عبارت میں آچکا

ہے۔علامہ علی قاری "حدیث ابن عمر رضی اللہ عنہ :

احلقوہ کلّہ او اترکوہ کلّہ

اسے پورا منڈاؤ یا پورا چھوڑو

کے ذیل میں لکھتے ہیں :

"(او اترکوہ کلّہ) فیہ اشارۃ الی الحلق فی غیر الحج والعمرۃ جائز، وان الرجل مخیّرٌ بین الحلق والترک، لکن الافضل ان لا یحلق الا فی احد النسکین، کما کان علیہ ﷺ مع اصحابہ رضی اللہ عنہم- وانفرد منہم علیٌّ کرم اللہ وجہہ" (مرقات ص ۴۰۹، ج ۴، بمبئی)

ترجمہ :اس میں اشارہ ہے کہ حج وعمرہ کے بغیر بھی حلق جائز ہے اور یہ کہ آدمی کو اختیار ہے خواہ حلق کرائے یا چھوڑ دے۔لیکن افضل یہ ہے کہ حج وعمرہ کے بغیر حلق نہ کرائے آنحضرت ﷺ اور عام صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کا یہی معمول تھا اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ حلق کرانے میں منفرد تھے۔

اسی مسئلہ پر حضرت حکیم الامت تھانوی قدس سرہ کے دو فتوے نظر سے گزرے، اتماما للفائدہ پیش کرتا ہوں :

"سر کے بال کٹوانا

سوال (۲۹۵) ...... زید کہتا ہے کہ سارے سر میں بال رکھانا سنت ہے، اور بلا حج سر منڈوانا خلاف سنت ہے اور خشخشے بال رکھانے والے کو سخت مخالف سنت خیال کرکے قابل ملامت کہتا ہے۔عمرو کہتا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سر

منڈاتے تھے' اور رسول اللہ ﷺ نے ان کو اس فعل سے بھی منع نہ فرمایا' اس سے معلوم ہوا کہ سر منڈانا بھی غیر ایام حج میں سنت ہے' اور خشخشی بال رکھنے کی ممانعت نہیں' وہ اپنی اصل پر رہیں گے' اور اصل اباحت وجواز ہے' خشخشی بال رکھانا' قرون ثلثہ سے ثابت ہے یا نہیں' اور ان کو جو زید بدعت کہتا ہے وہ صحیح ہے یا نہیں' اور ایسے بال رکھانے والا شرعاً قابل ملامت ہے یا نہیں۔

الجواب ...... سنت مطلقہ یہ ہے جس کو حضور ﷺ نے بطور عبادت کیا ہے' ورنہ سنن زوائد سے ہو گا' تو بال رکھنا حضور ﷺ کا بطور عادت کے ہے نہ بطور عبادت کے' اس لئے اولیٰ ہونے میں تو شبہ نہیں' مگر اس کے خلاف کو خلاف سنت نہ کہیں گے' اگرچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث بھی نہ ہوتی چہ جائے کہ وہ حدیث بھی ہے' اور رسول اللہ ﷺ کا انکار نہ فرمانا یقینی دلیل ہے بال نہ رکھنے کی' جواز بلا کراہت کے اور خلاف سنت نہ ہونے کے' پس جس حالت میں بالکل منڈوا دینا جائز ہے تو قصر کرانے میں کیا حرج ہے؟

للاجماع علی تساوی حکم القصر والحلق لشعر الراس في مثل هذا الحکم والی التساوی اشیر بقوله تعالیٰ محلقین رؤسکم ومقصرین، واللہ تعالیٰ اعلم۔

(۱۸ ربیع الاول ۱۳۲۱ھ امداد ج ۲ ص ۱۵۲)

## سر کے بال کٹوانا

سوال (۲۹۶) ...... بعد سلام مسنون عرض ہے کہ ایک

خط مولوی اسحاق صاحب کا کوئٹہ بلوچستان سے آیا ہے، مضمون یہ ہے کہ آج بعد نماز مغرب حضور (شاہ ابو الخیر صاحب) نے فرمایا یہ کتاب الاسماء والکنی کہ ہم نے حیدر آباد سے منگائی ہے، اور اس سے پہلے کہیں دنیا میں اس کی زیارت میسر نہیں ہوئی، مدینہ منورہ میں قبہ شیخ الاسلام میں کہ سلطان روم کا کتب خانہ بے نظیر ہے۔ اس میں بھی یہ کتاب نہیں دیکھی تھی، اس میں ہم نے ایک وہ مسئلہ دیکھا کہ ہم کو آج تک معلوم نہ تھا اور تم کو بھی معلوم نہ ہوگا، میں نے عرض کیا وہ کیا ہے فرمایا خشخشی بال جیسے تیرے ہیں اور ہندوستان میں بہت مروج ہیں، یہ عمل قوم لوط کا ہے، اگر سر پر بال ہوں تو اس قابل ہوں کہ ان میں مانگ نکالی جائے یا بالکل منڈائے جائیں، صرف یہ دونوں شکلیں مسنون ہیں، میں نے اس وقت توبہ کی، پھر فرمایا کہ اگر تم حلق کو دوست رکھتے ہو تو حلق کراتے رہو اور اگر فرق کو دوست رکھتے ہو تو اس نیت سے بالوں کی پرورش کرو، اور فرمایا کہ اس اثر کو لکھ کر مشہور کر دو، اور میرٹھ بھیج دو۔ سب خادم توبہ کریں اور خشخشی بال نہ رکھیں اور یہ بھی فرمایا کہ یہ رسم کن لوگوں سے اختیار کی ہے، میں نے عرض کیا نصاریٰ سے ماخوذ ہے، وہ اثر یہ ہے:

من كتاب الكنى للدولابي قال حدثني ابراهيم بن الجنيد قال حدثني الهيثم بن خارجة قال حدثنا ابو عمران سعيد بن ميسرة البكري الموصلي عن انس بن مالك قال انه دخل عليه شاب قدسكن عليه شعرله فقال مالك والسكينة افرقه اوجزه فقال له رجل يا ابا

حمزة من كانت السكينة قال في قوم لُوط قال كانوا يسكنون شعورهم ويمضغون العلك في الطريق والمنازل ويخذفون ويفرجون اقبيتهم الى خواصرهم انتهى۔

(سکینة الشعر' بالوں کا سیدھا کھڑا چھوڑنا نہ منڈانا نہ مانگ نکالنی) خط کا مضمون یہاں ختم ہو گیا۔

مضمون بالا کو ملاحظہ فرما کر ارشاد فرمائیے' کہ بالوں کا قینچی سے کتروانا جیسا کہ مروج ہے جائز ہے یا نہیں' اور مشابہت قوم لوط ہے یا نہیں' اگر جائز ہے تو اثر مذکور کا کیا مطلب ہے' اور اگر ناجائز اور حرام ہے تو محلقین رؤسهم او مقصرين کا کیا جواب ہے' یا یہ حکم خاص حجاج ہی کے لئے ہے' اور یہ بھی ارشاد فرمائیے کہ اگر بالوں کا کتروانا جائز ہے تو تمام بال رکھنا اور مانگ نکالنا بہتر ہے یا حلق یا قصر' اور حلق سے قصر بہتر ہے یا نہیں' مفصل مدلل مع حوالہ بیان فرمائیے' کیونکہ اکثر لوگ حتیٰ کہ اکثر علماء بھی قصر کراتے ہیں' اگر یہ امر ناجائز ہو تو اس سے توبہ کی جائے اور اگر جائز ہے تو اثر مذکور کا مطلب صاف صاف شافی' تسکین بخش ایسا ارشاد فرمایا جائے کہ اطمینان ہو جائے؟

الجواب ...... جواز تقصیر کا حج کے ساتھ مخصوص ہونا محتاج دلیل ہے' اور شاید کسی کو شبہ ہو کہ اس کی نسبت یاخذ من کل شعرة قدر الانملة لکھا ہے' تو سمجھنا چاہئے کہ یہ مقدار ادنیٰ کی ہے مقصود نفی زائد کی نہیں ہے۔ چنانچہ ردالمحتار میں بدائع سے نقل کیا ہے۔ قالوا يجب ان يزيد في التقصير على قدر الانملة الخ اور اسی طرح ربع کی تخصیص بیان ادنیٰ کے لئے ہے'

چنانچہ درمختار میں تصریح ہے تقصیر الکل مندوب پس وہ شبہ رفع ہو گیا' اور فارق منتفی ہے' لہٰذا جواز عام ہے اور اگر کوئی شخص اثر مذکور کو فارق کہے تو بدیں وجہ صحیح نہیں کہ اثر مذکور ثبوتاً ودلالتہ مخدوش ہونے کے علاوہ مفید مقصود کو نہیں' اولاً یہ کہ جب تک اس کے رواۃ کی توثیق نہ ہو اس وقت تک اس کی صحت یا حسن ثابت نہیں' اور حدیث ضعیف حسب تصریح اہل علم کسی حکم شرعی کے لئے مثبت نہیں ہو سکتی[۱]' ثانیاً یہ کہ سکینہ کی یہ تفسیر جو سوال میں مذکور ہے محتاج دلیل ہے خواہ لغت ہو یا نقل صحیح ہو' اور یہ دونوں امر بذمہ مستدل ہیں' تیسرے اس میں "جزو کا لفظ بطور تخییر آیا ہے اور جز کے معنی لغت اور استعمال میں مطلق قطع کے ہیں مخصوص حلق کے ساتھ نہیں بلکہ مخصوص بالوں کے ساتھ بھی نہیں' چنانچہ مشکوۃ باب الترجل میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فقالت امی لا اجزها اور آگے اس کے علت بیان فرمائی کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یمدہ اور ظاہر ہے کہ یہ علت مقتضی عموم معنی جز کو ہے اور شمائل ترمذی میں حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے' فاتی بجنب مشوی ثم اخذ الشفرۃ فجعل یجزلی، اس میں دو نسخے ہیں' حاء اور جیم' اس سے عموم غیر شعر کے لئے ظاہر ہے۔ چوتھے ممکن ہے کہ یہ حکم مقید اس صورت کے ساتھ ہو کہ جب بال مانگ نکالنے کے قابل ہوں اور پھر مانگ نہ نکالی جائے جس کو سدل کہتے ہیں جس کے باب میں حدیث میں آیا ہے۔

فسدل النبی صلی اللہ علیہ وسلم ناصیہ ثم فرق بعدہ متفق علیہ کذا فی المشکوٰۃ باب الترجُّل.

---

[۱] حاشیہ اگلے صفحہ میں

آنحضرت ﷺ نے پیشانی کے بالوں کا سدل فرمایا' لیکن بعد میں مانگ نکالنے لگے۔

بخلاف اس صورت کے چھوٹے چھوٹے بال ہوں' خواہ بڑھے نہ ہوں یا کٹا دیئے ہوں' اس صورت میں یہ حکم نہ ہو' چنانچہ افرقہ اوجزہ علی سبیل التخییر فرمانا اس منع بالمعنی الاصطلاح کی سند ہو سکتی ہے کیونکہ تخییر موقوف ہے دونوں شقوں کے

---

حاشیہ صفحہ ۳۳۶

ؔ کتاب الاسماء والکنی کی اس روایت کی سند میں' ابو عمران سعید بن میسرہ البکری الموصلی' کذاب ہے اس لئے یہ روایت نہ صرف منکر بلکہ موضوع ہے۔ حافظ ذہبی "میزان الاعتدال" میں اور حافظ ابن حجر "لسان المیزان" میں لکھتے ہیں :

"سعید بن میسرة البکری ابو عمران، قال البخاری عنده مناکیر وقال ایضاً منکر الحدیث وقال ابن حبان یروی الموضوعات وقال الحاکم روی عن انس موضوعات، وکذبه یحی القطان"

ترجمہ : امام بخاری فرماتے ہیں کہ اس کے پاس "منکر" روایتیں ہیں' اور یہ کہ یہ راوی منکر الحدیث ہے' ابن حبان فرماتے ہیں کہ یہ موضوع روایتیں روایت کرتا ہے۔ حاکم فرماتے ہیں کہ اس نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بہت سی موضوع روایتیں روایت کی ہیں اور امام یحییٰ بن سعید القطان نے اس کو کذاب کہا ہے۔

شیخ ابن عراق "تنزیہ الشریعة المرفوعة عن الاحادیث الشنیعة الموضوعة" کے مقدمہ میں لکھتے ہیں :

"من عرف بالکذب في الحدیث وروی حدیثًا لم یروه غیره فانا نحکم علی حدیثه ذالك بالوضع اذا انضمت الیه قرینة تقتضی وضعه، کما صرح به العلائی وغیره- (ص ۱۰ ج ۱)

ترجمہ : جو شخص حدیث میں جھوٹ بولنے کے ساتھ معروف ہو اور وہ ایسی حدیث روایت کرے جس کو اس کے سوا کوئی دوسرا روایت نہیں کرتا تو ہم اس کی روایت کو موضوع قرار دیں گے' جب کہ اس کے موضوع ہونے کا

امکان عادی پر' اور امکان فرق موقوف ہے بالوں کے بڑے ہونے پر۔ پانچویں ممکن ہے کہ یونہی مخصوص ہو اس صورت کے ساتھ جب کہ اہل باطل کی وضع پر ہوں' جیسا اس وقت نئی فیشن ایجاد ہوئی ہے' یا یہ کہ کسی فساد کی نیت سے ہو' جیسا کہ دوسرے متعاطفات بھی اس پر دال ہیں ورنہ لازم آتا ہے کہ مضغ علک اور قباء میں چاک دونوں پہلوؤں پر رکھنا بھی مطلقاً ناجائز ہو ولا قائل بہ پس ان وجوہ سے یہ اثر مخصص یا مفسر جواز تقصیر کا نہیں ہو سکتا' بخلاف نہی عن القزع کے کہ بوجہ صحت حدیث کے اطلاق حلق کو مقید کر سکتا ہے' پس تقصیر فی نفسہ بحالہ جائز رہا' البتہ عارض تشبہ سے جہاں تشبہ لازم آتا ہو بعض صورتیں ممنوع ہو جائیں گی' ھذا ما حضر لی الآن،

---

قرینہ بھی موجود ہو جیسا کہ حافظ علائی وغیرہ نے تصریح کی ہے۔

ابن عراق نے اسی مقدمہ میں کذاب ووضاع راویوں کی فہرست دی ہے۔اس میں ص ۶۳ پر حرف سین کے تحت نمبر ۲۲ پر سعید بن میسرہ البکری' کا ذکر بایں الفاظ کیا ہے۔:"کذبہ یحیی القطان وقال ابن حبان: یروی الموضوعات"۔اس کی تفصیل سے معلوم ہوا کہ زیر بحث روایت بھی اسی ذخیرۂ موضوعات میں سے ہے'جس کو سعید بن میسرہ' حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے روایت کیا کرتا تھا۔ اور جب یہ روایت ہی موضوع ہے تو اس سے مسائل کا استنباط بھی صحیح نہ ہوگا۔ علاوہ ازیں غیر مجتہد کے لئے یہ جائز نہیں کہ کسی کتاب میں کوئی روایت دیکھ کر اس پر عمل شروع کردے بلکہ اس کے ساتھ یہ دیکھنا بھی ضروری ہے کہ آئمہ مجتہدین رحمہم اللہ نے اس بارے میں کیا فرمایا ہے'کیونکہ دلیل میں نظر کرنا مجتہد کا وظیفہ ہے' عامی کا نہیں۔اور آئمہ اربعہ اس پر متفق ہیں کہ سر کے بال رکھنا بھی جائز ہے اور کاٹنا بھی جائز ہے۔ نیز قینچی سے تراشنا بھی جائز ہے اور استرے سے حلق کرنا بھی جائز ہے۔جیسا کہ اوپر تفصیل گزر چکی ہے تو ایک عامی کے لئے"اجماع علماء" کی مخالفت کسی طرح جائز نہیں ہو سکتی۔ واللہ اعلم بالصواب محمد یوسف عفا اللہ عنہ

ولعل اللہ یحدث بعد ذالک امرًا – و اللہ اعلم.

۲۴ ربیع الثانی ۱۳۲۴ھ (امداد، ج ۲ ص ۱۷۲، امداد الفتاویٰ ج ۴، ص ۲۲۴ تا ۲۲۶)

## غیر مسلم کی تعزیت

س ...... ۲۴ فروری ۱۹۸۵ء مطابق ۳ جمادی الاخریٰ ۱۴۰۵ھ اتوار کی شام کو ادارہ طلوع اسلام کے بانی مسٹر غلام احمد پرویز انتقال کر گئے ان کی عمر ۸۲ سال تھی اور وہ گذشتہ چار ماہ سے علیل تھے۔ صدر جنرل محمد ضیاء الحق نے ان کی بیوہ کے نام اپنے تعزیتی پیغام میں کہا ہے:

"مرحوم تحریک پاکستان کے سرگرم کارکن تھے، اور انہوں نے اس دوران علامہ اقبال اور قائداعظم محمد علی جناح کے خیالات سے بھی بھرپور استفادہ کیا۔ مرحوم نے بعد ازاں اپنی تمام تر توانائی اسلام کے مطالعہ اور اسے دوسروں تک پہنچانے کے لئے وقف کر دی تھی، اس شعبہ میں مرحوم کے لاتعداد شاگرد موجود ہیں۔ مرحوم کو تحریک پاکستان کے عظیم کارکن اور عظیم مفکر کی حیثیت سے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں قبول فرمائے۔"

کیا کسی مسلمان کو ایسے منکر حدیث کی تعزیت کرنا اور اسے مرحوم کہنا جائز ہے؟

ج ...... کسی مرنے والے کے وارثوں سے تعزیت تو اچھی بات ہے، لیکن جناب صدر کی طرف سے پرویز صاحب کے بارے میں جن خیالات کا اظہار کیا گیا ہے! ان پر دینی حلقوں میں اظہار ناپسندیدگی کیا جائے گا، مسٹر پرویز کے خیالات کوئی ڈھکے چھپے نہیں تھے۔ موصوف نے جس طرح اسلام کو مسخ کیا۔ جس طرح قطعیات اسلامیہ کا انکار کیا اور جس طرح پورے اسلام کو "عجمی سازش" قرار دیا اسے "اسلام کا مطالعہ" نہیں، بلکہ "اسلام کا مسخ" ہی کہا جاسکتا ہے، یہی وجہ

ہے کہ آج سے تقریباً بیس سال پہلے عرب وعجم اور تمام اسلامی فرقوں کے اہل علم نے فتویٰ دیا کہ پرویزی نظریات کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں اور جو شخص ان نظریات کا قائل ہو اس کا اسلام سے کوئی واسطہ نہیں۔ چنانچہ ''علماء کا متفقہ فتویٰ: پرویز کافر ہے'' کے نام سے یہ تحریر شائع ہو چکی ہے۔

صدر مملکت فرماتے ہیں کہ پرویز نے بانی پاکستان اور علامہ اقبال کے خیالات سے بھرپور استفادہ کیا، اگر یہ استفادہ اسی طرح مسخ وتحریف کے ذریعہ کیا گیا تھا تو اس کو ''بھرپور استفادہ'' کا نام دینا ہی غلط ہے، لیکن اگر یہ تسلیم کیا جائے کہ ان بزرگوں کے خیالات ونظریات بھی وہی تھے جن کی ترجمانی مسٹر پرویز مدة العمر کرتے رہے تو اہل اسلام کی نظر میں ان دونوں بزرگوں کی حیثیت کیا ہوگی؟

جناب صدر نے پرویز کے لئے یہ دعا بھی فرمائی ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں جوار رحمت میں قبول فرمائے۔ جوار رحمت کا جو تصور مسلمانوں کے نزدیک ہے مسٹر پرویز اس کے قائل ہی نہیں تھے، وہ اسے عیسائی عقیدہ قرار دیتے تھے اور علامہ اقبال کے حوالے سے اس کا یوں مذاق اڑاتے تھے:

آں بہشتے کہ خدائے بتو بخشد ہمہ ہیچ
تاجزائے عمل تست چناں چیزے ہست

(لغات القرآن مادہ: ر-ح-م)

جو لوگ خدا تعالیٰ کی بخشی ہوئی بہشت کو ''ہمہ ہیچ'' کہہ کر پائے استحقار سے ٹھکرا دیتے ہوں یہ سمجھنا مشکل ہے کہ ایسے لوگوں کے لئے ''جوار رحمت'' کی دعا کے کیا معنی ہیں۔

عجیب بات ہے کہ علامہ اقبال تو خدا تعالیٰ کی بخشی ہوئی جنت کو ''ہمہ ہیچ'' اور جزائے عمل کو ''چیزے ہست'' کہتے ہیں۔ لیکن اعلم الاولین والآخرین خاتم المرسلین ﷺ فرماتے ہیں:

لن ینجی احدًا منکم عمله، قال رجل ولا ایاك یا رسول الله ! قال ولا ایّای الا ان یتغمدنی الله منه برحمة ولکن سددوا.

ترجمہ : تم میں سے کسی کا عمل اس کو ہرگز نجات نہیں دلائے گا۔ ایک شخص نے عرض کیا' یا رسول اللہ! آپ کو بھی نہیں؟ فرمایا مجھے بھی نہیں ۔ الا یہ کہ اللہ تعالیٰ مجھے اپنی رحمت سے ڈھانک لیں' لیکن سیدھے راستہ پر چلتے رہو۔

دوسری حدیث میں ہے :

ما من احدید خله عمله الجنة فقیل ولا انت یا رسول الله ! قال ولا انا الا ان یتغمدنی ربی برحمة (وفي روایة الا ان یتغمدنی الله منه بمغفرة و رحمة)

(صحیح مسلم جلد دوم ص ۳۷۶-۳۷۷)

ترجمہ : تم میں ایک شخص بھی ایسا نہیں جسے اس کا عمل جنت میں داخل کر دے۔ عرض کیا گیا یا رسول اللہ! آپ کو بھی نہیں؟ فرمایا مجھے بھی نہیں ۔الا یہ کہ میرا رب مجھے اپنی رحمت و مغفرت سے ڈھانپ لے۔

ع ''بہ بین تفاوت راہ از کجا است تا بہ کجا''

اخبار میں یہ دلچسپ خبر بھی دی گئی ہے کہ :

''ان کی نماز جنازہ پیر ۲۵ فروری کو شام ۴ بجے ۲۵ -بی گلبرگ نمبر ۲ مین مارکیٹ ان کی رہائش گاہ پر ادا کی جائے گی''۔

مسٹر پرویز تو ''نماز'' نام کی کسی عبادت ہی کے قائل نہیں تھے اور مسلمانوں کی نماز کو ''مجوسیوں کا طریقہ'' کہا کرتے تھے 'معلوم نہیں ہو سکا کہ ان کی ''نماز جنازہ'' کس طریقہ سے ادا کی گئی ' اور کس نے ادا کرائی۔

جہاں تک پرویز صاحب کی ذات کا تعلق ہے وہ اپنے انجام کو پہنچ چکے

ہیں۔ یقیناً وہ ان تمام غیبی حقائق کا بچشم خود مشاہدہ کر رہے ہوں گے جن کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھے، چونکہ ان کا مقدمہ سب سے بڑی عدالت میں پہنچ چکا ہے اس لئے ان کی ذات کے بارے میں لب کشائی کرنے کے بجائے ہم یہ کہیں گے کہ جن خیالات ونظریات کا وہ ساری عمر پرچار کرتے رہے وہ سراسر کفر وضلالت ہیں۔ اللہ تعالیٰ امت مسلمہ کو ان کے برپا کردہ فتنہ سے محفوظ رکھے۔

## اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ لفظ "صاحب" کا استعمال

س ...... ا۔جناب محترم ہم ادب کے طور پر (صاحب) لفظ استعمال کر دیتے ہیں، تمام انبیاء کرام علیہم السلام، جملہ صحابہ کرامؓ اور دین کے تمام بزرگوں کے لئے بلکہ اپنے بزرگوں کے لئے بھی جناب عالی! یہ لفظ یعنی (صاحب) ہم اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ نہ زبان پر کہتے ہیں نہ لکھتے ہیں، کیا یہ بات کوئی گناہ یا خلاف ادب تو نہیں ہے، واضح فرماویں کیونکہ اللہ تعالیٰ ہمارا رب ہے پروردگار ہے۔

۲۔ آج کل دیکھا جاتا ہے کیلنڈروں اور کتابوں کے سرورق وغیرہ پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا قرآن پاک کی آیت ٹیڑھی اور ترچھی لکھی جاتی ہے، کیا ایسا لکھنا خلاف ادب اور باعث گناہ تو نہیں؟

۳۔ کیا سورۃ اخلاص تین بار پڑھنے سے تمام قرآن شریف کی تلاوت کا ثواب حاصل ہو جاتا ہے؟

۴۔ کیا دعا کے اول اور آخر میں حضور ﷺ پر درود شریف پڑھے بغیر دعا قبول نہیں ہوتی؟

۵۔ اگر کوئی شخص کسی صاحب طریقت سے بیعت ہو تو پیر صاحب کے بتلائے ہوئے اذکار، پہلے پڑھے یا وہ اذکار جن کا کتب فضائل میں ذکر ملتا ہے، جیسے رسول خدا ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے جو شخص صبح کو سورۃ یٰس پڑھ لے گا (شام

تک کی ) اس کی حاجتیں پوری ہو جائیں گی وغیرہ وغیرہ۔اگر کسی آدمی کے پاس وقت کم ہو تو وہ کونسے اذکار پڑھے؟ احادیث میں مذکورہ یا صاحب طریقت کے جس سے بیعت ہو' اسی طرح اگر کوئی بیعت سے پہلے احادیث کے اذکار کو جو پڑھ رہا ہو اور وہ بند کرلے تو گناہ تو نہیں؟

تہجد کی نماز چند دن پڑھتا ہو چند دن نہیں پڑھتا اس کے متعلق واضح فرما دیں' بغیر وضو چارپائی پر لیٹے لیٹے احادیث شریف کی کتاب پڑھ رہا ہو گناہ گار ہو گا یا بے ادب؟ کیا درود شریف بغیر وضو پڑھ سکتا ہے؟

۶۔درود شریف کا ثواب زیادہ ہے یا استغفار کا؟

ج ...... پرانے زمانہ کی اردو میں "اللہ صاحب فرماتا ہے" کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔مگر جدید اردو میں ان کا استعمال متروک ہو گیا۔گویا اس زمانے میں یہ تعظیم کا لفظ سمجھا جاتا تھا۔مگر جدید زبان میں یہ اتنی تعظیم کا حامل نہیں رہا کہ اسے اللہ تعالیٰ کے لئے یا انبیاء کرام اور صحابہ وتابعین ؒ کے لئے استعمال کیا جائے۔

۲۔اگر ان کو ادب و احترام سے رکھا جاتا ہے تو کوئی مضائقہ نہیں۔اور اگر ان کے پامال ہونے کا اندیشہ ہو تو نہیں لکھنی چاہئیں۔

۳۔ایک حدیث میں یہ مضمون ہے کہ قل ھو اللہ احد تہائی قرآن کے برابر ہے۔(ترمذی)

۴۔دعا کے اول و آخر درود شریف کا ہونا دعا کی قبولیت کے لئے زیادہ امید بخش ہے۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ دعا آسمان وزمین کے درمیان معلق رہتی ہے جب تک کہ اس کے اول و آخر میں درود شریف نہ ہو۔

۵۔جن اوراد واذکار کو معمول بنالیا جائے۔خواہ شیخ کے بتانے سے یا ازخود ان کے چھوڑنے میں بے برکتی ہوتی ہے' اس لئے بھی معمولات کی پابندی کرنی چاہئے اور ایک وقت نہ ہو سکے تو دوسرے وقت پورے کرلے۔تہجد کی نماز

میں از خود ناغہ نہ کرے۔ بغیر وضو حدیث شریف کی کتاب پڑھنا خلاف اولیٰ ہے۔ درود شریف بے وضو جائز ہے۔ باوضو پڑھے تو اور بھی اچھا ہے؟

۶۔ دونوں کا ثواب اپنی اپنی جگہ ہے۔ استغفار کی مثال برتن مانجھنے کی ہے اور درود شریف کی مثال برتن قلعی کرنے کی۔

## بچی کو جہیز میں ٹی وی دینے والا گناہ میں برابر کا شریک ہے

س ...... گذارش ہے کہ میری دو بیٹیاں ہیں۔ بڑی بیٹی کی شادی میں نے کر دی ہے۔ اس کی شادی پر میں نے ٹی وی جہیز میں دیا تھا یہ خیال تھا کہ ٹی وی ناجائز تو ہے لیکن رسم دنیا اور بیوی اور بچوں کے اصرار پر دے دیا۔ اب پتہ چلا کہ ٹی وی تو اس کے استعمال کی وجہ سے حرام ہے۔ اپنی غلطی کا بہت افسوس ہوا۔ اور اللہ تعالیٰ سے استغفار کرتا رہا۔

مسئلہ یہ ہے کہ میں اس وقت دوسری بیٹی کی شادی کر رہا ہوں۔ میں نے بیوی اور بچوں کو کہا ہے کہ ٹی وی کی جگہ پر سونے کا سیٹ دے دیں۔ یا کوئی چیز اسی قیمت کی دے دیں۔ لیکن سب لوگ میری مخالفت کر رہے ہیں۔ میں جانتا ہوں کہ کسی کی پسند' ناپسند سے شرعی احکام تبدیل نہیں ہوسکتے۔ براہ مہربانی پوری تفصیل سے اس مسئلہ پر روشنی ڈالیں۔ میں بہت پریشان ہوں؟

ج ...... جزاکم اللہ احسن الجزا اللہ تعالیٰ نے آپ کو دین کا فہم نصیب فرمایا ہے۔ جس طرح پسند وناپسند سے احکام نہیں بدلتے۔ اسی طرح بیوی بچے آپ کی قبر میں اور آپ ان کی قبر میں نہیں جائیں گے۔ جس بچی کی شادی کرنی ہے اس کو کہہ دیا جائے کہ ٹی وی تو میں لے کر دونگا نہیں' زیورات کا سیٹ بنوالو' یا نقد پیسے لے لو' اور ان پیسوں سے جنت خریدو یا دوزخ خریدو۔ میں بری الذمہ ہوں' میں خود اژدھا خرید کر اس کو تمہارے گلے کا طوق نہیں بناؤں گا۔

## نعت پڑھنا کیسا ہے

س ...... ایک صاحب مجلس حمد ونعت کے دوران حمد تو سن لیتے ہیں' لیکن جوں

ہی نعت شروع ہوتی ہے اور اس میں حضور اکرم ﷺ کا نام گرامی آتا ہے' پڑھنے والے کو ٹوک کر کہتے ہیں "یہاں محمد ﷺ 'نہیں اللہ پڑھ" ان کا یہ انداز کس حد تک درست ہے۔ انہیں یہ اعتراض بھی ہے کہ آج کے مسلمانوں کے دل میں مدینہ کا بت بسا ہے۔ (نعوذ باللہ)

ج...... نعت کے معنی ہیں آنحضرت ﷺ کے اوصاف وکمالات بیان کرنا' اگر نعتیہ اشعار میں آنحضرت ﷺ کے صحیح کمالات واوصاف ذکر کئے گئے ہوں تو ان کا پڑھنا اور سننا لذیذ ترین عبادت ہے' ایک تو آنحضرت ﷺ کے اوصاف کمالات کا تذکرہ بجائے خود عبادت ہے۔ دوسرے یہ ذریعہ ہے آنحضرت ﷺ کی محبت میں اضافہ و ترقی کا' اور یہ دنیا و آخرت کی سعادت کا ذریعہ ہے۔ وہ صاحب کسی اور مذہب کے ہوں گے' ورنہ کسی مسلمان کے منہ سے یہ بات نہیں نکل سکتی۔

## مسجد نبوی اور روضہ اطہر کی زیارت کے لئے سفر کرنا

س...... میں نے ایک کتاب میں بھی پڑھا ہے کہ مسجد نبوی ﷺ کی زیارت کی نیت سے سفر نہیں کر سکتے اور سنا ہے کہ حضور ﷺ کے روضہ مبارک پر شفاعت کی درخواست ممنوع ہے۔ بتلائیں کہ کیا یہ ٹھیک ہے اور روضہ مبارک پر دعا مانگنا کیسا ہے؟ اور اسکا طریقہ کیا ہے؟ کس طرف منہ کرکے دعا مانگیں گے؟ آیا کعبہ کی جانب یا روضہ مبارک کی جانب اور مسجد نبوی ﷺ میں کثرت درود افضل ہے یا تلاوت قرآن؟

ج...... یہ تو آپ نے غلط سنا یا غلط سمجھا ہے کہ مسجد نبوی ﷺ (علی صاحبہا الصلوات والتسلیمات) کی نیت سے سفر نہیں کر سکتے اس میں تو کسی کا اختلاف نہیں کہ مسجد شریف کی نیت سے سفر کرنا صحیح ہے۔ البتہ بعض لوگ اس کے قائل ہیں کہ روضہ مقدسہ ﷺ کی زیارت کی نیت سے سفر جائز نہیں لیکن

جمہور اکابر امت کے نزدیک روضہ شریف ﷺ کی زیارت کی بھی ضرور نیت کرنی چاہئے اور روضہ اطہر پر حاضر ہوکر شفاعت کی درخواست ممنوع نہیں۔ فقہائے امت نے زیارت نبوی ﷺ کے آداب میں تحریر فرمایا ہے کہ بارگاہ عالی میں سلام پیش کرنے کے بعد شفاعت کی درخواست کرے "امام جزری رحمۃ اللہ علیہ "حصن حصین" میں تحریر فرماتے ہیں کہ اگر آنحضرت ﷺ (کی قبر مبارک) کے پاس دعا قبول نہ ہوگی تو اور کہاں ہوگی؟ صلوٰۃ و سلام اور شفاعت کی درخواست پیش کرنے کے بعد قبلہ رخ ہوکر دعا مانگے۔ مدینہ طیبہ میں درود شریف کثرت سے پڑھنا چاہئے اور تلاوت قرآن کریم کی مقدار بھی بڑھا دینی چاہئے۔

## شادی یا کسی اور معاملے کے لئے قرعہ ڈالنا

س ...... ایک حدیث میں یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ جب سفر میں جایا کرتے تھے تو اپنی بیویوں کیلئے قرعہ ڈالا کرتے تھے، جس بیوی کا نام قرعہ میں نکل آتا تھا وہی آپ کی شریک سفر ہوا کرتی تھی۔ میرا سوال یہ ہے کہ ہم موجودہ دور میں کن کن باتوں کیلئے قرعہ ڈال سکتے ہیں؟ مثلاً شادی کا معاملہ ہو تو کیا لڑکی / لڑکے کا نام قرعہ میں ڈال کر معلوم کیا جاسکتا ہے، یہ بھی بتایئے کہ قرعہ ڈالنے کا صحیح طریقہ کیا ہے جس سے کسی طرح کی غلطی اور شک و شبہ کا اندیشہ نہ رہے۔

ج ...... جن چیزوں میں کئی لوگوں کا استحقاق مساوی ہو اس پر قرعہ ڈالا جاتا ہے مثلاً مشترک چیز کی تقسیم میں حصوں کی تعیین کیلئے، یا دو بیویوں میں سے ایک کو سفر میں ساتھ لے جانے کیلئے۔ رشتہ وغیرہ کی تجویز میں اگر ذہن یکسو نہ ہو تو ذہن کی یکسوئی کیلئے استخارہ کے بعد قرعہ ڈالا جاسکتا ہے۔ اس میں اصل چیز تو استخارہ ہی ہے قرعہ محض اپنے ذہن کو ایک طرف کرنے کیلئے ہوگا۔

## ٹی وی میں کسی کے کردار کی تحقیر کرنا

س ...... حال ہی میں ٹی وی پر ایک ڈرامہ "پہچان" دکھایا گیا، اس میں شامل

کردار گھریلو اختلافات کی وجہ سے کورٹ میں جاتے ہیں۔گھر کے سربراہ ایک استاد کا رول ادا کر رہے تھے جنہوں نے اپنی تمام زندگی ایمانداری و صداقت اور بے لوث خدمت میں گزاری' اور وہ سب کچھ نہ کچھ دے سکے جو ان کی بیوی اور بچوں کی بے ہودہ ضرورت اور فرمائش تھی اور ان سب نے استاد صاحب کی کورٹ میں جو بے عزتی کی وہ معاشرے میں تصور بھی نہیں کی جاتی۔بیوی نے الگ ڈائیلاگ کے ذریعے ذلیل کیا پھر ان کے بڑے بیٹے نے کلمہ طیبہ پڑھ کر وکیل کے کہنے پر عدالت میں کہا جو کچھ کہوں گا سچ کہوں گا اور سچ کے علاوہ کچھ نہ کہوں گا۔اور اس گستاخ لڑکے نے بھی کلمہ پڑھ کر اپنے والد صاحب "استاد" کی انتہا درجہ کی کھلی عدالت میں بے عزتی کی۔

مولانا صاحب اس طرح کے ڈرامے لکھنے والے اور اس میں اس قسم کا کردار ادا کرنے والوں کیلئے اسلام میں کیا حکم ہے؟ ایک تو ڈرامہ اس قسم کا تھا' دوسری اہم بات یہ کہ کلمہ طیبہ پڑھ کر یہ کہا گیا کہ جو کچھ کہوں گا سچ کہوں گا اس کے علاوہ کچھ نہ کہوں گا جبکہ یہ سارا جھوٹ عظیم ہے۔کلمہ جیسی نعمت عظمیٰ کو گواہ بنا کر سارا جھوٹ بولا گیا ایسے لوگوں کیلئے اسلام کیا حکم دیتا ہے۔آیا یہ لوگ مسلمان کہلانے کے حق دار ہیں؟ جنہوں نے "کلمہ" کو مذاق بنا رکھا ہے؟

ج ...... میرے خیال میں تو ڈرامہ کرنے والوں نے معاشرے کی عکاسی کی ہوگی اور مقصد یہ ہوگا کہ لوگوں کی اصلاح ہو لیکن عملاً نتیجہ اس کے برعکس نکلتا ہے۔نوجوان نسل ان ڈراموں سے انارکی سیکھتی ہے اور ان جرائم کی عملی مشق کرتی ہے جو ٹی وی کی فلموں میں اسے دکھائے جاتے ہیں۔جس ڈرامے کا آپ نے ذکر کیا ہے اس سے بھی نئی نسل کو یہی سبق ملا ہوگا کہ ایمانداری' صداقت اور بے لوث خدمت کا تصور فضول اور دقیانوسی خیال ہے اور ایسے والد صاحبان کی اسی طرح بے عزتی کرنی چاہئے۔

رہا یہ کہ ایسے ڈرامے لکھنے والوں کا اور دکھانے والوں کا اسلام میں کیا

حکم ہے؟ تو یہ سوال خود انہی حضرات کو کرنا چاہئے تھا، مگر وہ شاید اسلام سے اور کلمہ طیبہ سے ویسے ہی بے نیاز ہیں' اس لئے نہ انہیں اسلام کے احکام معلوم کرنے کی ضرورت ہے اور نہ ہی کلمہ طیبہ یا شعائر اسلام کی توہین کا احساس ہے' ایسے لوگوں کے لئے بس یہ دعا ہی کی جاسکتی ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو اپنی اصلاح کی توفیق نصیب فرمائیں۔

## بسم اللہ کی بجائے ۷۸۶ تحریر کرنا

س...... ہمارا ایک مسئلہ پر بحث و مباحثہ چلتا رہا جس میں ہر ایک شخص اپنے اپنے خیالات پیش کرتا رہا مگر تسلی ان باتوں سے نہ ہوئی۔ بحث کا مرکز ۷۸۶ تھا جو کہ عام خط و کتابت میں پہلے تحریر کیا جاتا ہے' جس کا مقصد ہم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم جانتے ہیں۔ آیا خط کے اوپر ۷۸۶ لکھنا جائز ہے اگر جائز ہے تو ۷۸۶ کیا ہے اور کس طرح بسم اللہ مکمل بنتا ہے؟ اور ہاں کئی آدمیوں کی رائے ہے کہ یہ ہندوؤں کے کسی آدمی نے بات نکالی ہے تاکہ مسلمانوں کو اس کے لکھنے کے ثواب سے محروم کیا جائے۔ یعنی مکمل وضاحت فرمائیں تاکہ کوئی ایسی غلطی یا بات نہ ہو کہ ہم گناہ کے مرتکب ہوں۔

ج...... ۷۸۶ بسم اللہ شریف کے عدد ہیں بزرگوں سے اس کے لکھنے کا معمول چلا آتا ہے غالباً اس کو رواج اس لئے ہوا کہ خطوط عام طور پر پھاڑ کر پھینک دیئے جاتے ہیں جس سے بسم اللہ شریف کی بے ادبی ہوتی ہے' اس بے ادبی سے بچانے کے لئے غالباً بزرگوں نے بسم اللہ شریف کے اعداد لکھنے شروع کئے اس کو ہندوؤں کی طرف منسوب کرنا تو غلط ہے البتہ اگر بے ادبی کا اندیشہ نہ ہو تو بسم اللہ شریف ہی کا لکھنا بہتر ہے۔

## مدارس کے چندہ کے لئے جلسہ کرنا

س...... مدارس کا چندہ وعظ و جلسہ کی شکل بنا کر ایک دلچسپ تقریر کر کے وصول

کرنا کیسا ہے؟ یا جلسہ کے علماء بلائے بھی اسی مقصد کے لئے جائیں کہ کچھ تقریر کرکے چندہ کریں گے یہ کیسا ہے؟

ج ...... دینی مقاصد کے لئے چندہ کرنا تو احادیث شریفہ سے ثابت ہے اور کسی اجتماع میں موثر انداز میں اس کی ترغیب دینا بھی ثابت ہے۔بلکہ دوران خطبہ چندہ کی ترغیب دلانا بھی احادیث میں موجود ہے البتہ اگر کسی جگہ چندہ سے علم اور اہل علم کی بدنامی ہوتی ہو تو ایسا چندہ کرنا خلاف حکمت ہے۔واللہ اعلم۔

## مشترکہ مذاہب کا کیلنڈر

س ...... احقر کا نام سلیم احمد ہے اور امریکہ کے شہر شکاگو میں ۱۸ سال سے مقیم ہے۔ حضرت والا کی خدمت میں اس خط کے ساتھ ۱۹۹۵ء کا کیلنڈر روانہ کر رہا ہوں جس کے بارے میں مسئلہ دریافت طلب ہے۔یہ کیلنڈر امریکہ کے تمام مذاہب کے لوگ مل کر چھپواتے ہیں اور پھر ان کو فروخت کرتے ہیں اس سال بھی یہ کیلنڈر مسجد میں ۱۵ ڈالر کا (ڈاکٹر محمد صغیرالدین جن کا تعلق انڈیا (حیدر آباد) سے ہے اور وہ تقریباً یہاں پر ۲۵ یا ۳۰ سال سے مقیم ہیں) انہوں نے فروخت کیا اور لوگوں کی توجہ اس طرف دلائی کہ اس کو خریدیں' اس کیلنڈر میں جولائی کے ماہ میں اسلام کے بارے میں بتایا گیا ہے اس سلسلے میں چند سوالات خدمت اقدس میں پیش کرتا ہوں۔ امید ہے کہ حضرت والا اپنی مصروفیات میں سے چند لمحات احقر کے لئے نکال کر جواب سے جلد از جلد مطلع فرمائیں گے۔

۱...... آیا شرعاً یہ کیلنڈر بنوانا جس میں تمام مذاہب کی تبلیغ کی جا رہی ہو اس میں اسلام کو بھی اس طرح شامل کیا جا سکتا ہے یا نہیں؟

۲...... آیا شرعاً اس کا خریدنا اور گھر میں لٹکانا جائز ہے یا نہیں؟

۳...... آیا شرعاً اس طریقے سے اسلام کی تبلیغ کرنا جائز ہے یا نہیں؟

۴ ...... اس کا خریدنے والا' بیچنے والا اور اس کام میں حصہ لینے والا شرعاً مجرم ہو گا یا نہیں؟

ج ...... اس کیلنڈر کا شائع کرنا' اس کی اشاعت میں شرکت کرنا' اس کا فروخت کرنا' اس کا خریدنا' الغرض کسی نوع کی اس میں شرکت واعانت کرنا ناجائز ہے' اور اس مسئلہ کے دلائل بہت ہیں۔ مگر چند عام فہم باتوں کا ذکر کرتا ہوں۔

۱ ...... اس کیلنڈر میں بارہ مذاہب کا تعارف ہے 'گویا مسلمان' جو اس میں حصہ لیں گے' وہ گیارہ مذاہب باطلہ کی نشرواشاعت کا ذریعہ بنیں گے۔ اور باطل کی اشاعت کرنا اور اس کا ذریعہ بننا اس کے حرام اور ناجائز ہونے میں کسی معمولی عقل وفہم کے آدمی کو بھی شبہ نہیں ہو سکتا۔

اس کیلنڈر میں اسلام کو من جملہ مذاہب کے ایک مذہب شمار کیا گیا ہے' دیکھنے والے کا تاثر یہ ہو گا کہ جس طرح دوسرے دین ومذاہب ہیں اسی طرح دین اسلام بھی ایک مذہب ہے' جس کو بعض لوگ سچا دین سمجھتے ہیں۔ جیسا کہ دوسرے گیارہ مذاہب کو ماننے والے سچا دین سمجھتے ہیں۔ جبکہ قرآن کریم کا اعلان یہ ہے کہ دین برحق صرف اسلام ہے۔ باقی سب باطل ہیں۔ "ان الدین عند اللہ الاسلام" اب کسی مسلمان کا اس بارہ مذہبی کیلنڈر کی اشاعت میں حصہ لینا گویا اس قرآنی اعلان کی نفی کرنا ہے۔

۳ ...... کیلنڈر میں جگہ جگہ بت بنے ہوئے ہیں صلیب آویزاں ہے' اور تصویریں بنی ہوئی ہیں۔ کوئی بھی سچا مسلمان کفرو بت پرستی کے اس نشان کو اپنے گھر میں آویزاں نہیں کر سکتا۔ نہ اس کو خرید سکتا ہے۔

۴ ...... جیسا کہ آپ نے لکھا ہے کہ اس کیلنڈر کو مساجد میں لایا جاتا ہے اور وہاں ۱۵ ڈالر میں اس کو فروخت کیا جاتا ہے۔ اول تو مسجد کے اندر خرید وفروخت ہی حرام ہے' کیونکہ یہ مسجد کو بازار بنانے کے ہم معنی ہیں۔ علاوہ ازیں بتوں کو قرآن کریم نے رجس یعنی گندگی فرمایا اور مساجد کو ہر طرح کی ظاہرو معنوی گندگی

سے پاک رکھنے کا حکم فرمایا ہے۔ مسجد میں اس بتوں والے کیلنڈر کا لانا گویا خانہ خدا کو بت خانہ بنانا اور اس گندگی سے آلودہ کرنا ہے' جو صریحاً حرم اور ناجائز ہے۔

رہا یہ خیال کہ کیا ہم اس کیلنڈر کے ذریعہ اسلام کا تعارف کراتے ہیں' مذکورہ بالا مفاسد کے مقابلہ میں لائق اعتبار نہیں اس قسم کے ناجائز اور حرام ذرائع سے مذاہب باطلہ کی اشاعت تو ہو سکتی ہے دین برحق ان ذرائع کا محتاج نہیں۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بہت سے ایسے ممالک تشریف لے گئے جہاں کوئی ان کی زبان بھی نہیں سمجھتا تھا۔ لیکن لوگ ان کے اعمال واخلاق اور انکی سیرت اور کردار کو دیکھ کر مسلمان ہوتے تھے۔ آج بھی گئے گزرے دور میں اللہ تعالیٰ کے بہت سے بندے موجود ہیں جن کے اخلاق واعمال کو دیکھ کر لوگ اسلام کی حقانیت کے قائل ہو جاتے ہیں۔ ہمارے مسلمان بھائی جو ممالک غیر میں رہائش پذیر ہیں' اگر وہ اپنی وضع قطع اپنے اخلاق واعمال اور اپنے طور وطریق کو ایسا بنالیں جو اسلام کی منہ بولتی تصویر ہو تو لوگ ان کے سراپا کو دیکھ کر اسلام کی حقانیت کے قائل ہو جائیں۔

گویا ایک مسلمان کی شکل وصورت' وضع قطع' سیرت وکردار اور چال ڈھال ایسی ہو کہ دیکھنے والے پکار اٹھیں کہ یہ محمد رسول اللہ ﷺ کا غلام جا رہا ہے۔ ایسا ہو تو ہر مسلمان اسلام کا مبلغ ہو گا اور اسے غیر شرعی مصنوعی ذرائع استعمال کرنے کی ضرورت نہ ہوگی۔ برعکس اس کے اگر مسلمان غیر ملکوں میں جا کر "ہر کہ در کان نمک رفت نمک شد" کا مصداق بن جائے۔ غیر مسلمانوں کی سی شکل وصورت انہی کی سی وضع وقطع' انہی کی سی معاشرت وغیرہ' تو اس کے بعد اسلام کا تعارف ایسے غیر شرعی کیلنڈروں کے ذریعے بھی کرائیں تو لغو اور بے سود ہے' جس اسلام نے خود ان کی شخصیت کو متاثر نہیں کیا اس کا تعارف غیر مسلموں پر کیا اثر انداز ہو گا؟

خلاصہ یہ کہ ایسے کیلنڈر کا افادی پہلو تو محض وہمی اور خیالی ہے اور اس کے مفاسد اس قدر ہیں کہ ذرا سے تامل سے ہر مسلمان پر واضح ہو سکتے ہیں۔ اس لئے ایسے کیلنڈر کی اشاعت میں حصہ لینا کسی مسلمان کے لئے روا نہیں۔

## شہریت کے حصول کیلئے اپنے کو کافر لکھوانا

س ...... یورپ کے کچھ ممالک کی حکومتوں کی یہ پالیسی ہے کہ وہ دوسرے ملکوں کے ان لوگوں کو سیاسی پناہ دیتے ہیں جو اپنے ملک میں کسی زیادتی یا امتیازی سلوک کے شکار ہوں' ہمارے کچھ پاکستانی بھی حصول روزگار کے سلسلے میں وہاں جاتے ہیں اور مستقل قیام یا شہریت حاصل کرنے کیلئے وہاں کی حکومت کو تحریری درخواست دیتے ہیں کہ وہ قادیانی ہیں چونکہ پاکستان میں قادیانیوں سے زیادتی کی جاتی ہے اس لئے ان کو وہاں پر سیاسی پناہ دی جائے۔ اس طرح وہاں پر قیام کرنے کی اجازت حاصل کر لیتے ہیں اور کچھ عرصہ کے بعد ان کو وہاں کی شہریت بھی مل جاتی ہے۔

ان لوگوں کو اگر سمجھایا جائے کہ اس طرح قادیانی بن کر روزگار حاصل کرنا شرعی طور پر گناہ ہے اور اس طرح وہ اسلام سے خارج ہو جاتے ہیں مگر ان کا جواب ہوتا ہے کہ وہ صرف روزگار حاصل کرنے کیلئے قادیانی ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں ورنہ وہ اب بھی دل وجان سے اسلام پر قائم ہیں۔

وہاں کی شہریت حاصل کر کے وہ پاکستان آکر یہاں مسلمان گھرانوں میں شادی بھی کر لیتے ہیں' اور لڑکی والوں سے یہ بات چھپائی جاتی ہے کہ لڑکے نے قادیانی بن کر غیر ملکی شہریت حاصل کی ہے اور لڑکی والے بھی اس لالچ میں کہ ان کی لڑکی کو بھی یورپ کی شہریت مل جائے گی' کوئی تحقیق نہیں کرتے۔ حالانکہ لڑکے کے قریبی عزیز واقارب کو یہ بات معلوم ہوتی ہے۔ اس طرح جھوٹ موٹ اپنے آپ کو قادیانی ظاہر کرنے سے چاہے وہ صرف وہاں رہائش حاصل

کرنے کیلئے بولا گیا ہو کیا وہ اسلام سے خارج ہو جاتے ہیں؟

ج ...... جو شخص جھوٹ موٹ کہہ دے کہ میں ہندو ہوں یا عیسائی ہوں یا قادیانی ہوں وہ اس کہنے کے ساتھ ہی اسلام سے خارج ہو جاتا ہے' اس کا حکم مرتد کا حکم ہے۔

س ...... وہ جو کسی مسلمان لڑکی سے شادی کرتے ہیں کیا ان کا نکاح جائز ہے؟ اگر ان کا نکاح جائز نہیں تو اب ان کو کیا کرنا چاہئے؟

ج ...... ایسے شخص سے کسی مسلمان لڑکی کا نکاح نہیں ہوتا اگر دھوکے سے نکاح کر دیا گیا تو پتہ چلنے کے بعد اس نکاح کو کالعدم سمجھا جائے اور لڑکی کا عقد دوسری جگہ کر دیا جائے چونکہ نکاح ہی نہیں ہوا اس لئے طلاق لینے کی ضرورت نہیں۔

س ...... کیا لڑکی کے والدین اور لڑکی جس کو اس بارے میں کچھ معلوم نہیں وہ بھی گناہ میں شامل ہیں؟

ج ...... جی ہاں! وہ بھی گناہ گار ہوں گے' مثلاً مسلمان لڑکی کا نکاح کسی سکھ سے کر دیا جائے تو ظاہر ہے کہ یہ کام کرنے والے عند اللہ مجرم ہوں گے۔

س ...... لڑکے کے وہ عزیز و اقارب جو یہ معلوم ہوتے ہوئے بھی لڑکی والوں سے بات چھپاتے ہیں اور نکاح میں شریک ہوتے ہیں کیا وہ بھی گناہ گار ہوں گے۔

ج ...... جن عزیز و اقارب نے صورت حال کو چھپایا وہ خدا کے مجرم ہیں' اور اس بدکاری کا وبال ان کی گردن پر ہو گا۔

س ...... کیا وہ دوبارہ اسلام میں داخل ہو سکتے ہیں اگر ہاں تو اسکا طریقہ کار کیا ہو گا؟ اور کیا کوئی کفارہ بھی دینا ہو گا؟

ج ...... دوبارہ اسلام میں داخل ہو سکتے ہیں اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ اعلان کر دیں کہ وہ قادیانی نہیں اور وہاں کی حکومت کو بھی اس کی اطلاع کر دیں۔

س ...... جو شادی شدہ آدمی وہاں جا کر یہ حرکت کرتے ہیں کیا ان کا نکاح قائم

ہے ' اگر نہیں تو ان کو کیا کرنا چاہئے تاکہ ان کا نکاح بھی قائم رہے اور وہ دوبارہ اسلام میں داخل ہوسکیں؟

ج ...... چونکہ ایسا کرنے سے وہ مرتد ہوجاتے ہیں اس لئے ان کا پہلا نکاح فسخ ہوگیا۔ تجدید اسلام کے بعد نکاح کی بھی تجدید کریں۔

## نامحرم مردوں سے چوڑیاں پہننا

س ...... ہماری مائیں بہنیں جو کہ برقعہ کا اہتمام کرتی ہیں لیکن عید وغیرہ کے موقع پر جب چوڑیاں پہنتی ہیں اور اپنا ہاتھ نامحرم انسان کے ہاتھ میں دیتی ہیں تو ایسے پردہ کا فائدہ ہے یا معذوری ہے؟

ج ...... عورتوں کا نامحرم مردوں سے چوڑیاں پہننا حرام ہے۔ حدیث میں اس کو خنزیر کا گوشت چھونے سے بھی بدتر فرمایا ہے۔

## کسی کو کافر کہنا

س ...... ایک عالم دوسرے عالم کو اختلاف کی وجہ سے قادیانی کہتا ہے ایسے شخص کا کیا حکم ہے اور کیا اس کا نکاح باقی رہا؟

ج ...... ۱۔ حدیث میں ہے کہ جس نے دوسرے کو کافر کہا ان میں سے ایک کفر کے ساتھ لوٹے گا ' اگر وہ شخص جس کو کافر کہا واقعتاً کافر تھا تو ٹھیک ورنہ کہنے والا کفر کا وبال لے کر جائے گا۔ کسی کو کافر کہنا گناہ کبیرہ ہے۔

۲۔ وہ خود عالم ہے۔ اپنے نکاح کے بارے میں خود جانتا ہوگا۔ اوپر لکھ چکا ہوں کہ یہ گناہ کبیرہ ہے اور ایک عالم کا کبیرہ گناہ کا مرتکب ہونا بے حد افسوس ناک ہے ' ان صاحب کو توبہ کرنی چاہئے اور مظلوم سے معافی مانگنی چاہئے۔

## ایام کے چیتھڑوں کو کھلا پھینکنا

س ...... مخصوص ایام میں خواتین جو کپڑا استعمال کرتی ہیں اس کو پھینکنے کی شرعی

حیثیت کیا ہے کیونکہ سننے میں آیا ہے کہ ان پر کسی کی نگاہ پڑے تو اس کپڑے کا سارا عرق قیامت کے دن اس کو پلایا جائے گا جس نے یہ پھینکا ہے۔ عام طور پر خواتین انہیں کاغذ میں لپیٹ کر پھینکتی ہیں کیا یہ طریقہ درست ہے؟ آپ اس کی شرعی حیثیت بتا کر میری پریشانی کو دور فرما دیں؟

ج ...... مستورات کے استعمال شدہ چیتھڑوں کو کھلا پھینکنا تو بے ہودگی ہے، مگر قیامت کے دن عرق پلانے کی جو بات آپ نے سنی ہے میں نے کہیں نہیں پڑھی۔

## شرٹ، پینٹ اور ٹائی کی شرط والے کالج میں پڑھنا

س ...... ہم طلبہ "پین اسلامک گروپ آف انڈسٹریز" کے اسٹاف کالج میں زیر تعلیم ہیں۔ یہاں کے قواعد و ضوابط کے مطابق پینٹ، شرٹ اور "ٹائی" لگانا ضروری ہے۔ جو بھی طالب علم بغیر ٹائی کے کلاس میں آتا ہے۔ اس کا داخلہ ممنوع ہے اسلام کے نقطہ نظر سے ٹائی کا کیا مقام ہے اور ایسے شخص کے بارے میں جو کہ ٹائی لگاتا یا لگواتا ہے کیا حکم ہے جبکہ تمام اسٹاف اساتذہ اور طلبہ مسلمان ہیں۔

ج ...... اس سے قطع نظر کہ ٹائی لگانا جائز ہے یا کہ ناجائز۔ سوال یہ ہے کہ ہمارے تعلیمی ادارے کب تک اسلامی تہذیب و اخلاق کا مقتل بنے رہیں گے؟ بقول اکبر مرحوم۔

یوں قتل سے بچوں کے وہ بدنام نہ ہوتا
افسوس کہ فرعون کو کالج کی نہ سوجھی

مذکورہ بالا کالج کے قواعد و ضوابط انگریزی دور کی یادگار اور پاکستان کے دعویٰ اسلامیت کی نفی کرتے ہیں۔ آپ ان قواعد کے خلاف احتجاج کیجئے اور حکومت سے مطالبہ کیجئے کہ ان بھونڈے اور ناروا قواعد کو منسوخ کیا جائے۔

# جہاد اور شہید کے احکام

## اسلام میں شہادت فی سبیل اللہ کا مقام

س: اسلام میں جہاد اور شہادت کا کیا مرتبہ اور مقام ہے، ہمارے ہاں آج کل یہ عنوان موضوع بحث ہے تفصیل سے آگاہ فرمادیں؟

ج ...... اس عنوان پر نئی تحریر کے بجائے مناسب ہوگا کہ حضرت مولانا محمد یوسف بنوری کے اس مقالہ کا ترجمہ پیش کیا جائے جو راقم الحروف نے آج سے کئی سال قبل کیا تھا۔ حضرت بنوریؒ اواخر مارچ ۱۹۷۱ء میں مجمع البحوث الاسلامیہ مصر کی چھٹی کانفرنس میں شرکت کے لئے قاہرہ تشریف لے گئے تھے تقریباً تیس بتیس عنوانات میں سے مذکورہ بالا عنوان پر مقالہ لکھا اور پڑھا۔ جس کا اردو ترجمہ یہ ہے:

الحمدللہ رب العالمین والعاقبة للمتقین– ولاعدوان الا علی الظالمین، والصلوة والسلام علی سید الانبیاء والمرسلین وخاتم النبیین محمد وعلی آله وصحبه وتابعیهم اجمعین.

امابعد: حضرات! اسلام میں شہادت فی سبیل اللہ کو وہ مقام حاصل ہے کہ (نبوت وصدیقیت کے بعد) کوئی بڑے سے بڑا عمل بھی اس کی گرد کو نہیں پا سکتا، اسلام کے مثالی دور میں اسلام اور مسلمانوں کو جو ترقی نصیب ہوئی وہ ان شہداء کی جاں نثاری وجانبازی کا فیض تھا، جنہوں نے اللہ رب العزت کی خوشنودی اور کلمہ اسلام کی سربلندی کے لئے اپنے خون سے اسلام کے سدابہار

چمن کو سیراب کیا' شہادت سے ایک ایسی پائیدار زندگی نصیب ہوتی ہے' جس کا نقش دوام جریدہ عالم پر ثبت رہتا ہے' جسے صدیوں کا گرد و غبار بھی نہیں دھندلا سکتا' اور جس کے نتائج و ثمرات انسانی معاشرے میں رہتی دنیا تک قائم و دائم رہتے ہیں۔ کتاب اللہ کی آیات اور رسول اللہ ﷺ کی احادیث میں شہادت اور شہید کے اس قدر فضائل بیان ہوئے ہیں کہ عقل حیران رہ جاتی ہے اور شک وشبہ کی ادنیٰ گنجائش باقی نہیں رہتی۔

حق تعالیٰ کا ارشاد ہے:

اِنَّ اللّٰہَ اشْتَرٰی مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَنْفُسَہُمْ وَاَمْوَالَہُمْ بِاَنَّ لَہُمُ الْجَنَّةُ یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فَیَقْتُلُوْنَ وَیُقْتَلُوْنَ وَعْدًا عَلَیْہِ حَقًّا فِی التَّوْرٰاةِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالْقُرْاٰنِ، وَمَنْ اَوْفٰی بِعَہْدِہٖ مِنَ اللّٰہِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَیْعِکُمُ الَّذِیْ بَایَعْتُمْ بِہٖ، وَذٰلِکَ ہُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ. (التوبہ ع)

ترجمہ: بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی جانوں کو اور ان کے مالوں کو اس بات کے عوض میں خرید لیا ہے کہ ان کو جنت ملے گی وہ لوگ اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑتے ہیں' جس میں قتل کرتے ہیں' اور قتل کئے جاتے ہیں' اس پر سچا وعدہ کیا گیا ہے توریت میں اور انجیل میں اور قرآن میں' اور اللہ سے زیادہ اپنے عہد کو کون پورا کرنے والا ہے؟ تم لوگ اپنی اس بیع پر' جس کا معاملہ تم نے ٹھہرایا ہے' خوشی مناؤ اور یہ ہی بڑی کامیابی ہے۔

سبحان اللہ! شہادت اور جہاد کی اس سے بہتر ترغیب ہو سکتی ہے؟ اللہ رب العزت خود بنفس نفیس بندوں کی جان و مال کا خریدار ہے' جن کا وہ خود مالک و رزاق ہے' اور اس کی قیمت کتنی اونچی اور کتنی گراں رکھی گئی؟ جنت۔ پھر

فرمایا گیا کہ یہ سودا کچا نہیں کہ اس میں فسخ کا احتمال ہو' بلکہ اتنا پکا اور قطعی ہے کہ توریت وانجیل اور قرآن' تمام آسمانی صحیفوں اور خدائی دستاویزوں میں یہ عہد وپیمان درج ہے اور اس پر تمام انبیاء ورسل اور ان کی عظیم الشان امتوں کی گواہی ثبت ہے پھر اس مضمون کو مزید پختہ کرنے کے لئے کہ خدائی وعدوں میں وعدہ خلافی کا کوئی احتمال نہیں' فرمایا گیا ہے۔ ومن اوفی بعہدہ من اللہ یعنی اللہ تعالیٰ سے بڑھ کر اپنے وعدہ اور عہد وپیمان کی لاج رکھنے والا کون ہو سکتا ہے؟ کیا مخلوق میں کوئی ایسا ہے جو خالق کے ایفائے عہد کی ریس کر سکے؟ نہیں! ہرگز نہیں! مرتبہ شہادت کی بلندی اور شہید کی فضیلت ومنقبت کے سلسلہ میں قرآن مجید کی یہی ایک آیت کافی ووافی ہے' امام طبری' عبد بن حمید اور ابن ابی حاتم نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو لوگوں نے مسجد میں "اللہ اکبر" کا نعرہ لگایا اور ایک انصاری صحابی بول اٹھے: واہ واہ! کیسی عمدہ بیع اور کیسا سودمند سودا ہے' واللہ! ہم اسے کبھی فسخ نہیں کریں گے۔ نہ فسخ ہونے دیں گے"۔

نیز حق تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا. (النساء ع ۹)

ترجمہ: اور جو شخص اللہ اور رسول کا کہنا مان لے گا تو ایسے اشخاص بھی ان حضرات کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام فرمایا ہے' یعنی انبیاء اور صدیقین اور شہداء اور صلحاء اور یہ حضرات بہت اچھے رفیق ہیں۔

اس آیت کریمہ میں راہ خدا کے جانباز شہیدوں کو انبیاء وصدیقین کے بعد تیسرا مرتبہ عطا کیا گیا ہے۔ نیز حق تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

ولا تقولوا لمن يقتل في سبيل الله اموات بل احياء ولكن لا تشعرون . (البقرۃ ع ۱۹)

ترجمہ : اور جو لوگ اللہ تعالیٰ کی راہ میں قتل کر دیئے جائیں ان کو مردہ مت کہو، بلکہ وہ زندہ ہیں، مگر تم کو احساس نہیں۔

نیز حق تعالیٰ کا ارشاد ہے :

ولا تحسبن الذين قتلوا في سبيل الله امواتا بل احياء عند ربهم يرزقون فرحين بما اتٰهم الله من فضله ويستبشرون بالذين لم يلحقوا بهم من خلفهم ان لا خوف عليهم ولا هم يحزنون يستبشرون بنعمة من الله وفضل وان الله لا يضيع اجر المومنين . (آل عمران ع ۱۷)

ترجمہ : اور جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل کر دیئے گئے ان کو مردہ مت خیال کرو، بلکہ وہ لوگ زندہ ہیں' اپنے پروردگار کے مقرب ہیں' ان کو رزق بھی ملتا ہے' وہ خوش ہیں اس چیز سے جو ان کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے عطا فرمائی اور جو لوگ ان کے پاس نہیں پہنچے' ان سے پیچھے رہ گئے ہیں ان کی بھی اس حالت پر خوش ہوتے ہیں کہ ان پر کسی طرح کا خوف واقع ہونے والا نہیں' نہ وہ مغموم ہوں گے' وہ خوش ہوتے ہیں بوجہ نعمت و فضل خداوندی کے اور بوجہ اس کے کہ اللہ تعالیٰ اہل ایمان کا اجر ضائع نہیں فرماتے ۔

(ترجمہ حکیم الامت تھانوی)

ان دونوں آیتوں میں اعلان فرمایا گیا کہ شہداء کی موت کو عام انسانوں کی سی موت سمجھنا غلط ہے' شہید مرتے نہیں' بلکہ مرکر جیتے ہیں' شہادت کے بعد انہیں ایک خاص نوعیت کی "برزخی حیات" سے مشرف کیا جاتا ہے :

کشتگان خنجر تسلیم را
ہر زماں از غیب جانے دیگر است

یہ شہیدان راہ خدا' بارگاہ الٰہی میں اپنی جان کا نذرانہ پیش کرتے ہیں اور اس کے صلے میں حق جل شانہ کی طرف سے ان کی عزت و تکریم اور قدر و منزلت کا اظہار اس طرح ہوتا ہے کہ ان کی روحوں کو سبز پرندوں کی شکل میں سواریاں عطا کی جاتی ہیں۔ عرش الٰہی سے معلق قندیلیں ان کی قرار گاہ پاتی ہیں اور انہیں اذن عام ہوتا ہے کہ جنت میں جہاں چاہیں جائیں' جہاں چاہیں سیر و تفریح کریں' اور جنت کی جس نعمت سے چاہیں لطف اندوز ہوں۔ شہید اور شہادت کی فضیلت میں بڑی کثرت سے احادیث وارد ہوئی ہیں' اس سمندر کے چند قطرے یہاں پیش خدمت ہیں۔

حدیث نمبر ۱: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

لولا ان اشق علی امتی، ماقعدت خلف سریّۃ. ولوددت انی اقتل ثم احیی ثم اقتل ثم احیی ثم اقتل.

(اخرجه البخاري في عدة ابواب من كتاب الايمان والجهاد وغيرها في حديث طويل)

ترجمہ: اگر یہ خطرہ نہ ہوتا کہ میری امت کو مشقت لاحق ہوگی تو میں کسی مجاہد دستہ سے پیچھے نہ رہتا اور میری دلی آرزو یہ ہے کہ میں راہ خدا میں قتل کیا جاؤں' پھر زندہ کیا جاؤں' پھر قتل کیا جاؤں پھر زندہ کیا جاؤں اور پھر قتل کیا جاؤں۔

غور فرمایئے' نبوت اور پھر ختم نبوت وہ بلند و بالا منصب ہے کہ عقل و فہم اور وہم و خیال کی پرواز بھی اس کی رفعت و بلندی کی حدوں کو نہیں چھو سکتی' اور یہ انسانی شرف و مجد کا وہ آخری نقطۂ عروج اور غایۃ الغایات ہے جس سے اوپر کسی مرتبہ و منزلت کا تصور تک نہیں کیا جا سکتا' لیکن اللہ رے مرتبہ شہادت کی بلندی و برتری! کہ حضرت ختمی مآب صلی اللہ علیہ وسلم نہ صرف مرتبہ شہادت کی تمنا رکھتے

ہیں' بلکہ بار بار دنیا میں تشریف لانے اور ہر بار محبوب حقیقی کی خاطر خاک و خون میں لوٹنے کی خواہش کرتے ہیں:

بنا کردند خوش رسمے بخاک وخون غلطیدن
خدا رحمت کند ایں عاشقان پاک طینت را

صرف اسی ایک حدیث سے معلوم کیا جا سکتا ہے کہ مرتبہ شہادت کس قدر اعلیٰ وارفع ہے۔

حدیث نمبر ۲: حضرت انس ﷛ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

ما من احد يدخل الجنة يحب ان يرجع الى الدنيا وله ما في الارض من شيئ الا الشهيد يتمنى ان يرجع الى الدنيا فيقتل عشر مرات لما يرى من الكرامة.

(اخرجه البخاري في باب تمنى المجاهد ان يرجع الى الدنيا - ومسلم)

کوئی شخص جو جنت میں داخل ہو جائے' یہ نہیں چاہتا کہ وہ دنیا میں واپس جائے اور اسے زمین کی کوئی بڑی سے بڑی نعمت مل جائے' البتہ شہید یہ تمنا ضرور رکھتا ہے کہ وہ دس مرتبہ دنیا میں جائے پھر راہ خدا میں شہید ہو جائے' کیونکہ وہ شہادت پر ملنے والے انعامات اور نوازشوں کو دیکھتا ہے۔

حدیث ۳: حضرت ابو ہریرہ ﷛ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

(میں بعض دفعہ جہاد کے لئے اس وجہ سے نہیں جاتا کہ) بعض (نادار اور) مخلص مسلمانوں کا جی اس بات پر راضی نہیں کہ (میں تو جہاد کے لئے جاؤں اور) وہ مجھ سے پیچھے بیٹھ جائیں (مگر ان کے پاس جہاد کے لئے سواری اور سامان نہیں) اور میرے پاس (بھی)

سواری نہیں کہ ان کو جہاد کے لئے تیار کر سکوں۔اگر یہ عذر نہ ہوتا تو اس ذات کی قسم!جس کے قبضے میں میری جان ہے' میں کسی مجاہد دستے سے' جو جہاد فی سبیل اللہ کے لئے جائے' پیچھے نہ رہا کروں۔ اور اس ذات کی قسم!جس کے قبضے میں میری جان ہے' میری تمنا یہ ہے کہ میں راہ خدا میں قتل کیا جاؤں' پھر زندہ کیا جاؤں' پھر قتل کیا جاؤں' پھر زندہ کیا جاؤں' پھر قتل کیا جاؤں۔(بخاری و مسلم)

**حدیث ۴ :** حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

و اعلموا ان الجنة تحت ظلال السیوف (بخاری)

جان لو!کہ جنت تلواروں کے سائے میں ہے۔

**حدیث ۵ :** حضرت مسروق تابعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس آیت کی تفسیر دریافت کی:

ولا تحسبن الذین قتلوا في سبیل اللہ امواتا بل احیاء عند ربھم یرزقون. الآیہ

ترجمہ :اور جو لوگ راہ خدا میں قتل کر دیئے گئے ان کو مردہ مت خیال کرو'بلکہ وہ زندہ ہیں' اپنے پروردگار کے مقرب ہیں' ان کو رزق بھی ملتا ہے۔

تو انہوں نے ارشاد فرمایا کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ سے اس کی تفسیر دریافت کی تو آپ ﷺ نے فرمایا:

ارواحھم في جوف طیر خضرلھا قنادیل معلقة بالعرش تسرح من الجنة حیث شاءت ثم تأوی الی تلك القنادیل فاطلع الیھم ربھم اطلاعةً فقال: ھل تشتھون شیئًا، قالوا: ایّ شیئٍ نشتھی ونحن نسرح من الجنة حیث شئنا؟ ففعل ذالك بھم ثلاث مّرات، فلما راؤا انّھم لن یترکوا من ان

یسألوا قالوا: یا ربّ! نرید ان تردارواحنا في اجسادنا حتی نقتل في سبیلك فلمّا رأی ان لیس لهم حاجة ترکوا.
(رواہ مسلم)

ترجمہ :شہیدوں کی روحیں سبز پرندوں کے جوف میں سواری کرتی ہیں۔ان کی قرار گاہ وہ قندیلیں ہیں جو عرش الٰہی سے آویزاں ہیں وہ جنت میں جہاں چاہیں سیروتفریح کرتی ہیں' پھر لوٹ کر انہی قندیلوں میں قرار پکڑتی ہیں ایک بار ان کے پروردگار نے ان سے بالمشافہ خطاب کرتے ہوئے فرمایا: کیا تم کسی چیز کی خواہش رکھتے ہو؟ عرض کیا: ساری جنت ہمارے لئے مباح کر دی گئی ہے ہم جہاں چاہیں آئیں جائیں' اس کے بعد اب کیا خواہش باقی رہ سکتی ہے؟ حق تعالیٰ تین بار اصرار فرمایا (کہ اپنی کوئی چاہت تو ضرور بیان کرو۔جب انہوں نے دیکھا کہ کوئی نہ کوئی خواہش عرض کرنی ہی پڑے گی تو عرض کیا: اے پروردگار! ہم یہ چاہتے ہیں کہ ہماری روحیں ہمارے جسموں میں دوبارہ لوٹا دی جائیں' تاکہ ہم تیرے راستے میں ایک بار پھر جام شہادت نوش کریں' اللہ تعالیٰ کا مقصد یہ ظاہر کرنا تھا کہ اب ان کی کوئی خواہش باقی نہیں' چنانچہ جب یہ ظاہر ہو گیا تو ان کو چھوڑ دیا گیا۔

حدیث ۶: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

لا یکلم احد في سبیل اللہ – واللہ اعلم بمن یکلم في سبیله – الا جاء یوم القیامة وجرحه یثعب دمًا، اللون لون الدم والریح ریح المسك (رواہ البخاری ومسلم)

ترجمہ :جو شخص بھی اللہ کی راہ میں زخمی ہو.... اور اللہ ہی جانتا ہے کہ کون اس کی راہ میں زخمی ہوتا ہے۔وہ قیامت کے دن اس حالت

میں آئے گا کہ اس کے زخم سے خون کا فوارہ بہ رہا ہو گا' رنگ خون کا اور خوشبو کستوری کی۔

حدیث ۷: حضرت مقدام بن معدی کرب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

للشهيد عندالله ست خصال يغفرله في اول دفعة ويرى مقعده من الجنة ويجار من عذاب القبر ويأمن من الفزع الاكبر ويوضع على راسه تاج الوقار، الياقوتة منها خير من الدنيا ومافيها، ويزوّج ثنتين وسبعين زوجةً من الحور العين، ويشفع في سبعين من اقربائه.

(رواه الترمذى وابن ماجة ومثله عند احمد و الطبرانى من حديث عبادة بن الصامت)

اللہ تعالیٰ کے ہاں شہید کے لئے چھ انعام ہیں:

(۱) اول وہلہ میں اس کی بخشش ہو جاتی ہے۔

(۲) (موت کے وقت) جنت میں اپنا ٹھکانا دیکھ لیتا ہے۔

(۳) عذاب قبر سے محفوظ اور قیامت کے فزع اکبر سے مامون ہوتا ہے۔

(۴) اس کے سر پر "وقار کا تاج" رکھا جاتا ہے جس کا ایک نگینہ دنیا اور دنیا کی ساری چیزوں سے بہتر ہے۔

(۵) جنت کی بہتر حوروں سے اس کا بیاہ ہوتا ہے۔

(۶) اور اس کے ستر عزیزوں کے حق میں اس کی شفاعت قبول کی جاتی ہے۔

حدیث ۸: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا:

الشهيد لا يجد الم القتل كما يجد احدكم القرصة.

(رواہ الترمذی والنسائی والدارمی)

ترجمہ :شہید کو قتل کی اتنی تکلیف بھی نہیں ہوتی جتنی کہ تم میں سے کسی کو چیونٹی کے کاٹنے سے تکلیف ہوتی ہے۔

**حدیث ۹:** حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اذا وقف العباد للحساب جاء قوم واضعی سیوفهم علی رقابهم تقطر دماً. فازد حموا علی باب الجنة فقیل من هولاء؟قیل الشهداء کانوا احیاء مرزوقین.

(رواہ الطبرانی)

ترجمہ :جبکہ لوگ حساب کتاب کے لئے کھڑے ہوں گے تو کچھ لوگ اپنی گردن پر تلواریں رکھے ہوئے آئیں گے جن سے خون ٹپک رہا ہوگا' یہ لوگ جنت کے دروازے پر جمع ہو جائیں گے' لوگ دریافت کریں گے کہ یہ کون لوگ ہیں (جن کا حساب کتاب بھی نہیں ہوا' سیدھے جنت میں آگئے) انہیں بتایا جائے گا کہ یہ شہید ہیں جو زندہ تھے 'جنہیں رزق ملتا تھا۔

**۱۰:** حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

ما من نفس تموت لها عندالله خیر یسرها ان ترجع الی الدنیا، الا الشهید، فانّه یسره ان یرجع الی الدنیا فیقتل مرةً اخریٰ لما یریٰ من فضل الشهادة. (رواہ مسلم)

ترجمہ :جس شخص کے لئے اللہ کے ہاں خیر ہو جب وہ مرے تو کبھی دنیا میں واپس آنا پسند نہیں کرتا۔ البتہ شہید اس سے مستثنیٰ ہے' کیونکہ اس کی بہترین خواہش یہ ہوتی ہے کہ اسے دنیا میں واپس بھیجا جائے تاکہ وہ ایک بار پھر شہید ہو جائے اس لئے کہ وہ مرتبہ شہادت کی فضیلت دیکھ چکا ہے۔

حدیث ۱۱: ابن مندہ نے حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے:
"وہ کہتے ہیں کہ اپنے مال کی دیکھ بھال کے لئے میں غابہ گیا' وہاں مجھے رات ہو گئی' میں عبداللہ بن عمرو بن حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ (جو شہید ہوگئے تھے) کی قبر کے پاس لیٹ گیا' میں نے قبر سے ایسی قرات سنی کہ اس سے اچھی قرات کبھی نہیں سنی تھی' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر اس کا تذکرہ کیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ قاری عبداللہ (شہید) تھے' تمہیں معلوم نہیں؟ اللہ تعالیٰ ان کی روحوں کو قبض کرکے زبرجد اور یاقوت کی قندیلوں میں رکھتے ہیں' اور انہیں جنت کے درمیان (عرش پر) آویزاں کر دیتے ہیں' رات کا وقت ہوتا ہے تو ان کی روحیں ان کے اجسام میں واپس کر دی جاتی ہیں اور صبح ہوتی ہے تو پھر انہیں قندیلوں میں آجاتی ہیں"۔

یہ حدیث حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمہ اللہ نے تفسیر مظہری میں ذکر کی ہے' اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ وفات کے بعد بھی شہداء کے لئے طاعات کے درجات لکھے جاتے ہیں۔

حدیث ۱۲: حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: جب حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے احد کے قریب سے نہر نکلوائی' تو وہاں سے شہداء' احد کو ہٹانے کی ضرورت ہوئی' ہم نے ان کو نکالا تو ان کے جسم بالکل تروتازہ تھے' محمد بن عمرو کے اساتذہ کہتے ہیں کہ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والد ماجد حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو (جو احد میں شہید ہوئے تھے) نکالا گیا تو ان کا ہاتھ زخم پر رکھا تھا' وہاں سے ہٹایا گیا تو خون کا فوارہ پھوٹ نکلا' زخم پر ہاتھ دوبارہ رکھا گیا تو خون بند ہو گیا۔ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: میں نے اپنے والد ماجد کو ان کی قبر میں دیکھا تو ایسا لگتا تھا گویا سو رہے ہیں' جس چادر میں ان کو کفن دیا گیا تھا وہ جوں کی توں تھی' اور پاؤں پر جو گھاس رکھی گئی تھی وہ بھی بدستور اصل حالت میں تھی' اس وقت ان کو شہید ہوئے چھیالیس سال کا عرصہ ہو چکا تھا۔ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

اس واقعہ کو کھلی آنکھوں دیکھ لینے کے بعد اب کسی کو انکار کی گنجائش نہیں کہ شہداء کی قبریں جب کھودی جاتیں تو جونہی تھوڑی سی مٹی گرتی اس سے کستوری کی خوشبو مہکتی تھی۔

یہ واقعہ امام بیہقی نے متعدد سندوں سے اور ابن سعد نے ذکر کیا ہے' جیسا کہ تفسیر مظہری میں نقل کیا ہے مندرجہ بالا جواہر نبوت کا خلاصہ مندرجہ ذیل امور ہیں:

اول: شہادت ایسا اعلیٰ وارفع مرتبہ ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام بھی اس کی تمنا کرتے ہیں۔

دوم: مرنے والے کو اگر موت کے بعد عزت وکرامت اور راحت وسکون نصیب ہو تو دنیا میں واپس آنے کی خواہش ہرگز نہیں کرتا' البتہ شہید کے سامنے جب شہادت کے فضائل وانعامات کھلتے ہیں تو اسے خواہش ہوتی ہے کہ بار بار دنیا میں آئے اور جام شہادت نوش کرے۔

سوم: حق تعالیٰ شہید کو ایک خاص نوعیت کی "برزخی حیات" عطا فرماتے ہیں' شہداء کی ارواح کو جنت میں پرواز کی قدرت ہوتی ہے اور انہیں اذن عام ہے کہ جہاں چاہیں آئیں جائیں' ان کے لئے کوئی روک ٹوک نہیں' اور صبح وشام رزق سے بہرہ ور ہوتے ہیں۔

چہارم: حق تعالیٰ نے جس طرح ان کو "برزخی حیات" سے ممتاز فرمایا ہے اسی طرح ان کے اجسام بھی محفوظ رہتے ہیں' گویا ان کی ارواح کو جسمانی نوعیت اور ان کے اجسام کو روح کی خاصیت حاصل ہوتی ہے۔

پنجم: موت سے شہید کے اعمال ختم نہیں ہوتے' نہ اس کی ترقی درجات میں فرق آتا ہے' بلکہ موت کے بعد قیامت تک اس کے درجات برابر بلند ہوتے رہتے ہیں۔

ششم: حق تعالیٰ ارواح شہداء کو خصوصی مسکن عطا کرتے ہیں' جو یاقوت

وزبرجد اور سونے کی قندیلوں کی شکل میں عرش اعظم سے آویزاں رہتے ہیں' اور جنت میں چمکتے ستاروں کی طرح نظر آتے ہیں۔

بہت سے عارفین نے۔جن میں عارف باللہ حضرت شیخ شہید مظہر جان جاناں ؒبھی شامل ہیں۔ذکر کیا ہے کہ شہید چونکہ اپنے نفس' اپنی جان اور اپنی شخصیت کی قربانی بارگاہ الوہیت میں پیش کرتا ہے اس لئے اس کی جزا اور صلہ میں اسے حق جل شانہ کی تجلی ذاتی سے سرفراز کیا جاتا ہے' اور اس کے مقابلے میں کونین کی ہر نعمت ہیچ ہے۔

حضرات! شہادت نتیجہ ہے جہاد کا۔اور ہم نے کتاب اللہ کی ان آیات اور بہت سی احادیث نبویہ سے تعرض نہیں کیا جو جہاد کے سلسلہ میں وارد ہیں۔ چنانچہ صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں متعدد صحابہ کرام' حضرات عبداللہ بن رواحہ اور سہل بن سعد وغیرہما رضی اللہ عنہم سے مروی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا: "اللہ تعالیٰ کے راستے میں ایک صبح کو یا ایک شام کو جہاد کے لئے نکل جانا دنیا اور دنیا بھر کی ساری دولتوں سے بہتر ہے" اور آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے: "مجاہد فی سبیل اللہ کی مثال ایسی ہے کہ کوئی شخص ساری عمر رات بھر قیام کیا کرے اور دن کو روزہ رکھا کرے۔جہاد فی سبیل اللہ کے برابر کوئی نیکی نہیں"۔ان کے علاوہ اور بہت سی احادیث ہیں۔

حضرات! شہید کی کئی قسمیں ہیں' ان میں سب سے عالی مرتبہ وہ شہید ہے' جو اللہ تعالیٰ کی رضاجوئی اور اللہ کی بات کو اونچا کرنے کے لئے میدان جنگ میں کافروں کے ہاتھوں قتل ہو جائے۔اس کے علاوہ اپنے دین کی حفاظت کرتے ہوئے جو قتل ہو جائے وہ بھی شہید ہے۔جو شخص اپنی جان کی حفاظت کرتے ہوئے قتل ہو جائے وہ بھی شہید ہے اور جو شخص اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے قتل ہو جائے وہ بھی شہید ہے۔ جیسا کہ سعد بن زید رضی اللہ عنہ کی روایت سے نسائی' ابوداؤد اور ترمذی میں حدیث موجود ہے۔

امام بخاریؒ اور امام مسلمؒ نے حضرت ابو ہریرہ ؓ سے روایت کیا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا: پانچ آدمی شہید ہیں' جو طاعون سے مرے' جو پیٹ کی بیماری سے مرے' جو پانی میں غرق ہو جائے' جو مکان گرنے سے مر جائے اور جو اللہ کے راستے میں شہید ہو جائے۔

حضرت جابر بن عتیک رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا:

اللہ کے راستے میں قتل ہونے کے علاوہ سات قسم کی موتیں شہادت ہیں' طاعون سے مرنے والا شہید ہے' ڈوب کر مرنے والا شہید ہے' نمونیہ کے مرض سے مرنے والا شہید ہے' پیٹ کی بیماری سے مرنے والا شہید ہے' جل کر مرنے والا شہید ہے' دیوار کے نیچے دب کر مرنے والا شہید ہے' جو عورت حمل یا ولادت میں انتقال کر جائے وہ شہید ہے۔ (یہ حدیث امام مالک' ابو داؤد اور نسائی نے روایت کی ہے)۔

ابو داؤد میں حضرت ام حرام رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: سمندر میں سرچکرانے کی وجہ سے جس کو قے آنے لگے اس کے لئے شہید کا ثواب ہے۔

نسائی شریف میں حضرت صفوان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا نفاس میں (ولادت کے بعد) مرنے والی عورت کے لئے شہادت ہے۔

نسائی شریف میں حضرت سوید بن مقرن سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا جو شخص ظلم سے مدافعت کرتے ہوئے مارا جائے وہ شہید ہے۔

ترمذی شریف میں حضرت عمر فاروق ؓ سے روایت ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ شہید چار قسم کے

ہیں۔ ایک وہ شخص جس کا ایمان نہایت عمدہ اور پختہ تھا' اس کا دشمن سے مقابلہ ہوا' اس نے اللہ کے وعدوں کی تصدیق کرتے ہوئے داد شجاعت دی یہاں تک کہ قتل ہوگیا' یہ شخص اتنے بلند مرتبے میں ہوگا کہ قیامت کے روز لوگ اس کی طرف یوں نظر اٹھا کر دیکھیں گے' یہ فرماتے ہوئے آپ نے سر اوپر اٹھایا یہاں تک کہ آپ کی ٹوپی سر سے گر گئی۔ (راوی کہتے ہیں کہ مجھے معلوم نہیں کہ اس سے حضرت عمر کی ٹوپی مراد ہے یا آنحضرت ﷺ کی)۔ فرمایا: دوسرا وہ مومن آدمی جس کا ایمان نہایت پختہ تھا' دشمن سے اس کا مقابلہ ہوا' مگر حوصلہ کم تھا' اس لئے مقابلے کے وقت اسے ایسا محسوس ہوا گویا خاردار جھاڑی کے کانٹے اس کے جسم میں چبھ گئے ہوں۔ (یعنی دل کانپ گیا اور رونگٹے کھڑے ہوگئے) تاہم کسی نامعلوم جانب سے تیر آکر اس کے جسم میں پیوست ہوگیا' اور وہ شہید ہوگیا' یہ دوسرے مرتبہ میں ہوگا' تیسرے وہ مومن آدمی جس نے اچھے اعمال کے ساتھ کچھ برے اعمال کی آمیزش بھی کر رکھی تھی' دشمن سے اس کا مقابلہ ہوا اور اس نے ایمان ویقین کے ساتھ خوب ڈٹ کر مقابلہ کیا' حتیٰ کہ قتل ہوگیا' یہ تیسرے درجے میں ہوگا' چوتھے وہ مومن آدمی جس نے اپنے نفس پر (گناہوں سے) زیادتی کی تھی (یعنی نیکیاں کم اور گناہ زیادہ تھے) دشمن سے اس کا مقابلہ ہوا اور اس نے خوب جم کر مقابلہ کیا یہاں تک کہ قتل ہوگیا' یہ چوتھے درجے میں ہوگا۔

مسند دارمی میں حضرت عتبہ بن عبدالسلمی سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا راہ خدا میں قتل ہونے والے تین قسم کے لوگ ہیں' ایک وہ مومن جس نے اپنی جان ومال سے راہ خدا میں جہاد کیا' دشمن سے مقابلہ ہوا' خوب لڑا یہاں تک کہ شہید ہوگیا' آنحضرت ﷺ نے فرمایا: یہ وہ شہید ہے جس کے دل کو اللہ تعالیٰ نے تقویٰ کے لئے چن لیا' یہ عرش الٰہی کے نیچے اللہ تعالیٰ کے بنائے ہوئے خیمے میں ہوگا' نبیوں کو اس پر فضیلت صرف

درجہ نبوت کی وجہ سے ہوگی' دوسرے وہ مومن جس نے کچھ نیک عمل کئے تھے' کچھ برے۔ اس نے جان ومال کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کیا اور دشمن کے مقابلے میں لڑا یہاں تک کہ قتل ہو گیا' آنحضرت ﷺ نے اس کے بارے میں فرمایا: مٹا دینے والی (تلوار) نے اس کی غلطیوں اور گناہوں کو مٹا دیا ہے' بلاشبہ تلوار گناہوں کو مٹا دیتی ہے' اور اس شہید کو اجازت دی گئی کہ وہ جس دروازے سے چاہے جنت میں داخل ہو جائے' تیسرا منافق: جس نے جان ومال سے جہاد کیا' دشمن سے مقابلہ ہوا' مارا گیا' یہ دوزخ میں جائے گا' کیونکہ تلوار (اور گناہوں کو تو مٹا دیتی ہے مگر) نفاق (دل میں چھپے ہوئے کفر) کو نہیں مٹاتی۔

حاصل یہ کہ ان تمام احادیث کو' جن میں شہادت کی اموات کو متفرق بیان کیا ہے' جمع کر لیا جائے تو شہداء کی فہرست کافی طویل ہو جاتی ہے' اور سب جانتے ہیں کہ جو لوگ مفہوم مخالف کے قائل ہیں ان کے نزدیک بھی عدد میں مفہوم مخالف کا اعتبار نہیں' نہایت جلدی میں یہ چند احادیث پیش کی گئیں' ورنہ اس موضوع کے استیعاب کا قصد کیا جاتا تو شہداء کی تعداد کافی زیادہ نکل آتی۔[۱]

پھر قیاس واجتہاد کے ذریعہ ایسے شہداء کو بھی ان سے ملحق کیا جا سکتا ہے' جو اگرچہ احادیث میں صراحتہً نہیں آئے' مگر حدیث کے اشارات سے نکالے جا سکتے ہیں' مثلاً فرمایا: جو اپنے حق کی مدافعت کرتا ہوا مارا جائے وہ شہید ہے"۔ اب یہ عام ہے جو تمام حقوق کو شامل ہے لہٰذا جو شخص مادر وطن کی حفاظت کرتا ہوا مارا جائے وہ شہید ہو گا' جو ظلم وعدوان کا مقابلہ کرتے ہوئے مارا جائے وہ شہید ہو گا' الغرض جو مسلمان اپنی جان کی' اپنے اہل وعیال کی' اپنی عزت کی' اپنے مال کی' اپنے وطن کی' سرزمین اسلام کے وقار کی اور مسلمانوں کی عزت

---

[۱] مظاہر حق شرح مشکوۃ میں مرقاۃ اور "طوالع الانوار حاشیہ در مختار" کے حوالے سے نیز شامی نے ردالمحتار میں شہدا کی فہرست شمار کی ہے جو کم وبیش ساٹھ ہیں مترجم۔

وقوت کی حفاظت کرتا ہوا مارا جائے وہ حسب درجہ شہید کا مرتبہ پائے گا۔ بشرطیکہ اس کی مدافعت رضائے الٰہی کے لئے ہو محض جاہلی عصبیت' خالص قومیت اور جاہلی حمیت کی بنا پر نہ ہو۔

کون نہیں جانتا کہ "وطن" اپنی ذات سے کوئی مقدس چیز نہیں' اس کی عزت وحرمت محض اس وجہ سے ہے کہ وہ اسلام کی شان وشوکت اور اس کی سربلندی کا ذریعہ ہے اور "قومی اسٹیٹ" میں سوائے اس کے تقدیس کا کوئی پہلو نہیں کہ وہ اسلامی قوت کا مرکز اور مسلمانوں کی عزت وشوکت کا مظہر ہے۔ آج جو مشرق ومغرب میں اسلام دشمن طاقتیں عرب وعجم کے مسلمانوں کے خلاف متحد ہو کر انہیں خود ان کے اپنے علاقوں میں طرح طرح سے ذلیل وخوار اور پریشان کر رہی ہیں اس کا واحد سبب یہ ہے کہ ہم نے فریضہ جہاد سے غفلت برتی اور مرتبہ شہادت حاصل کرنے کا ولولہ جاتا رہا۔جہاد سے غفلت کی وجہ یہ نہیں کہ ہمارے پاس مال ودولت اور مادی وسائل کا فقدان ہے یا یہ کہ مسلمانوں کی مردم شماری کم ہے' اللہ رب العزت نے اسلامی عربی ممالک کو ثروت اور مال کی فراوانی کے وہ اسباب عنایت فرمائے ہیں' جو کبھی تصور میں بھی نہیں آسکتے تھے' صرف یہی نہیں بلکہ ان وسائل میں یہ اسلام دشمن طاقتیں بھی عالم اسلام اور ممالک عربیہ کی دست نگر اور محتاج ہیں الغرض آج مسلمانوں کی ذلت کا سبب وسائل کی کمی نہیں بلکہ اس کا اصل باعث ہمارا باہمی شقاق ونفاق ہے' ہم نے اجتماعی ضروریات پر شخصی اغراض کو مقدم رکھا انفرادی مصالح کو قومی مصالح پر ترجیح دی' راحت وآسائش کے عادی ہو گئے' روح جہاد کو کچل ڈالا اور آخرت اور جنت کے عوض جان ومال کی قربانی کا جذبہ سرد پڑ گیا' یہ ہیں وہ اسباب جن کی بدولت مسلمان قوم اوج ثریا سے ذلت وحقارت کی عمیق وادیوں میں جاگری۔

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کی حدیث' جس کو امام ابو داؤد وغیرہ نے روایت کیا

ہے' اہل علم کے حلقہ میں معروف ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: وہ زمانہ قریب ہے جبکہ تمام اسلام دشمن قومیں تمہارے مقابلے میں ایک دوسرے کو دعوت ضیافت دیں گی' ایک صاحب نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا اس وجہ سے کہ اس دن ہماری تعداد کم ہوگی؟ فرمایا: نہیں! بلکہ تم بڑی کثرت میں ہو گے' لیکن تم سیلاب کی جھاگ کی مانند ہو گے' اللہ تعالیٰ دشمنوں کے دل سے تمہارا رعب نکال دے گا اور تمہارے دلوں میں کمزوری اور دوں ہمتی ڈال دے گا ایک صاحب نے عرض کیا: یارسول اللہ! دوں ہمتی سے کیا مراد ہے؟ فرمایا: دنیا کی چاہت اور موت سے گھبرانا۔

بہرحال جب ہم مسلمانوں کی موجودہ ناگفتہ بہ زبوں حالی کے اسباب کا جائزہ لیتے ہیں تو ہمارے سامنے چند چیزیں ابھر کر آتی ہیں' جن کی طرف ذیل میں نہایت اختصار سے اشارہ کیا جاتا ہے

اول: اعداء اسلام پر وثوق واعتماد اور بھروسہ کرنا (خواہ روس ہو' یا امریکہ ومغربی اقوام) ظاہر ہے کہ کفر.... اپنے اختلافات کے باوجود۔ایک ہی ملت ہے اور اللہ تعالیٰ پر اعتماد وتوکل اور مسلمانوں پر بھروسہ نہ کرنا..... جب کہ تمام مسلمانوں کو حکم ہے کہ:

وعلی اللہ فلیتوکل المومنون.

صرف اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہئے مسلمانوں کو۔

اس آیت میں نہایت حصروتاکید کے ساتھ فرمایا گیا ہے کہ مسلمانوں کے لئے اللہ رب العزت کے سوا کسی شخصیت پر اعتماد اور بھروسہ نہیں کرنا چاہئے (حیث قدم قولہ: وعلی اللہ)

دوم: مسلمانوں کا باہمی اختلاف وانتشار اور خانہ جنگی جس کا یہ عالم ہے کہ اگر وہ آپس میں کہیں مل بیٹھ کر صلح صفائی کی بات کرتے ہیں تب بھی ان کی حالت یہ ہوتی ہے۔

وتحسبهم جميعًا وقلوبهم شتّٰی .

بظاہر تم ان کو مجتمع دیکھتے ہو مگر ان کے دل پھٹے ہوئے ہیں۔

سوم : توکل علی اللہ سے زیادہ مادی اور عادی اسباب پر اعتماد' بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں ان تمام اسباب ووسائل کی فراہمی کا حکم دیا ہے جو ہمارے بس میں ہوں اور جن سے دشمن کو مرعوب کیا جاسکے۔ لیکن افسوس ہے کہ ایک طرف سے تو ہم مادی اسباب کی فراہمی میں کوتاہ کار ہیں' اور دوسری طرف فتح ونصرت کا جو اصل سرچشمہ ہے اس سے غافل ہیں۔ ارشاد خداوندی ہے :

وما النصر الا من عند اللہ العزیز الحکیم

نصرت وفتح تو صرف اللہ عزیز وحکیم کے پاس ہے اور اسی کی جانب سے ملتی ہے۔

تاریخ کے بیسیوں نہیں سیکڑوں واقعات شاہد ہیں کہ کافروں کے مقابلہ میں بے سروسامانی اور قلت تعداد کے باوجود فتح ونصرت نے مسلمانوں کے قدم چومے۔

چہارم : دنیا سے بے پناہ محبت' عیش پرستی اور راحت پسندی' آخرت کے مقابلے میں دنیا کو اختیار کرنا قومی اور ملی تقاضوں پر اپنے ذاتی تقاضوں کو ترجیح دینا' اور روح جہاد کا نکل جانا۔ اس کی تفصیل طویل ہے قرآن کریم کی سورۂ آل عمران اور سورۂ توبہ میں نہایت عالی مرتبہ عبرتیں موجود ہیں' امت کا فرض ہے کہ اس روشن مینار کو ہمیشہ پیش نظر رکھے۔

بہرحال! اللہ کے راستے میں کلمہ اسلام کی سربلندی کے لئے دشمنوں سے معرکہ آرائی' راہ خدا میں جہاد کرنا اور اسلام کی خاطر اپنی جان قربان کر دینا نہایت بیش قیمت جوہر ہے' قرآن کریم اور سیدنا رسول اللہ ﷺ نے اس کی دنیوی فوائد اور اخروی درجات کو ہر پہلو سے روشن کر دیا ہے' اور اس کی وجہ سے امۃ محمدیہ پر جو عنایات الہیہ نازل ہوتی ہیں ان کے اسرار کو نہایت فصاحت وبلاغت سے واضح کر دیا ہے۔

حضرات! یہ ایک مختصر سا مقالہ ہے جو نہایت مصروفیت اور کم وقت میں لکھا گیا اس لئے بحث کے بہت سے گوشے تشنہ رہ گئے ہیں، جس پر سامحت کی درخواست کروں گا، آخر میں ہم حق تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ ہماری غلطیوں کی اصلاح فرمائے، ہمارے درمیان قلبی اتحاد پیدا فرمائے، کافروں کے مقابلہ میں ہماری مدد اور نصرت فرمائے اور ہمیں صبر، عزیمت، مسلسل محنت کی لگن اور تقویٰ کی صفات سے سرفراز فرماکر کامیاب فرمائے۔ آمین!

## کیا طالبان کا جہاد شرعی جہاد ہے

س ...... کیا فرماتے ہیں مفتیان عظام طالبان تحریک افغانستان کے بارے میں کہ اگر کوئی آدمی اس تحریک میں شامل ہو کر ان کے مخالفین کے ساتھ لڑ کر فوت ہو جائے کیا یہ آدمی شہید کہلایا جائے گا؟ دراصل اشکال اس بات کا ہے کہ ان طالبان کے حریف احمد شاہ مسعود، حکمت یار اور ربانی جیسے سابق مجاہدین ہیں، جنہوں نے روسی سامراج کو افغانستان کی سرحد میں سے نکالا اور اب اسلامی حکومت قائم ہو گئی تھی گو کہ اسلامی نظام انہوں نے بوجوہ نافذ نہیں کیا تھا۔

اب سوال ہے کہ ان لوگوں سے لڑنے والے کو مجاہد کہا جائے گا؟ نیز اگر مارا جائے کیا اسے شہید کہا جائے گا؟ اگر مخالفین کا کوئی آدمی مرجائے ان کے بارے میں جناب کی کیا رائے ہے۔ نیز اس لڑائی کو جہاد کہا جائے گا یا کچھ اور؟

ج ...... جہاں تک مجھے معلوم ہے طالبان کی تحریک صحیح ہے، افغانستان کی جن جماعتوں اور ان کے لیڈروں نے روس کے خلاف لڑائی کی وہ تو صحیح تھی، لیکن بعد میں ان لیڈروں نے اپنے اپنے علاقہ میں اپنی حکومت بنالی۔ اور ملک میں طوائف الملوکی کا دور دورہ ہوا، ملک میں نہ امن قائم ہوا، نہ پورے ملک میں کوئی مرکزی حکومت قائم ہوئی، نہ اسلامی نظام نافذ ہوا۔

طالبان نے جہاد افغانستان کو رائیگاں ہوتے ہوئے دیکھا تو اسلامی حکومت

قائم کرنے کے لئے تحریک چلائی' اور جو علاقے ان کے زیرِ نگیں آئے ان میں اسلامی نظام نافذ کیا' افغانستان کے تمام لیڈروں کا فرض تھا کہ وہ اس تحریک کی حمایت کرتے' مگر وہ طالبان کے مقابلہ میں آگئے' اب افغانستان میں لڑائی اس نکتہ پر ہے کہ یہاں اسلامی نظام نافذ ہو یا نہیں؟ طالبان کی تحریک اسلامی نظام کے نفاذ کے لئے ہے اور ان کے مخالفین کی حیثیت باغیوں کی ہے' اس لئے "طالبان" کے جو لوگ مارے جاتے ہیں وہ اعلاء کلمة اللہ کے لئے جان دیتے ہیں بلاشبہ وہ شہید ہیں۔

## حکومت کے خلاف ہنگاموں میں مرنے والے اور افغان چھاپہ مار کیا شہید ہیں؟

س ...... حکومت کے خلاف ہنگامے کرنے والے جب مر جاتے ہیں یا افغان چھاپہ مار مر جاتے ہیں یا ہندوستان کے مسلمان فوجی مارے جاتے ہیں یہ سب شہید ہیں یا نہیں' کیونکہ یہ جہاد کے طریقے سے نہیں لڑتے اور ہنگاموں میں مرنے والوں کی نمازِ جنازہ پڑھی جاتی ہے جبکہ اخبار میں لکھا جاتا ہے کہ شہداء کی نمازِ جنازہ ادا کی جارہی ہے۔

ج ...... افغان چھاپہ مار تو ایک کافر حکومت کے خلاف لڑتے ہیں ان کے شہید ہونے میں شبہ نہیں' ہندوستان کے مسلمان فوجی' جب کسی مسلمان حکومت کے خلاف لڑیں' ان کو شہید کہنا سمجھ میں نہیں آتا اور حکومت کے خلاف بلووں اور ہنگاموں میں مرنے والوں کی کئی قسمیں ہیں' بعض بے گناہ خود بلوائیوں کے ہاتھوں مارے جاتے ہیں' بعض بے گناہ پولیس کے ہاتھوں مر جاتے ہیں اور بعض دنگا فساد کی پاداش میں مرتے ہیں اس لئے ان کے بارے میں کوئی قطعی حکم لگانا مشکل ہے۔

## اسرائیل کے خلاف لڑنا کیا جہاد ہے

س ...... اسرائیل کے خلاف بیت المقدس اور فلسطین کی آزادی کے لئے تنظیم آزادی فلسطین (پی ایل او)(P.L.O) جو مزاحمت کر رہی ہے کیا وہ اسلام کی رو سے جہاد کے زمرے میں آتی ہے؟

ج ...... مسلمانوں کی جو لڑائی کافروں کے ساتھ محض اللہ تعالیٰ کی رضامندی اور کلمہ اسلام کی سربلندی کے لئے ہو وہ بلاشبہ جہاد ہے۔ اس اصول کو آپ تنظیم آزادی فلسطین پر خود منطبق کر لیجئے۔

س ...... تنظیم آزادی فلسطین کی طرف سے کوئی غیر فلسطینی مسلمان اسرائیل کے خلاف لڑتا ہوا مارا جائے تو کیا وہ شہادت کا رتبہ پائے گا؟

ج ...... اس میں کیا شبہ ہے۔

س ...... ہمارے علماء نوجوان مسلمانوں کو اسرائیل کے خلاف جہاد کرنے پر کیوں نہیں اکساتے؟

ج ...... اسلامی ممالک اسرائیل کے خلاف جہاد کا اعلان کر دیں تو علماء کرام مسلمانوں کو جہاد کی ترغیب ضرور دیں گے۔

## کیا ہنگاموں میں مرنے والے شہید ہیں؟

س ...... حیدر آباد اور کراچی میں فسادات اور ہنگاموں میں جو بے قصور ہلاک ہو رہے ہیں کیا ہم ان کو شہید کہہ سکتے ہیں؟ کہہ سکتے ہیں تو کیوں؟ اور نہیں کہہ سکتے تو کیوں؟ قرآن وسنت کی روشنی میں اس کی وضاحت کریں۔

ج ...... شہید کا دنیاوی حکم یہ ہے کہ اس کو غسل نہیں دیا جاتا اور نہ اس کے پہنے ہوئے کپڑے اتارے جاتے ہیں، بلکہ بغیر غسل کے اس کے خون آلود کپڑوں سمیت اس کو کفن پہنا کر (نماز جنازہ کے بعد) دفن کر دیا جاتا ہے۔

شہادت کا یہ حکم اس شخص کیلئے ہے جو= ۱۔ مسلمان ہو، ۲۔ عاقل ہو،

۳- بالغ ہو' ۴- وہ کافروں کے ہاتھوں سے مارا جائے یا میدانِ جنگ میں مرا ہوا پایا جائے اور اس کے بدن پر قتل کے نشانات ہوں' یا ڈاکوؤں یا چوروں نے اس کو قتل کر دیا ہو' یا وہ اپنی مدافعت کرتے ہوئے مارا جائے' یا کسی مسلمان نے اس کو آلہ جارحہ کے ساتھ ظلماً قتل کیا ہو۔

۵- یہ شخص مندرجہ بالا صورتوں میں موقع پر ہلاک ہو گیا ہو اور اسے کچھ کھانے پینے کی' یا علاج معالجے کی' یا سونے کی' یا وصیت کرنے کی مہلت نہ ملی ہو' یا ہوش و حواس کی حالت میں اس پر نماز کا وقت نہ گزرا ہو۔

۶- اس پر پہلے سے غسل واجب نہ ہو۔

اگر کوئی مسلمان قتل ہو جائے مگر متذکرہ بالا پانچ شرطوں میں سے کوئی شرط نہ پائی جائے تو اس کو غسل دیا جائے گا اور دنیوی احکام کے اعتبار سے شہید نہیں کہلائے گا۔ البتہ آخرت میں شہداء میں شمار ہو گا۔

## افغانستان کے مجاہدین کی امداد کرنا

س...... افغانستان میں ننگی روسی جارحیت کے خلاف تمام مجاہدین بر سرِپیکار ہیں اور مجاہدین کے ساتھ اسلحہ' سامان خورد و نوش' نیز ان کے بال بچوں کی کفالت کے لئے سخت اقدامات اور فوری امداد کی سخت ضرورت ہے بنا بریں حالات میں اسلامی ممالک پر شریعت کی رو سے کیا فرائض عائد ہوتے ہیں۔ قرآن و سنت کی روشنی میں وضاحت سے جواب دیں۔

ج...... ان کی جو مدد بھی ممکن ہو کرنا فرض ہے مالی' فوجی' اخلاقی۔

## کشمیری مسلمانوں کی امداد

س...... اگر کافر کسی اسلامی ملک پر چڑھائی کر دیں تو کیا جہاد فرض نہیں ہو جاتا اور اگر لڑنے والے ناکافی ہوں تو قریب والے اسلامی ملک پر بھی جہاد فرض عین ہو

جاتا ہے۔ اس قاعدے کی رو سے اس وقت کشمیر کے حوالے سے پاکستان کے لوگوں پر جہاد فرض عین ہے لیکن مسئلہ یہ ہے کہ جہاد کیلئے تو ایک امام کا ہونا ضروری ہے جبکہ ہمارا اس وقت کوئی ایک امام نہیں ہے اور ہمارے حکمرانوں میں اتنا حوصلہ ہے نہیں کہ وہ انڈیا کے خلاف اعلان جنگ کر سکیں یہ تو صرف اقوام متحدہ سے مطالبات کرنے والے لوگ ہیں۔ تو ایسی صورت حال میں ہمیں اپنی کشمیری ماؤں، بہنوں کی عزتوں سے کھیلنے والے ہندوؤں کے خلاف کیا کرنا ہو گا۔ کیا ہم یونہی ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہیں اور ہندو ہمیں بزدل سمجھ کر ہماری بہنوں کی عزتیں تار تار کرتا رہے۔

یہ تو خیر مسئلہ تھا کشمیر کا لیکن اگر کوئی کافر پاکستان پر حملہ آور ہو جاتا ہے تو کیا ہم اس کے خلاف جہاد نہ کریں کیونکہ جہاد کی تو شرط یہ ہے کہ امام کا ہونا ضروری ہے۔

اور مزید یہ کہ اس وقت جو پاکستانی تنظیمیں کشمیر میں جہاد کر رہی ہیں کیا ان کا جہاد شریعت کی رو سے درست ہے یا نہیں کیونکہ امام تو ہمارا کوئی ہے نہیں اور نہ ہی ہم نے باقاعدہ اعلان جنگ کیا ہے تو پھر ان لوگوں کا یہ جہاد کس کھاتے میں جا رہا ہے۔

ج ...... ا- کشمیری مسلمانوں کی مدد ضرور کرنی چاہئے۔

۲- خدا نہ کرے کہ ایسی صورت پیش آئے، اس وقت حملہ آور کا مقابلہ کرنا ضروری ہو گا۔

۳- یہ سوال ان تنظیموں سے کرنے کا ہے؟ میری سمجھ میں یوں آتا ہے کہ کشمیر کے تمام مسلمان ایک شخص کو اپنا امام بنا لیں۔ اس کے جھنڈے تلے جہاد کریں اور شرعی جہاد کے تمام احکام کی رعایت رکھیں، یہ نہ ہو کہ پہلے کافروں سے لڑتے رہیں پھر آپس میں "جہاد" کرنے لگیں۔

## جہاد میں ضرور حصہ لینا چاہئے

س ...... جہاد اسلامی کیا ہے نیز آج کل کے دور میں افغانستان، بوسنیا، کشمیر اور فلسطین، یہاں پر جہاد کے لئے جانا کیسا ہے اور کیا انسان جہاد کے لئے والدین

سے ضرور اجازت لے؟ اور اگر والدین غیر مسلم ہوں یا ان میں سے کوئی ایک غیر مسلم ہوں تو کیا ان سے بھی اجازت ضروری ہے۔

ج ...... ۱۔ اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے اللہ کے راستہ میں کافروں سے لڑنا جہاد کہلاتا ہے۔

۲۔ ان جگہوں میں جہاں شرعی جہاد ہو رہا ہے ضرور جانا چاہئے۔

۳۔ جہاد اگر فرض کفایہ ہے تو والدین کی اجازت کے بغیر جانا جائز نہیں۔

۴۔ غیر مسلم والدین کی اجازت شرط نہیں لیکن اگر وہ خدمت کے محتاج ہوں تو ان کی خدمت ضروری ہے۔

س ...... میدان جہاد میں اگر کوئی ایسا موقع آجائے کہ انسان کے دشمن کے ہاتھوں پکڑے جانے کا اندیشہ ہو اور تشدد وغیرہ کا خطرہ ہو تو کیا ایسی صورت میں خودکشی جائز ہے؟

ج ...... خودکشی جائز نہیں کافرکشی کرکے اس کے ہاتھ سے مرجائے۔

## تبلیغ اور جہاد

س ...... ایک صاحب کا کہنا ہے کہ تبلیغ والے جہاد نہیں کرتے، میں نے ان سے کہا کہ وہ جہاد سے منع بھی نہیں کرتے اور دین کے مختلف شعبے ہیں۔ انہوں نے تبلیغ کو اختیار کیا ہے، تو اس پر وہ کہنے لگے کہ پورے دین پر چلنا چاہئے اور حضور ﷺ نے حکومت بھی کی ہے، جبکہ تبلیغی جماعت کے ایک صاحب فرماتے ہیں کہ تم لوگ جہاد نہیں کرتے ہو، جہاد اور جنگ میں فرق ہوتا ہے۔ آنجناب سے جواب کی درخواست ہے کہ فرمائیں کس کا موقف صحیح ہے؟

ج ...... میں آپ کی بات سے متفق ہوں۔

## تقویٰ اور جہاد

س ...... گذارش ہے کہ ہماری مسجد کے چند مولوی صاحبان ہمیشہ یہ کہتے رہتے

ہیں کہ "متقی (فرائض کا پابند رزق حلال کمانے والا' بدعت اور معصیت سے بچنے والا' خوش اخلاق وخوش لباس) انسان بے شک جنت میں جائے گا' اس کے لئے حوروقصور کا وعدہ ہے لیکن اس کے لئے نصرت کا وعدہ نہیں ہے' وعدہ نصرت تو صرف جہاد کرنے والے شخص کے لئے ہے"۔

ان مولوی صاحبان کے بیان سے ہمارے ذہنوں میں الجھن پیدا ہوئی ہے۔ امید ہے جناب مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات عنایت فرماکر مشکور فرمائیں گے تاکہ صحیح بات معلوم ہوسکے۔

۱۔ ...... کیا عذاب قبر اور جہنم سے نجات اور جنت کا حصول "نصرت" نہیں ہے؟ اگر یہ نصرت نہیں ہے' تو پھر وہ کونسی خاص چیز ہے جسے نصرت کہا جائے؟

۲۔ ...... کیا اس پرفتن دور میں متقی رہنا بذات خود ایک جہاد نہیں ہے؟

جہاں تک ہم (میں اور میرے احباب) سمجھتے ہیں فرائض کی پابندی' بدعت اور گناہ سے اجتناب' حلال رزق کمانا' شرعی لباس پہننا' خوش اخلاق رہنا اور دیگر شرعی احکامات کی حتی الامکان پابندی کرنا' تقویٰ ہے اور ایسا متقی شخص عملی طور پر پورے معاشرے سے ممتاز ہوتا ہے اور شیطان اور خود اپنے نفس سے جہاد کرتا ہے۔

کیا ایسا متقی شخص (خواہ وہ برائے جہاد نکلا ہو یا گوشہ نشین ہو' یعنی متقی رہنے کے ساتھ ساتھ صرف اپنے خاندان کی کفالت کرتے ہوئے زندگی گزار دے' مجاہد نہیں کہلائے گا؟

۳۔ ...... قرآن کریم میں جگہ جگہ مرقوم ہے "اللہ متقی لوگوں کے ساتھ ہے"' "اللہ تقویٰ پسند کرتا ہے"' "اللہ متقی لوگوں کا دوست اور ولی ہے" یہ ولی اور دوست ہوتے ہوئے بھی اللہ تعالیٰ کا اپنے متقی بندوں کو (جب تک وہ جہاد نہ کریں) "نصرت" نہ کرنا سمجھ میں آنے والی بات نہیں۔

شاید ہمارے مولوی صاحبان غلط بیانی کر رہے ہیں یا شاید ہم غلط سمجھ

رہے ہیں تفصیل کے ساتھ آپ اس مسئلہ پر روشنی ڈالیں۔شکریہ۔

ج ...... مولوی صاحبان جو فرماتے ہیں اس سے خاص "نصرت" مراد ہے یعنی کفار کے مقابلہ میں اور یہ مشروط ہے۔جہاد کے ساتھ۔ "ان تنصروا اللہ ینصرکم" اور اس نصرت کا تعلق افراد سے نہیں بلکہ پوری ملت سے ہے۔

آپ نے جو امور ذکر کئے ہیں ان کا تعلق افراد سے ہے۔اس لئے دونوں اپنی اپنی جگہ صحیح کہتے ہیں بلاشبہ اس دور میں تقویٰ کا اختیار کرنا بھی "جہاد" ہے۔ مگر "جہاد" کا لفظ جب مطلق بولا جاتا ہے اس سے اعداء اسلام کے مقابلہ میں جہاد مراد ہوتا ہے۔امید ہے ان مختصر الفاظ سے آپ کی تشفی ہو جائے گی۔

## کنیزوں کا حکم

س ...... آپ کی توجہ اسلام کے ابتدائی دور میں کنیز (لونڈی) کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں جیسا کہ سورۂ مومنون میں ارشاد خداوندی ہے : "جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرتے ہیں مگر اپنی بیویوں یا (کنیزوں) جو ان کی ملک ہوتی ہیں"۔ اسلام میں اب کنیز (لونڈی) رکھنے کی اجازت ہے یا نہیں اور خلفائے راشدین کے دور میں کنیز رکھنے کی اجازت تھی یا نہیں؟

ج ...... اسلامی جہاد میں جو مرد اور عورتیں قید ہو کر آتی تھیں ان کو یا تو فدیہ لے کر چھوڑ دیا جاتا تھا یا ان کا مسلمان قیدیوں سے تبادلہ کرالیا جاتا تھا ان کو غلام اور باندیاں بنالیا جاتا تھا۔

اس قسم کی کنیزیں یا باندیاں (بشرطیکہ مسلمان ہو جائیں) ان کو بغیر نکاح کے بیوی کے حقوق حاصل ہوتے تھے کیونکہ وہ اس شخص کی مِلک ہوتی تھیں۔ قرآن کریم میں "وما ملکت ایمانکم" کے الفاظ سے انہی غلام اور باندیوں کا ذکر ہے۔

اب ایک عرصے سے اسلامی جہاد نہیں اس لئے شرعی کنیزوں کا وجود بھی نہیں۔ آزاد عورت کو پکڑ کر فروخت کرنا جائز نہیں اور اس سے وہ باندیاں نہیں بن جاتیں۔

## اس دور میں شرعی لونڈیوں کا تصور

س ...... شرعی لونڈی کا تصور کیا ہے' کیا قرآن شریف میں بھی لونڈی کے بارے میں کچھ کہا گیا ہے میں نے کہیں سنا ہے کہ قرآن پاک کا فرمان ہے کہ مسلمان چار بیویوں کے علاوہ ایک لونڈی رکھ سکتا ہے اور لونڈی سے بھی جسمانی خواہشات پوری کی جا سکتی ہیں۔ اگر زمانہ قدیم میں شرعی لونڈی رکھنا جائز تھا جیسا کہ ہوتا رہا ہے تو اب یہ جائز کیوں نہیں ہے؟ پہلے وقتوں میں لونڈیاں کہاں سے اور کس طرح حاصل کی جاتی تھیں؟ جہاں تک میں نے پڑھا اور سنا ہے زمانہ قدیم میں لونڈیوں کی خرید و فروخت ہوا کرتی تھی اب یہ سلسلہ ناجائز کیوں ہے؟

ج ...... جہاد کے دوران کافروں کے جو لوگ مسلمانوں کے ہاتھ آجاتے تھے ان کے بارے میں تین اختیار تھے ایک یہ کہ ان کو معاوضہ لیکر رہا کر دیں' دوسرے یہ کہ بلا معاوضہ رہا کر دیں' تیسرے یہ کہ ان کو غلام بنالیں۔

ایسی عورتیں اور مرد جن کو غلام بنا لیا جاتا تھا ان کی خرید و فروخت بھی ہوتی تھی' ایسی عورتیں شرعی لونڈیاں کہلاتی تھیں اور اگر وہ کتابیہ ہوں یا بعد میں مسلمان ہو جائیں تو آقا کو ان سے جنسی تعلق رکھنا بھی جائز تھا اور نکاح کی ضرورت آقا کے لئے نہیں تھی چونکہ اب شرعی جہاد نہیں ہوتا اس لئے رفتہ رفتہ غلام اور باندیوں کا وجود ختم ہو گیا۔

## لونڈیوں پر پابندی حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لگائی تھی؟

س ...... لونڈی کا رکھنا صحیح ہے یا کہ نہیں اور اس کے ساتھ میاں بیوی والے

تعلقات بغیر نکاح کے درست ہیں یا کہ نہیں؟ شیعہ حضرات کہتے ہیں کہ عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لونڈیوں پر پابندی لگائی تھی حالانکہ اس سے پہلے نبی علیہ السلام اور حضرات حسنین کے گھروں میں لونڈیاں ہوتی تھیں جو کہ جنگ کے بعد بطور مال غنیمت کے ملتی تھیں؟

ج ...... شرعاً لونڈی سے مراد وہ عورت ہے جو جہاد میں بطور مال غنیمت کے مجاہدین کے ہاتھ قید ہو جائے اگر وہ مسلمان ہو جائے تو اس کے ساتھ جنسی تعلق جائز ہے۔ شیعہ جھوٹ بولتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لونڈیوں پر پابندی لگائی تھی بلکہ آپ غور فرمائیں تو شیعہ اصول کے مطابق نہ لونڈیوں کی اجازت ثابت ہوتی ہے۔ نہ سیدوں کا نسب نامہ ثابت ہوتا ہے۔ کیونکہ جیسا کہ اوپر لکھا۔ لونڈی وہ ہے جو جہاد سے حاصل ہو اور جہاد کسی مسلمان عادل خلیفہ کے ماتحت ہو سکتا ہے خلافت راشدہ کے دور کو شیعہ جن الفاظ سے یاد کرتے ہیں وہ آپ کو معلوم ہے جب خلفاء ثلاثہ کی خلافت صحیح نہ ہوئی تو ان کے زمانے میں ہونے والی جنگیں بھی شرعی جہاد نہ ہوئیں اور جب وہ شرعی جہاد نہ تھا تو جو لونڈیاں آئیں ان سے تمتع بھی شرعاً جائز نہ ہوا۔ سوال یہ ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرات حسنین کے پاس شرعی لونڈیاں کہاں سے آگئی تھیں؟ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پانچ سالہ دور میں کوئی جہاد کافروں سے نہیں ہوا۔ نہ لونڈیاں آئیں۔ تمام سید جو "حسن بانو" کی نسل سے ہیں یہ نسب اس وقت صحیح تسلیم کیا جا سکتا ہے کہ یہ شرعی لونڈی ہوں اور شرعی لونڈی تب ہو سکتی ہیں کہ جہاد شرعی ہو اور شرعی جہاد جب ہو سکتا ہے کہ حکومت شرعی ہو۔ تو معلوم ہوا کہ شیعہ یا تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حکومت کو شرعی حکومت مانیں یا سیدوں کی صحت نسب سے انکار کریں۔

# متفرق مسائل

## "انسان کا ضمیر مطمئن ہونا چاہئے" کسے کہتے ہیں

س ...... ایک لفظ "ضمیر" گفتگو میں کافی استعمال ہوتا ہے اس لفظ کو مختلف طور پر استعمال کیا جاتا ہے بعض کہتے ہیں کہ میرا ضمیر جاگ گیا ہے، بعض کو کہتے سنا ہے کہ فلاں آدمی کا ضمیر مر گیا ہے، آدمی کا ضمیر مطمئن ہونا چاہئے۔ ضمیر کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

ج ...... اللہ تعالیٰ نے ہر شخص کے دل میں نیکی اور بدی کو پہچاننے کی ایک قوت رکھی ہے۔ جس طرح ظاہری آنکھیں اگر اندھی نہ ہوں تو سیاہ و سفید کے فرق کو پہچانتی ہیں اسی طرح دل کی وہ قوت، جس کو بصیرت کہا جاتا ہے، صحیح کام کرتی ہو تو وہ بھی نیکی اور بدی کے فرق کو پہچانتی ہے۔ اگر آدمی کوئی غلط کام کرے تو آدمی کا دل اس کو ملامت کرتا ہے اسی کو ضمیر کہا جاتا ہے، لیکن جب آدمی مسلسل غلط کام کرتا رہے تو رفتہ رفتہ اس کا دل اندھا ہو جاتا ہے اور وہ نیکی و بدی کے درمیان فرق کرنا چھوڑ دیتا ہے۔ اسی کا نام ضمیر کا مرجانا ہے۔ جن لوگوں کا ضمیر زندہ اور قلب کی بصیرت تابندہ اور روشن ہو ان کو بعض اوقات فتویٰ دیا جاتا ہے کہ فلاں چیز جائز ہے مگر ان کا ضمیر اس پر مطمئن نہیں ہوتا، اس لئے ایسے ارباب بصیرت ایسی چیز سے پرہیز کرتے ہیں ایسے ہی لوگوں کے بارے میں حدیث میں فرمایا گیا ہے "اپنے دل سے فتویٰ پوچھو خواہ فتویٰ دینے والے تمہیں جواز کا فتویٰ دیں"۔

س ...... کیا کسی معاملے میں ضمیر کا مطمئن ہونا کافی ہے۔ جبکہ وہ کام خلاف شرع بھی ہو؟

ج ...... جس طرح اللہ تعالیٰ نے ہر شخص کے دل میں نیکی اور بدی کو پہچاننے کی قوت رکھی ہے جس کا اوپر ذکر کیا گیا ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت سے انبیاء کرام علیہم السلام کو بھی نیکی اور بدی کی پہچان اور صحیح اور غلط کی شناخت کے لئے بھیجا' کیونکہ آدمی پر اکثر و بیشتر حرص' ہویٰ اور خواہشات کا غلبہ رہتا ہے' جو اس کی بصیرت کو اندھا اور اسکے ضمیر کو مردہ کر دیتی ہیں۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام علیہم السلام کے ذریعے بھیجی ہوئی شریعت کو حق و باطل اور صحیح و غلط کے پہچاننے کا اصل معیار ٹھہرایا ہے۔ پس کسی شخص کے ضمیر کے زندہ ہونے کی علامت یہ ہے کہ "معیار شریعت" پر مطمئن ہو اور ضمیر کے مردہ ہونے کی علامت یہ ہے کہ اس کو خلاف شرع کاموں پر تو اطمینان ہو' مگر احکام شرعی پر اطمینان نہ ہو' اس لئے جو کام خلاف شرع ہو اس پر کسی کے ضمیر کا مطمئن ہونا کافی نہیں بلکہ یہ اس کے دل کے اندھا اور ضمیر کے مردہ ہونے کی علامت ہے۔ قرآن کریم میں ارشاد ہے: "بے شک بات یہ ہے کہ آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں بلکہ وہ دل اندھے ہوتے ہیں جو سینوں میں ہیں"۔

## حرام کاری سے توبہ کس طرح کی جائے؟

س ...... ایک شخص ڈاکہ زنی اور رشوت اور حرام کام سے بڑی دولت کماتا ہے اور اس کے بعد وہ توبہ کر لیتا ہے اور اس پیسہ سے وہ کاروبار شروع کرتا ہے۔ اب اس کا جو منافع ہو گا وہ حلال ہو گا یا کہ حرام؟ تفصیل سے بیان کریں۔

ج ...... ڈاکہ اور رشوت کے ذریعہ جو روپیہ جمع کیا وہ تو حرام ہے اور حرام کی پیداوار بھی ویسی ہوگی۔ اس شخص کی توبہ کے سچا ہونے کی علامت یہ ہے کہ وہ ان تمام لوگوں کو روپیہ واپس کر دے جن سے ناجائز طریقہ سے لے لیا ہے۔

# غیر مسلم جیسی وضع وقطع والی عورت کی میت کو کس طرح پہچانیں

س ..... گزشتہ جنگ ۱۹۷۱ء جو مشرقی پاکستان میں لڑی گئی۔ میں بھی وہاں موجود تھا۔ سرحدی علاقوں (بھارت وبنگلہ دیش) جہاں ہندو مسلمانوں کی ملی جلی آبادی تھی۔ بڑی سخت لڑائی ہوئی اس طرح وہاں کے بہت سے شہری بھی اجل کا شکار ہوئے۔ ایک جگہ ہم لوگوں کو ایک عورت کی لاش نظر آئی۔ ہم لوگ اس لاش کو دیکھ کر بڑے شش وپنج میں مبتلا ہوئے کہ آیا یہ لاش مسلمان عورت کی ہے یا کسی غیر مسلم کی۔ بہرحال اس وقت' وقت کی نزاکت کے پیش نظر ہم نے اسے دریا برد کر دیا۔ مگر آج تک یہ سوال ذہن میں بار بار آتا ہے کہ اگر وہ مسلمان عورت کی لاش تھی تو اس کی باقاعدہ تکفین وتدفین کرنی چاہئے تھی۔ مگر مشکل امر شناخت میں یہ ہے کہ ان سرحدی علاقوں میں مسلمانوں اور غیر مسلموں کا لباس رہن سہن اتنا مماثل ہوتا ہے کہ بغیر کسی ثبوت کے یہ باور کرنا مشکل ہوتا ہے کہ مسلمان ہے یا ہندو؟ آپ سے شرعی حیثیت سے سوال کرتا ہوں کہ مذکورہ بالا حالات میں یا ایسے ہی ملتے جلتے واقعات میں عورت کی لاش کی شناخت کرنا کس طرح ممکن ہے؟

ج ..... جب مسلمان اپنے وجود سے اسلامی علامات کو کھرچ کھرچ کر صاف کر ڈالیں اور شکل وشباہت' لباس و پوشاک تک میں غیر مسلموں سے مشابہت کر لیں تو میں شناخت کا طریقہ کیا بتا سکتا ہوں۔ آنحضرت ﷺ کا ارشاد تو یہ ہے:

عن ابن عمر رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ ........ ومن تشبہ بقومٍ فھو منھم (مسند احمد ص ۵۰ ج ۲)

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ..... جو شخص کسی قوم سے مشابہت کرے وہ انہیں میں شمار ہوگا۔

## مختلف ممالک میں شب قدر کی تلاش کن راتوں میں کی جائے؟

س ...... میں نے سنا ہے کہ شب قدر ۲۷ویں رات کو ہوتی ہے اور یہ بھی کہ یہ رات طاق راتوں میں ملتی ہے۔

مسئلہ یہ پوچھنا ہے کہ جب پاکستان میں طاق راتیں ہوتی ہیں تو سعودی عرب میں طاق نہیں ہوتیں جیسے پاکستان میں ۲۷ویں رات ہے تو سعودی عرب میں ۲۸ویں رات ہوگی' اگر پاکستان کی طاق رات ہوتی ہے تو سعودی عرب کی نہیں ہوتی اگر سعودی عرب کی طاق رات ہوتی ہے تو پاکستان کی نہیں ہوتی جبکہ شب قدر پوری دنیا میں ایک رات ہوتی ہے' آپ ہمیں یہ بتائیں کہ پاکستانی راتوں کے حساب سے شب قدر معلوم کریں یا سعودی عرب کی طاق راتوں کے حساب سے شب قدر معلوم کریں۔

ج ..... شب قدر کی تلاش اس ملک کے اعتبار سے ہوگی جس ملک میں آدمی رہ رہا ہو' اگر سعودی عرب میں کوئی صاحب ہوں گے تو اسی کے اعتبار سے طاق راتوں میں شب قدر تلاش کرلیں گے' ستائیسویں شب کو اکثر شب قدر پڑتی ہے۔

## تفتیش کا ظالمانہ طریقہ اور اس کی ذمہ داری

س ..... میں آپ سے پولیس کے یا دیگر ملکی تحقیقاتی ایجنسیوں کے طریقہ کار کے متعلق جو وہ ملزم یا مجرم کو تلاش کرنے میں اختیار کرتی ہیں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا یہ طریقہ کار اسلامی شریعت سے مطابقت رکھتا ہے یا نہیں؟ اگر مطابقت رکھتا ہے اور اسلام نے اس کی اجازت دی ہے تو برائے مہربانی خلافت راشدہ کے ادوار میں سے کوئی مثال دے کر وضاحت کریں۔

الف۔ کسی علاقے میں کوئی غیر قانونی واقعہ ہو جائے مثلاً چوری' قتل' یا ڈاکہ

وغیرہ پڑ جائے اور مجرم کے متعلق کسی کو پتہ نہ ہو اور تلاش بسیار کے بعد یا تلاش کی کوشش کے بغیر ہی پولیس والے اس محلے کے لوگوں کو خاص کر نوجوانوں کو شک کے الزام میں جبکہ ثبوت کوئی نہیں ہوتا' پکڑ کر لے جاتے ہیں' اس نے جرم بھی نہیں کیا ہوتا اس پر انتہا درجے کا جسمانی ونفسیاتی تشدد کرتے ہیں اور اس ملزم سے جھوٹے حلفیہ بیان پر دستخط کرواتے اور اسے مجرم ثابت کرکے سزا بھی دلوا دیتے ہیں یا پھر رشوت کی بھاری رقم لے کر بے گناہ شخص کو گھر جانے کی اجازت دے دیتے ہیں۔

ب۔ پولیس میں ایک ادارہ ہے جسے ٹرائل روم یا ڈرائنگ روم بھی کہتے ہیں جہاں کے ملازم یا ارکان تشدد کرنے میں حصہ لیتے ہیں جس میں بے گناہ اور گناہ گار دونوں ہی شامل ہیں تو ایسے لوگوں کی تنخواہ اور آخرت کے بارے میں بھی بتائیں۔ خاص کر بے گناہ پر ظلم کرنے والے؟

ج۔ تشدد کرنے والے ارکان یہ کہہ سکتے ہیں جناب ہمیں کچھ پتہ نہیں ہوتا نہ یہ ہمارا کام ہے کہ ہم بے گناہ اور گناہ گار کو دیکھیں کیونکہ کوئی بھی مجرم پہلے اقرار نہیں کرتا اس طرح تو مجرم بھی بچ جائیں گے۔ لہٰذا میرے پوچھنے کا اصل مطلب یہ ہے کہ کیسے بے گناہ شخص کو ظلم وتشدد کا شکار ہونے سے بچایا جائے۔ اور مجرم کو کیفر کردار تک بھی پہنچایا جائے۔ کیونکہ تفتیش کرنے والا کوئی اور شخص ہوتا ہے۔

اگر مندرجہ بالا تمام اعمال غیر اسلامی ہیں تو برائے مہربانی اس دین اسلام جس کے معنی ہی بے گناہ شخص پر سلامتی اور تحفظ ہے اور شک کی بنیاد پر ظلم وتشدد سے گریز کا طریقہ تفتیش بیان کریں جس سے مجرمین کو واصل جہنم کیا جا سکے۔ اگر اسلام میں اس کے بارے میں کوئی طریقہ کار تفصیلاً وضاحت کے ساتھ نہیں تو آپ برائے مہربانی اجتہاد سے کام لے کر اسلامی طریقہ تفتیش برائے تلاش مجرمین کے تفصیل کے ساتھ رہنما اصول بیان کرکے ہم ملازمین

پولیس کے ضمیر کو مطمئن کریں کیونکہ ہمیں تو ملزمان کو لاکر دیا جاتا ہے اور ہمارا کام تشدد کرکے حلفیہ بیان لینا ہوتا ہے تو پھر اسی شخص کو عدالت عالیہ سے بری کر دیا جاتا ہے تو ایسے موقع پر ہمارے دل پر کیا گزرتی ہے یہ کوئی ہم ہی سے پوچھے۔ برائے مہربانی پورا خط شائع کرکے اور سوالوں کے تسلی بخش اور قطعی جواب دے کر مطمئن کریں۔

ج ...... ہمارے یہاں عدالتی اور تفتیشی نظام سارے کا سارا وہ ہے جو انگریز سے ورثہ میں ملا ہے، جس کی بنیاد ہی ظلم اور رشوت ستانی پر رکھی گئی ہے۔ اور جس میں خوف خدا اور محاسبہ آخرت نام کی کوئی چیز نہیں ہوتی (الا ماشاء اللہ) جب تک یہ پورا نظام تبدیل نہیں ہوتا محض چند مشوروں کی پیوند کاری سے اس کی اصلاح نہیں ہو سکتی سب تو خیر ایک جیسے نہیں ہوتے، مگر مجرموں سے رشوت لے کر بچانا اور بے گناہوں کو دھر لینا ہماری پولیس کا خاص فن ہے۔

## زبردستی اعتراف جرم کرانا اور مجرم کو طہارت و نماز سے محروم رکھنا

س ...... (۱) شواہد و براہین کے حصول کی کوشش اور کاوش کے بغیر تشدد سے اعتراف جرم کرانے کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

(۲) ملزم کو نماز، طہارت اور واجب غسل سے محروم رکھنے کا گناہ کس کے ذمہ ہوتا ہے اور اس کی کیا سزا ہے؟

(۳) کیا فرائض کی ادائیگی کے لئے جھوٹ اور غلط بیانی کو وتیرہ بنا لینا شرعاً درست ہے یا نادرست؟

ج ...... (۱) قرائن و شواہد کے بغیر بذریعہ تشدد اقبال جرم کرانا جائز نہیں اور ایسا اعتراف شرعاً کالعدم ہے۔

(۲) گناہ محروم رکھنے والوں کے ذمہ ہے۔ اور اس کی سزا ہے دنیا میں دل کا سیاہ

پتھر ہو جانا اور آخرت میں فرائض سے روکنے کی سزا۔
(۴) میں سوال کا مطلب نہیں سمجھا۔ جھوٹ اور غلط بیانی کو درست کون کہہ سکتا ہے۔ اور وہ کون سے فرائض ہیں جن میں جھوٹ اور غلط بیانی کو وتیرہ بنانا درست سمجھا جائے۔

## برے کام پر لگانے کا عذاب

س ...... اگر کسی شخص کو اچھے کام پر لگا دیا جائے تو جب تک وہ شخص اس کام کو سر انجام دیتا رہے گا' کام پر لگانے والے شخص کو بھی ثواب ملتا رہے گا۔ اسی طرح اگر کوئی شخص کسی کو برائی کا راستہ دکھائے تو کیا وہ بھی گناہ کا مستحق رہے گا چاہے اس کا اس شخص سے دوبارہ رابطہ نہ ہو' اگر ایسا ہو گا تو اس گناہ سے چھٹکارا پانے کے لئے کیا طریقہ کار اختیار کیا جائے جبکہ گناہ کا فعل انجام دینے والوں سے کوئی رابطہ بھی نہ ہو' جواب جلد دیکر ذہنی اذیت سے نجات دلائیں؟

ج ...... حدیث شریف میں ہے کہ جس شخص نے کسی اچھائی کی بات کو رواج دیا۔ اس کو اس کے اپنے عمل کا بھی اجر ملے گا اور جتنے لوگ اس پر عمل کریں گے ان کا بھی ثواب ملے گا اور ان لوگوں کے اجر و ثواب میں کوئی کمی نہیں ہوگی اور جس شخص نے کسی برائی کو رواج دیا اس کو اپنی بد عملی کا بھی گناہ ہو گا اور جتنے لوگ اس پر عمل کریں گے ان کا گناہ بھی ہو گا اور ان لوگوں کے گناہ میں کمی نہیں ہوگی۔ ایک حدیث میں ہے کہ دنیا میں جتنے ناحق قتل ہوتے ہیں ہر ایک قتل بے گناہ کا ایک حصہ حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے قابیل کے نام بھی لکھا جاتا ہے۔ کیونکہ وہ سب سے پہلا شخص ہے جس نے خون ناحق کی رسم بد جاری کی۔

اب جس شخص کی وجہ سے کوئی شخص برائی کے راستہ پر لگا اور اس شخص کو اللہ تعالیٰ نے ہدایت دیدی تو اس شخص کو چاہئے کہ جن جن لوگوں کو برائی پر

لگایا ان کو اس برائی سے نکالنے کی کوشش کرے۔ اور اگر ان سے کوئی رابطہ نہیں رہا تو اللہ تعالیٰ کے سامنے توبہ واستغفار کرے۔ اور ان لوگوں کے لئے بھی دعا واستغفار کرے۔ نیز اس کے تدارک کے لئے نیکیوں کو پھیلانے کی کوشش میں لگا رہے۔ انشاء اللہ اس کا یہ گناہ معاف ہو جائے گا۔

## انسان اور جانور میں فرق

س ...... جناب ہمارے ایک جاننے والے صاحب کا کہنا ہے کہ عورت اور مرد آپس میں ہلکے پھلکے انداز میں جسمانی تعلق قائم رکھ سکتے ہیں۔ ان کے نزدیک یہ تمام حرکات قدرتی ہیں۔ جس کو کہ وہ نیچرل کا نام دیتے ہیں ان کے مطابق اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں بدکاری اور زنا کے متعلق ارشاد فرمایا ہے جبکہ کسی اور جگہ یا کسی اور کتاب میں یعنی حدیث شریف میں بھی اس کا ذکر نہیں ہے۔ موصوف کے مطابق تمام جانور جن میں انسان بھی شامل ہیں آپس میں مل کر رہتے ہیں اور ساتھ اٹھتے بیٹھتے ہیں۔ انسانوں میں شامل عورت اور مرد بھی ساتھ اٹھ بیٹھ سکتے ہیں اور ایک خاص حد تک تعلق قائم رکھ سکتے ہیں میری ان سے سرسری سی بات ہوئی تھی مگر میں ان کو بہتر جواب نہ دے سکی کیونکہ شرم وحیا کی وجہ سے میرا سمجھانا ان کو مشکل تھا۔

ج ...... نامحرم مرد اور عورت کا آپس میں ملنا' سلام ودعا کرنا اور ایک دوسرے کو مس کرنا اسلام کی رو سے جائز نہیں۔ بدکاری اور فحاشی (زنا) کا ناجائز ہونا تو شاید ان نوجوانوں کو بھی مسلّم ہو اب اگر نوجوانوں کو خلاف جنس کے ساتھ اختلاط کی مکمل چھٹی دی جائے اور معاشرتی اقدار یا قانون ان کے "حیوانی اختلاط" کے درمیان حائل نہ ہو تو اس آزادانہ اختلاط کا نتیجہ سوائے بدکاری کے اور کیا نکلے گا؟ اور اہل عقل کا قاعدہ ہے کہ جب کسی برائی سے منع کیا جاتا ہے تو اس کے اسباب کا بھی سدِّباب کیا جاتا ہے۔ زنا' چونکہ شریعت کی نظر

میں بد ترین برائی ہے اس لئے شریعت نے اس کے تمام اسباب پر بھی پابندی عائد کر دی ہے' چنانچہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے آنحضرت ﷺ کا ارشاد گرامی مروی ہے:

عن ابی هريرة رضی الله عنه قال قال رسول الله ﷺ فزنا العين النظر وزنا اللسان المنطق والنفس تمنى وتشتهى والفرج يصدق ذلك ويكذبه متفق عليه - (مشکوٰۃ ص ۲۰)

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا......
"آنکھوں کا زنا نامحرم کو دیکھنا ہے' کانوں کا زنا باتیں سننا ہے' زبان کا زنا باتیں کرنا ہے' دل کا زنا نفسانی خواہش ہے اور شرم گاہ ان تمام کی تصدیق کر دیتی ہے یا تکذیب کر دیتی ہے"
(صحیح بخاری و مسلم.... مشکوٰۃ ص ۲۰)

اب یہ دیکھئے کہ انسان اور جانور کے درمیان کیا فرق ہے؟ ہم دیکھتے ہیں کہ جانوروں میں خواہشات تو موجود ہیں مگر یہ خواہشات حدود وقیود کی پابند نہیں' کیونکہ وہ عقل کے جوہر سے محروم ہیں اور اتنا شعور ہی نہیں رکھتے کہ کھانے پینے کی خواہش پوری کرنے کے لئے جائز وناجائز یا اپنے اور پرائے کی تمیز بھی کرنی چاہئے' اسی طرح جنسی اختلاط میں ماں' بہن اور بہو بیٹی کے درمیان امتیاز کرنے کی ضرورت ہے نہ انہیں یہ شعور ہے کہ تقاضائے شرم وحیاء کی بناء پر ستر پوشی کے تکلف کی بھی ضرورت ہے' یہی وجہ ہے کہ شریعت نے اہل عقل کو احکام کا مکلف کیا ہے۔ جانوروں کو' یا جو انسان کہ عقل سے محروم دیوانے اور پاگل ہوں وہ شرعی احکام کے مکلف نہیں۔ خدا نہ کرے کہ علم وعقل اور فہم ودانش رکھنے کے باوجود انسان حیوانوں کی سطح پر اتر آئیں' اور جانوروں کی بہیمانہ حرکات کو جو عقل کی قید سے خارج ہیں' تقاضائے فطرت قرار دے کر ان پر رشک کرنے لگیں' یا جانوروں کی ریس کرنے لگیں۔

بہت سی قباحتوں اور برائیوں کا ادراک تو انسانی عقل کر لیتی ہے لیکن

بہت سی برائیاں ایسی ہیں جن کے مشاہدے سے عقل انسانی بھی قاصر رہتی ہے' ایسی برائیوں کے جراثیم دیکھنے کے لئے "وحی الٰہی" کی خوردبین درکار ہے' اس لئے داناؤں کا کہنا یہ ہے کہ انسان کی طبعی خواہشات عقل کے تابع ہونی چاہئیں۔ تاکہ انسان اور جانور میں فرق کیا جاسکے اور انسان کی عقلی خواہشات "وحی الٰہی" کے تابع ہونی چاہئیں' تاکہ حقیقی انسان اور انسان نما جانور کے درمیان امتیاز کیا جاسکے۔

خلاصہ یہ کہ انسان کی فطری خواہشات برحق' مگر خالق فطرت نے ان خواہشات کو پورا کرنے کے لئے کچھ قواعد وضوابط مقرر فرمائے ہیں' پس اگر اس انسانی مشین کا استعمال اس کے خالق کے بتائے ہوئے اصول وقواعد کے مطابق کیا جائے گا تو یہ مشین صحیح کام کرے گی اور اگر ان اصول وقواعد کی پروانہ کی گئی تو انسان' انسان نہیں رہے گا' بلکہ انسان نما جانور بن جائے گا۔

## دارالاسلام کی تعریف

س ...... دارالاسلام کی تعریف کیا ہے (ب) پھر دارالاسلام کا حکمران یعنی مملکت دارالاسلام کا سربراہ کون ہوتا ہے مسلم یا غیر مسلم بھی؟
اگر معاذ اللہ کوئی اسلام کی توہین کرے تو اس کو پوری مملکت دارالاسلام کے علماء سنبھالیں گے یا صرف ایک ہی مولوی فتویٰ مار دے گا یعنی پوری مملکت دارالاسلام کے علماء کے ذمہ ہوگا یا صرف اور صرف ایک ہی مولوی اس گستاخ پر فتویٰ مارے گا پھر وہ صرف یہاں ہی بس نہیں کرے گا تو حرمین تک جائے گا فتویٰ مروانے (ب) پھر وہ مولوی بغیر گواہوں کے ہی فتویٰ ٹھوک دے گا یا گواہوں کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔

س ...... مملکت دارالاسلام کے اندر اس کے حکمران کے خلاف کوئی عوامی تحریک اٹھ کر جھنڈا لہرائے تو کیا جائز ہوگا یا حرام؟

ج ...... (۱) جس ملک میں اسلام کے احکام جاری ہوں وہ دارالاسلام ہے اور جہاں اسلام کے احکام جاری نہ ہوں وہ مسلمانوں کا ملک تو ہو سکتا ہے مگر شرعاً دارالاسلام نہیں۔

(۲) دارالاسلام کا حکمران مسلمان ہو سکتا ہے غیر مسلم نہیں۔

(۳) اسلام کی توہین کرنے والا مسلمان نہیں، مسلمانوں پر لازم ہوگا کہ اس کو معزول کر کے کسی مسلمان کو اس کی جگہ مقرر کریں۔

باقی امور سیاسی ہیں، شرعی حکم میں نے ذکر کر دیا، سیاسی امور پر گفتگو میرا موضوع نہیں۔

## کیا اقراری مجرم کو دنیاوی سزا پاک کر دیتی ہے

س ...... اگر کوئی ملزم یا مجرم اپنے جرم کا اقرار کر لیتا ہے اور اس کے نتیجہ میں اسے اس کے جرم کی سزا ملتی ہے تو کیا اس صورت میں مذکورہ ملزم یا مجرم کے اس گناہ کا کفارہ ادا ہو جاتا ہے کہ جس کے اقرار کے نتیجے میں اسے سزا دی گئی۔ نیز کیا روز محشر ایسا فرد اپنے اس جرم کی سزا سے بری الذمہ قرار پائے گا۔

ج ...... اگر توبہ کر لے تو آخرت کی سزا معاف ہو جائے گی ورنہ نہیں۔

س ...... اگر کسی شخص کو بے گناہ اور بے جرم سزاوار قرار دیا گیا ہو تو روز محشر اس کی جوابدہی کس کس فرد پر ہوگی؟

ج ...... وہ تمام لوگ جو اس بے قصور کو سزا دلانے میں شریک ہوئے۔

## کیا مسلمان کا قاتل ہمیشہ جہنم میں رہے گا؟

س ...... روزنامہ جنگ مورخہ ۱۹۸۸-۲-۱۹ کے اسلامی صفحہ پر قاری محمد ایوب صاحب کا ایک مضمون بنام "مسلمان کا قاتل اللہ (جل جلالہ) کی رحمت سے محروم" چھپا ہے جس کا لب لباب یہ ہے کہ قاتل کی توبہ بھی قبول نہیں ہوگی

اور وہ ہمیشہ دوزخ میں رہے گا۔اس کے ثبوت میں ایک آیت مبارکہ کا ترجمہ بھی دیا ہے"اور جو کوئی کسی مومن کو قصداً قتل کر ڈالے اس کی سزا دوزخ ہے جس میں وہ ہمیشہ رہے گا" اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ قول بھی تحریر ہے "جس نے مومن کو قصداً قتل کیا اس کی توبہ قبول ہی نہیں" اسی طرح کسی شخص نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا کہ اگر قاتل توبہ کرلے اور پھر نیک عمل کرنے لگے اور ہدایت پر جم جائے تو۔حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسے جواب دیا" اس کی ماں اسے روئے اسے توبہ وہدایت کہاں۔اس خدا کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ اس آیت کے نازل ہونے کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات تک اسے منسوخ کرنے والی کوئی آیت نہیں اتری اور روایت میں اتنا اور بھی ہے کہ نہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی وحی اتری۔

مندرجہ بالا آیت اور روایت کی روشنی میں آپ سے یہ دریافت کرنا ہے کہ ہم یہ ہی سنتے آئے ہیں کہ اللہ جل جلالہ سوائے ان لوگوں کے جنہوں نے شرک وکفر کیا ہوگا اور سب کی بخشش فرمادے گا۔یہ بھی سنا ہے کہ موحد ہمیشہ دوزخ میں نہ رہے گا۔یہ بھی سنا ہے کہ بنی اسرائیل میں سے کسی شخص نے ۹۹ قتل کئے تھے وہ توبہ کرنے چلا تو دو قتل اور کر ڈالے' پھر کسی کے مشورے پر وہ توبہ کرنے جارہا تھا کہ راستے میں ہی اسے موت نے آلیا۔مگر چونکہ وہ توبہ کا ارادہ لے کر گھر سے نکلا تھا اس لئے اللہ جل جلالہ نے اس شخص کی مغفرت فرما دی۔اب اگر حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت پر غور کریں تو معلوم ہوتا ہے کہ قاتل کی توبہ قبول نہیں اور وہ ہمیشہ دوزخ میں رہے گا اور قاری محمد ایوب صاحب نے سورہ نساء کی آیت نمبر ۹۳ کا جو حوالہ دیا ہے' اس سے بھی یہی ظاہر ہوتا ہے کہ قاتل ہمیشہ دوزخ میں رہے گا۔اب آپ سے جواب اس بات کا چاہئے کہ آیا قاتل کی بخشش ہے یا نہیں۔

ج ...... اگر قاتل سچی توبہ کرلے اور مقتول کے وارثوں سے بھی معاف کرالے

اور اگر وہ معاف نہ کریں تو بلا حیل وحجت اپنے آپ کو قصاص کے لئے پیش کر دے تو انشاء اللہ اس کی بھی بخشش ہو جائے گی۔ اہل سنت والجماعت کا عقیدہ یہی ہے کہ کوئی گناہ ایسا نہیں ہے جس سے توبہ نہ ہو سکے اور کفر وشرک کے علاوہ کوئی گناہ ایسا نہیں جس کی سزا دائمی جہنم ہو' آپ نے جو آیت نقل کی ہے اس کی توجیہ یہ کی گئی ہے کہ قاتل کی اصل سزا تو دائمی جہنم تھی۔ مگر ایمان کی برکت سے اسے یہ سزا نہیں دی جائے گی۔ نیز یہ سزا اس شخص کی ہے' جو مومن کو اس کے ایمان کی وجہ سے قتل کرے۔ ایسا شخص واقعی دائمی سزائے جہنم کا مستحق ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کا مشہور فتویٰ تو وہی ہے جو سوال پر نقل کیا گیا ہے' مگر بعض روایات میں ہے کہ وہ بھی قبول توبہ کے قائل تھے۔ دراصل کسی مومن کا قتل اتنا بڑا گناہ ہے کہ اس کے بعد توبہ کی توفیق بھی مشکل ہی سے ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کو اس وبال سے محفوظ رکھیں۔ آمین!

## اعمال میں میانہ روی سے کیا مراد ہے

س ...... ہمارے پیارے رسول حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "میانہ روی اختیار کرو اپنے اعمال میں" اس کی مختصر وضاحت فرمادیں۔

ج ...... اس کا مطلب یہ ہے کہ فرائض وواجبات اور سنن موکدہ کے علاوہ آدمی کو نوافل اور اذکار ووظائف کی اتنی مقدار کا معمول رکھنا چاہئے جس کی آسانی سے پابندی کر سکے اور جس سے اکتا نہ جائے' بلکہ جو معمول شروع کرے حتی الوسع اس کو ہمیشہ نبھائے' بعض لوگ جوش میں آکر اپنے ذمہ زیادہ بوجھ ڈال لیتے ہیں اور جب وہ نبھتا نہیں تو اکتا کر چھوڑ دیتے ہیں۔

## ایک قیدی کے نام

س ...... (سوال حذف کر دیا گیا)

ج ...... آپ کا خط آپ کی اہلیہ کے ذریعہ پہنچا' آپ کے حالات و معمولات سے

اطلاع ہوئی' بارگاہ رب العزت میں دعا والتجا ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے لطف وکرم سے آپ کی رہائی کی صورتیں پیدا فرمادیں ۔چند ضروری باتیں لکھتا ہوں ان کو غور اور توجہ سے پڑھیں ۔

اول : حق تعالیٰ شانہ کی طرف سے بندے کو آزمائشیں آتی ہیں 'کبھی خوشی اور مسرت کی شکل میں 'کبھی رنج وغم اور آفات ومصائب کی شکل میں 'پہلی حالت میں شکر بجا لانا اور دوسری حالت میں صبر ورضا اور دعا والتجا سے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں رجوع کرنا بندے کا فرض ہے حوصلہ اور ہمت نہیں ہارنی چاہئے بلکہ صبر واستقامت کیساتھ اپنی کوتاہیوں پر استغفار کرتے ہوئے اور رضائے مولا کے مضمون کو اپنے دل میں پختہ کرتے ہوئے اس وقت کو گزارنا چاہئے ۔

دوم : جیل کا ماحول اکثر غیر اخلاقی ہوتا ہے جس کی وجہ سے بہت سے لوگ اپنے دین واخلاق کو بگاڑ کر وہاں سے نکلتے ہیں' آپ کو اس ماحول سے متاثر نہیں ہونا چاہئے ' بلکہ یہ سمجھنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرصت کا موقع عطا فرمایا ہے ۔اس لئے آپ نماز پنجگانہ کا اہتمام کریں قرآن کریم کی تلاوت کریں ۔جو معمولات آپ نے لکھے ہیں وہ صحیح ہیں ۔ان کی پابندی کریں ۔ان کے علاوہ فرصت کے جو لمحات بھی میسر آئیں ان میں کلمہ طیبہ "لا الٰہ الا اللہ" کو ورد زبان رکھیں 'بہشتی زیور' حضرت شیخؒ کے رسائل فضائل اعمال اور اکابر کے مواعظ کا مطالعہ جاری رکھیں ۔

سوم : جہاں تک ممکن ہو' جیل کے عملہ سے بھی اور قیدیوں سے بھی اخلاق ومروت کیساتھ پیش آئیں' اپنی طاقت کے مطابق ہر ایک کی خدمت کو اپنا شعار بنائیں 'کسی کی طرف سے کوئی رنج پہنچے تو اس کو معاف کردیں' بری محبت سے اپنے آپ کو بچائے رکھیں' قید کے ساتھیوں کو بھی نماز کی اور خیر کے کاموں کی ترغیب دیا کریں ۔

چہارم : پانچوں نمازوں کے بعد بہت توجہ کے ساتھ اپنے لئے خیر اور بھلائی کی

اور قید سے رہائی کی دعا کیا کریں ' اگر ہو سکے تو تہجد کے لئے بھی اٹھا کریں ' الغرض دعا و التجاء کا خاص اہتمام کریں۔

پنجم : جیل میں آدمی کی آزادی سلب ہو جاتی ہے ' اگر غور کیا جائے تو اللہ تعالیٰ کے بندوں کے لئے دنیا کی زندگی بھی ایک طرح کا جیل خانہ ہے ' کہ ہر قدم پر اسے مالک کے حکم کی پابندی لازم ہے ' لہذا جیل کی زندگی سے دنیا میں زندگی گزارنے کا ڈھنگ سیکھنا چاہئے۔

ششم : جیل زندوں کی قبر ہے ' اس لئے یہاں رہتے ہوئے قبر کی تنہائی ' بے بسی و بے کسی اور وہاں کے سوال و جواب کو یاد کرنا چاہئے اور اپنی زندگی میں جتنی کوتاہیاں اور لغزشیں ہوئی ہوں ان پر ندامت کے ساتھ استغفار کرنا چاہئے۔

میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ کی مشکلات کو آسان فرمائیں ' آپ کو اپنی رضا و محبت نصیب فرمائیں اور آپ کو رہائی عطا فرمائیں۔

## سچی شہادت کو نہیں چھپانا چاہئے

س ...... ایک آدمی دیکھ رہا ہو کہ کسی بندہ کو قتل کرنے والا صرف ایک شخص ہے اور اس کے ساتھ دوسرا بندہ موجود بھی نہ ہو اور مقتول پارٹی کسی بے گناہ شخص کو قتل کے کیس میں پھنسا دے جو اس وقت شہر میں بھی موجود نہ ہو اور اس سے یہ منسوب کرے کہ ایک فائر اس شخص نے کیا اور دوسرا ' دوسرے شخص نے ' اس معاملہ میں وہ شخص جو وہاں پر موجود تھا اور دیکھ رہا تھا کہ قتل کرنے والا صرف ایک شخص ہے اور فائر بھی ایک ہوا ہے کیا خدا کے ہاں مجرم ہے اگر وہ گواہی دینے سے انکار کر دے کہ میں گواہی نہیں دیتا ' اگر وہ صاف کہہ دے کہ قاتل ایک شخص ہے تو بے گناہ شخص نجات پا سکتا ہے ' اس بارے میں کیا طریقہ اختیار کرنا چاہئے ' قرآن و حدیث میں کیا حکم ہے؟

ج ...... قرآن کریم میں ارشاد ہے :

﴿ولا تکتموا الشھادۃ ومن یکتمھا فانہ آثم قلبہ.﴾

(بقرہ: ۲۸۳)

ترجمہ :اور شہادت کو نہ چھپاؤ' اور جو شخص اس کو چھپائے اس کا دل گناہ گار ہے۔

یہ آیت کریمہ آپ کے سوال کا جواب ہے۔

## پیٹ کے بل سونا

س ...... پیٹ کے بل سونے سے متعلق میں نے ایک ڈائجسٹ میں پڑھا تھا کہ آدمی نفسیاتی مرض میں مبتلا ہو جاتا ہے یہ بات ٹھیک ہے یا نہیں؟

ج ...... پیٹ کے بل سونا مکروہ ہے' اور حدیث میں اس کو شیطان کے انداز کا لیٹنا فرمایا ہے' نفسیاتی مرض کا مجھے علم نہیں۔

## پاخانہ میں تھوکنا

س ...... میں نے سنا ہے کہ پاخانے میں تھوکنا منع ہے۔کیا یہ صحیح ہے؟

ج ...... خلاف ادب ہے۔

## جب ہر طرف برائی پر برانگیختہ کرنے والا لٹریچر عام ہو اور عورتیں بنی سنوری پھریں تو کیا زنا کی سزا جاری ہوگی

س ...... چند روز قبل راقم الحروف بس میں سفر کر رہا تھا کہ میری اگلی سیٹوں پر بیٹھے ہوئے چند مولوی صاحبان مندرجہ ذیل قسم کی بحث کر رہے تھے ان کی اس بحث کو میں ایک سوال کی صورت میں تحریر کرکے آپ کی خدمت میں ارسال کر رہا ہوں تاکہ یہ پتہ چل سکے کہ ان مولوی صاحبان کی اس بحث میں کہاں تک حقیقت کا عنصر شامل ہے؟ ان مولوی صاحبان کے بقول کیا اسلام یہی چاہتا ہے کہ فواحش کی اشاعت اسی طرح جاری رہے ہیجان انگیز فلمیں' عریاں تصاویر'

(واضح ہو کہ عالمی حسیناؤں و دوشیزاؤں کی عریاں تصاویر اسلامی جمہوریہ پاکستان میں خاص خاص دکانوں پر فروخت ہو رہی ہیں۔ نیز پاکستان کے بعض اخبارات میں بھی بعض اوقات ان عالمی حسیناؤں و دوشیزاؤں کی نیم عریاں تصاویر چھپتی رہتی ہیں) اخلاق کش لٹریچر اسی طرح سفلی جذبات کو اکساتے ہیں (واضح رہے کہ یہ اخلاق کش لٹریچر اور جنس کو تحریک دینے والا فحش مواد مملکت اسلامیہ پاکستان میں مختلف رسالوں' ڈائجسٹوں اور ناولوں وغیرہ کی صورت میں شائع ہو رہا ہے۔ نیز سرعام فروخت ہو رہا ہے اور یہ عناصر قوم کی قوم کو فحاشی کے افیون میں بدمست' کیے جا رہے ہیں نیز یہ بلیو پرنٹ' عالمی حسیناؤں و دوشیزاؤں کی عریاں و نیم عریاں تصاویر یہ اخلاق کش لٹریچر' یہ فحش فلمی اشتہارات قوم کے اخلاق کو دیمک کی طرح چاٹ رہے ہیں) کیا اسلام یہی چاہتا ہے کہ بنی سنوری عورتیں اسی طرح بر سر عام پھرتی رہیں' کالجوں' دفتروں' کلبوں اور دوسرے بہت سے مقامات پر اختلاط مرد و زن اسی طرح جاری رہے' عورتیں اور جوان لڑکیاں اسی طرح نیم عریاں اور چست لباس پہن کر دن رات ہوٹلوں میں' سینماؤں میں' بازاروں میں' تھیٹروں میں' پارکوں میں' راستوں میں اور گلی کوچوں میں سر برہنہ' سینہ عریاں' ننگی باہیں نکالے ہوئے چہرہ بے نقاب کئے' رخساروں پر پوڈر اور سرخی تھوپے اور مردوں کے ہاتھوں میں ہاتھ ڈالے مارے مارے پھرتی نظر آتی ہیں۔

ج ...... یہ ساری باتیں حرام ہیں اور ان کا بند کرنا ضروری ہے۔ اسلام ان کی اجازت دینا نہیں چاہتا۔ لیکن زنا کی سزا بہرحال جاری ہوگی محض اس وجہ سے کہ ہر جگہ بے حیائی کا دور دورہ ہے کوئی شخص اللہ تعالیٰ کے نزدیک حرام کاری کے ارتکاب میں معذور نہیں ہو سکتا۔ اس لئے ان مولوی صاحبان کا نظریہ صحیح نہیں۔

## کیا نابالغ بچوں کو شعور آنے تک نماز کا نہ کہا جائے

س ...... بے شک اللہ بہت معاف کرنے والا ہے مگر کچھ لوگ اپنے نابالغ بچوں کو نماز کی تلقین اس لئے نہیں کرتے کہ بچے دل سے نماز نہیں پڑھتے تو زبردستی کی رگڑ رگڑائی کروانے سے کیا فائدہ۔ خود ہی جب شعور ہوگا تو پڑھنے لگ جائیں گے' کیا ایسا کہنا درست ہے جبکہ وہ خود نماز پابندی سے پڑھتے ہیں۔

ج ...... آنحضرت ﷺ کا یہ ارشاد گرامی تو سنا ہی ہوگا کہ "اپنے بچوں کو نماز کا حکم دو جب وہ سات سال کے ہو جائیں اور ان سے مار کر نماز پڑھاؤ جب وہ دس سال کے ہو جائیں۔" اس حدیث سے معلوم ہوا کہ رگڑ رگڑائی کا بھی نفع ہے کہ اس سے بچے عادی ہو جائیں گے۔ اور جو حضرات یہ فرماتے ہیں کہ جب ان کو شعور ہوگا تو خود ہی پڑھیں گے ان کی یہ بات کئی وجہ سے غلط ہے۔

اول: یہ ارشاد نبوی ﷺ کا خلاف ہے۔

دوم: دنیوی کاموں اور تعلیم میں یہ لوگ خود بھی بچوں کو آزاد نہیں چھوڑتے کہ جب ان کو شعور ہوگا تو خود ہی پڑھنے لگیں گے۔ معلوم ہوا کہ ان کا یہ قول دین سے لاپرواہی کا نتیجہ ہے۔

سوم: جب بچوں کو شعور سے پہلے نماز کا پابند نہیں بنایا جائے گا تو وہ شعور کے بعد بھی پابندی نہیں کریں گے۔

چہارم: بچے تو شعور کے بعد پابند ہوں یا نہ ہوں مگر والدین تو اپنے فرض میں کوتاہی کرنے کی وجہ سے گناہ گار ہوں گے۔

## کیا کرایہ دار کے اعمال بد کا مالک مکان ذمہ دار ہے

س ...... میرے مکان میں ایک کرایہ دار آیا ہے وہ گھر میں ٹی وی اور ٹیپ ریکارڈر وغیرہ چلاتا ہے' میں نے اسے منع بھی کیا ہے مگر وہ پھر بھی چلاتا ہے اب میرے لئے کیا حکم ہے' اس کے ان کاموں سے میں گناہ گار تو نہیں ہوتا؟

ج ...... اس کے ٹی وی اور ٹیپ چلانے سے تو آپ گناہ گار نہیں ہوں گے۔ لیکن آپ کسی ایسے آدمی کو مکان دیں جو ان خرافات سے بچا ہوا ہو۔

## اگر قسمت میں لکھا ملتا ہے تو محنت کی کیا ضرورت ہے

س ...... میرا دوست کہتا ہے کہ آدمی کی قسمت اچھی ہو تو بغیر محنت کئے بھی اچھا کما لیتا ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ یہ کمائی اس کے نصیب میں تھی اور اس کی قسمت اچھی تھی میرا کہنا ہے کہ آدمی محنت کرے اور قسمت ساتھ دے تو کام بنتا ہے' بغیر محنت کئے قسمت اچھی نہیں ہو سکتی۔ میرے دوست کا کہنا ہے کہ ایک آدمی پورا دن محنت کرتا ہے اور دوسرا آدمی ایک گھنٹے میں اتنے پیسے کما لیتا ہے۔ براہ مہربانی اس کا جواب عنایت فرمائیں کہ ہم دونوں میں سے کس کا نقطہ نظر ٹھیک ہے؟

ج ...... تو یہ صحیح ہے کہ جو قسمت میں لکھا ہو وہی ملتا ہے۔ اس سے زیادہ نہیں ملتا۔ لیکن حلال روزی کے لئے محنت ضرور کرنی چاہئے۔ قسمت کا حال کسی کو معلوم نہیں۔ اور حلال روزی کے لئے شرعی فرائض کی پابندی ضروری ہے۔

## جنس کی تبدیلی کے بعد شرعی احکام

س ...... جیسا کہ رسولؐ کا فرمان ہے کہ مرد کو عورت اور عورت کو مرد کی مشابہت اختیار کرنا سخت گناہ ہے' مگر آج کل جو جنسی تبدیلی کا سلسلہ شروع ہوا ہے شریعت کی رو سے کہاں تک صحیح ہے؟ اگر یہ صحیح ہے تو وہ مرد جو جنسی تبدیلی کے بعد عورت میں تبدیل ہو گئے ان کا انجام کل قیامت کو کیا ہو گا وہ جنت میں مرد کی حیثیت سے داخل ہوں گے یا عورت کی؟ اور اس مرد سے پیدا ہونے والی اولاد کا کیا انجام ہو گا۔ امید ہے اس مسئلہ کی وضاحت فرما کر امت مسلمہ کی رہنمائی فرمائیں گے۔

ج ...... جنسی تبدیلی اگر حقیقت واقعہ ہے تو اس کا مشابہت کے مسئلہ سے کوئی تعلق نہیں۔بلکہ جنس تبدیل ہونے کے بعد وہ جس صنف میں شامل ہوا ہے اسی صنف کے احکام اس پر جاری ہوں گے' اگر لڑکی کی جنس تبدیل ہوگئی اور وہ واقعتاً لڑکا بن گئی تو اس پر مردوں کے احکام جاری ہوں گے۔اور اگر لڑکا تبدیلی جنس کے بعد سچ مچ لڑکی بن گیا تو اس پر اس تبدیلی کے بعد لڑکیوں کے احکام جاری ہوں گے' مشابہت جو ممنوع ہے وہ یہ ہے کہ مرد' مرد ہوتے ہوئے عورتوں کی مشابہت کرے' یا عورت' عورت ہوتے ہوئے مردانہ پن اختیار کرے۔اس پر حدیث میں لعنت آئی ہے۔

## کچھ پڑھ کر ہاتھ سے پتھری وغیرہ نکالنا

س ...... آج کل فلپائن میں ایک غیر مسلم عورت کے متعلق مشہور ہو رہا ہے کہ وہ روحانی طریقوں سے جسمانی امراض مثلاً گردہ کی پتھری نکالنا' پیٹ میں سے رسولی نکالنا' آنکھ سے موتیا بند نکالنا وغیرہ کا علاج کرتی ہے اور لوگ اس سے علاج کراکر آرہے ہیں۔طریقہ اس طرح ہے کہ اپنے ہاتھ پر کچھ پڑھ کر اپنا ہاتھ متاثرہ جگہ پر چلایا' خون پیپ وغیرہ بلاکسی تکلیف کے نکلتا دکھائی بھی دیا اور چند منٹ میں گردے کی پتھری اپنے ہاتھ سے نکال دی۔ دوبارہ ہاتھ پھیرا تو زخم وغیرہ سب ٹھیک ہوگئے۔کیا اس طرح مسلمانوں کا علاج کرانا جائز ہے یا نہیں' نیز اس طریقہ علاج کی کیا حقیقت ہے اس کے متعلق آپ کچھ بتلا سکیں گے؟ کیونکہ سائنس کی روشنی میں تو اس کی نظربندی یا شعبدہ بازی کے علاوہ کوئی اور توجیہہ نہیں کی جاسکتی۔

ج ...... یہ مسمریزم کی مشقیں ہوتی ہیں روحانیت کے ساتھ ان کا کوئی تعلق نہیں' علاج جائز ہے۔واللہ اعلم

## تقلید کی تعریف واحکام

س ...... تقلید کی تعریف ان الفاظ میں کی جاتی ہے۔ کہ تقلید کا مطلب یہ ہے کہ جس شخص کا قول ماخذ شریعت میں سے نہیں ہے اس کے قول پر دلیل کا مطالبہ کیئے بغیر عمل کرلینا۔ اہل حدیث حضرات اس عمل کو سخت گناہ کی بات تصور کرتے ہیں لیکن مجھے اس ہی قول کو سمجھنا ہے۔ مگر پہلے جو میں سمجھا ہوں ظاہر کرنے کی سعی کرتا ہوں تاکہ بعد میں آپکی بات آسانی سے سمجھ سکوں۔

شریعت کا ماخذ ادلہ شرعیہ ہیں کسی مجتہد کا کوئی قول ہو اور وہ قول ادلہ شرعیہ کے تحت کسی نہ کسی دلیل کے تحت ہو یہ بات کیا تقلید میں داخل ہے۔ شاید جہاں تک میں سمجھا ہوں ایسا قول تسلیم کرنا اہل حدیث کے نزدیک تقلید نہیں۔ کیونکہ وہ قول تو ادلہ شرعیہ سے ثابت ہے۔

نمبر۲۔ میرا ذاتی تجربہ ہے کہ اہل حدیث یہاں ایک غلطی کر جاتے ہیں وہ یہ کہ مجتہد کے قول پر اگر انکو ادلہ شرعیہ سے ہی کوئی دلیل خود سمجھ آجائے پھر تو ٹھیک ہے اگر ان کا علم کسی قول کی دلیل شرعی تک رسائی نہ کرسکے پھر اس قول کو وہ جو چاہیں کہتے پھرتے ہیں۔

دوسری بات جو میں سمجھنا چاہتا ہوں وہ یہ کہ مندرجہ بالا تقلید کی تعریف کے تحت مقلد امام کے قول کو ماخذ شریعت تو نہیں سمجھتا وہ تو ادلہ شرعیہ ہیں لیکن کوئی ایسا قول (معلوم نہیں کہ ایسا قول ہے بھی یا نہیں) جس پر ادلہ شرعیہ کا ثبوت نہ ہو یعنی ادلہ شرعیہ سے وہ مسئلہ معلوم نہ ہوسکے صرف مجتہد کا اجتہاد ہی ہو یا رائے ہو۔ اس قول پر دلیل کا مطالبہ کیئے بغیر عمل کرلینا کیونکہ اس کا مقام یہ ہے کہ وہ قرآن وسنت کے علوم پر بصیرت رکھتا ہے قول پر دلیل طلب نہ کرنے کے یہ معنی ہیں یا کچھ اور۔

ایک بات اور کہنے کی جسارت کر رہا ہوں شاید میں نہ سمجھ سکا ہوں مگر اظہار کے

لئے کر رہا ہوں کہ آج کل لوگ ساٹھ' ستر صفحہ کی کتاب میں ڈھائی تین سو حوالوں کا پیوند لگا کر کچھ کا کچھ ثابت کرتے ہیں۔

ماھنامہ بینات محرم الحرام ۱۴۱۶ھ آپکا مضمون جو اصلاح مفاھیم کے بارے میں تھا اسکے آخر کے جملے جو تبلیغ سے متعلق تھے کوئی بھی آپکے نام سے غلط حوالہ دیکر تحریر کر سکتا ہے یعنی۔ اہل تبلیغ حضرت شیخ نور اللہ مرقدہ کی کتابوں اور آپکی تعلیمات کو حرز جاں بنائے ہوئے نقل و حرکت کر رہے ہیں۔ (نہ کہ قرآن وحدیث اور صحابہ کے طریقے بلکہ حضرت شیخ کی تعلیمات کو پھیلا رہے ہیں جیسا کہ اعتراضاً کہا جاتا ہے کہ حضرت مولانا الیاس ؒ نے فرمایا۔ میرا دل چاہتا ہے کہ طریقہ میرا ہو اور تعلیم حضرت تھانوی ؒ کی۔

ج ...... شرعی دلائل چار ہیں (۱) کتاب اللہ' (۲) سنت رسول اللہ' (۳) اجماع امت اور (۴) قیاس مجتھدین۔ پہلی تین چیزوں کے تو اہل حدیث بھی منکر نہیں۔ البتہ چوتھی چیز کے منکر ہے۔

۲۔ جو مسائل صراحۃً کتاب وسنت یا اجماع سے ثابت ہوں۔ اور ان کے مقابلہ میں کوئی اور دلیل نہ ہو وہاں تو قیاس مجتھدین کی ضرورت ہی پیش نہیں آتی' البتہ جن مسائل کا ذکر کتاب وسنت اور اجماع میں صراحۃً نہ ہو' ان میں شرعی حکم معلوم کرنے کے لئے قیاس واجتہاد کی ضرورت پیش آتی ہے۔

۳۔ اسی طرح جس مسئلہ میں بظاہر دلائل متعارض ہوں۔ وہاں تطبیق یا ترجیح کی ضرورت پیش آتی ہے' اور یہ کہ یہ منسوخ تو نہیں؟ بیان جواز پر تو محمول نہیں؟ کسی عذر پر تو محمول نہیں؟ وغیرہ وغیرہ

۴۔ ان دو مرحلوں کو طے کرنا مجتھد کا کام ہے' یعنی غیر منصوص مسائل کا حکم معلوم کرنا' اور جن مسائل پر دلائل بظاہر متعارض ہوں ان میں تطبیق و ترجیح اور ان کے محامل کی تعیین۔

۵۔ اور لوگ دو قسم کے ہیں' ایک جو اجتہاد کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ دوسرے

عامی' جو اس کی صلاحیت نہیں رکھتے' پس مذکورہ بالا دو مرحلوں میں مجتہد پر تو اجتہاد لازم ہے' کہ وہ انسانی طاقت کے بقدر پوری کوشش کرے کہ اس مسئلہ میں اللہ ورسول کا حکم کیا ہے؟ اور عامی کو اس کے سوا چارہ نہیں کہ وہ کسی مجتہد کی پیروی کرے۔

۶۔ عامی کے لئے یہی کافی ہے کہ وہ جس مجتہد کی پیروی کر رہا ہے وہ اہل علم کے نزدیک لائق اعتماد ہو' ہر مسئلہ میں اس سے دلیل کا مطالبہ کرنا اس کے لئے ممکن نہیں' پس یہ حاصل ہوا اس قول کا مجتہد کے قول کو بغیر مطالبہ دلیل کے ماننا تقلید ہے۔

۷۔ اہل حدیث بھی درحقیقت مقلد ہیں' کیونکہ جن اکابر کے قول کو وہ لیتے ہیں ان سے دلیل کا مطالبہ نہیں کرتے' نہ کر سکتے ہیں' گویا ترک تقلید بھی ایک طرح کی تقلید ہے۔

۸۔ اس تحقیق سے یہ بھی معلوم ہوا ہو گا کہ کسی مجتہد کا قول دلیل شرعی کے بغیر ہوتا ہی نہیں۔ البتہ یہ ممکن ہے کہ بعض اوقات وہ دلیل ایک عامی کے فہم وادراک سے اونچی ہو' خصوصاً جہاں دلائل شرعیہ بظاہر متعارض نظر آتے ہیں۔ اہل حدیث حضرات ایسے موقعوں پر آئمہ اجتہاد کے قول کو بے دلیل کہتے ہیں۔ حالانکہ "بے دلیل ہونے" کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ دلیل ان کے فہم سے بالا تر ہے۔ دوسرے لفظوں میں یہ کہئے کہ دلیل کا علم نہ ہو سکنے کو وہ دلیل کے نہ ہونے کا نام دیتے ہیں۔ حالانکہ عدم شئی اور چیز ہے اور "عدم علم" اور چیز ہے۔ پھر عدم علم اور چیز ہے۔ اور "علم عدم" اور چیز ہے۔ یہ وہی بات ہے جو آپ نے نمبر ۲ میں ذکر کی ہے۔

۹۔ ادلہ شرعیہ درحقیقت تین ہی ہیں' لیکن قول مجتہد کو جو دلیل شرعی کہا جاتا ہے اسکی وجہ یہ ہے کہ وہ ہمیشہ کسی نہ کسی دلیل شرعی (خفی یا جلی) پر مبنی ہوتا ہے۔ مگر اس دلیل شرعی کو مجتہد ہی ٹھیک طور سے سمجھتا ہے' اس لئے عامی کے حق میں

قول مجتہد کو دلیل شرعی قرار دیدیا گیا ہے۔

۱۰۔ شیخؒ کی کتابوں کے بارے میں اس ناکارہ نے جو کچھ لکھا ہے سیاق و سباق سے اس کا مفہوم بالکل واضح ہے۔ اس کے باوجود اگر کوئی اس سے غلط استدلال کرنے بیٹھ جائے تو اس کا کیا علاج ہے؟ لوگوں نے غلط استدلال کرنے کے لئے قرآن کریم کا بھی لحاظ نہیں کیا' اس ناپاک کی ژولیدہ تحریر کا کیوں لحاظ کرنے لگے؟

## حلال و حرام میں فرق

س ...... حلال و حرام میں کیا فرق ہے کیا انسان جو ناجائز کماتا ہے یہ پیسہ فوراً ضائع ہو جاتا ہے آج جو لوگ امیر سے امیر تر ہوتے جا رہے ہیں کیا ان کی جائز کمائی ہے؟

ج ...... حلال و حرام کو شریعت نے کھول کر بیان کر دیا ہے جو شخص شریعت کے مطابق کمائے اس کی روزی حلال ہوگی ورنہ نہیں۔ حرام کمائی کا فوراً ضائع ہونا ضروری نہیں۔ البتہ یہ ضروری ہے کہ حرام کی کمائی سینکڑوں آفتیں لے کر آتی ہے اور سب کچھ ہونے کے باوجود دل کا سکون غارت ہو جاتا ہے۔

## مملوکہ زمین کا مسئلہ

س ...... ۱۹۴۷ء کے بعد جب ہم پاکستان آئے تو مجھے کلیم میں یہاں ٹنڈو آدم کی ایک مسجد کے متصل دو منزلہ مکان ملا جس کی اونچائی ۲۸ فٹ ہے۔ اب یہ مکان بوسیدہ ہو گیا ہے اس لئے میں اس کو گرا کر از سر نو نقشہ کے تحت تعمیر کرانا چاہتا ہوں اور اب اس کی اونچائی بجائے ۲۸ فٹ کے ساڑھے تین فٹ مزید بڑھا کر ساڑھے اکتیس فٹ کرنا چاہتا ہوں۔ مسجد کی انتظامیہ بلاوجہ اس میں رکاوٹ ڈال رہی ہے۔ ان کا یہ کہنا ہے کہ ہوا بند ہو جائے گی حالانکہ ہوا بند ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ برائے مہربانی یہ بتائیں کہ اس قسم کے

اعتراضات جو بلا جواز ہوں۔ عندالشرع کہاں تک درست ہیں۔ آیا کسی مسجد کی انتظامیہ کو یہ حق پہنچتا ہے کہ مسجد کے متصل مکان کی تعمیر میں رکاوٹ ڈالیں نیز کہ مسجد کی انتظامیہ کا یہ بھی مطالبہ ہے کہ تم اپنے مکان میں سے ۳ فٹ جگہ مسجد میں دیدو تو ہم اپنا اعتراض واپس لے لیں گے۔

ج ...... یہ سوال ایسا ہے کہ اس کے جواب کی ضرورت نہیں' آپ کا اپنی ملکیت میں جائز تصرف' جس سے مسجد اور نمازیوں کو کوئی ضرر نہ ہو' بلاشبہ جائز ہے اور آپ سے آپ کی مملوکہ زمین کا کوئی حصہ مسجد کے لئے زبردستی بھی نہیں لیا جاسکتا' باقی آپ بھی مسلمان ہیں اور مسجد بھی اللہ تعالیٰ کا گھر ہے۔ آپ اپنی خوشی سے اللہ کے گھر کی کوئی خدمت کریں گے اس کا صلہ آپ کو اللہ تعالیٰ جنت میں عطا فرمائیں گے۔ مسجد کے معاملے میں مسلمانوں کے درمیان ایسا تنازع اچھا نہیں لگتا۔

## اسلام میں سفارش کی حیثیت

س ...... سفارش کا اسلام میں کیا مقام ہے اگر کسی کے پاس سفارش نہ ہو تو یہ بھی واضح ہو کہ تدبیر کے ساتھ ساتھ سفارش ہو تو کام آسان ہو جاتا ہے تو کوئی کیا کرے؟ واضح ہو کہ سفارش کے بغیر گزشتہ چار سال سے دھکے کھا رہا ہوں۔

ج ...... جائز کام کے لئے سفارش جائز ہے۔ مگر افسروں کا سفارش کے بغیر کسی کا کام نہ کرنا گناہ بھی ہے' اور افسوس ناک اخلاقی گراوٹ بھی۔

## غیر مسلم کے زمرے میں کون لوگ آتے ہیں

س ...... جمعہ مورخہ ۲۳ فروری کے جنگ میں زیر عنوان "غیر مسلم کیلئے مسجد کی اشیا کا استعمال" آپ نے دو سوالوں کے جواب میں فرمایا کہ غیر مسلم کی نماز جنازہ جائز نہیں' غیر مسلم کی میت کو غسل دینا جائز نہیں' غیر مسلم کو مسلم

قبرستان میں دفن کرنا جائز نہیں۔

یہ سب کچھ کرنے سے کرنے والے اور شرکاء کا ایمان جاتا رہا اور نکاح بھی ٹوٹ گیا۔

براہ کرم یہ بات صاف کر دیں کہ کیا غیر مسلم کی اس تعریف میں وہ لوگ بھی شامل ہیں جو مسلم گھرانوں میں پیدا ہوئے اور ہوش سنبھالنے سے مرتے دم تک دھریہ رہے یا کافی عرصے تک اسلام کی پابندی اور پیروی کی پھر اسلام کو ترک کر دیا۔ دونوں طرح کے لوگ علی الاعلان کہیں کہ وہ مسلمان نہیں ہیں۔ چنانچہ وہ سور کھاتے ہیں' شراب پیتے ہیں کیا یہ لوگ بھی غیر مسلموں کے زمرے میں آتے ہیں اور کیا ان کے جنازوں کے معاملے میں بھی وہی قباحتیں موجود ہیں' یعنی ایمان اور نکاح کی تجدید لازم ہو جاتی ہے۔

ہمارے معاشرے میں ایسے بہت سارے لوگ ہیں میرے یورپ کے دوران قیام ایسے لوگوں کی وہاں آؤ بھگت بھی ہوتی رہی ہے میں نے انکو دیکھا ہے اور بہت سوں کو جانتا ہوں چنانچہ اس استفسار کا جواب معاشرتی حیثیت رکھتا ہے۔

ج ...... اسلام نام ہے آنحضرت ﷺ کی لائی ہوئی تمام باتوں کو ماننے کا' اور کفر نام ہے کسی ایک بات کو نہ ماننے کا' جس کے بارے میں قطعیت کے ساتھ معلوم ہے کہ آنحضرت ﷺ نے اس کو بیان فرمایا' پس جو شخص ایسی قطعیات اور ضروریات دین میں سے کسی ایک کا منکر ہو' یا وہ علی الاعلان کہے کہ وہ مسلمان نہیں ہے' اس کا حکم مرتد کا ہے' خواہ وہ مسلمانوں کے گھر میں پیدا ہوا ہو' اور اس کا نام بھی مسلمانوں جیسا ہو۔

## ڈاک کے ٹکٹوں پر آیت قرآنی شائع کرنا

س ...... محکمہ ڈاک پاکستان نے ایک کالج کی صد سالہ خوشی میں ایک ٹکٹ جاری

کیا ہے جس پر یہ آیت قرآنی "وعلم الانسان ما لم یعلم" لکھی ہوئی ہے۔ کیا کالج کی صد سالہ تاریخی خوشی میں اس طرح ٹکٹ جاری کرنا جائز ہے پھر اس میں آیت قرآنی کی اشاعت کیسی ہے؟ کیا حکومت کا یہ کام شرعاً جائز ہے؟

ج ...... کسی اچھی چیز کی یادگار کے لئے ٹکٹ جاری کرنا تو کوئی مضائقہ کی بات نہیں، لیکن اگر کالج میں بے دینی کے مضامین پڑھائے جاتے ہیں یا کالج کے طلبہ کی تعلیم دینی ماحول کے بجائے کسی دوسری قسم کے ماحول میں ہوتی ہے تو اس کی یادگار کا حکم بھی اسی کے مطابق ہوگا۔

رہا ٹکٹوں پر قرآن کریم کی آیت شریفہ کا اندراج! سو یہ صحیح نہیں۔ اس میں ایک تو قرآن کریم کی ظاہری بے ادبی ہے، کیونکہ ڈاک کے لفافوں کو عام طور سے ردی میں پھینک دیا جاتا ہے۔ اس سے قرآن کریم کی آیت کی بے ادبی ہوگی، اور ٹکٹ جاری کرنے والے اس بے ادبی میں شریک ہوں گے۔ اور ایک معنوی بے ادبی ہے وہ یہ کہ اس سے یہ تاثر ملتا ہے کہ قرآن کریم کی یہ آیت گویا اس کالجیٹ تعلیم کے لئے نازل ہوئی ہے، یہ قرآن کریم کی تحریف ہے۔

## کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ابولہب کے لڑکے کو بددعا دی تھی؟

س ...... ہمارے شہداد پور میں ایک مقرر نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں بتایا کہ نبی کریم کو اپنی پوری زندگی میں ایک صدمہ ہوا جس پر آپ نے بددعا کر دی تھی۔ مسئلہ یہ تھا کہ ابولہب کا لڑکا جس نے نبیؐ کی لڑکی کو طلاق دی تھی اور حضور نے بددعا کر دی کہ خدا اس کو جانوروں کی خوراک بنا دے اور خدا نے شیر کو حکم دیا کہ اس کو پھاڑ دو۔ یہ مسئلہ بڑا پیچیدہ ہو گیا ہے ایک گروپ کا کہنا ہے کہ حضور تو رحمت للعالمین بن کر آئے انہوں نے زندگی میں کسی کو بددعا نہیں دی، مگر ایک گروپ کہتا ہے کہ مقرر صاحب نے خطبہ عام میں یہ بات بتائی ہے تو صحیح ہے، مہربانی کر کے کتاب کا حوالہ دے کر تفصیل سے جواب دیں تاکہ مسلمان

اپنے بھٹکے ہوئے راستے سے صحیح راستہ پر آجائے ہم لوگ آپ کے لئے دعا کریں گے؟

ج ...... ابولہب کے لڑکے کے لئے بددعا کرنے کا واقعہ سیرت کی کتاب میں آتا ہے۔ اور آنحضرت ﷺ کا متعدد لوگوں کے لئے بددعا کرنا بھی منقول ہے' اس لئے یہ خیال صحیح نہیں کہ آنحضرت ﷺ نے کبھی کسی کے لئے بددعا نہیں کی اور کسی کے لئے بددعا کرنا آپ ﷺ کے رحمت للعالمین ہونے کے خلاف نہیں' کیونکہ کسی موذی جانور مثلاً سانپ کو مارنا بھی رحمت کے زمرے میں آتا ہے۔ اسی طرح کسی موذی شخص کے لئے بددعا کرنا بھی گو اس شخص کے لئے رحمت نہ ہو مگر دوسروں کے لئے عین رحمت ہے۔

## حکومت کی چھٹیوں میں حج کرے یا اپنی چھٹیوں میں

س ...... حکومت قطر کی جانب سے زندگی میں ایک حج کے لئے ہر مسلمان کو ۴ ہفتہ کی چھٹی دی جاتی ہے۔ اپنے پاس چھٹیاں ہونے کے باوجود کیا یہ مخصوص چھٹیاں لیکر حج کیا جاسکتا ہے۔ میرے خیال میں مناسب یہی ہے کہ حج کے لئے خود اپنی رقم اور خود اپنا وقت استعمال کرنا چاہئے (۲) یہ مخصوص چھٹیوں والا حج کیا میں اپنے مرحوم والدین کے لئے کرسکتا ہوں۔

ج ...... اگر حکومت کے قانون کی رو سے چھٹی مل سکتی ہے تو لے سکتے ہیں خواہ پہلے حج کیا ہو یا نہ کیا ہو اور خواہ اپنا حج کرے یا کسی دوسرے کی طرف سے۔

## ہفتہ وار تعطیل کس دن ہو؟

س ...... جمعتہ المبارک کی تعطیل کا اسلامی شعائر سے کتنا تعلق ہے؟ نیز جمعہ کے دن تعطیل کس خیروبرکت کی موجب ہوتی ہے اور قرآن پاک کی سورۂ جمعہ میں نویں' دسویں اور گیارہویں آیت کا اصل مفہوم کیا ہے۔ جمعہ کے دن نماز سے

پہلے اور بعد میں کن کن کاموں کی اجازت ہے اور کن کن سے منع فرمایا گیا ہے۔ دینی اصولوں اور مقتدر ہستیوں کے ارشادات کی روشنی میں اس کی وضاحت فرمائیں۔

ج ...... جو لوگ جمعہ کے بجائے اتوار کی تعطیل پر زور دے رہے ہیں انہوں نے اس نکتہ کو پیش نظر نہیں رکھا کہ ہفتہ کا دن یہودیوں کے لئے معظم ہے۔ اور اتوار کا عیسائیوں کے لئے، مسلمانوں کے لئے ان دونوں دنوں کے بجائے جمعہ کا دن مقرر کیا گیا ہے۔ اسلام میں ہفتہ وار تعطیل کا کوئی تصور نہیں۔ اس لئے اذان جمعہ سے لے کر نماز ادا کرنے تک کاروبار پر پابندی لگا دی گئی ہے اور نماز کے بعد کاروبار کی اجازت دیدی گئی ہے۔ پس اگر اسلام کے اس نظریہ سے اتفاق مطلوب ہے تو ہفتہ وار چھٹی کو یکسر ختم کر دیا جائے اور ہفتہ کے ساتوں دنوں میں (سوائے ممنوع وقت کے) کاروبار جاری رکھا جائے اور اگر ہفتہ وار تعطیل ہی فرض و واجب ہے تو یہ نہ ہفتہ کی ہو سکتی ہے نہ اتوار کی۔ کیونکہ ہفتہ کی تعطیل میں یہودیوں کی مشابہت ہے اور اتوار کی تعطیل میں عیسائیوں کی، اور مسلمانوں کے لئے دونوں کی مشابہت حرام ہے۔

## کیا پھر سے اتوار کی چھٹی بہتر نہیں تاکہ لوگ نماز جمعہ کا اہتمام کریں؟

س ...... پاکستان میں پہلے حکومت کی طرف سے اتوار کے روز عام تعطیل دی جاتی تھی اور جمعہ کو ہاف ڈے یعنی دوپہر بارہ بجے چھٹی ہو جاتی تھی، پھر لوگوں کے مطالبے پر سابقہ حکومت نے اتوار کے بجائے جمعہ کو چھٹی کا اعلان کر دیا اور اتوار کی تعطیل ختم کر دی گئی، ان دونوں تجربات سے نتیجہ یہ دیکھنے میں آیا کہ پہلے جب اتوار کی چھٹی اور جمعہ کو ہاف ڈے ہوا کرتا تھا اس وقت تک جمعۃ المبارک کا تقدس اور احترام بڑی حد تک بحال تھا اور تقریباً ۸۵ فیصد لوگ جمعۃ المبارک کی نماز پڑھنے کا اہتمام کیا کرتے تھے، مگر جب سے اتوار کی چھٹی ختم

کر کے جمعہ کو چھٹی کی گئی ہے' جمعة المبارک کا تقدس اور احترام تقریباً ختم ہو کر رہ گیا ہے اب صورتحال یہ ہے کہ جمعہ کو چھٹی کی وجہ سے لوگوں کی ایک بڑی اکثریت جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب یار دوستوں کی محفل میں جاگ کر گزارتی ہے اس کے علاوہ جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب کو بہت بڑے پیمانے پر گھروں میں ساری رات وی سی آر چلائے جاتے ہیں اور اس طرح ساری رات جاگنے والے جمعہ کو صبح جب سوتے ہیں تو پھر شام ہی کو خبر لیتے ہیں۔ طالب علموں اور نوجوانوں کی اکثریت جمعة المبارک کا پورا دن کرکٹ میچ کھیلنے میں گزار دیتی ہے۔ کھیل کے میدان میں جمعہ کی نماز کا کسی کو ہوش نہیں رہتا۔ دوسری طرف شادی بیاہ کی تمام تقریبات بھی جمعہ ہی کو منعقد ہوتی ہیں شادی بیاہ کے انتظامات میں مصروف مسلمان بھی جمعة المبارک کی نماز کی ادائیگی کی قطعاً کوئی فکر نہیں کرتے۔ قصہ مختصر یہ کہ اتوار کی چھٹی ختم اور جمعہ کی چھٹی ہونے سے اب بمشکل صرف چالیس فیصد لوگ جمعة المبارک کی نماز جماعت کے ساتھ پڑھنے کا اہتمام کرتے ہوں گے ورنہ جمعة المبارک کا تقدس جتنا اب پامال کیا جا رہا ہے اتنا پہلے نہیں تھا۔ سوال یہ ہے کہ دین اسلام میں جمعة المبارک کی چھٹی کی کیا شرعی حیثیت ہے؟ کیا یہ بہتر نہ ہو گا کہ جمعة المبارک کے تقدس کو مجروح ہونے سے بچانے کیلئے اتوار کی چھٹی اور جمعہ کا ہاف ڈے دوبارہ بحال کر دیا جائے۔

ج ...... اتوار کا دن عیسائیوں کا مذہبی دن ہے۔ اور ہفتہ کا دن یہودیوں کا "یوم السبت" یعنی چھٹی کا دن ہے۔ اس لئے ہفتہ اور اتوار کو چھٹی میں یہودیوں اور عیسائیوں کی مشابہت ہے' جس کی وجہ سے پورا مسلمان معاشرہ گناہ گار ہو گا اس لئے چھٹی تو جمعہ کے دن ہی کی ہونی چاہیے (اگر ہفتے میں ایک دن کی چھٹی ضروری ہو)۔ رہا یہ کہ لوگ اس مقدس دن کو لغویات میں گزارتے ہیں۔ اس کیلئے ان لغویات پر پابندی ہونی چاہئے۔ اور جو لوگ ان لغویات میں مبتلا ہو کر

جمعہ کی نماز میں کوتاہی کرتے ہیں ان کو اپنے دین و ایمان کی خیر منانی چاہئے۔ صحیح مسلم کی حدیث ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ممبر شریف پر رونق افروز ہوکر فرمایا کہ "لوگوں کو ترک جمعہ سے باز آجانا چاہئے ورنہ اللہ تعالیٰ ان کے دلوں پر مہر لگا دے گا۔ وہ "غافلین میں سے ہو جائیں گے" اور "سنن کی حدیث ہے کہ "جو شخص بغیر عذر کے محض بے پروائی سے تین جمعہ چھوڑ دے اللہ تعالیٰ اس کے دل پر مہر کر دیتا ہے" اور مسند شافعیؒ کی روایت ہے کہ جو شخص بغیر عذر کے جمعہ چھوڑ دے (اور ایک روایت میں ہے کہ تین جمعہ چھوڑ دے) اس کا نام منافق لکھا جاتا ہے۔ ایسی کتاب میں جو نہ مٹائی جاتی ہے اور نہ بدلی جاتی ہے۔ صحیح مسلم کی حدیث میں ہے کہ "میرا جی چاہتا ہے کہ جو لوگ جمعہ میں نہیں آتے ان کے گھروں کو جلا دوں"۔ کیا رسول اللہ ﷺ کے یہ ارشادات سن کر کوئی مسلمان جمعہ کی نماز چھوڑنے کی جرات کرسکتا ہے؟

## صبر اور بے صبری کا معیار

س ...... (۱) "بشر الصابرین الذین اذا اصابتھم مصیبة" سے کیا مراد ہے۔ آج کل علماء کرام یا مشائخ کی وفات پر رسائل میں جو مرثیے آتے ہیں۔ "کیا نخل تمنا کو میرے آگ لگی ہے"۔ یا "کیا دکھاتا ہے کرشمے چرخ گردوں ہائے ہائے"۔ وغیرہ الفاظ صحیح ہیں، خیر القرون میں اس کی کوئی مثال ہے؟

(۲) اور پھر متوفی پر تعزیت کے جلسے کرنا، اور بعض کے تو مستقل سالانہ جلسے کرنا یہ عرس تو نہیں؟ جائز ہیں یا بدعت، قرآن وحدیث اور خیر القرون میں اس عمل کی کوئی مثال ہے؟

(۳) بزرگوں کو عام طور پر عام قبرستان کی بجائے خانقاہ یا مدرسہ میں دفن کرنا، جب کہ تاریخ صاف بتاتی ہو کہ اسلاف میں صدی یا نصف صدی گزرنے کے بعد بزرگوں کے مقابر شرک وبدعت کے اڈے بن گئے کیسا ہے؟

(۴) آج کل ہمارے ملک میں پیشہ ور مقررین کی بہت بڑی کھیپ ملک پر چھائی ہوئی ہے، بلکہ عوام انہیں کو عالم سمجھتی ہے اور مقررین حضرات اپنی سجع بندی سے رٹی رٹائی تقریر جھاڑ دیتے ہیں، سننے میں مزہ بھی آتا ہے باطل کی گت بھی خوب بنتی ہے تو ایسے حضرات کا جلسہ کروانا چاہئے؟ شرعاً ثواب ہے؟ امت کے لئے مفید ہے؟ اور اگر جواب نفی میں ہو تو بڑے بڑے اداروں میں جلسوں پر بولتے ہوئے عموماً یہی کیوں نظر آتے ہیں؟

(۵) مدارس کا چندہ وعظ وجلسہ کی شکل بنا کر ایک دلچسپ تقریر کر کے چندہ وصول کرنا کیسا ہے؟ یا جلسہ کے علماء بلائے بھی اسی مقصد کے لئے جائیں کہ کچھ تقریر کر کے چندہ کریں گے یہ کیسا ہے؟

ج ...... مزاج گرامی! یہ ناکارہ اتنی علمی استعداد نہیں رکھتا کہ علماء کے متنازعہ فیہ مسائل میں کوئی فیصلہ کن بات کر سکے، مگر آنجناب نے زحمت فرمائی ہے اس لئے اپنے فہم ناقص کے مطابق جواب عرض کرتا ہوں۔ اگر کوئی بات صحیح ہو تو "گاہ باشد کہ کودک ناداں۔ بہ غلط برہدف زند تیرے" کا مصداق ہوگا۔ ورنہ "کالائے بدبریش خاوند" کا۔

۱۔ قرآن کریم اور احادیث طیبہ میں صبر کا مامور بہ ہونا اور جزع فزع کا ممنوع ہونا تو بالکل بدیہی ہے اور یہ بھی ظاہر ہے کہ مصائب پر رنج وغم کا ہونا ایک طبعی امر ہے اور اس رنج وغم کے اظہار کے طور پر بعض الفاظ بھی آدمی کے منہ سے نکل جاتے ہیں۔ اب تنقیح طلب امر یہ ہے کہ صبر اور بے صبری کا معیار کیا ہے؟ اس سلسلہ میں کتاب وسنت اور اکابر کے ارشادات سے جو کچھ مفہوم ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ اگر کسی حادثہ کے موقع پر ایسے الفاظ کہے جائیں جن میں حق تعالیٰ کی شکایت پائی جائے (نعوذ باللہ) یا اس حادثہ کی وجہ سے مامورات شرعیہ چھوٹ جائیں، مثلاً نماز قضا کر دے یا کسی ممنوع شرعی کا ارتکاب ہو جائے، مثلاً بال نوچنا، چہرہ پیٹنا تو یہ بے صبری ہے اور اگر ایسی کوئی بات نہ ہو تو خلاف صبر

نہیں، خیر القرون میں بھی مرثیے کہے جاتے تھے۔ مگر اسی معیار پر۔ اس اصول کو آج کل کے مرثیوں پر خود منطبق کر لیجئے۔

۲۔ تعزیت کا مفہوم اہل میت کو تسلی دینا اور ان کے غم میں اپنی شرکت کا اظہار کر کے ان کے غم کو ہلکا کرنا ہے جو مامور بہ ہے۔ نیز "اذکروا موتاکم بخیر" میں مرحومین کے ذکر بالخیر کا بھی حکم ہے۔ پس اگر تعزیتی جلسہ انہی دو مقاصد کے لئے ہو، اور مرحوم کی تعریف میں غیر واقعی مبالغہ نہ کیا جائے تو جائز ہو گا۔ سالانہ جلسہ تو ظاہر ہے کہ فضول حرکت ہے اور کسی مرحوم کی غیر واقعی تعریف بھی غلط ہے۔ بہرحال تعزیتی جلسہ اگر مذکورہ بالا مقاصد کے لئے ہو تو اسکو بدعت نہیں کہا جائے گا۔ کیونکہ ان جلسوں کو نہ بذات خود مقصد تصور کیا جاتا ہے۔ نہ انہیں عبادت سمجھا جاتا ہے۔

۳۔ اکابر و مشائخ کو مساجد یا مدارس کے احاطہ میں دفن کرنے کو فقہاء کرام ؒ نے مکروہ لکھا ہے۔

۴۔ ایسے واعظین اور مقررین حضرات اگر مضامین صحیح بیان کریں تو ان سے تقریر کرانے میں حرج نہیں۔ عوام اگر انہی کو عالم سمجھتے ہیں تو وہ معذور ہیں۔

ع "ہر کسے را بہر کارے ساختند"

۵۔ دینی مقاصد کے لئے چندہ کرنا تو احادیث شریفہ سے ثابت ہے اور کسی اجتماع میں موثر انداز میں اس کی ترغیب دینا بھی ثابت ہے بلکہ دوران خطبہ چندہ کی ترغیب دلانا بھی احادیث میں موجود ہے البتہ اگر کسی جگہ چندہ سے علم اور اہل علم کی بدنامی ہوتی ہو تو ایسا چندہ کرنا خلاف حکمت ہے۔ واللہ اعلم۔

## کسی عالم سے پوچھ کر عمل کرنے والا بری الذمہ نہیں ہو جاتا ہے

س ...... حضرت مجھ کو ایک اشکال پیدا ہو گیا ہے اس کا حضرت سے حل چاہتا ہوں۔ وہ یہ کہ ہم اپنے علماء سے جن کو مستند سمجھتے ہیں اور اپنے حسن ظن کے

مطابق جن پر اعتماد ہوتا ہے ان سے دینی مسائل پوچھ پوچھ کر عمل کرتے ہیں جیسا کہ حکم ہے "فاسئلو اهل الذکر ان کنتم لا تعلمون" اور اس کے بعد ہم اپنے کو بالکل بری الذمہ سمجھتے ہیں کہ اگر مسئلہ غلط بھی بتادیا ہے اور اس کی وجہ سے گناہ کا کام کرلیا تو ہم عند اللہ مواخذہ سے بالکل بری ہیں۔ تو جو لوگ بدعات میں مبتلا ہیں وہ بھی تو اپنے طور پر اپنی دانست میں مستند علماء ہی سے جن پر ان کو اعتماد ہے مسائل پوچھ پوچھ کر عمل کرتے ہیں تو کیا یہ بھی عند اللہ مواخذہ سے بری ہیں۔ اس طرح تو سارے باطل فرقوں والے بھی بری ہوجائیں گے۔ کیونکہ ہر شخص اپنے حسن ظن کے مطابق اپنے طور پر مستند عالم ہی پر اعتماد کرکے ان کے بتائے ہوئے طریقہ پر عمل کرتا ہے اور ہر فرقہ کے علماء دعویدار ہیں کہ ہم صحیح ہیں اور دوسرے سب غلط ہیں۔

دوسری بات یہ کہ کیا قرآن مجید یا احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں کوئی ایسی آیت یا حدیث ہے جس سے واضح طور پر یہ ظاہر ہو کہ کسی عالم سے پوچھ کر عمل کرنے کے بعد عمل کرنے والے پر کوئی گناہ نہیں رہتا خواہ غلط ہی مسئلہ بتادیا ہو اور اس کی وجہ سے گناہ کے کاموں کا مرتکب ہوگیا ہو۔

حضرت اس کی وضاحت فرماکر میرا اشکال دور فرمادیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو بہترین جزا عطا فرمائیں۔ آمین اپنے جملہ دینی و دنیوی امور کے لئے دعاء کی بھی درخواست ہے۔

ج...... بہت نفیس سوال ہے۔ اور اس کا جواب مستقل کتاب کا موضوع ہے۔ چنانچہ اس ناکارہ کا رسالہ[1] اسی قسم کے سوال کے جواب میں لکھا گیا۔ اس رسالہ کا مطالعہ ضرور فرمالیا جائے۔ چند باتیں بطور اشارہ مزید لکھتا ہوں۔

اول : ہر عاقل و بالغ کے ذمہ لازم ہے کہ حق کو تلاش کرے، اور یہ دیکھے کہ فرق مختلفہ و مذاہب متنوعہ میں اہل حق کون ہیں؟ اگر کسی نے اس فرض میں تقصیر

---

[1] اختلاف امت اور صراط مستقیم

کی تو معذور نہیں ہوگا۔ چنانچہ آپ نے جو آیت شریفہ نقل کی اس میں بھی ”اہل ذکر“ سے سوال کرنے کا حکم وارد ہوا ہے۔ اگر اس طلب حق کو لازم نہ ٹھرایا جائے تو لازم آئے گا کہ دنیا بھر کے ادیان باطلہ کے ماننے والے سب معذور قرار پائیں‘ اور اس کا باطل ہونا عقل ونقل دونوں کی رو سے واضح ہے۔

دوم: جو فرقے اپنے کو اسلام سے منسوب کرتے ہیں ان کے لئے لازم ہے کہ یہ دیکھیں کہ ہمارے فرقہ کے علماء و راہنما آیا اصول و نظریات میں آنحضرت ﷺ اور آپ کے اصحاب رضی اللہ عنہ کی سنت اور طریقہ پر ہیں یا نہیں؟ آنحضرت ﷺ کا توحید و سنت کی دعوت دینا‘ بدعات و خواہشات کی پیروی سے ڈرانا آپ ﷺ کی سیرت طیبہ سے واضح ہے۔

سوئم: اگر طالب حق کو اس سے بھی تسلی و تشفی نہ ہو‘ اور اس کے سامنے حق منکشف نہ ہوسکے تو ایک معتد بہ مدت ہر فرقہ کے اکابر کی خدمت میں رہ کر دیکھ لے‘ اگر طلب صادق کے ساتھ ایسا کریگا تو حق تعالیٰ شانہ اس پر حقیقت ضرور کھول دیں گے‘ کیونکہ وعدہ ہے: ”والذین جاھدوا فینا لنھدینھم سبلنا“۔

چہارم: اگر بفرض محال اس طلب و تحقیق پر بھی اس پر حق کا فیضان نہ ہو تو ایسا شخص معذور ہوگا یہ اپنی سعی و کوشش کے مطابق عمل کرے۔ لیکن اگر حق کی تلاش ہی نہیں کی یا اس سہل نگاری سے کام لیا تو معذور نہ ہوگا۔ واللہ اعلم

## کیا قبر پر تین مٹھی مٹی ڈالنا اور دعا پڑھنا بدعت ہے نیز قبر کے سرھانے سورۂ بقرہ پڑھنا

س ...... میں نے ایک کتاب (تحذیر المسلمین عن الابتداع والبدع فی الدین) کا اردو ترجمہ (بدعات اور ان کا شرعی پوسٹ مارٹم مصنف علامہ شیخ احمد بن حجر قاضی دوحہ قطر) پڑھا۔ کتاب کافی مفید تھی بدعات کے جڑیں اکھاڑ پھینک دی ہیں۔ البتہ کفن اور جنازے کے ساتھ چلنے کے متعلق بدعات کے عنوان سے اپنی

کتاب صفحہ ۵۰۶ پر لکھتے ہیں کہ قبر میں تین مٹھی مٹی ڈالتے وقت پہلی مٹھی کے ساتھ منھا خلقنکم الخ۔ اسی طرح دوسری مٹھی پر وفیھا نعیدکم الخ۔ اور اسی طرح تیسری مٹھی کے ساتھ ومنھا نخرجکم تارۃ اخری کہنا بدعت ہے۔ آپ سے التماس ہے کہ اس بارے میں وضاحت کیجئے؟

اسی صفحہ پر لکھتے ہیں کہ میت کے سرہانے سورۃ فاتحہ اور پاؤں کی طرف سورۃ بقرہ پڑھنا بدعت ہے اس کی بھی ذرا وضاحت فرمائیں؟

ج ...... ان چیزوں کا بدعت ہونا میری عقل مین نہیں آتا۔

حافظ ابن کثیرؒ نے اپنی تفسیر میں اسی آیت شریفہ کے ذیل میں یہ حدیث نقل کی ہے:

وفی الحدیث الذی فی السنن : ان رسول اللہ ﷺ حضر جنازۃ، فلما دفن المیت اخذ قبضۃ من التراب، فالقاھا فی القبر وقال : منھا خلقنا کم، ثم اخذ اخری وقال : وفیھا نعیدکم، ثم اخری وقال : ومنھا نخرجکم تارۃ اخری (تفسیر ابن کثیر ص ۱۵۶ ج ۳)

اور ہمارے فقہاء نے بھی اس کے استحباب کی تصریح کی ہے، چنانچہ الدر المنتقی شرح ملتقی الابحر میں اسکی تصریح موجود ہے (ص ۱۸۷ ج ۱)

اور قبر کے سرہانے فاتحہ بقرہ اور پائنتی پر خاتمہ بقرہ پڑھنے کی تصریح حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں موجود ہے جسکے بارے میں بیہقیؒ نے کہا ہے۔ والصحیح ازموقوف علیہ۔ (مشکوۃ ص ۱۴۹)

اور آثار السنن (۲/ ۱۲۵) میں حضرت لجلاج صحابیؓ کی روایت نقل کی ہے کہ انہوں نے اپنے بیٹے کو وصیت فرمائی :

ثم سُنَّ علی التراب سنًا، ثم اقرأ عند رأسی بفاتحة البقره وخاتمتها، فانی سمعت رسول الله ﷺ یقول ذالك- (رواه الطبرانی فی المعجم الکبیر' واسناده صحیح (آثار السنن) وقال الحافظ الهیثمی فی مجمع الزوائد: رجاله موثقون.

(اعلاء السنن ص ۳۴۲ ج ۸ حدیث نمبر ۲۳۱۷)

## آسمان و زمین کی پیدائش کتنے دنوں میں ہوئی

س ...... جمعہ ایڈیشن میں "وجود باری تعالیٰ کی نشانیاں" کے عنوان سے مختلف سورتوں کی چند آیات کا ترجمہ پیش کیا جاتا رہا ہے۔

سورۂ حم السجدہ آیات ۹ تا ۱۲ کے بیان میں لکھا کہ زمین کو دو دن میں پیدا کیا۔ دو دن میں سات آسمان بنائے۔

سورۂ ق کے بیان میں لکھا ہے کہ آسمانوں۔ زمین اور مخلوقات کو چھ دنوں میں بنایا۔ اب تک تو یہ سنتے آرہے تھے کہ زمین و آسمان کو سات دنوں میں بنایا گیا ہے۔ نیز یہ بھی درست ہے کہ خدا نے لفظ کن کہا اور ہو گیا۔ تو پھر جب کن کہنے سے سب کچھ ہو گیا تو یہ دو دن۔ چھ دن اور سات دنوں کی ضرورت کیوں پیش آئی۔ اسکی وضاحت فرمادیجئے؟

ج ...... یہاں چند امور لائق ذکر ہیں:

(۱) آسمان و زمین وغیرہ کی تخلیق سات دن میں نہیں۔ بلکہ چھ دن میں ہوئی جیسا کہ آپ نے سورۂ ق کے حوالے سے لکھا ہے تخلیق کی ابتداء ہفتہ کے دن سے شروع ہو کر جمعرات کی شام پر ہو گئی۔

(۲) حق تعالیٰ شانہ ایک زمین و آسمان کیا' ہزاروں عالم ایک آن پر پیدا کر سکتے

ہیں، مگر چھ دن میں پیدا کرنا حکمت کی بناء پر ہے، عجز کی بنا پر نہیں، جیسے بچے کو ایک آن میں پیدا کرنے پر قادر ہیں، مگر شکم مادر میں اسکی تکمیل ۹ ماہ میں کرتے ہیں۔

(۳) "کن" کہنے سے سب کچھ پیدا ہو جاتا ہے، لیکن جس چیز کو فوراً پیدا کرنا چاہتے ہیں پر وہ فوراً ہو جاتی ہے۔ اور جس کو تدریجاً پیدا کرنا چاہتے ہیں وہ تدریجاً ہوتی ہے۔

(۴) دو دن میں زمین کو، دو دن میں آسمانوں کو اور دو دن میں زمین کے اندر کی چیزوں کو بنایا،

(۵) اس بنانے میں ترتیب کیا تھی؟ اس بارے میں عام مفسرین کی رائے ہے کہ پہلے زمین کا مادہ بنایا، پھر آسمان بنائے، پھر زمین کو بچھایا، پھر زمین کے اندر کی چیزیں پیدا فرمائیں۔ واللہ اعلم

## جہنم کے خواہش مند شخص سے تعلق نہ رکھیں

س ...... ہمارے دفتر کے ایک ساتھی نے باتوں باتوں میں کہا کہ "جہنم بڑی مزیدار جگہ ہے وہاں بوٹیاں بھون کر کھائیں گے"۔ ہم سب نے کہا کہ یہ کلمہ کفر ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے تمام پیغمبر اس لئے بھیجے کہ مسلمانوں کو جہنم سے بچایا جائے کیونکہ احادیث کی رو سے جہنم بہت برا ٹھکانا ہے جس کا تصور بھی محال ہے۔ اس طرح کے جملے سے اللہ اور رسولوں کی نفی ہوتی ہے جو کہ کفر کے مترادف ہے لیکن موصوف کہنے لگے کہ مجھے تو وہیں (جہنم) جانا ہے اس لئے پسند ہے۔ ہم نے کہا کہ مسلمان تو ایسی بات مذاق میں بھی نہیں کر سکتا۔ انتہائی گناہ گار بھی اللہ سے رحمت کی امید رکھتا ہے۔ تمہیں ایسے کلمات کہنے پر اللہ سے معافی مانگنی چاہئے اور توبہ استغفار کرنا چاہئے۔ ہم جب بھی ان سے یہ کہتے ہیں تو وہ ہنس کر کہتا ہے کہ میں نے تو وہیں جانا ہے (جہنم میں) یہ بات ہوئے کافی دن

ہو گئے اور ہم سب کے بار بار کہنے کے باوجود وہ ٹس سے مس نہیں ہوتا۔ حالانکہ اسے بہت پیار سے آرام سے تمام قرآنی آیات اور احادیث کا حوالہ دیا لیکن وہ ہنس کر ٹال دیتا۔ اب پوچھنا یہ ہے کہ ہمارا ایسے شخص سے کیسا برتاؤ ہونا چاہئے۔ مسلم والا یا غیر مسلم والا۔ یعنی اسلامی طریقے سے سلام کرنا' جواب دینا۔

ج ...... کسی مسلمان کے لئے جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان رکھتا ہو' ایسی باتیں کہنے کی گنجائش نہیں' آپ اس شخص سے کوئی تعلق نہ رکھیں نہ سلام دعا نہ اس موضوع پر اس سے کوئی بات کریں۔

## ظالم کو معاف کرنے کا اجر

س ...... اس دنیا میں اگر کوئی کسی پر بے انتہا ظلم کرے اور وہ ظلم ساری زندگی پر محیط ہو اور سامنے والا شخص اس کے معافی نہ مانگنے کے باوجود اس کو دل سے معاف کر دے محض اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے تو کیا وہ ظالم شخص بالکل پارسا ہو گیا' بالکل پاک وصاف ہو گیا' قیامت کے دن اس سے کوئی سوال نہ کیا جائے گا؟

میری شادی ہوئی تھی شوہر کا ساتھ ۴ مہینے کا رہا۔ وہ شخص کیا تھا بیان سے باہر ہے۔ صرف اللہ جانتا ہے اس نے میرے ساتھ کیا کچھ کیا' ۴ مہینے میں خود رہی اس نے نہیں رکھا' طلاق دے دی' میرے بیٹا ہوا کیس وغیرہ کر دیئے' جہیز اور مہر کی ایک پائی نہیں دی' بچے کے اخراجات برداشت نہیں کئے' بیٹا اب سات سال کا ہو گیا میں نے اللہ کے قانون کے مطابق بیٹا باپ کو دے دیا لیکن مہر اور جہیز کے بدلے اب اس کو ہر مہینے بچہ ۵ دن مجھے دینا ہو گا پہلے میں ۵ دن کے لئے دیتی تھی' میرا ضمیر بالکل مطمئن ہے۔ خدا گواہ ہے شوہر کے سامنے شوہر کو میں نے ایک جملہ تک کبھی نہیں کہا۔ شوہر میرے لئے وہی تھا جو اللہ تعالیٰ

نے صرف سجدے کا حکم نہیں دیا تھا ابھی تک میں نے اس کو اپنے دل میں بھی بد دعا نہیں دی سوچتی ہوں اس کو کچھ کہہ کر مجھے کیا مل جائے گا۔ بیٹے کو بھی محض مجھے تنگ کرنے کے لئے لے کر گیا ہے وہ شادی کر چکا ہے' دو بچے ہیں' بچہ باپ کی شفقت اور محبت سے بھی محروم ہے وہ اس زندگی کو ہی اصل زندگی سمجھ بیٹھا ہے۔

ج ...... جب آپ نے ایسے ظالم کو رضائے الٰہی کے لئے معاف کر دیا تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ آپ کو تو اس کا اجر وصلہ عطا فرمائیں گے انشاء اللہ۔ باقی اس سے بازپرس فرمائیں گے یا نہیں؟ اس کو بھی اللہ تعالیٰ ہی کے حوالہ کر دیجئے۔ جب آپ کمزور بندی ہو کر معاف کر سکتی ہیں تو وہ تو ارحم الراحمین ذات ہے۔ ان سے یہی توقع ہے کہ ہم جیسے گناہ گاروں اور نابکاروں کو معاف فرمادیں اور اگر مواخذہ فرمائیں تو عین عدل ہے۔

## اسماء حسنیٰ ننانوے ہیں والی حدیث کی حیثیت

س ...... اسماء الحسنیٰ (جن سے مراد اللہ کے ۹۹ صفاتی نام ہیں) جو حدیث میں یکجا مرتب صورت میں ملتے ہیں 'کیا سارے کے سارے قرآن حکیم میں موجود ہیں' یا ان اسماء سے اللہ کی جن صفات کی نشان دہی ہوتی ہے وہ اللہ تعالیٰ نے خود قرآن حکیم میں بیان فرمائی ہیں۔ نیز اس بات سے بھی آگاہ فرما دیا جائے کہ اسماء الحسنیٰ کے متعلق جو حدیث مشکوٰۃ شریف میں ملتی ہے وہ صحت کے اعتبار سے کس درجہ میں ہے۔ حسن ہے یا ضعیف ہے۔

ج ...... اسماء حسنیٰ ۹۹ ہیں۔ یہ حدیث تو صحیح بخاری وصحیح مسلم میں بھی ہے لیکن آگے جو (۹۹) اسمائے حسنیٰ کی فہرست شمار کی ہے۔ یہ حدیث ترمذی' ابن ماجہ' مستدرک حاکم اور صحیح ابن حبان میں ہے اس میں محدثین کو کچھ کلام بھی ہے نیز ان اسماء کی ترتیب وتعیین میں بھی کچھ معمولی سا اختلاف ہے۔ امام نووی ؒ نے

"اذکار" میں اس کو "حسن" کہا ہے۔ان اسماء حسنیٰ میں سے بعض تو قرآن کریم میں مذکور ہیں۔بعض کے مصدر مذکور ہیں اور بعض مذکور نہیں، نیز ان ننانوے اسمائے مبارکہ کے علاوہ بھی بعض اسماء مبارکہ قرآن کریم میں مذکور ہیں۔

## استخارہ کی حقیقت

س ...... حدیث شریف میں ہے کہ استخارہ کرنا مومن کی خوش بختی ہے اور نہ کرنے والا بدبخت ہے اور طریقہ استخارہ کا یہ بتایا گیا ہے کہ آدمی دو رکعت نماز نفل پڑھے اور پھر دعائے استخارہ پڑھے۔ میرا سوال یہ ہے کہ نفل پڑھنے اور دعائے استخارہ کے بعد کیا آدمی اس مقصد کیلئے نکل کھڑا ہو جس کیلئے استخارہ کیا ہو۔مثلاً ایک شخص کوئی مکان خریدنا چاہتا ہے کیا وہ استخارہ کے بعد جاکر مکان کی بابت بات کرلے یا کہ اللہ تعالیٰ اسے استخارہ کرنے کے بعد خواب میں کچھ اشارہ دیں گے یا دل میں ایسا خیال پیدا کریں گے کہ وہ بعد میں مکان خریدنے کیلئے نکلے۔بہت سے علماء کہتے ہیں کہ جو کام یا مقصد ہو آدمی تین یا سات دن استخارہ کرے اس عرصہ میں یا تو اسے خواب آجائے گا یا پھر اللہ تعالیٰ دل میں ایسا خیال پیدا کردے گا کہ کام کرو یا نہ کرو، لیکن اگر ایسا ہے تو پھر خواب وغیرہ کا ذکر حدیث پاک میں کیوں نہیں ہے۔مجھ سے ایک جماعت کے شخص نے کہا ہے کہ خواب وغیرہ کچھ نہیں آتا، پس تم اپنے مقصد کیلئے استخارہ کرو اور پھر اس مقصد کیلئے روانہ ہو جاؤ، اللہ نے بہتر کرنا ہوگا تو وہ مقصد تمہیں فوراً حاصل ہو جائے گا ورنہ ایسی رکاوٹ ڈال دے گا کہ تم سمجھ جاؤ گے کہ اللہ کو تمہارے لئے یہی منظور ہے کہ یہ کام نہ ہو، بہرحال آپ بتائیے شکریہ۔

ج ...... استخارہ کی حقیقت ہے اللہ تعالیٰ سے خیر کا طلب کرنا اور اپنے معاملہ کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کردینا کہ اگر یہ بہتر ہو تو اللہ تعالیٰ میسر فرما دیں، بہتر نہ ہو تو اللہ تعالیٰ اس کو ہٹا دیں۔استخارہ کے بعد خواب کا آنا ضروری نہیں بلکہ دل کا

رجحان کافی ہے۔ استخارہ کے بعد جس طرف دل کا رجحان ہو اس کو اختیار کر لیا جائے۔ اگر خدانخواستہ کام کرنے کے بعد محسوس ہو کہ یہ اچھا نہیں ہوا' تو یوں سمجھئے کہ اللہ تعالیٰ کے علم میں اسی میں بہتری ہوگی کیونکہ بعض چیزیں بظاہر اچھی نظر آتی ہیں مگر وہ ہمارے حق میں بہتر نہیں ہوتیں اور بعض ناگوار ہوتی ہیں مگر ہمارے لئے انہی میں بہتری ہوتی ہے۔

الغرض استخارہ کی حقیقت کامل تفویض وتوکل اور قضا وقدر کے فیصلوں پر رضامند ہو جانا ہے۔

## اہم امور سے متعلق استخارہ

س ...... زندگی کے تمام اہم امور کے متعلق فیصلے کرنے سے قبل کیا استخارہ کرنا واجب ہے؟

ج ...... استخارہ واجب نہیں البتہ اہم امور پر استخارہ کرنا مستحب ہے' حدیث میں ہے:

> عن سعد قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم من سعادۃ ابن آدم رضاہ بما قضی اللّٰہ له، ومن شقاوۃ ابن آدم ترکه استخارۃ اللّٰہ ومن شقاوۃ ابن آدم سخطه بما قضی اللّٰہ له. (مشکوۃ ص ۴۵۳)
>
> ترجمہ: "ابن آدم کی سعادت میں سے ہے اس کا راضی ہونا اس چیز کے ساتھ جس کا اللہ تعالیٰ نے اس کیلئے فیصلہ فرمایا۔ اور ابن آدم کی بدبختی سے ہے اس کا اللہ تعالیٰ سے استخارے کو ترک کر دینا اور اس ابن آدم کی بدبختی میں سے ہے اس کا اللہ تعالیٰ کے قضا وقدر کے فیصلے سے ناراض ہونا"۔

(مشکوۃ ص ۴۵۳ بروایت مسند احمد و ترمذی)

ایک اور حدیث میں ہے:

من سعادة ابن آدم استخارته الى الله ومن شقاوة ابن آدم ترکه استخارة الله. (مستدرک حاکم ص، ۵۱۸ ج ۱)

ترجمہ: "اللہ سے استخارہ کرنا ابن آدم کی سعادت میں داخل ہے اور اس کا اللہ تعالیٰ سے استخارہ کرنے کو ترک کر دینا اس کی شقاوت میں داخل ہے۔ (مستدرک حاکم ص ۵۱۸ ج ۱)

## خدمت انسانی، قابل قدر جذبہ

س ...... ہم نے ایک ایسی انجمن تشکیل دی ہے جس کا مقصد ایک ایسے آدمی کی مدد کرنا ہے جو کہ کسی ہولناک حادثے میں مبتلا ہو جائے اور اس کے پاس اتنے وسائل نہ ہوں جو کہ وہ اس حادثے کو برداشت کر سکے۔ دوسرا یتیم بچوں کی پرورش اور ان کی تعلیم کے لئے مدد کرنا ہے کیونکہ ہم عباسی خاندان سے تعلق رکھتے ہیں اور ہم لوگوں کو زکوۃ وغیرہ بھی نہیں ملتی۔ اس لئے ہم نے یہ انجمن تشکیل دی ہے۔

اس انجمن کے سلسلے میں ہم نے ایک عبارت لکھی ہے کہ ہم انجمن میں جو پیسے جمع کریں گے وہ صرف اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لئے جمع کریں گے، یہ کسی پر احسان نہیں کیونکہ ہمارے مقاصد ہی نیک ہیں لیکن اس پر چند آدمیوں نے اعتراض کیا ہے کہ اس میں اللہ تعالیٰ کی خوشنودی نہیں ہے۔ یہ ہمارا ذاتی مسئلہ ہے اس میں اللہ کی خوشنودی نہیں ہو سکتی تو جناب سے گزارش ہے کہ آپ شرعاً اسکا جواب دے کر شکریہ کا موقع دیں۔

ج ...... اگر اس فنڈ کے لئے کسی سے جبراً چندہ نہ لیا جائے اور نہ چندہ دینے والوں کو کسی معاوضہ کا لالچ دیا جائے محض فی سبیل اللہ یہ کام کیا جائے تو بہت اچھا کام ہے، ضرورت مند لوگ خواہ اپنے ہی ہوں ان کی خدمت کرنا بھی اللہ تعالیٰ کی رضا و خوشنودی کے لئے ہو سکتا ہے۔

## اللہ کی رحمتیں اگر کافروں پر نہیں ہوتیں تو پھر وہ خوشحال کیوں ہیں؟

ج ...... کیا یورپ' ایشیا اور امریکن اقوام پر اللہ تعالیٰ کی رحمتیں نازل نہیں ہوتیں کہ وہاں کا عام آدمی خوشحال ہے۔ نیک ایماندار اور انسان نظر آتا ہے' ہم مسلمانوں کی نسبت خدائی احکامات (حقوق العباد) کا زیادہ احترام کرتا ہے' کیا وہ اللہ (جو رحمت للعالمین ہے) کی رحمتوں سے ہماری نسبت زیادہ مستفید نہیں ہو رہے ہیں۔ حالانکہ ان کے ہاں کتے' تصاویر دونوں کی بہتات ہے۔ کیا ہم صرف اس وجہ سے رحمت کے حقدار ہیں کہ ہم مسلمان ہیں؟ چاہے ہمارے کرتوت دین اسلام کے نام پر بدنما دھبہ ہی کیوں نہ ہوں' رحمت کا حق دار کون ہے؟ پاکستانی؟ جو حقوق العباد کے قاتل اور چینی انگریز کے پیروکار ہیں۔ جواب سے آگاہ فرمائیں۔

ج ...... حق تعالیٰ کی رحمت دو قسم کی ہے' ایک عام رحمت' دوسری خاص رحمت۔ عام رحمت تو ہر عام و خاص اور مومن و کافر پر ہے۔ اور خاص رحمت صرف اہل ایمان پر۔ اول کا تعلق دنیا سے ہے اور دوسری کا تعلق آخرت سے ہے۔ کفار جو دنیا میں خوشحال نظر آئے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کی ساری اچھائیوں کا بدلہ دنیا ہی میں دیدیا جاتاہے اور ان کے کفر اور بدیوں کا وبال آخرت کے لئے محفوظ کر لیا جاتاہے۔ اس کے برعکس مسلمانوں کو ان کی برائیوں کی سزا دنیا ہی میں دی جاتی ہے۔ بہرحال کافروں اور بدکاروں کا دنیا میں خوشحال ہونا ان کے مقبول ہونے کی علامت نہیں۔ (دوسرا کافروں کا دنیا میں خوش رکھنا ایسا ہے) جس طرح سزائے موت کے قیدی کو جیل میں اچھی طرح رکھا جاتاہے۔ یہ مسئلہ بہت تفصیل طلب ہے کبھی وقت ملے تو زبانی عرض کروں۔

## بدکاری کی دنیوی واخروی سزا

س ...... زنا بہت بڑا گناہ ہے دنیا و آخرت میں اس کے برے اثرات اور سزا کے بارے میں تفصیل سے جواب دیجئے۔ نیز اگر کوئی توبہ کرنا چاہے تو کفارہ کیا ادا کرنا ہوگا؟

ج ...... زنا کا بد ترین گناہ کبیرہ ہونا ہر عام و خاص کو معلوم ہے' اور دنیا میں اس جرم کے ثبوت پر اس کی سزا غیر شادی شدہ کے لئے سو کوڑے اور شادی شدہ کے لئے رجم (یعنی پتھر مار مار کر ہلاک کر دینا ہے) آخرت میں جو سزا ہوگی اللہ تعالیٰ اس سے ہر مسلمان کو پناہ میں رکھے' جو شخص اس سے توبہ کرنا چاہے اس کا کفارہ حق تعالیٰ کی بارگاہ میں سچی توبہ کرنا اور گڑگڑانا ہے یہاں تک کہ توقع ہو جائے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ جرم معاف کر دیا ہوگا۔ ایسے شخص کو چاہئے کہ کسی کے پاس اپنے اس گناہ کا اظہار نہ کرے' بس اللہ تعالیٰ سے رو رو کر معافی مانگے۔

## گناہوں کا کفارہ کیا ہے

س ...... انسان گناہ کا پتلا ہے' بد قسمتی سے اگر کوئی گناہ سرزد ہو جائے تو اس کا کفارہ کیا ہے؟ اور یہ کس طرح ادا کیا جاتا ہے؟

ج ...... چھوٹے موٹے گناہ (جن کو صغیرہ گناہ کہا جاتا ہے) ان کے لئے تو نماز روزہ کفارہ بن جاتے ہیں اور کبیرہ گناہوں سے ندامت کے ساتھ توبہ کرنا اور آئندہ گناہ نہ کرنے کا عزم کرنا ضروری ہے۔ کبیرہ گناہ بہت سے ہیں اور لوگ ان کو معمولی سمجھ کر بے دھڑک کرتے ہیں۔ نہ ان کو گناہ سمجھتے ہیں نہ ان سے توبہ کرنے کی ضرورت سمجھتے ہیں یہ بڑی غفلت ہے۔ کبیرہ گناہوں کی فہرست کے لئے عربی دان حضرات شیخ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب "الزواجر عن اقتراف الکبائر" یا امام ذہبیؒ کا رسالہ "الکبائر" ضرور پڑھیں۔ اور اردو خوان حضرات' مولانا احمد سعید دہلوی کا رسالہ "دوزخ کا کھٹکا" غور سے پڑھیں۔ توبہ کے علاوہ شریعت نے بعض گناہوں کا کفارہ بھی رکھا ہے یہاں اس کی تفصیل مشکل ہے۔

## منافقین کو مسجد نبوی سے نکالنے کی روایت

س ...... کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منافقین کو وحی آنے پر ایک ایک کا نام لیکر مسجد نبویؐ سے نکالا تھا؟ کتاب کا حوالہ دیں۔

ج ...... درمنثور ص ۱۸ ۳ ج ۳ میں اس مضمون کی روایت نقل کی گئی ہے۔

## رخصتی کے وقت حضرت عائشہ ؓ کی عمر نو سال تھی

س ...... کیا فرماتے ہیں کہ علماء دین ومفتیان شرع متین اس بارے میں کہ ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی شادی کے وقت عمر کیا تھی؟ کیا اس میں اختلاف ہے کہ آپ کی عمر ۹ سال سے زیادہ تقریباً ۱۲ سال تک تھی کیا کسی حدیث سے اس قسم کا ثبوت ہے؟ اگر ہے تو اس حدیث کی کیا حیثیت ہے۔ نیز اس بارے میں علماء حضرات کا اجتماعی مؤقف کیا ہے؟

ج ...... رخصتی کے وقت حضرت ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی عمر نو سال کی تھی۔ اس کی تصریح مندرجہ ذیل کتب میں موجود ہے۔

(۱) صحیح بخاری: ج ۲ ص ۷۷۵ ' (۲) صحیح مسلم: ج ۱ ص ۴۵۶ (۳) ابو داؤد: ج ۱۔ ص ۲۸۹ ' (۴) ترمذی: ج ۱۔ ص ۲ ۱۳۲ (۵) نسائی: ج ۲۔ ص ۹۱ ' (۶) ابن ماجہ: ص ۵ ۱۳ (۷) دارمی: ج ۲ ص ۸۲ (۸) مسند احمد: ج ۶۔ ص ۴۲ ۔ ۱۱۸ ۔ ۲۱۱ ۔ ۲۸۰ (۹) طبقات ابن سعد: ج ۸ ص ۴۰ ۔ ۴۴ ۔ ۵۴ (۱۰) الاصابہ: ج ۴ ص ۳۵۹ (۱۱) الاستیعاب برحاشیہ اصابہ۔ ج ۴۔ ص ۳۵۹۔

## سورۂ دخان کی آیات اور خلیج کی موجودہ صورت حال

س ...... قرآن مجید میں پارہ پچیس سورۂ الدخان آیات نمبر ۱۶ جس کا ترجمہ مولانا اشرف علی تھانوی علیہ نے یہ کیا ہے "بلکہ وہ شک میں ہیں کھیل میں مصروف ہیں۔ سو آپ ان کے لئے اس روز کا انتظار کیجئے کہ آسمان کی طرف سے ایک نظر آنے والا دھواں پیدا ہو۔ جو ان سب لوگوں پر عام ہو جاوے۔ یہ بھی ایک دردناک سزا ہے۔ اے ہمارے رب ہم سے اس عذاب کو دور کر دیجئے۔ تحقیق ہم مسلمان ہیں۔ ان کو اس سے کب نصیحت ہوتی ہے حالانکہ آیا

ان کے پاس پیغمبر بیان کرنے والا۔ پھر بھی یہ لوگ اس سے سرتابی کرتے رہے اور یہی کہتے رہے کہ سکھلایا ہوا ہے دیوانہ ہے۔ ہم چندے اس عذاب کو ہٹا دیں گے۔ تم پھر اپنی اسی حالت پر آجاؤ گے۔ جس روز ہم بڑی سخت پکڑ پکڑیں گے۔ اس روز ہم بدلہ لینے والے ہیں''۔

مندرجہ بالا قرآن کی آیتیں جو چودہ سو سال قبل نازل ہوئی ہیں موجودہ خلیج کی صورتحال پر پوری طرح چسپاں ہو رہی ہیں۔ نمبرا :تیل کی قیمتی دولت اسلام' عالم اسلام اور اپنے عوام کو سیاسی اور فوجی لحاظ سے مضبوط کرنے کی بجائے کھیل کود یعنی عیش و عشرت میں خرچ کی جاتی رہی ہے۔ نمبر۲ : آسمان کی طرف نظر آنے والا دھواں میں جدید فوجی اسلحہ ہر قسم کے بم کی اطلاع قرآن مجید نے چودہ سو سال قبل دیدی ہے۔ جو مسلمانوں کی غفلت' نا اتفاقی کی وجہ سے ایک دردناک سزا اور عذاب کی حیثیت میں ہم پر مسلط ہو چکا ہے۔ نمبر۳ :اسلامی ملکوں میں شریعت محمدی ﷺ سے نفرت کی جاتی رہی ہے۔ موجودہ دور میں شریعت محمدی ﷺ پر عمل کرنا دیوانگی سمجھا جاتا رہا ہے۔ نمبر۴ :اگر موجودہ عذاب ٹال دیا جائے تو غفلت میں پڑے ہوئے مسلمانوں کی آنکھ نہیں کھلے گی۔ نمبر۵ : ایسے مخالف دین مسلمانوں کو کہا گیا کہ قیامت کے روز تمہاری سخت پکڑ کی جائے گی۔ اور تم سے پورا بدلہ لیا جائے گا۔ میرے نزدیک قرآن مجید کا یہ ایک زندہ معجزہ ہے جو ہماری موجودہ حالت پر بالکل ٹھیک بیٹھ رہا ہے۔ مہربانی فرما کر وضاحت فرمائیں۔ کیا میں ان آیتوں کا صحیح مطلب سمجھ سکا ہوں؟

ج ...... جس عذاب کا ان آیات میں ذکر ہوا ہے۔ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ دھواں اہل مکہ کو قحط اور بھوک کی وجہ سے نظر آتا تھا گویا ان کے نزدیک یہ واقعہ آنحضرت ﷺ کے زمانے میں گزر چکا اور ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ قرب قیامت میں دھواں ظاہر ہو گا۔ جس کا ذکر احادیث میں آتا ہے۔ بہرحال خلیج کا دھواں آیت میں مراد نہیں ہے۔

## ماں کے پیٹ میں بچہ یا بچی بتا دینا آیت قرآنی کے خلاف نہیں

س ...... بحیثیت ایک مسلمان کے میرا ایمان اللہ تبارک وتعالیٰ' اس کے انبیاء کرام علیہم السلام' ملائک' روز قیامت اور مرنے کے بعد جی اٹھنے پر الحمدللہ اور محمد ﷺ کے نبی آخر الزمان ہونے پر ہے' انشاء اللہ مرتے دم بھی کلمہ طیبہ اپنی تمام ظاہری باطنی معنوی لحاظ سے زبان پر ہوگا۔ ایک معمولی سی پریشانی لاحق ہوگئی ہے ازروئے قرآن کریم شکم مادر میں لڑکی یا لڑکے کے وجود کے بارے میں صرف اور صرف اللہ تبارک وتعالیٰ ہی بہتر جانتے ہیں اور یہ ہمارا ایمان ہے لیکن سنا ہے یورپ میں خاص طور پر جرمنی (مغربی جرمنی) میں ڈاکٹروں نے ایسی ٹیکنالوجی دریافت کی ہے جس کے ذریعے یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ شکم مادر میں پلنے والی روح مذکر ہے یا مونث حقائق وشواہد کی رو سے سائنس اور اسلام کا ٹکراؤ علمائے دین مسلمان اور سائنس دانوں کے علم کے مطابق کہیں بھی نہیں ہے بلکہ دور موجودہ میں بہت سی ایسی اسلامی تھیوریاں ہیں' جن کا ذکر کلام ربانی میں برسہا برس قبل سے موجود ہے اور حاضر کی سائنس اس کو درست اور حق بجانب قرار دے رہی ہے۔ ہمارا علم نامکمل ہے آپ اس معاملے میں ہماری رہنمائی فرمائیں کہ شکم مادر میں مذکر ومونث کے موجود ہونے یا نہ ہونے کے بارے میں اسلامی تعلیمات کی روشنی میں کیا ہدایات ہیں؟ اور کیا جرمنی والوں نے جو میڈیکل سائنس میں اس بات کا پتہ چلا لیا ہے تو کیا وہ معاذ اللہ اسلامی تعلیمات کی اس ضمن میں نفی تو نہیں کرتی۔

ج ...... پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ جرمنی کے مسکینوں نے تو اب ایسی ٹیکنالوجی ایجاد کی ہوگی جس کے ذریعہ جنین (رحم کے بچے) کے نرومادہ ہونے کا علم ہوسکے' مسلمان تو اس سے بہت پہلے اس کے قائل ہیں کشف کے ذریعہ بہت سے اکابر نے بچے کے نرومادہ ہونے کی اطلاع دی' ہمارے پرانے اطبا

حاملہ کی نبض دیکھ کر نر و مادہ کی تعیین کر دیا کرتے تھے۔ قرآن کریم میں جو فرمایا ہے "اور وہ جانتا ہے جو کچھ رحموں میں ہے"۔ یہ سب کچھ اس کے خلاف نہیں کیونکہ جو کچھ "رحموں میں ہے" کا لفظ بڑی وسعت رکھتا ہے' جنین کے نر و مادہ ہونے تک اس کو محدود رکھنا غلط ہے۔ جنین کے اول سے آخر تک کے تمام حالات کو یہ لفظ شامل ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا' اور نر و مادہ جاننے کے جتنے ذرائع اب تک دریافت ہوئے ہیں وہ بھی ظنی ہیں قطعی نہیں' جرمنی کے سائنس دانوں کی سعی مشکور سے اتنا ثابت ہو گیا ہے کہ بچے کے نر و مادہ ہونے کا علم بھی فی الجملہ آدمی کو عطا کیا جا سکتا ہے۔ پس بطور کشف اکابر امت جو کچھ فرماتے تھے اور جس کا ہمارا جدید طبقہ بڑی شد و مد سے انکار کیا کرتا تھا اس کی صحت ثابت ہو گئی۔ اور قرآن کریم کی یہ بات بھی اپنی جگہ صحیح رہی کہ پیٹ میں بچے کے حالات کا علم محیط صرف اللہ تعالیٰ ہی کی ذات کو ہے۔

## شکم مادر میں لڑکا یا لڑکی معلوم کرنا

س ...... کیا انسان بتلا سکتا ہے کہ شکم مادر میں لڑکا ہے یا لڑکی؟ ٹی وی پروگرام تفہیم دین میں مولانا نے کہا کہ لوگوں نے قرآن کریم کو صحیح سمجھ کر نہیں پڑھا' اس میں اللہ تعالیٰ کا کوئی اور مقصد ہے' اور اگر انسان کوشش اور تحقیق کرے تو بتلا سکتا ہے کہ شکم مادر میں لڑکا ہے یا لڑکی۔ آپ اس بات کو قرآن و سنت کی روشنی میں بتلائیں کہ کیا انسان یہ بتلا سکتا ہے کہ شکم مادر میں لڑکا ہے یا لڑکی۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے کچھ چیزیں مخفی رکھی ہیں جن کا علم اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کسی کو بھی نہیں ہونا چاہئے؟

ج ...... شکم مادر میں لڑکی ہے یا لڑکا اس کا قطعی علم تو اللہ تعالیٰ کو ہے' انسان کے اختیار میں نہیں ہے کہ وہ بغیر اسباب کے قطعی طور پر یہ بتلا سکے کہ شکم مادر میں لڑکی ہے یا لڑکا؟ باقی اگر یہ کہا جائے کہ انسان اگر کوشش کرے تو بتلا سکتا ہے کہ شکم مادر

میں لڑکا ہے یا لڑکی؟ بلکہ آج کل بعض ایسی ایکسرے مشینیں ایجاد ہوگئی ہیں جن کے ذریعے سے اس وقت لڑکا یا لڑکی ہونا بتلایا جا سکتا ہے جبکہ حمل شکم مادر میں انسانی اعضاء میں ڈھل چکا ہو' یا بعض اولیاء اور نجومی وغیرہ بھی بتلا دیتے ہیں' اور ان کی بات کبھی صحیح بھی ثابت ہو جاتی ہے۔ بہرکیف' انسان کا یہ علم قرآن کریم کی یہ آیت "ویعلم مافي الارحام" یعنی وہی اللہ جانتا ہے کہ رحموں میں کیا ہے (سورہ لقمان آیت ۳۴) کے منافی نہیں ہے' اور انسان اس سے اللہ کے مخفی علم میں شریک نہیں بنتا' اس لئے کہ غیب درحقیقت اس علم کو کہا جاتا ہے جو سبب قطعی کے واسطے سے نہ ہو بلکہ بلا واسطہ خود بخود ہو' اگر ڈاکٹرز یا نجومی وغیرہ شکم مادر میں لڑکی ہے یا لڑکا' اس کی اطلاع دیتے ہیں تو اسباب کے ذریعے سے' جبکہ اس آیت کا مصداق ہے اسباب کے بغیر خود بخود علم ہو جانا اور یہ صرف اللہ تبارک وتعالیٰ کے لئے خاص ہے۔ اسی طرح اس آیت "یعلم مافي الارحام" سے مراد قطعی علم ہے جبکہ انسان جس قدر بھی کوشش کرے وہ قطعی طور پر نہیں بتلا سکتا بلکہ گمان غالب کے درجہ میں اور اس میں بھی اکثر غلطی کا احتمال رہتا ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ اس آیت میں "مافي الارحام" کہا گیا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ جو کچھ بھی رحم میں ہے اس کے تمام حالات وکیفیات کا علم اللہ تعالیٰ کو ہے یعنی یہ کہ وہ بچہ نر ہے یا مادہ اور پھر یہ کہ بچہ صحیح سالم پیدا ہو گا یا مریض وناقص' ولادت طبعی طور پر پورے دنوں میں ہوگی یا غیر طبعی طور پر اس مدت سے قبل یا بعد میں' اور اگر ہوگی تو ٹھیک کس دن اور کس وقت اور پھر سب سے بڑی بات یہ ہے کہ بچہ کی قسمت کیا ہوگی بچہ سعید (نیک بخت) ہو گا یا شقی (بدبخت) ہو گا۔ گویا ان سب چیزوں کا علم اللہ کو ہے جبکہ وہ حمل ابھی شکم مادر میں ہے اس کے برخلاف آج کل ڈاکٹرز یا سائنسدان اپنی کوشش اور اسباب کے سہارے گمان غالب کے درجہ میں صرف اتنا بتلا سکتے ہیں کہ رحم میں لڑکا ہے یا لڑکی اور وہ بھی حمل ٹھہرنے کی ایک خاصی

مدت کے بعد' لہٰذا مافي الارحام کے علم کو صرف نر اور مادہ تک محدود نہ کیا جائے بلکہ اس کا علم "ما في الارحام" میں نر اور مادہ کے علم کے علاوہ اور بھی بہت سی چیزیں داخل ہیں جن کا علم کسی انسان کو نہیں ہو سکتا۔

تیسری بات یہ ہے کہ اس آیت مبارکہ میں مافي الارحام کہا گیا ہے' "من في الارحام" نہیں کہا گیا۔ من عربی زبان میں ذوی العقول کے لئے استعمال ہوتا ہے جبکہ "ما" غیر ذوی العقول کے لئے استعمال ہوتا ہے' مقصد یہ ہے کہ وہ حمل جو کہ ابھی خون کا ایک لوتھڑا ہے ابھی انسانی اعضاء میں ڈھلا بھی نہیں اور اسکی کوئی انسانی شکل شکم مادر میں واضح نہیں ہوئی وہ ابھی غیر ذوی العقول میں ہے اس وقت بھی اللہ کو علم ہے کہ یہ کیا ہے اور کون ہے؟ جبکہ آج کل ڈاکٹرز اور سائنس دانوں کو اس وقت نر یا مادہ کا پتہ چلتا ہے جبکہ حمل' انسانی اعضاء میں ڈھل جائے اور انسانی شکل و صورت اختیار کر لے اس وقت یہ حمل ذوی العقول میں "من" کے تحت آجاتا ہے اور قرآن نے یہ نہیں کہا کہ "وَيَعْلَمُ مَنْ في الارحام" بلکہ یہ کہا کہ ویعلم مافي الارحام"۔

بہرکیف! شکم مادر کا اگر ایک مدت کے بعد جزئی علم کسی انسان کو حاصل ہو جائے تو اللہ کے "علم مافي الارحام" کے منافی نہیں۔

## قتل عام کی روک تھام کے لئے تدابیر

س ..... آج کل ملک بھر میں عموماً اور کراچی میں خصوصاً قتل عام ہو رہا ہے کسی کی جان و مال اور عزت و آبرو محفوظ نہیں۔ انسانیت کی سر عام تذلیل ہو رہی ہے۔ آنجناب سے گزارش ہے کہ اس کے لئے کوئی علاج تجویز فرما دیں۔

ج ..... مکہ مکرمہ میں ایک بزرگ سے ملاقات ہوئی جو پاکستان کے حالات سے بہت ہی افسردہ' دل گرفتہ تھے' انہوں نے فرمایا کہ جب پاکستان میں نسائی فتنہ اٹھ

رہا تھا تو میں طواف کے بعد ملتزم پر حاضر ہوا اور بے ساختہ رو رو کر دعائیں کرنے لگا۔ تو یوں محسوس ہوا جیسے کسی نے مجھے آواز دے کر کہا ہو کہ ٹھہرو! اس قوم نے نعمت الٰہی کی ناقدری کی ہے' اسے تھوڑی سی سزا دے رہے ہیں۔

اس ناکارہ کو اس بزرگ کی یہ بات سن کر وہ حدیث یاد آئی جسے میں اپنے رسالہ ''عصر حاضر حدیث نبوی ﷺ کے آئینے میں'' میں امام عبداللہ بن مبارک ؒ کی کتاب الرقائق کے حوالے سے نقل کر چکا ہوں' حدیث شریف کا متن حسب ذیل ہے:

عن أنس بن مالك رضى الله عنه -أراه مرفوعًا- قال: «يأتى على الناس زمان يدعو المؤمن للجماعة فلا يستجاب له يقول الله ادعنى لنفسك ولما يجزيك من خاصة أمرك فأجيبك وأما الجماعة فلا إنهم اغضبونى وفى رواية فإنى عليهم غضبان».

(كتاب الرقائق ص١٥٥-٣٨٤)

''حضرت انس رضی اللہ عنہ آنحضرت ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ لوگوں پر ایک ایسا دور آئے گا کہ مومن مسلمانوں کی جماعت کے لئے دعا کرے گا مگر اس کی دعا قبول نہیں کی جائے گی' اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائیں گے کہ تم اپنی ذات کے لئے اور اپنی پیش آمدہ ضروریات کے لئے دعا کرو' تو میں تیری دعا قبول کروں گا' لیکن عام لوگوں کے حق میں نہیں۔ اس لئے کہ انہوں نے مجھے ناراض کر رکھا ہے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ میں ان پر غضبناک ہوں'' (کتاب الرقائق ص ۱۵۵' ص ۳۸۴)

''لوگ جب برائی کو ہوتا ہوا دیکھیں اور اس کی اصلاح نہ کریں تو قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ ان پر عذاب عام نازل کر دیں''۔ (مشکوۃ ص ۴۳۶)

اپنے گرد وپیش کے حالات پر نظر ڈال کر دیکھئے کہ کیا ہم انفرادی واجتماعی

طور پر اس جرم میں مبتلا نہیں؟ ہمارے ذاتی مفادات کو اگر ذرا بھی ٹھیس لگتی ہے تو ہم سراپا احتجاج بن جاتے ہیں' لیکن ہمارے سامنے احکام الٰہیہ کو کھلے بندوں توڑا جاتا ہے۔ فواحش و بے حیائی کے پھیلانے کی ہر چار سو کوششیں ہو رہی ہیں۔ دین کے قطعی فرائض وشعار کو مٹایا جا رہا ہے۔ اور خواہشات نفس اور بدعات کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ لیکن اس صورت حال کی اصلاح کے لئے کوئی کوشش نہیں ہو رہی۔ اسکے نتیجہ میں اگر ہم عذاب عام کی لپیٹ میں آ رہے ہوں تو اس میں قصور کس کا ہے؟

دوسرا عظیم گناہ جس میں تاسیس پاکستان سے لیکر آج تک ہم لوگ مبتلا ہیں وہ اسلامی شعائر کا مذاق اڑانا اور مقبولان بارگاہ الٰہی کی توہین و تذلیل ہے۔ قیام پاکستان کے بعد ہمارا اہم ترین فرض یہ ہونا چاہئے تھا کہ ہم اسلامی شعائر کا احترام کرتے اور مملکت خداداد پاکستان میں اسلامی احکام وقوانین کا نفاذ کرتے' اللہ تعالیٰ کے مقبول بندوں کی قدر کرتے' اور ان کی رہنمائی میں اپنی زندگی کے نقشے مرتب کرتے لیکن ہمارے یہاں اس کے برعکس یہ ہوا کہ اسلام کو ملّائیت' اور بزرگان دین اور مقبولان بارگاہ الٰہی کو "ملّا" کا خطاب دے کر ان کا مذاق اڑایا گیا اور اعلیٰ سطحوں پر "ملّا" کے خلاف زہر افشانی شروع کر دی گئی اور "ملّا" اور ملّائیت کے خلاف ایک مستقل تحریک کا آغاز کر دیا گیا۔ حالانکہ غریب "ملّا" کا قصور اس کے سوا کچھ نہ تھا کہ وہ ملک وملت کو اسلام کی شاہراہ پر ڈالنا چاہتا تھا۔

جس ملک میں اسلامی شعائر کا مذاق اڑایا جاتا ہو جس میں مقبولان بارگاہ الٰہی کی پوستین دری کی جاتی ہو اور جس میں دین اور اہل دین کو تضحیک و تذلیل کا نشانہ بنایا جاتا ہو' وہ ملک غضب الٰہی کا نشانہ بننے سے کیسے بچ سکتا ہے؟

افسوس ہے کہ ہمارے اہل وطن کو اب بھی عبرت نہیں ہوئی' آج بھی ملک وقوم کے ذمہ دار افراد اسلامی شعائر اور اسلامی احکام وحدود کا مذاق اڑا

رہے ہیں اور ان کو ”ظالمانہ سزائیں“ قرار دے رہے ہیں اور اہل قلم کی خصوصاً انگریزی اخبارات کی ایک کھیپ کی کھیپ اس مہم میں مصروف ہے۔

میں تمام اہل وطن سے التجا کرتا ہوں کہ اگر وطن عزیز کو قہر الٰہی کا نشانہ بننے سے بچانا ہے تو خدارا توبہ وانابت کا راستہ اپنایئے۔ اپنے تمام چھوٹے بڑے گناہوں سے توبہ کیجئے' اور آئندہ جمعہ کو ”یوم توبہ“ منایئے نیز تمام مسلمان بھائیوں سے التجا ہے کہ نماز کی پابندی کریں' ظلم وستم اور حقوق العباد کی پامالی سے توبہ کریں۔

تمام ائمہ مساجد سے التجا ہے کہ مساجد میں سورۂ یٰس شریف کے ختم کرائے جائیں اور ملک کی بھلائی کیلئے حق تعالیٰ شانہ سے دعائیں کی جائیں' اللہ تعالیٰ ہمارے بگڑے ہوئے اور ٹوٹے ہوئے دلوں کو جوڑ دیں' یا اللہ! اپنے نبی رحمت ﷺ کے صدقے ہم پر رحم فرما' ہماری کوتاہیوں اور لغزشوں کو معاف فرما۔

ترے محبوب ﷺ کی یہ نشانی
مرے مولا! نہ سخت اتنی سزا دے

آخر میں حضرت اقدس بنوری ؒ کی دعا نقل کرتا ہوں۔

”اے اللہ! ہم گناہ گار اور بدکار ہیں اور ہم اپنے گناہوں اور تقصیرات سے توبہ کرتے ہیں ہمیں معاف فرما اور اس غضب آلود زندگی سے نجات عطا فرما کر رحمت انگیز حیات طیبہ نصیب فرما اور اس ملک وقوم پر رحم فرما کر صالح قیادت ہمیں نصیب فرما' اور جو بزرگوں کو ہم نے گالیاں دی ہیں اور ان کی توہین کی ہے اور تیرے اولیاء صالحین واتقیاء امت کی توہین وتحقیر کی ہے ہمیں معاف فرما اور آج بھی جن کی پاکیزہ روحوں کو ایذا دیتے ہیں' اے اللہ ہمیں معاف فرما اور اے اللہ! پورے ۲۴ سال پاکستان کے بیت گئے اس دوران ہم نے جو بداعمالیاں کی ہیں اور تیرے غضب کو دعوت دینے والی جو زندگی اختیار کی ہے ہمیں معاف فرما اور صلاح وتقویٰ

کی زندگی عطا فرما اور ہمیں اپنی رحمت کاملہ کا مستحق بنا۔ اور ہم پر سے قتل وغارت گری کا یہ عذاب دور فرما"۔

## حقوق العباد

س ...... ہم جس اپارٹمنٹ میں رہائش پذیر ہیں وہ ڈیڑھ سو فلیٹ پر مشتمل ہے اس میں چوکیداری کا نظام' پانی کی سپلائی اور صفائی کے اخراجات کی مد میں فی فلیٹ ماہانہ دو سو روپے لئے جاتے ہیں۔ تاکہ اوپر بیان کردہ سہولتیں مکینوں کو مہیا کی جائیں۔ کچھ مکین ایک بھی پیسہ نہیں دیتے لیکن ساری سہولتوں سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ مولانا صاحب شرعی اعتبار سے کیا یہ حرام خوری نہیں ہے؟

ج ...... یہ حقوق العباد کا مسئلہ ہے۔ جب اجتماعی سہولتیں سب اٹھاتے ہیں تو ان کے واجبات بھی سب کے ذمہ لازم ہیں۔ ان میں اگر کچھ لوگ واجبات ادا نہیں کرتے تو گویا دوسروں کا مال ناحق کھانے کے وبال میں مبتلا ہیں۔ جو سراسر حرام ہے۔ اور قیامت کے دن ان کو بھرنا ہوگا۔ حدیث شریف میں ہے کہ آنحضرت ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے پوچھا کہ جانتے ہو مفلس کون ہے؟ عرض کیا ہمارے یہاں تو مفلس وہ شخص کہلاتا ہے جس کے پاس روپیہ پیسہ نہ ہو۔ فرمایا میری امت میں مفلس وہ شخص ہے جو قیامت کے دن نماز' روزہ اور زکوة لیکر آئے گا۔ لیکن اس حالت میں آئے گا کہ فلاں کو گالی گلوچ کیا تھا۔ فلاں پر تہمت لگائی تھی۔ فلاں کا مال کھایا تھا' فلاں کی خونریزی کی تھی' فلاں کو مارا پیٹا تھا اس کی نیکیاں ان لوگوں کو دیدی جائیں گی۔ پس اگر نیکیاں ختم ہوگئیں مگر لوگوں کے حقوق ادا نہیں ہوئے تو حقوق کے بقدر لوگوں کے گناہ اس پر ڈال دیئے جائیں گے اور اس کو جہنم میں پھینک دیا جائے گا (نعوذ باللہ) (مشکوة ص ۴۳۵) اس لئے مسلمان کو چاہئے کہ قیامت کے دن ایسی حالت میں بارگاہ الٰہی میں پیش ہو کہ لوگوں کے حقوق (جان ومال اور عزت و آبرو کے بارے میں) اس کے ذمہ نہ ہوں۔ ورنہ آخرت کا معاملہ بڑا سنگین ہے۔

## امام ابو حنیفہؒ کے آنے کا اشارہ

س ...... کیا حضور اکرم ﷺ نے امام ابو حنیفہ کے آنے کا اشارہ فرمایا تھا کہ ایک شخص ہوگا جو ثریا (ستارہ) سے بھی علم لے آئے گا۔

ج ...... صحیح بخاری کی روایت "لو کان الدین بالثریا" سے بعض اکابر نے حضرت امامؒ کی طرف اشارہ سمجھا ہے۔

## کیا دنیا کا آخری سرا ہے جہاں ختم ہوتی ہو

س ...... میرا مسئلہ یہ ہے کہ موجودہ دنیا کا آخری سرا کوئی ہے جس پر دنیا ختم ہوتی ہے یا نہیں

ج ...... دنیا کا آخری سرا قیامت ہے مگر قیامت کا معین وقت کسی کو معلوم نہیں، قیامت کی علامات میں سے چھوٹی علامتیں تو ظاہر ہوچکی ہیں، بڑی علامات میں حضرت مہدی رضی اللہ عنہ کا ظہور ہے۔ ان کے زمانہ میں دجال نکلے گا اس کو قتل کرنے کے لئے حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے نازل ہوں گے، ان کی وفات کے بعد دنیا کے حالات دگرگوں ہوجائیں گے اور قیامت کی بڑی نشانیاں پے در پے رونما ہوں گی یہاں تک کہ کچھ عرصہ کے بعد قیامت کا صور پھونک دیا جائے گا۔

## حضرت یونس علیہ السلام کے واقعہ سے سبق

س ...... روزنامہ "جنگ" کراچی کے جمعہ ایڈیشن اشاعت ۱۰ جون ۹۵ء میں آپ نے "کراچی کا المیہ اور اس کا حل" کے عنوان سے جو مضمون لکھا ہے، اس سے آپ کی دردمندی اور دل سوزی کا بدرجہ اتم اظہار ہوتا ہے۔ آپ نے سقوط ڈھاکہ کے جانکاہ سانحہ کا بھی ذکر کیا ہے اور کراچی کی حالت زار میں بھی بیرونی قوتوں کی سازشوں سے عوام کو آگاہ کیا ہے۔ علاوہ ازیں آپ نے کراچی

کے قتل وخوں اور غارتگری کو ختم کرنے کے لئے سات نکات پر مشتمل اپنی تجاویز بھی پیش کی ہیں اور امن وعافیت اور الفت ومحبت کے لئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں خشوع وخضوع کے ساتھ دعا بھی کی ہے۔ آپ کی اس دعا کو اللہ تعالیٰ قبول فرمائے اور آپ کو جزائے خیر دے' آمین! آپ نے اس مضمون میں حضرت یونس علیہ السلام اور ان کی قوم کا بھی حوالہ دیا ہے۔قوم یونس علیہ السلام نے جس طرح اللہ سے گڑگڑا کر دعا مانگی تھی اور اللہ تعالیٰ نے اس پر رحم فرماکر اس سے اپنا عذاب اٹھالیا تھا اسی طرح ہم اہل کراچی بھی اللہ تعالیٰ سے دعاکریں تاکہ وہ عفو ودرگزر سے کام لے کر اپنا عذاب ہم پر سے اٹھالے اور امن وسکون کی فضا پیدا کر دے۔ آمین!

آپ نے حضرت یونس علیہ السلام اور ان کی قوم کے متعلق معارف القرآن صفحہ ۵۷۵ جلد ۴" کا اقتباس بھی پیش کیا ہے۔ اس میں ایک جگہ لکھا ہے۔ "حضرت یونس علیہ السلام بہ ارشاد خداوندی اس بستی سے نکل گئے"۔

قرآن مجید میں حضرت یونس علیہ السلام کا ذکر چھ مقامات پر ہے (۱) سورۃ النساء (۲) سورۂ انعام (۳) سورۂ یونس (۴) سورۂ انبیاء (۵) سورۃ الصفات اور (۶) سورۂ القلم میں حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی ؒ کے تراجم پیش کر رہا ہوں۔

سورۂ انبیاء کی آیات ۸۷-۸۸ میں ہے۔

"مچھلی والے (پیغمبر یعنی یونس علیہ السلام) کا تذکرہ کیجئے جب وہ (اپنی قوم سے) خفا ہو کر چل دیئے اور انہوں نے سمجھا کہ ہم ان پر (اس چلے جانے میں) کوئی داروگیر نہ کریں گے۔پس انہوں نے اندھیروں میں پکارا کہ آپ کے سوا کوئی معبود نہیں (آپ سب نقائص سے) پاک ہیں میں بے شک قصور وار ہوں۔ سو ہم نے ان کی دعا قبول کی اور ان کو اس گھٹن سے نجات دی اور ہم اسی طرح (اور) ایمانداروں کو

بھی (کرب وبلا سے) نجات دیا کرتے ہیں"۔

سورۂ الصفات کی آیات ۱۳۹ - ۱۴۳ میں ہے۔

"بے شک یونس علیہ السلام بھی پیغمبروں میں سے تھے جبکہ بھاگ کر بھری ہوئی کشتی کے پاس پہنچے، سو یونس علیہ السلام بھی شریک قرعہ ہوئے تو یہی ملزم ٹھہرے اور ان کو مچھلی نے (ثابت) نگل لیا اور یہ اپنے کو ملامت کر رہے تھے سو اگر وہ (اس وقت) تسبیح کرنے والوں میں سے نہ ہوتے تو قیامت تک اس کے پیٹ میں رہتے"۔

سورۂ القلم آیات ۴۸ - ۵۰ اپنے رب کی (اس) تجویز پر صبر سے بیٹھے رہئے اور (تنگ دلی میں) مچھلی (کے پیٹ میں جانے) والے پیغمبر یونس علیہ السلام کی طرح نہ ہو جایئے"۔

میرا مقصد حضرت یونس علیہ السلام اور ان کی قوم کے متعلق تمام واقعات بیان کرنا نہیں ہے بلکہ صرف یہ کہنا ہے کہ مندرجہ بالا آیات قرآنی سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ حضرت یونس علیہ السلام "بہ ارشاد خداوندی رات کو اسی بستی سے نکل گئے تھے" بلکہ اس کے برعکس یہ ثابت ہوتا ہے کہ وہ بغیر اذن خداوندی چلے گئے تھے اور ان کی اس لغزش پر اللہ نے ان کی گرفت کی تھی حضرت یونس علیہ السلام کا یہ واقعہ بہت مشہور ہے اور انہوں نے جو دعا کی تھی اس کی تاثیر مسلم ہے مصیبت کے وقت ہم اس دعا کا ورد کرتے ہیں اور اس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ سے مدد مانگتے ہیں۔ حیرت ہے کہ مفتی اعظم حضرت مولانا محمد شفیع ؒ نے کیسے لکھ دیا کہ "حضرت یونس علیہ السلام بہ ارشاد خداوندی رات کو اس بستی سے نکل گئے تھے"۔

ج ...... حضرت مفتی صاحب ؒ نے صفحہ ۵۷۳ پر اس بحث کو مدلل لکھا ہے۔ اس کو ملاحظہ فرما لیا جائے۔

خلاصہ یہ کہ یہاں دو مقام ہیں ایک حضرت یونس علیہ السلام کا اپنے شہر نینوی

سے نکل جانا۔ یہ تو بامر خداوندی ہوا تھا کیونکہ ایک طے شدہ اصول ہے کہ جب کسی قوم کی ہلاکت یا اس پر نزول عذاب کی پیش گوئی کی جاتی ہے تو نبی کو اور اس کے رفقاء کو وہاں سے ہجرت کرنے کا حکم دیدیا جاتا ہے۔ پس جب حضرت یونس علیہ السلام نے اپنی قوم کو تین دن میں عذاب نازل ہونے کی باطلاع الٰہی خبر دی تو لامحالہ ان کو اس جگہ کے چھوڑ دینے کا بھی حکم ہوا ہوگا۔

دوسرا مقام یہ ہے کہ حضرت یونس علیہ السلام کے بستی سے باہر تشریف لیجانے کے بعد جب بستی والوں پر عذاب کے آثار شروع ہوئے تو وہ سب کے سب ایمان لائے اور ان کی توبہ وانابت اور ایمان لانے کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے ان سے عذاب ہٹا لیا۔ ادھر حضرت یونس علیہ السلام کو یہ تو علم ہوا کہ تین دن گزر جانے کے باوجود ان کی قوم پر عذاب نازل نہیں ہوا مگر ان کو اس کا سبب معلوم نہ ہو سکا۔ جس سے ظاہر ہے کہ ان کو پریشانی لاحق ہوگئی ہوگی۔ اور یہ سمجھے ہوں گے کہ اگر وہ دوبارہ بستی میں واپس جائیں گے تو قوم ان کی تکذیب کرے گی' اس تنگ دلی میں ان کو یہ خیال نہیں رہا کہ اب ان کو وحی الٰہی اور حکم خداوندی کا انتظار کرنا چاہئے۔ اس کے بجائے انہوں نے اپنے اجتہاد سے کہیں آگے جانے کا ارادہ فرما لیا شاید یہ بھی خیال ہوا ہوگا کہ جس جگہ وہ اس وقت موجود تھے قوم کو ان کا سراغ مل گیا تو کہیں یہاں آکر درپے تکذیب وایذا نہ ہو۔ ذرا تصور کیجئے کہ ایک نبی جس نے تین دن میں نزول عذاب کی پیش گوئی کی ہو اور یہ پیش گوئی بھی بامر الٰہی ہو' اور پھر اس کے علم کے مطابق یہ پیش گوئی پوری نہ ہوئی ہو اور اصل حقیقت حال کا اس کو علم نہ ہو اس پر کیا گزری ہوگی؟ ایسی سراسیمگی وپریشانی کے عالم میں کسی اور جگہ کا عزم سفر کر لینا کچھ بھی مستبعد نہیں تھا' پس یہ تھی وہ اجتہادی لغزش' جس پر عتاب ہوا کہ انہوں نے بغیر حکم الٰہی کے آئندہ سفر کا قصد کیوں کیا بعد میں جب کشتی کا واقعہ پیش آیا تب ان کو احساس ہوا اور اس پر بارگاہ الٰہی میں معذرت خواہ ہوئے۔ جن آیات شریفہ کا

آپ نے حوالہ دیا ہے وہ اسی دوسرے مقام سے متعلق ہیں اس لئے حضرت مفتی صاحب ؒ نے مقام اول کے بارے میں جو کچھ لکھا ہے اس کے خلاف نہیں۔

## رضا بالقضا سے کیا مراد ہے

س ...... رسول مقبول ﷺ فرماتے ہیں حق تعالیٰ جب کسی بندہ کو محبوب بناتا ہے تو اسکو کسی مصیبت میں مبتلا کرتا ہے پس اگر وہ صابر بنا رہتا ہے تو اس کو منتخب کرتا ہے اور اگر اس کی قضا پر راضی ہوتا ہے تو اس کو برگزیدہ کرلیتا ہے۔ مصیبت پر صابر بنا رہتا ہے پھر قضا پر راضی رہنے سے کیا مراد ہے؟

ج ...... یہ کہ حق تعالیٰ شانہ کے فیصلہ سے دل میں تنگی محسوس نہ کرے، زبان سے شکوہ و شکایت نہ کرے، بلکہ یوں سمجھے کہ مالک نے جو کیا ٹھیک کیا، طبعی تکلیف اس کے منافی نہیں، اسی طرح اس مصیبت کو دور کرنے کیلئے جائز اسباب کو اختیار کرنا اور اس کے ازالہ کی دعائیں کرنا رضا بالقضا کے خلاف نہیں ۔واللہ اعلم۔

س ...... ایک مرتبہ حضور ﷺ نے چند صحابہ سے پوچھا تم کون ہو؟ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم مومنین مسلمین ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا تمہارے ایمان کی علامت کیا ہے؟ انہوں نے عرض کیا کہ مصیبت پر صبر کرتے ہیں اور راحت پر شکر کرتے ہیں اور قضا پر راضی رہتے ہیں۔ آپ نے فرمایا۔"بخدا تم سچے مومن ہو"۔
سوال یہ ہے کہ اس حدیث مبارک میں (۱) مصیبت پر صبر سے کیا مراد ہے۔(۲) راحت پر شکر سے کیا مراد ہے (۳) اور قضا پر راضی رہتے ہیں سے کیا مراد ہے؟

ج ...... نمبر ۱ اور نمبر ۳ اوپر لکھ دیا، راحت و نعمت پر شکر کرنے کا مطلب یہ ہے کہ اس نعمت کو محض حق تعالیٰ شانہ کے لطف و احسان کا ثمرہ جانے، اپنا ذاتی ہنر اور کمال نہ سمجھے، زبان سے الحمدللہ کہے اور شکر بجا لائے اور اس نعمت کو حق تعالیٰ شانہ کی

معصیت میں خرچ نہ کرے، اس نعمت پر اترائے نہیں ۔واللہ اعلم

س ...... حضرت داوٗد علیہ السلام پر وحی نازل ہوئی کہ اے داوٗد! تم ایک کام کا قصد و ارادہ کرتے ہو اور میں بھی ارادہ کرتا ہوں مگر ہوتا وہی ہے جو میں ارادہ کرتا ہوں، پس اگر تم میرے ارادہ و مشیت پر راضی رہے اور مطیع و فرمانبردار بنے تب تو میں تمہارے گناہ کی تلافی بھی کروں گا اور تم سے خوش بھی رہوں گا۔اور اگر میرے ارادہ پر راضی نہ ہوئے تو تم کو مشقت و تکلیف میں ڈالوں گا اور انجام کار ہو گا، وہی جو میں چاہوں گا باقی مفت کی پریشانی تمہارے سر پڑے گی۔اس حدیث مبارک میں مسلمانوں کو کیا نصیحت مل رہی ہے؟

ج ..... یہ کہ اللہ تعالیٰ کی مشیت و ارادہ پر راضی رہیں۔اگر اپنے مزاج اور اپنی خواہش کے خلاف کوئی بات منجانب اللہ پیش آئے تو اس پر دل اور زبان سے شکوہ نہ کریں۔

## "قبیلہ کے گھٹیا لوگ اس کے سردار ہوں گے" سے کیا مراد ہے؟

س ...... قیامت کی نشانیوں میں ایک حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم ملتی ہے کہ جب گھٹیا اور نیچ لوگ قوم کے سردار یا رہنما بننے لگیں تو سمجھو کہ قیامت قریب ہے۔پاکستان میں عموماً اور آزاد کشمیر میں خصوصاً مندرجہ ذیل پیشہ اقوام کو گھٹیا اور نیچ تصور کیا جاتا ہے موچی، درزی، حجام، جولاہا، کمہار، مراثی، ماشکی، دھوبی، لوہار، ترکھان وغیرہ اکثر مندرجہ بالا حدیث کا حوالہ اس وقت دیا جاتا ہے۔جب مندرجہ بالا پیشہ اقوام کا کوئی فرد کسی اہم منصب پر فائز ہو تو کہا جاتا ہے کہ اب قیامت قریب ہے۔فلاں کو دیکھو وہ کیا تھا اور کیا بن گیا ہے۔ معلوم یہ کرنا ہے کہ کیا اس حدیث پاک کا مطلب و مفہوم یہی ہے جو عام طور پر سمجھا جاتا ہے یا کچھ اور؟ کیا رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم بھی مندرجہ بالا پیشہ افراد کو گھٹیا اور نیچ تصور کرتے تھے اور کیا

واقعی ان لوگوں کو عملی زندگی میں آگے نہیں نکلنا چاہئے؟ تاریخ اور حدیث کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اسلامی معاشرہ میں زیادہ تعداد ابتدائی ایام میں اسلام قبول کرنے والے معاشرے کے ستائے ہوئے افراد ہی کی تھی' سرداروں نے تو اسلام کی سخت ترین مخالفت کی تھی اور پھر اسلامی معاشرہ میں غلاموں کو بھی وہ عزت ملی کہ جو انہوں نے خواب میں نہ دیکھی تھی' کئی غلام کامیاب سپہ سالار اور گورنر اور خلیفہ بھی ہوئے اور پھر رسول پاک ﷺ کی تعلیم میں یہ اونچ نیچ کا دور دور تک نشان بھی نہیں ملتا تو پھر یہ بتایا جائے کہ اس قیامت کی نشاندہی والی حدیث سے کونسے گھٹیا لوگ اور نیچ' کمینے مراد ہیں۔

ج ...... جس حدیث کا آپ نے پہلے سوال میں حوالہ دیا ہے اسکے الفاظ یہ ہیں: "وساد القبیلة ازدلھم" جس کا مطلب یہ ہے کہ "کسی قبیلے کا رذیل ترین آدمی اس قبیلہ کا سردار بن بیٹھے گا" ایک اور حدیث میں ہے "ان تری الحفاة العراة رعاء الشاة یتطاولون فی البنیان" یعنی تم ایسے لوگوں کو جو برہنہ یا ننگے بدن رہا کرتے تھے بکریاں چرایا کرتے تھے انہیں دیکھو گے کہ وہ اونچی اونچی' عمارتیں بنانے میں فخر کرتے ہیں۔ ان احادیث میں رذیل اخلاق کے لوگوں کے سردار اور بھوکوں' ننگوں کے نو دولتیے بن جانے کو قیامت کی علامتوں میں شمار فرمایا ہے جن لوگوں کو دنیا کے مغرور نیچ اور کمینہ سمجھتے ہیں (حالانکہ اخلاق واعمال کے اعتبار سے وہ نیک اور شریف ہیں) ان کے عروج کو قیامت کی علامت میں شمار نہیں فرمایا۔

### ہر طرح سے پریشان آدمی کیا بدنصیب کہلا سکتا ہے

س ...... ایک انسان جس کو اپنی قسمت سے ہر موقع پر شکست ہو یعنی کوئی آدمی مفلس و نادار بھی ہو غربت کی مار پڑی ہو علم کا شوق ہو لیکن علم اس کے نصیب

میں نہ ہو' خوشی کم ہو' غم زیادہ' بیماریاں اس کا سایہ بن گئی ہوں ماں باپ' بہن بھائی کی موجودگی میں محبت سے محروم ہو رشتے دار بھی ملنا پسند نہ کرتے ہوں' محنت زیادہ کرے پھل برائے نام ملے۔ ایسا انسان یہ کہنے پر مجبور ہو کہ یا اللہ جیسا میں بدنصیب ہوں ایسا تو کسی کو نہ بنا اس کے یہ الفاظ اس کے حق میں کیسے ہیں؟ اگر وہ اپنی تقدیر پر صبر کرتا ہو اور صبر نہ آئے تو کیا کرنا چاہئے؟

ج ...... انسان کو جو ناگوار حالات پیش آتے ہیں ان میں سے زیادہ تر انسان کی شامت اعمال کی وجہ سے آتے ہیں۔ ان میں اللہ تعالیٰ سے شکایت ظاہر ہے کہ بے جا ہے' آدمی کو اپنے اعمال کی درستی کرنی چاہئے۔ اور جو امور غیر اختیاری طور پر پیش آتے ہیں ان میں اللہ تعالیٰ کی تو ذاتی غرض ہوتی نہیں' بلکہ بندے ہی کی مصلحت ہوتی ہے ان میں یہ سوچ کر صبر کرنا چاہئے کہ ان میں اللہ تعالیٰ کو میری ہی کوئی بہتری اور بھلائی منظور ہے۔ اسی کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے جو بے شمار نعمتیں عطا کر رکھی ہیں ان کو بھی سوچنا چاہئے اور "الحمدللہ علیٰ کل حال" کہنا چاہئے۔

## کیا مصائب و تکالیف بدنصیب لوگوں کو آتی ہیں

س ...... میں ذاتی اعتبار سے بڑی خوش نصیب ہوں مگر میں نے کئی بدنصیب لوگ بھی دیکھے ہیں۔ پیدائش سے لے کر آخر تک بدنصیب۔ قرآن کریم میں ہے کہ اللہ کسی شخص کو اس کی قوت برداشت سے زیادہ دکھ نہیں دیتا۔ لیکن میں نے بعض لوگ دیکھے ہیں جو دکھوں اور مصائب سے اتنے تنگ آجاتے ہیں کہ آخر کار وہ "خودکشی" کرلیتے ہیں۔ آخر ایسا کیوں ہوتا ہے' جب قرآن کریم میں ہے کہ کسی کی برداشت سے زیادہ دکھ نہیں دیئے جاتے تو لوگ کیوں خودکشی کر لیتے ہیں۔ کیوں پاگل ہو جاتے ہیں اور بعض جیتے بھی ہیں تو بدتر حالت میں جیتے ہیں۔ اس سوال کا جواب قرآن کریم اور احادیث مبارکہ کی روشنی میں دیجئے کہ

انسانی عقل کے جوابات سے تشفی نہیں ہوتی۔ دنیا میں ایک سے ایک ارسطو موجود ہے اور ہرایک اپنی عقل سے جواب دیتا ہے اور سب کے جوابات مختلف ہوتے ہیں لہٰذا جواب قرآن کریم اور احادیث نبوی سے دیجئے' امید ہے جواب ضرور دیں گے۔

ج ...... قرآن کریم کی جس آیت کا آپ نے حوالہ دیا ہے اس کا تعلق تو شرعی احکام سے ہے اور مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ بندوں کو کسی ایسے حکم کا مکلف نہیں بناتا جو اس کی ہمت و طاقت سے بڑھ کر ہو۔ جہاں تک مصائب و تکالیف کا تعلق ہے اگرچہ یہ آیت شریفہ ان کے بارے میں نہیں 'تاہم یہ بات اپنی جگہ صحیح ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی پر اتنی مصیبت نہیں ڈالتا جو اس کی حد برداشت سے زیادہ ہو' لیکن جیسا کہ دوسری جگہ ارشاد فرمایا ہے '"انسان دھڑ ولا واقعہ ہوا ہے" اس کو معمولی تکلیف بھی پہنچتی ہے تو واویلا کرنے لگتا ہے اور آسمان سر پر اٹھا لیتا ہے۔ جو بزدل لوگ مصائب سے تنگ آکر خودکشی کر لیتے ہیں اس کی وجہ یہ نہیں ہوتی کہ ان کی مصیبت حد برداشت سے زیادہ ہوتی ہے۔ بلکہ وہ اپنی بزدلی کی وجہ سے اس کو ناقابل برداشت سمجھ کر ہمت ہار دیتے ہیں حالانکہ اگر وہ ذرا بھی صبر و استقلال سے کام لیتے تو اس تکلیف کو برداشت کر سکتے تھے۔ الغرض آدمی پر کوئی مصیبت ایسی نازل نہیں کی جاتی جس کو وہ برداشت نہ کر سکے۔ لیکن بسا اوقات آدمی اپنی کم فہمی کی وجہ سے اپنی ہمت و قوت کو کام میں نہیں لاتا'کسی چیز کا آدمی کی برداشت سے زیادہ ہونا اور بات ہے اور کسی چیز کے برداشت کرنے کے لئے ہمت و طاقت کو استعمال ہی نہ کرنا دوسری بات ہے اور ان دونوں کے درمیان آسمان و زمین کا فرق ہے۔ ایک ہے کسی چیز کا آدمی کی طاقت سے زیادہ ہونا اور ایک ہے آدمی کا اس چیز کو اپنی طاقت سے زیادہ سمجھ لینا اگر آپ ان دونوں کے فرق کو اچھی طرح سمجھ لیں تو آپ کا اشکال جاتا رہے گا۔

## بچپن کی غلط کاریوں کا اب کیا علاج ہو؟

س ...... بعد سلام مودبانہ گذارش یہ ہے کہ آپ کا تحریر نامہ ملا' خط پڑھ کر مجھے بہت ہی قلبی سکون ملا ہے اور میں اب اپنے آپ کو ایک کامیاب انسان سمجھ رہا ہوں کیونکہ آپ نے مجھے ان دردناک حالات سے نجات دلانے کا وعدہ فرمایا ہے میں آپ کا زندگی بھر مشکور رہوں گا۔ آپ کا یہ احسان عظیم میں زندگی بھر نہیں بھولوں گا۔

مجھے اپنی مفید باتوں کے تحت ہدایات دیں کہ میں اب مزید کس طرح اپنی کامیاب زندگی گذاروں' مجھے آپ پر مکمل اعتماد ہے کیونکہ آپ میرے لئے فرشتہ صفت انسان ہیں۔

ج ...... عزیز مکرم السلام علیکم! آپکا علاج مندرجہ ذیل نکات پر مشتمل ہے۔

۱۔ نابالغی میں جو کچھ ہوا اس پر آپ کا مواخذہ نہیں' اس لئے آج سے آپ اپنے آپ کو بالکل پاک اور معصوم سمجھیں (یعنی نابالغی کے اعتبار سے)۔

۲۔ آپ جن عوارض میں مبتلا ہیں ان میں سے کوئی لا علاج نہیں آج سے آپ مایوسی بالکل ترک کر دیں اور کامل خود اعتمادی کے ساتھ قدم اٹھائیں۔

۳۔ اللہ تعالیٰ کے کسی نیک بندے سے تعلق پیدا کر کے اپنی ہر حالت اس کو بتایا کریں اور اس کے مشورہ پر عمل کیا کریں۔

۴۔ تمام دنیا کے افکار سے یکسو ہو کر اپنے کام میں مشغول ہو جائیں' کسی ناکامی اور شکست ذہنی کا خیال دل میں نہ لائیں۔

## کیا حاکم وقت کیلئے چالیس خون معاف ہوتے ہیں

س ...... بزرگوں سے سنا ہے کہ جو کسی ملک کا بادشاہ ہوتا ہے اسے خدا کی طرف سے چالیس (۴۰) عدد خون معاف ہیں یعنی وہ ۴۰ انسانوں کو بلا وجہ مروا سکتا

ہے اس کی پوچھ اور پکڑ نہ ہوگی جب کہ ہم نے جہاں تک سنا اور میرا ذاتی خیال ہے کہ یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ بادشاہ تو زیادہ ذمہ دار ہوتا ہے اس سے زیادہ پوچھ اور پکڑ ہوگی کہ تو نے کس کس سے انصاف کیا کس سے ظلم کیا؟

ج ...... خون اور ظلم تو کسی کو بھی معاف نہیں نہ شاہ کو' نہ گدا کو' نہ امیر کو' نہ فقیر کو' بلکہ حکام سے باز پرس زیادہ ہوگی' ایسی غلط باتیں جاہلوں نے مشہور کر رکھی ہیں۔

## حرام کمائی کے اثرات کیا ہوں گے

س ...... شریعت کا فیصلہ اور موجودہ زمانے کے مطابق علمائے دین اور مفتیان شرع متین کا حکم سینما سے حاصل ہونے والی کمائی کے بارے میں کیا ہے؟ جو کہ سینما میں فلم چلانے والوں سے ہال کے کرائے کی شکل میں وصول کی جاتی ہے؟

حرام کمائی انسانی اخلاق و کردار پر کس طرح اثر انداز ہوتی ہے اور مجموعی طور پر معاشرے میں کیا بگاڑ پیدا ہو سکتا ہے؟

ج ...... سینما یا اس نوعیت کے دیگر ناجائز معاشی ذرائع کے بارے میں علمائے دین اور مفتیان شرع متین کا فتویٰ کس کو معلوم نہیں؟ جہاں تک حرام کمائی کے انسانی اقدار پر اثر انداز ہونے کا تعلق ہے وہ بھی بالکل واضح ہے' کہ حرام کمانے اور کھانے سے آدمی کی ذہنیت مسخ ہو جاتی ہے اور نیکیوں کی توفیق جاتی رہتی ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ "جس جسم کی پرورش حرام سے ہوئی ہو دوزخ کی آگ اس کی زیادہ مستحق ہے"۔

## غنڈوں کی ہوس کا نشانہ بننے والی لڑکیاں معصوم ہوتی ہیں

س ...... جو بچیاں آئے دن غنڈوں کی ہوس کا نشانہ بن جاتی ہیں ظاہر بات ہے

وہ تو معصوم اور ناسمجھ ہوتی ہیں چونکہ ان بے چاریوں کا تو کوئی قصور نہیں ہوتا اس لئے اگر خدانخواستہ جن معصوموں کے ساتھ ایسا واقعہ پیش آیا ہو کیا اس سے ان کی نئی زندگی پر اثر پڑے گا یا وہ بے گناہ ہیں؟

ج ...... اس معاملہ میں وہ قطعاً بے گناہ ہیں، آئندہ کا حال اللہ کو معلوم ہے۔

## نوجوانوں کو شیعہ سے کس طرح بچایا جائے؟

س ...... میرا یہ طریقہ ہے کہ میرا کوئی ساتھی شیعہ کے گھیرے میں آتا ہے تو میں فوراً پہنچ جاتا ہوں اور ان سے تقیہ وغیرہ جیسے مسئلے پوچھتا ہوں جس سے وہ خود پریشان ہو جاتے ہیں کیا یہ میرا فعل درست ہے؟

ج ...... مسلمان نوجوانوں کا ایمان بچانے کیلئے آپ جو کچھ کرتے ہیں وہ بالکل صحیح اور کار ثواب ہے۔ اصل ضرورت اس بات کی ہے کہ نوجوانوں کو دین سے جوڑا جائے اور بزرگان دین کی خدمت میں لایا جائے جس سے ان میں دین کا صحیح فہم پیدا ہو اور فتنوں سے حفاظت ہو۔

## بچے کو میٹھا چھوڑنے کی حضور ﷺ کی نصیحت والی روایت من گھڑت ہے

س ...... درج ذیل حدیث صحیح ہے یا نہیں؟ ایک عورت کا واقعہ ہے کہ اس نے اپنے بیٹے کو نبی کریم ﷺ سے نصیحت کرانی چاہی کہ وہ میٹھا کھانا چھوڑ دے تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ دو دن بعد آؤ۔ وہ عورت دو دن بعد آئی تو نبی کریم ﷺ نے اسکے بیٹے کو نصیحت فرمائی۔ عورت کے استفسار پر سرکار دو عالم ﷺ نے فرمایا کہ میں نے پہلے خود چینی کھانا کم کی پھر نصیحت کی۔ نیز یہ کہ جب تک نیک عمل خود نہ کرو دوسرے کو اس کی تلقین نہ کرو۔ براہ کرم تفصیل اور حوالے سے

جواب عنایت فرمائیں اس لئے کہ یہی بات حضرت ابوبکر صدیق' حضرت عمر' حضرت عثمان' حضرت علی اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہم کے حوالے سے بھی بیان کی جاتی ہے۔ اس واقعہ کو بیان کرکے لوگ یہ کہتے ہیں کہ میاں جاؤ پہلے خود سو فیصد دین پر عمل کرلو پھر ہمارے پاس آنا اور یہ کہ تبلیغ تو جائز ہی نہیں ہے مسلمان پر۔

ج ...... یہ روایت خالص جھوٹ ہے جو کسی نے تصنیف کرکے آنحضرت ﷺ کی طرف منسوب کردی دیگر اکابر کی طرف بھی اس کی نسبت غلط ہے اور اس سے یہ نتیجہ اخذ کرنا غلط ہے کہ مسلمانوں کو بھلے کام کیلئے نہ کہا جائے اور برے کام سے منع نہ کیا جائے۔

## اگر قسمت میں لکھا ملتا ہے تو محنت کی کیا ضرورت ہے

س ...... میرا دوست کہتا ہے کہ آدمی کی قسمت اچھی ہو تو بغیر محنت کئے بھی اچھا کما لیتا ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ یہ کمائی اس کے نصیب میں تھی اور اس کی قسمت اچھی تھی۔ میرا کہنا ہے کہ آدمی محنت کرے اور قسمت ساتھ دے تو کام بنتا ہے' بغیر محنت کئے قسمت اچھی نہیں ہوسکتی۔ میرے دوست کا کہنا ہے کہ ایک آدمی پورا دن محنت کرتا ہے اور دوسرا آدمی ایک گھنٹے میں اتنے پیسے کما لیتا ہے۔ براہ مہربانی اس کا جواب عنایت فرمائیں کہ ہم دونوں میں سے کس کا نقطہ نظر ٹھیک ہے؟

ج ...... یہ تو صحیح ہے کہ جو قسمت میں لکھا ہو وہی ملتا ہے۔ اس سے زیادہ نہیں ملتا۔ لیکن حلال روزی کے لئے محنت ضرور کرنی چاہئے۔ قسمت کا حال کسی کو معلوم نہیں۔ اور حلال روزی کے لئے شرعی فرائض کی پابندی ضروری ہے۔

## نظر لگنے کی کیا حیثیت ہے

س ...... ہمارے معاشرے میں یا یوں کہئے کہ ہمارے بڑے بوڑھے "نظر ہونے

یا نظر لگنے" کے بہت قائل ہیں خاص طور سے چھوٹے بچوں کے لئے بہت کہا جاتا ہے' (اگر وہ دودھ نہ پئے یا کچھ طبیعت خراب ہو وغیرہ) کہ بچے کو نظر لگ گئی ہے۔ پھر باقاعدہ نظر اتاری جاتی ہے۔ برائے مہربانی اس کی وضاحت کر دیں کہ اسلامی معاشرہ میں اسکی توجیہ کیا ہے؟

ج...... نظر لگنا برحق ہے اور اس کا اتارنا جائز ہے بشرطیکہ اتارنے کا طریقہ خلاف شریعت نہ ہو۔

## حادثات میں متاثر ہونے والوں کیلئے دستور العمل

س...... حضرت ایک حادثہ میں میرے میاں اور صاجزادے کا انتقال ہو گیا اس وقت میری حالت نہایت ہی ناقابل بیان ہے' صبر نہیں ہوتا۔ کیا کروں' ان کی یاد بھلائے نہیں بھولتی کیا کروں؟

ج...... پیاری عزیزہ محترمہ! سلمہا اللہ تعالیٰ وحفظہا' السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ'

آپ کے حادثہ کا سن کر بے حد رنج و قلق ہوا' اور مجھے ایسے الفاظ نہیں مل پا رہے جن سے آپ کو پرسا دوں اور اظہار تعزیت کروں' انا للہ و انا الیہ راجعون۔ آپ ماشاء اللہ خود بھی خوش فہم ہیں' اور ایک اونچے علمی و دینی خاندان سے تعلق رکھتی ہیں' امید رکھتا ہوں کہ چند باتوں کو پیش نظر رکھیں گی' ان سے انشاء اللہ غم ہلکا ہو گا اور قلب کو تسکین ہوگی۔

۱۔ قرآن کریم میں حوادث و مصائب پر انا للہ و انا الیہ راجعون پڑھنے کی تلقین فرمائی گئی ہے اور صبر پر بے شمار عنایتوں اور رحمتوں کا وعدہ فرمایا ہے' اس پاکیزہ کلمہ کو دل و زبان سے کہا کریں۔

۲۔ ہم اللہ تعالیٰ کے بندے ہیں' اور اس کریم آقا کی عنایتیں' شفقتیں اور رحمتیں بندوں کے حال پر اس قدر مبذول ہیں کہ ہم بندے ان کا تصور بھی نہیں کر سکتے

اور شکر سے عاجز ہیں، جن چیزوں کو ہم آفات و مصائب اور تکالیف سمجھتے ہیں ان میں بھی حق تعالیٰ شانہ کی بے شمار عنایتیں، شفقتیں اور حکمتیں پوشیدہ ہوتی ہیں کہ ان تک رسائی سے ہماری عقل و فکر عاجز ہے، بس اجمالاً یہ عقیدہ رکھا جائے (اور اس عقیدہ کو اپنا حال بنا لیا جائے) کہ اس کریم آقا کی جانب سے جو کچھ پیش آیا ہے یہ ہمارے لئے سراسر رحمت ہی رحمت ہے، گو ہم اس کو نہ سمجھ سکیں۔

۳۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ بہت سے بڑے لوگوں کو یہ حادثہ پیش آیا کہ بچپن ہی میں والدین کا سایہ ان کے سر سے اٹھ گیا، لیکن عنایت خداوندی نے ان کو اپنے سائے میں لے لیا، اور وہ دنیا میں آفتاب و ماہتاب بن کر چمکے، اور ایک دنیا نے ان کے سائے میں پناہ لی، خود ہمارے آقا سرور کائنات فخر موجودات ﷺ (فداہ ارواحنا و آبائنا وامھاتنا) کا اسوۂ حسنہ ہمارے سامنے ہے کہ ابھی بساط وجود پر قدم نہیں رکھا تھا کہ سایہ پدری سے محروم کر دیئے گئے، اور بچپن ہی میں ماں کی شفقت مادری بھی چھن گئی، لیکن کریم آقا نے اس یتیم بچے کو ایسا اٹھایا کہ دونوں جہاں اس کے سائے کے نیچے آگئے، (صلی اللہ علیہ و آلہ وصحبہ وبارك وسلم) آپ کے بچے اگر سایہ پدری سے محروم ہوگئے تو غم نہ کیجئے، انشاء اللہ رحمت و عنایت خداوندی ان کے سر پر سایہ فگن ہوگی، جو باپ کی شفقت سے ان کے حق میں ہزار درجہ بہتر ہوگی۔ ان بچوں کے غم میں گھلنے کی ضرورت نہیں، بلکہ ان کے حق میں کریم آقا سے دعاؤں اور التجاؤں کی ضرورت ہے۔

۴۔ یہ دنیا ہمارا گھر نہیں، ہمارا وطن اور ہمارا گھر جنت ہے، حضرت مرزا مظہر جان جاناں کا شعر ہے۔

لوگ کہتے ہیں کہ مر گیا مظہر
حالانکہ اپنے گھر گیا مظہر

ہمارے حضرت حکیم الامت ؒ نے اپنے ایک عزیز جناب ظفر احمد تھانوی مرحوم کو ان کے والد ماجد کے سانحہ ارتحال پر جو گرامی نامہ تحریر فرمایا تھا اس کو بار بار پڑھا کرو۔

۵۔ آپ کے شوہر کا حادثہ مکہ ومدینہ کے سفر کے دوران پیش آیا' یہ انشاء اللہ شہادت کی موت ہے' حق تعالیٰ شانہ کے یہاں ان کو جو کچھ ملا وہ دنیا کی مکدر اور فانی لذتوں سے بدرجہا بہتر ہے' اور آپ کو اس حادثہ پر صبر وشکر کرنے کی بدولت جو اجر وثواب ملے گا وہ مرحوم کے وجود سے زیادہ قیمتی ہے' پس ان کی جدائی سے نہ انشاء اللہ ان کو خسارہ ہوگا' نہ آپ کو اور نہ دیگر پسماندگان کو۔

۶۔ البتہ ان کی جدائی سے رنج وصدمہ کا ہونا ایک فطری اور طبعی امر ہے' تاہم اس کا تدارک بھی صبر وشکر' ہمت واستقلال اور راضی برضائے مولا ہونے سے ہو سکتا ہے' بے صبری اور جزع وفزع سے نہیں' اللہ تعالیٰ آپ کا حامی وناصر ہو' اور آپ کو اور آپ کے بچوں کو ہمیشہ اپنے سایہ رحمت میں رکھے' اور صبر وشکر اور رضاء بالقضاء کی توفیق عطا فرمائے۔

۷۔ دنیا کی بے ثباتی یہاں کی راحت وخوشی کی ناپائیداری کو ہمیشہ یاد رکھا جائے' حقوق بندگی بجالانے اور آخرت کے گھر کی تیاری میں کوتاہی نہ کی جائے' اور یہاں کی دلفریبیوں اور یہاں کی عیش وعشرت اور رنج ومصیبت کے بکھیڑوں میں الجھ کر آخرت فراموشی' خدا فراموشی' بلکہ خود فراموشی اختیار نہ کی جائے' یہی مضمون ہے انا للہ و انا الیہ راجعون کا۔

دعا کرتا ہوں کہ حق تعالیٰ شانہ ہمیں اپنی رضا ومحبت نصیب فرمائیں' ہماری کوتاہیوں اور گندگیوں کی پردہ پوشی فرمائیں' اور اپنی رحمت بے پایاں کے ساتھ دنیا میں بھی ہماری کفایت فرمائیں اور آخرت میں اپنے محبوب ومقبول بندوں کے ساتھ ہمیں ملحق فرمائیں۔

## حضور ﷺ کے حجتہ الوداع کے خطبہ میں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ روئے تھے یا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س ...... جنگ کا اسلامی صفحہ پڑھا۔ ریٹائرڈ جسٹس قدیر الدین صاحب اپنے مضمون ''اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے'' میں لکھتے ہیں کہ ۹ ذی الحجہ کو جمعہ کے روز ۱۰ھ میں حضور اکرم ﷺ نے عرفات کے میدان میں جو خطبہ دیا تھا اس میں دین اسلام کے مکمل ہونے کی نوید سنائی۔ اس وقت مسلمان خوش ہو رہے تھے لیکن حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ رو رہے تھے رسول اللہ ﷺ نے وجہ دریافت کی تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا شاید اب آپ ہم لوگوں میں زیادہ دن نہ رہیں۔ لیکن مولانا صاحب کچھ دن پہلے یہی مضمون اسلامی صفحہ پر شاید مولانا احتشام الحق صاحب نے لکھا تھا۔ جس میں انہوں نے اسی خطبہ کے دوران حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بجائے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے رونے کے متعلق لکھا تھا اور ہو بہو یہی الفاظ لکھے تھے براہ کرم انہی صفحات میں جواب دیکر ممنون فرمائیں تاکہ تسلی ہو جائے۔ پردیس میں عام کتب نہ ہونے کی وجہ سے مطالعہ سے محروم ہیں ورنہ سوال کی نوبت نہ آتی۔ امید ہے آپ ضرور جواب دیں گے؟

ج ...... اس آیت کے نازل ہونے کے موقع پر رونے کا واقعہ تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہی کا ہے مگر جسٹس صاحب نے حدیث کے الفاظ صحیح نقل نہیں کئے، جس کی وجہ سے آپ کو اس واقعہ کا اشتباہ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے رونے کے واقعہ سے ہو گیا۔ آنحضرت ﷺ کے دریافت کرنے پر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ نہیں فرمایا تھا کہ شاید اب آپ ہم لوگوں میں زیادہ دن نہ رہیں بلکہ یہ فرمایا تھا:

''اب تک تو ہمارے دین میں اضافہ ہو رہا تھا لیکن آج وہ مکمل ہو گیا اور جب کوئی چیز مکمل ہو جاتی ہے تو اس میں اضافہ نہیں ہوتا بلکہ کمی اور نقصان شروع ہو جاتا ہے آپ ﷺ نے فرمایا ''تم سچ کہتے ہو'' (تفسیر ابن کثیر ص ۱۳ جلد ۲)۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے رونے کا واقعہ یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مرض الوفات کے دوران ایک خطبہ میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے ایک بندے کو اختیار دیا ہے کہ وہ دنیا میں رہے یا حق تعالیٰ کے جوار رحمت میں چلا جائے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اس اشارہ کو سمجھ گئے اور رونے لگے جبکہ دوسرے صحابہ رضی اللہ عنہم اس وقت نہیں سمجھے۔

## قرآن خواہ نیا پڑھا ہو یا پرانا اس کا ثواب پہنچا سکتا ہے

س ...... اکثر محفل قرآن خوانی میں بعض مرد یا خواتین کہتے ہیں کہ انہوں نے اب تک گھر پر مثلاً ۱۰' ۵ پارے پہلے پڑھے ہیں وہ اس میں شامل کر لیں. یا پھر اکثر قلت قارئین کی وجہ سے سپارے گھر گھر بھیج دیئے جاتے ہیں یہ کہاں تک درست ہے؟

ج ...... یہاں چند مسائل ہیں :

۱- ...... مل کر قرآن خوانی کو فقہاء نے مکروہ کہا ہے' اگر کی جائے تو سب آہستہ پڑھیں تاکہ آوازیں نہ ٹکرائیں۔

۲- ...... آدمی نے جو کچھ پڑھا ہو اس کا ثواب پہنچا سکتا ہے' خواہ نیا پڑھا ہو یا پرانا پڑھا ہو۔

۳- ...... ایصال ثواب کیلئے پورا قرآن پڑھوانا ضروری نہیں۔ جتنا پڑھا جائے اس کا ثواب بخش دینا صحیح ہے۔

۴- ...... کسی دوسرے کو پڑھنے کیلئے کہنا صحیح ہے۔ بشرطیکہ اس کو گرانی نہ ہو ورنہ درست نہیں۔ واللہ اعلم۔

## انبیاء و اولیاء وغیرہ کو دعاؤں میں وسیلہ بنانا

س ...... ایک صاحب نے اپنی کتاب "وسیلے واسطے" میں لکھا ہے کہ جو لوگ

مردہ بزرگوں، انبیاء کرام یا اولیاء یا شہداء کو اپنی دعاؤں میں وسیلہ بناتے ہیں یہ شرک ہے؟

ج ...... ان صاحب کا یہ کہنا کہ بزرگوں کے وسیلے سے دعا کرنا شرک ہے، بالکل غلط ہے۔ بزرگوں سے مانگا تو نہیں جاتا۔ مانگا تو جاتا ہے اللہ تعالیٰ سے۔ پھر اللہ سے مانگنا شرک کیسے ہوا؟

## عریانی کا علاج عریانی سے

س ...... عریانی لعنت ہے ایک کینسر ہے، ملک و ملت کے لئے نقصان دہ ہے اس قسم کے بیان پڑھتے اور سنتے رہتے ہیں چنانچہ جناب راجہ ظفرالحق وزیر اطلاعات و نشریات کا بیان ہے:

> "عریانی ایک کینسر کی طرح قوم کے جسم میں پھیلی ہوئی ہے۔ اسے اگر نہ روکا گیا تو اسکی پتلی دھار، ایک بڑا دھارا بن سکتی ہے، حکومت اس لعنت کو ختم کرنے کا تہیہ کر چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں نظام اسلام کے نفاذ میں ملک کے نوجوانوں کو عظیم کردار ادا کرنا ہے"۔ (جنگ کراچی، ۱۳ فروری ۱۹۸۲ء)

مگر اس کا علاج کوئی نہیں بتاتا کوئی نہیں بتاتا آپ جناب سے درخواست ہے اس کا علاج تجویز فرما دیں؟

ج ...... عریانی بلاشبہ ایک لعنت ہے۔ اور کوئی شک نہیں کہ یہ قوم کے مزاج میں کینسر کی طرح سرایت کر چکی ہے۔ راجہ صاحب کے بقول حکومت اس لعنت کو ختم کرنے اور قوم کو اس کینسر سے نجات دلانے کا تہیہ بھی کر چکی ہے۔ لیکن حکومت نے اپنے اس تہیہ کو عملی جامہ پہنانے کے لئے جو لائحہ عمل مرتب فرمایا ہے وہ بھی راجہ صاحب ہی کی زبانی سن لیجئے۔

"اطلاعات ونشریات کے وفاقی وزیر راجہ ظفر الحق نے خواتین کو بہترین تعلیم دینے پر زور دیا ہے تاکہ وہ معاشرہ میں فعال کردار ادا کرسکیں وقار النساء گرلز ہائی اسکول راولپنڈی کے سالانہ یوم اسپورٹس اور جوبلی تقریبات میں بطور مہمان خصوصی تقریر کرتے ہوئے راجہ ظفر الحق نے کہا کہ حکومت خواتین کو ایسی تعلیم و تربیت دینے کے سلسلہ میں عملی کردار ادا کررہی ہے۔ کہ قوم کی بیٹیاں ہر شعبہ حیات میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرسکیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری آبادی کا نصف حصہ خواتین پر مشتمل ہے۔ اور اس اعتبار سے انہیں ہر شعبہ حیات میں مثالی طور پر آگے آنے اور اپنی لیاقت اور صلاحیت کے اظہار کے مساوی حقوق ملنے چاہئے"۔ (نوائے وقت کراچی' ۱۴ فروری ۱۹۸۲ء)

گویا عریانی کی لعنت کو ختم کرنے اور اس کینسر سے قوم کو نجات دلانے کے لئے حکومت نے جو عملی خاکہ مرتب کیا ہے وہ یہ ہے کہ قوم کی بیٹیوں کو گھروں سے نکالا جائے۔ اور ہر شعبہ زندگی میں مردوں کے برابر ان کی بھرتی کی جائے' فوج اور پولیس میں آدھے آدمی ہوں' آدھی عورتیں' دفاتر میں عورتوں کی تعداد مردوں کے مساوی ہو۔ کابینہ اور شوریٰ میں دونوں کی تعداد نصف ونصف ہو۔ اسکولوں' کالجوں اور دانش گاہوں میں آدھے لڑکے ہوں اور آدھی لڑکیاں۔ یہ ہے حکومت کا وہ تیر بہدف علاج جس کے ذریعہ عریانی کا خاتمہ ہوگا۔ اور قوم کو عریانی کے عفریت سے نجات ملے گی' اس طریقہ علاج کو یوں بھی تعبیر کیا جاسکتا ہے کہ حکومت مردوں اور عورتوں کی امتیازی علامات ہی مٹا دینا چاہتی ہے' تاکہ ایک صنف کو دوسری صنف سے جو حجاب ہے۔ اور جس سے عریانی کا تصور ابھرتا ہے۔ وہ ختم ہوجائے۔ ظاہر ہے کہ جب دونوں کے حدود عمل کی تفریق مٹ جائے گی تو عریانی آپ سے آپ ختم ہوجائے گی' اور قوم

کو اس لعنت کے گرداب سے نجات مل جائے گی۔

بقول اقبالؒ

شیخ صاحب بھی تو پردہ کے کوئی حامی نہیں
مفت میں کالج کے لڑکے ان سے بدظن ہوگئے
وعظ میں فرما دیا تھا آپ نے کل صاف صاف
پردہ آخر کس سے ہو جب مرد ہی زن ہوگئے

راجہ صاحب نے خواتین کی تعلیم کے ساتھ ساتھ ان کی "تربیت" پر بھی زور دیا ہے' "تربیت" ایک مبہم سالفظ ہے' اس کی عملی تشریح وتفسیر بھی راجہ صاحب نے فرمادی ہے' ملاحظہ فرمایئے :

"وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات راجہ ظفر الحق نے آج وقار النساء ہائی اسکول کی طالبہ حاذقہ محمود کے لئے ایک خصوصی انعام کا اعلان کیا اس طالبہ نے اسکول کے جشن سیمین پر سالانہ کھیل کود کے موقع پر انتہائی خوش الحانی سے قرآن پاک کی تلاوت کی تھی۔ جہاں وزیر موصوف مہمان خصوصی تھے۔ وزارت اطلاعات کی جانب سے دیا جانے والا ایک ہزار روپے کا انعام کتابوں کی شکل میں ہوگا" (نوائے وقت)

س ...... آج کل بے دین طبقہ خصوصاً پڑھے لکھے اور صحافی قسم کے لوگوں نے اسلام کے خلاف لکھنے کا تہیہ کرلیا ہے حضرت طبیعت پر بہت ہی اثر ہوتا ہے۔ کہیں یہ اسلام ڈھانے کی سازشیں تونہیں؟

ج ...... ایوب خان مرحوم کو اللہ تعالیٰ نے عروج واقبال نصیب فرمایا تو انہیں اکبر بادشاہ کی طرح "اجتہاد مطلق" کی سوجھی' اور دینی مسائل میں تحریف وکتربیونت کی راہ ہموار کرنے کے لئے ڈاکٹر فضل الرحمٰن صاحب بالقابہ کی خدمات حاصل کی

گئیں ' اور انہوں نے اسلام کے تمام متفقہ مسائل کو "روایتی اسلام" کا نام دے کر ان کے خلاف ایک محاذ کھول دیا' اس سے ملک میں بے چینی پیدا ہوئی' اور احتجاج کے سیلاب میں نہ صرف ایوب خان کی حکومت بہہ گئی 'بلکہ بعد میں جو بھیانک حالات پیش آئے وہ سب کو معلوم ہیں ' خلاصہ یہ کہ ملک دو نیم ہو گیا۔ اور افراتفری کا ایک ایسا غیر مختتم سلسلہ شروع ہوا جس نے ملک وقوم کو شدید بحران میں مبتلا کر دیا۔

سوئے اتفاق سے آج پھر اسلام کے مسلمہ مسائل کے خلاف اخباروں کے اوراق سیاہ کئے جا رہے ہیں' پروفیسر رفیع اللہ شہاب اور کوثر نیازی ایسے لوگ اسلامی مسائل پر خامہ فرسائی فرما رہے ہیں۔ علمائے اسلام کی تحقیر کی جا رہی ہے اور انہیں تنگ نظری وکم فہمی کے طعنے دیئے جا رہے ہیں' ہمیں اسلام کے بارے میں تو الحمد للہ اطمینان ہے کہ نہ ڈاکٹر فضل الرحمٰن کی تحریفات سے اس کا کچھ بگڑا۔ اور نہ موجودہ دور کے متجددین کے قلمی معرکے اس کا کچھ بگاڑ سکتے ہیں۔ اندیشہ اگر ہے تو ملک وقوم کے بارے میں ہے کہ کہیں خدانخواستہ ہماری شامت اعمال کی بدولت ایوب خان کا آخری دور تو واپس نہیں آ رہا' اور کیا اسلامی مسلمات کی تحقیر اور علمائے اسلام کی تذلیل کسی نئے طوفان کا پیش خیمہ تو نہیں ہوگی۔ ہمیں معلوم ہے کہ حکومت آزادی قلم کا احترام کرتی ہے ' اور یہ سب کچھ اگر سرکاری آشیرباد سے نہ ہو تو آزادی قلم کا فیضان ہو سکتا ہے؟ لیکن سوال یہ ہے کہ اگر کوئی شخص حکومت کے خلاف نفرت پھیلانے کا مرتکب ہو تو اس کے ہاتھ سے قلم چھین لیا جاتا ہے۔ اور اگر کوئی شخص فوج میں بددلی پھیلانے کی جرات کرے تو اس کو آزادی قلم کے احترام کا مستحق نہیں سمجھا جاتا۔ آخر دین اسلام نے کسی کا کیا بگاڑا ہے کہ کوئی شخص اسلامی مسلمات کے خلاف کتنی ہی نفرت پھیلائے اس کی آزادی قلم میں کوئی فرق نہیں آتا۔ اور علمائے اسلام کی کتنی ہی سوقیانہ تحقیر کر لے وہ آزادی قلم سے محروم نہیں ہوتا۔ جس

ملک وقوم کا خدا ورسول' اسلام اور اہل اسلام کے ساتھ یہ رویہ ہو غور فرمایئے کہ اس کے ساتھ خدا تعالیٰ کا معاملہ کیا ہو گا۔

## سفید یا سیاہ عمامہ باندھنا کیسا ہے

س ...... حضرت میرا دوست جمعہ کے دن سفید یا کالا عمامہ پہنتا ہے اس سے کسی نے کہا کہ تم کب سے بریلوی بن گئے ہو' کیا عمامہ باندھنا بریلوی ہونے کی علامت ہے؟

ج ...... سفید یا سیاہ عمامہ پہن سکتے ہیں۔ البتہ شیعوں کے ساتھ مشابہت ہو تو سیاہ نہ پہنا جائے۔

## اخبارات میں چھپنے والے لفظ اللہ کا کیا کریں

س ...... اخبارات میں قرآنی آیات کے علاوہ ناموں کے ساتھ اللہ کا نام بھی ہوتا ہے ان کا کیا کیا جائے؟

ج ...... کاٹ کر محفوظ کر لیا جائے تو بہتر ہے۔

## "تمہارے قرآن پر پیشاب کرتی ہوں" کہنے والی بیوی کا شرعی حکم

س ...... میری بیوی نے مجھ سے کہا کہ میں تمہارے قرآن پر پیشاب کرتی ہوں اس واقعہ سے اس کے ایمان اور نکاح پر کیا اثر پڑا؟

ج ...... تمہاری بیوی ان الفاظ سے مرتد ہو گئی اور تمہارے نکاح سے نکل گئی۔ اگر وہ توبہ کرے تو ایمان کی تجدید کے بعد دوبارہ نکاح تم سے ہو سکتا ہے۔

## متبرک ناموں کو کس طرح ضائع کر سکتے ہیں

س ...... بہت سے مبارک نام جیسا کہ "اللہ"، "محمد"، ہم لکھتے ہیں اگر اس کاغذ کو اس طرح پھاڑا جائے کہ اس نام کے اجزاء ہو جائیں مثلاً کاغذ کے ایک ٹکڑے پر

"ا" دوسرے پر" لله" آجائے تو کیا ایسے کاغذ کو ضائع کر سکتے ہیں؟

ج ...... بہتر ہے کہ ان کو جمع کر کے کسی ڈبے میں ڈالتے رہیں اور پھر ان کو دریا برد کریں۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو پانی میں بھگو کر الفاظ مٹا دیں اور پانی کسی ادب کی جگہ ڈال دیں جہاں لوگوں کے پاؤں نہ آئیں۔

## امانت رکھی ہوئی رقم کا کیا کروں؟

س ...... میں کچھ عرصہ سے ایک الجھن میں ہوں آپ اس کا حل بتا کر ممنون احسان کر دیں، میں کم پڑھا لکھا ہوں میں جو آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں اس کا لب لباب نکال کر بہت جلد میری پریشانی دور فرما دیں۔ ۹ فروری ۱۹۷۹ء کو ایک شخص مجھ کو ڈھیر ساری رقم بطور امانت دے گیا، ۱۹۸۲ء کو میرے حالات اچانک بدل گئے حتیٰ کہ میں دو وقت کا کھانا پیٹ بھر کر کھانے کو بھی محتاج ہو گیا۔ کاروبار میں نقصان ہوا سب کچھ ختم ہو گیا۔ اب میرے خیالوں میں امانت کی ڈھیر ساری رقم محفوظ تھی جسے اپنے ذاتی کاروبار میں لا کر پھر کفالت کے قابل ہونا چاہتا تھا مگر پھر فوراً اپنا ارادہ اس خیال کی بنا پر بدل دیا کہ امانت میں خیانت ہوگی اور امانت میں خیانت کرنے والا کبھی نہیں بخشا جائے گا دنیا میں بھی سزا ملے گی اس سے بہتر ہے بھوکا مرجانا پھر میں اس آدمی کے پاس جاتا ہوں تاکہ اس کی امانت اسے لٹا دوں تاکہ ہمارے خیالات برے نہ ہوں یا پھر اس سے اجازت لے کر تھوڑی سی رقم بطور قرض حاصل کر لوں، گھر سے چل نکلا چونکہ وہ میرے گھر سے کافی فاصلے پر رہتا تھا یعنی دوسرے علاقے میں وہاں سے معلوم ہوا کہ وہ کچھ یوم قبل ہارٹ اٹیک ہونے سے فوت ہو گیا ہے اور اس کا دنیا میں کوئی رشتہ دار بھی نہیں ہے ماں، باپ، بہن بھائی کوئی بھی نہیں۔ ایسے میں میں اس رقم کا کیا کروں، شرعی احکام کی بنا پر ارشاد فرمائیں احسان عظیم ہو گا۔

ج ...... جس کا وارث نہ ہو اس کا ترکہ بیت المال میں داخل ہوتا ہے آپ چونکہ خود مستحق ہیں اس کو خود بھی رکھ سکتے ہیں اگر کوئی وارث نکل آیا تو اس کو دے دیجئے۔

## امانت میں ناجائز تصرف پر تاوان

س ...... میں نے اپنے ایک دوست محمد سلیم صاحب کو اپنے سالے کے ۳۰ ہزار روپے مضاربت کے لئے دینا چاہے جب میں ان کے پاس گیا تو وہ نہیں تھے ان کے بھائی محمد اسلم صاحب کو میں نے وہ روپے دیئے کہ بھائی کو دے دیں۔ ان کے پاس ایک آدمی آیا اور محمد اسلم نے وہ روپے بجائے بھائی کے اس کو دے دیئے وہ آدمی ابھی تک نہیں آیا کیونکہ وہ ٹھگ تھا۔ کیا ان روپوں کا تاوان محمد اسلم پر آئے گا؟

ج ...... یہ رقم محمد اسلم کے پاس امانت بن گئی جس میں اس نے ناجائز تصرف کرکے دوسرے شخص کو دے دی لہٰذا اس رقم کا تاوان محمد اسلم پر آئے گا۔

## پیپسی مرنڈا وغیرہ بوتلوں کا پینا کیسا ہے

س ...... آج کل ہمارے یہاں بازار میں پیپسی ' مرنڈا' ٹیم اور سیون اپ یہ چاروں مشروبات اس کے علاوہ دیگر مشروبات بہت مقبول ہیں خاص کر مندرجہ بالا یہ چار' کہنا یہ چاہتی ہوں کہ ایک مرتبہ پیپسی کی فیکٹری جانے کا اتفاق ہوا جہاں مجھے پتہ چلا کہ شکر اور چینی کا محلول تو پاکستان فیکٹری میں تیار ہوتا ہے لیکن ان مشروبات کا اصل جو بھی مادہ ہے وہ امریکہ سے آتا ہے واضح رہے کہ یہ مشروبات پوری دنیا میں یعنی تمام مسلم اور غیر مسلم ممالک میں بنتے ہیں فیکٹری والے کے کہنے کے مطابق پوری دنیا میں اصل مادہ امریکہ ہی سے آتا ہے اس ڈر سے کہ اس میں کوئی ملاوٹ نہ ہو لیکن یہ بہت بڑا مسئلہ ہے ہم لوگوں نے ان

مشروبات سے پرہیز کرنا شروع کر دیا ہے کیونکہ اب تو ہر جگہ ان ہی مشروبات سے تواضع کی جاتی ہے نہ پینے پر لوگ کیا سے کیا سمجھتے ہیں اور یہ جو اکثر چیزیں غیر ممالک کی ہوتی ہیں استعمال کر سکتے ہیں یا نہیں اور ان مشروبات کو استعمال کر سکتے ہیں یا نہیں۔

ج ...... میں تو ان مشروبات کو پیتا ہوں اگر کسی کو تحقیق ہو کہ یہ مشروبات ناپاک ہیں تو نہ پئے۔

## کیا مقروض آدمی سے قرض دینے والا کوئی کام لے سکتا ہے

س ...... انسان ایک دوسرے کے بغیر گزارہ نہیں کر سکتا خاص کر بھائی بہنوں، رشتہ داروں اور دوست احباب کے بغیر اب انہیں قرض دینے کے بعد بحالت مجبوری ان سے کوئی کام لے سکتے ہیں یا یہ سود ہو گا۔ ایک بزرگ کے بارے میں آتا ہے کہ کسی کو قرض دینے کے بعد دھوپ میں اس کے گھر کے سائے سے بچ کر گزرے اور فرمایا کہ یہ سود تھا۔ لیکن ہم درج بالا لوگوں کے بغیر کیسے گزارہ کریں؟

ج ...... اپنے عزیزوں اور رشتہ داروں سے جو کام قرض دیئے بغیر بھی لے سکتے ہیں ایسا کام لینا سود نہیں اور اگر یہ کام قرض کی وجہ ہی سے لیا ہے تو یہ بھی ایک طرح کا سود ہے، بزرگ کے جس قصہ کی طرف آپ نے اشارہ کیا ہے وہ بزرگ ہمارے امام ابو حنیفہؒ ہیں۔ مگر ان کا یہ عمل تقویٰ پر تھا فتویٰ پر نہیں۔

## لڑکیوں کی خرید و فروخت کا کفارہ

س ...... جو لوگ لڑکیاں فروخت کرتے ہیں ان میں لینے اور دینے والا دونوں پر جرم عائد ہوتا ہے یا نہیں۔ اگر کوئی توبہ کرنا چاہے تو کیا توبہ قبول ہو گی یا نہیں یا پھر کفارہ کیا ہے؟

ج ...... لڑکیوں کی خرید و فروخت سخت حرام اور گناہ کبیرہ ہے' جو لوگ اس میں مبتلا ہیں ان کو اس گھناؤنے عمل سے توبہ کرنی چاہئے' اور اللہ تعالیٰ سے اپنے گذشتہ گناہوں کی توبہ کرنی چاہئے۔ یہی توبہ و استغفار اس کا کفارہ ہے۔

## قطع رحمی کا وبال کس پر ہو گا؟

س ...... میں نے ایک حدیث میں پڑھا تھا کہ "جس نے اپنے مسلمان بھائی سے ایک سال تک تعلق توڑے رکھا گویا اس نے اسے قتل کر دیا"۔ عرض یہ ہے کہ اگر ایک شخص کسی سے زیادتی کرے تو یہ حدیث کس شخص پر ہے کہ اگر معلوم ہے تو وہ پہلے بولے گا یا یہ کہ جس سے زیادتی ہوئی کیا یہ گناہ دونوں پر ہو گا۔

ج ...... (۱) یہ حدیث صحیح ہے (مشکوۃ شریف ص ۴۲۸ میں ابو داؤد کے حوالے سے نقل کی ہے۔ ابو داؤد کے علاوہ مسند احمد اور مستدرک حاکم وغیرہ میں بھی ہے)

عن ابی خراش السلمی انہ سمع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من ھجر اخاہ سنۃ فھو کسفک دمہ، رواہ ابو داؤد— (مشکوۃ ص ۴۲۸)

ترجمہ: حضرت ابی خراش روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضور اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس شخص نے اپنے بھائی سے ایک سال تک تعلق توڑے رکھا اس نے گویا اس کو قتل کر دیا۔

مقصود اس حدیث سے قطع تعلق کے وبال سے ڈرانا ہے کہ وہ اتنا سنگین گناہ ہے جیسے کسی کو قتل کر دینا۔

(۲) دو شخصوں کے درمیان رنجش اسی وقت ہوتی ہے جبکہ ایک شخص دوسرے پر زیادتی کرے' اور جس شخص پر زیادتی ہوئی ہو ظاہر ہے کہ شرعی حدود میں رہتے ہوئے اس کو بدلہ لینے کا بھی حق ہے (بدلہ کی نوعیت اہل علم کے سامنے

پیش کرکے ان سے دریافت کر لیا جائے کہ یہ جائز ہے یا نہیں؟) اور طبعی طور پر رنج ہونا بھی لازم ہے۔ لیکن شریعت نے تین دن کے بعد ایسا رنج رکھنے کی اجازت نہیں دی کہ بول چال اور سلام دعا بھی بند رہے۔

(۳) جن دو شخصوں یا بھائیوں کے درمیان رنجش ہو ان کو چاہئے کہ تین دن کے بعد رنجش ختم کر دیں، اور جو شخص اس رنجش کو ختم کرنے میں پہل کرے وہ اجر عظیم کا مستحق ہو گا۔

(۴) اور جس شخص نے اپنے بھائی پر زیادتی کی ہو وہ اپنے بھائی سے معافی مانگے اور اس کی تلافی ہو سکتی ہو تو تلافی بھی کرے۔

(۵) اگر کوئی شخص ظالم ہے، ظلم و زیادتی سے باز نہیں آتا تو اس سے زیادہ میل جول نہ رکھا جائے۔ لیکن ایسا قطع تعلق نہ کیا جائے کہ سلام کلام بھی بند کر دیا جائے اور مرنے جینے میں بھی نہ جایا جائے۔ بلکہ جہاں تک اپنے بس میں ہو اس کے شرعی حقوق ادا کرتا رہے۔

(٦) یہ قطع تعلق اگر دنیوی رنجش کی وجہ سے ہو تو جیسا کہ اوپر لکھا گیا۔ گناہ کبیرہ ہے لیکن اگر وہ شخص بد دین اور گمراہ ہو تو اس سے قطع تعلق دین کی بنیاد پر نہ صرف جائز بلکہ بعض اوقات ضروری ہے۔

## والد کے چھوڑے ہوئے اسلامی لٹریچر کو پڑھیں۔ لیکن ڈائجسٹ اور افسانوں سے بچیں

س ...... تقریباً ڈھائی سال قبل میرے ابو کا انتقال ہو چکا ہے ہم سب بہن بھائیوں کو اپنے ابو سے شدید عقیدت و محبت تھی اور ہے۔ ہمارا گھرانہ مذہبی گھرانہ ہے اور ہم تمام بہن بھائی صوم و صلوۃ کے پابند ہیں اور اسلام کو ہی اپنے لئے ذریعہ نجات سمجھتے ہیں۔ اور ہم اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ "اولاد والدین کیلئے صدقہ جاریہ ہوتی ہے"۔ چنانچہ امکان بھر نیک اعمال کی کوشش کرتے ہیں

ہمارے ابو ایک علم دوست انسان تھے اس لئے ان کی لاتعداد کتابیں ہیں جن میں زیادہ تر اسلامی کتب قرآن کریم وغیرہ ہیں 'لیکن ان میں کچھ ڈائجسٹ وغیرہ (افسانوں کی کتابیں) بھی ہیں جو کئی درجن پر محیط ہیں۔ابو کی شدید عقیدت کی بنا پر ہم نے ابو کی ہر چیز کو بہت سنبھال کر رکھا ہوا ہے اور اس کے بالکل درست استعمال کی کوشش کرتے ہیں تاکہ اس کا اجروثواب ابو کو پہنچتا رہے لیکن ان ڈائجسٹوں کا معاملہ سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا کیا جائے کیونکہ عقیدت کی بنا پر کوئی بھی (بہن بھائی) ان کو ردی پیپر والے کو دینے کو تیار نہیں ہو گا بصورت دیگر یہ ڈائجسٹ گھر میں رہیں تو پھر ضرور کوئی نہ کوئی اس میں دلچسپی لے گا۔تو میں یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ اگر ان ڈائجسٹوں کو میرے بہن بھائیوں میں سے کوئی پڑھے تو اس کا پڑھنا گناہ تو نہیں ہو گا؟ یا اس کے پڑھنے یا اپنے پاس رکھنے سے میرے ابو کو کوئی تکلیف یا اذیت تو نہیں پہنچے گی؟

ج ...... ناول' افسانے اور ڈائجسٹ قسم کی چیزیں اگر فحش اور مخرب اخلاق نہ ہوں تو ان کا پڑھنا مباح ہے لیکن فی الجملہ اضاعت وقت ہے' اس لئے اگر کبھی تفریح کیلئے یہ چیزیں پڑھ لی جائیں تو گنجائش ہے لیکن نوعمر لڑکے لڑکیوں کو ان چیزوں کی چاٹ لگ جائے تو وہ حد اعتدال سے نکل جاتے ہیں اور ضروری مشاغل کو چھوڑ کر انہی کے ہو رہتے ہیں اس لئے نوجوانوں کو ان سے بچنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔

چونکہ آپ کے والد ماجد اپنے بچوں کیلئے ان کا پڑھنا پسند نہیں کرتے تھے' اسلئے بہتر ہو گا کہ ان کو گھر میں رکھا ہی نہ جائے۔والد ماجد کے ساتھ آپ لوگوں کی عقیدت و محبت کا تقاضا یہ نہیں کہ آپ ان ڈائجسٹوں کو بھی سنبھال کر رکھیں۔بلکہ صحیح تقاضا یہ ہے کہ ان کو گھر سے نکال دیں۔خواہ ضائع کر دیں یا فروخت کر دیں' آپ گھر رکھیں گے یا پڑھیں گے تو آپ کے والد ماجد کو روحانی اذیت ہوگی۔

## پاکی کے لئے ٹشو پیپر کا استعمال

س ..... کیا پیشاب خشک کرنے کے لئے یا دوسری نجاست کو صاف کرنے کے لئے ڈھیلوں کی جگہ آج کل بازار میں عام طور پر Toilet Tissue Paper کو استعمال کیا جاتا ہے جائز ہے؟ اگر کاغذ کے استعمال کے بعد پانی سے صفائی کر لی جائے تو صفائی مکمل ہوگی یا نہیں.....؟

ج ..... جو کاغذ خاص اسی مقصد کے لئے بنایا جاتا ہے اس کا استعمال درست ہے اور اس سے صفائی ہو جائے گی۔

## توبہ بار بار توڑنا

س ..... میں ایک بیماری میں مبتلا ہوں کئی دفعہ توبہ کر کے توڑ چکا ہوں' کیا میرے بار بار توبہ توڑنے کے بعد بھی میری توبہ قبول ہوگی؟

ج ..... سچے دل سے توبہ کر لیجئے۔ حق تعالیٰ ہمارے گناہوں کو معاف فرمائیں' سو سال کا کافر بھی بارگاہ الٰہی میں توبہ کرے تو اللہ تعالیٰ معاف فرما دیتے ہیں' اس لئے مایوس نہ ہونا چاہئے' باقی بیماری کا علاج کراتے رہیں اللہ تعالیٰ شفا عطا فرمائیں۔

## گالیاں دینے والے بڑے میاں کا علاج

س ..... ہمارے محلہ میں ایک صاحب جو بوڑھے ہیں مسجد میں بعض اوقات گالیاں دینے لگتے ہیں کیا ایسے شخص کو جواباً کچھ کہنا جائز ہے؟

ج ..... بڑے میاں ضعف کی وجہ سے مجبور ہیں۔ ان کے سامنے کوئی بات ایسی نہ کی جائے کہ ان کو غصہ آئے۔

## عملی نفاق

س ..... کئی لوگ جو ظاہر سے تو بہت نیک ہیں تبلیغ میں بھی جاتے ہیں۔ لیکن اس

مبارک کام کی آڑ میں غلط حرکتیں کرتے ہیں، کیا ایسے لوگ حدیث کی روشنی میں منافق ہیں؟

ج ...... عملی نفاق ہے۔

## علم الاعداد سیکھنا اور اس کا استعمال

س ...... میں نے شادی میں کامیابی وناکامی معلوم کرنے کا طریقہ سیکھا ہے، جو اعداد کے ذریعہ نکالا جاتا ہے۔ اس کی شرعی حیثیت کیا ہے کیونکہ غیب کا علم تو صرف اللہ کو ہے؟

ج ...... غیب کا علم جیسا کہ آپ نے لکھا ہے اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو نہیں۔ اس لئے علم الاعداد کی رو سے جو شادی کی کامیابی یا ناکامی معلوم کی جاتی ہے یا نومولود کے نام تجویز کئے جاتے ہیں یہ محض اٹکل پچو چیز ہے۔ اس پر یقین کرنا گناہ ہے۔ اس لئے اس کو قطعا استعمال نہ کیا جائے۔

## حضور ﷺ نے فتح مکہ کے بعد مکہ کو وطن کیوں نہیں بنایا؟

س ...... آنحضرت ﷺ نے ہجرت مدینہ کی طرف فرمائی لیکن جب فاتح کی حیثیت سے مکہ میں داخل ہوئے تو وہاں مستقل رہائش کیوں اختیار نہیں کی؟

ج ...... مہاجر کے لئے اپنے پہلے وطن کا اختیار کرنا جائز نہیں ورنہ ہجرت باطل ہو جاتی ہے۔

## فلور مل والوں کا چوری کی گندم کا آٹا بنا کر بیچنا نیز اس میں شریک ملازمین کا حکم

س ...... میں ایک پرائیوٹ فلور مل میں ملازم ہوں۔ میری ڈیوٹی گندم کے ان سرکاری

گوداموں پر ہے جو فلور ملوں کو اپنے کوٹے کے مطابق گندم فراہم کرتے ہیں۔ محترم مفتی صاحب ان سرکاری گوداموں سے ہم جس وقت ملوں کو گندم فراہم کرتے ہیں تو گودام کا اے ایف سی جو کہ سرکاری ملازم ہے ہر گاڑی کو وزن کرتے وقت چالیس سے ساٹھ ستر کلوگرام تک گندم کاٹتا ہے۔ اس بات کا علم تمام مل مالکان کو ہے اور وہ اس بات پر تقریباً راضی بھی ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ ان سرکاری گوداموں سے اے ایف سی حضرات چوری چھپے کئی کئی ٹرک گندم پرائیویٹ ریٹ پر ملوں کو فراہم کرتے ہیں اور یہ رقم سرکاری خزانے میں جمع کرنے کی بجائے سرکاری اہلکار آپس میں تقسیم کر لیتے ہیں۔ اب جناب سے اس مضمون کی مناسبت سے چند مسائل پوچھ رہا ہوں۔ امید ہے تفصلی جوابات عنایت فرمائیں گے۔

س...... کیا مل مالکان ان سرکاری ملازموں سے جو چوری چھپے گندم بیچتے ہیں پرائیویٹ ریٹ پر یہ گندم خرید سکتے ہیں؟

ج...... یہ تو ظاہر ہے کہ سرکاری ملازمین محض گورنمنٹ کے نمائندے ہیں لہذا ان کا سرکاری گوداموں کے غلہ کو چوری چھپے بیچ دینا جائز نہیں اور نہ مل والوں کو چوری کا مال خریدنا جائز ہے۔ یہ لوگ معمولی منفعت کے لئے اپنی روزی میں حرام ملاتے ہیں اور اپنی آخرت تباہ کرتے ہیں۔ چور کی سزا شریعت نے ہاتھ کاٹنا رکھی ہے۔ جب ان کے گناہ پر ان کو سزائیں ملیں گی تو اس وقت کوئی ان کا پرسان حال نہیں ہوگا اور جو مل مالکان اس خیانت میں شریک ہیں ان کو بھی برابر سزا ملے گی۔

س...... مل مالکان اگر اس گندم کو خرید کر مل میں پسائی کر کے آٹے کی صورت میں بیچیں تو کیا ان کی یہ کمائی حلال ہے یا حرام؟

ج...... اگر مل مالکان کو یہ علم ہے کہ یہ چوری کا مال ہے تو ان کے لئے نہ پیسنا حلال ہے نہ اس کی اجرت حلال ہے۔

س......میں بحیثیت مل ملازم اس گندم کو گاڑیوں میں لوڈ کر کے وزن کرا کر مل کو سپلائی کرتا ہوں۔ مجھے مل سے ماہانہ صرف اپنی تنخواہ ملتی ہے یا بعض ملازمین کو فی لوڈ اپنا کمیشن ملتا ہے۔ کیا ہمارے لئے یہ تنخواہ یا کمیشن حلال ہوا یا حرام؟

ج......اگر آپ کے علم میں ہے کہ یہ چوری کا مال گاڑی پر لادا جا رہا ہے تو آپ بھی شریک جرم ہیں۔ اور قیامت کے دن اس کے محاسبہ سے بری الذمہ نہیں ہو سکتے۔

س......جو گاڑیاں اس گندم کو لوڈ کر کے ملوں کو پہنچاتی ہیں اور فی لوڈ اپنا کرایہ وصول کرتی ہیں کیا ان کے لئے یہ کرایہ حلال ہے یا حرام؟

ج......اگر معلوم ہے کہ یہ حرام کا غلہ ہے تو گاڑی والے کے لئے اس کا اٹھانا بھی حلال نہیں اور اگر ان کو معلوم نہیں کہ یہ چوری کا مال ہے تو معذور ہیں۔

س......جو مزدور اس گندم کو لوڈ کرتے ہیں اور پھر ملوں میں اتارتے ہیں یہ لوگ فی بوری اپنا کمیشن لیتے ہیں کیا یہ کمیشن ان کے لئے حلال ہے یا حرام؟

ج......اس کا حکم بھی وہی ہے کہ اگر وہ چوری کا مال گاڑی پر اٹھا رہے ہیں یا اتار رہے ہیں تو وہ بھی شریک جرم ہیں ورنہ لاعلمی کی بنا پر معذور ہیں۔

وصلی اللہ تعالٰی علٰی خیر خلقہ محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین.

# آپ کے مسائل اور اُن کا حل ایک نظر میں

**جلد اوّل**

عقائد، اجتہاد و تقلید، محاسن اسلام، غیر مسلم سے تعلقات، غلط عقائد رکھنے والے فرقے، جنت و دوزخ، توہم پرستی

**جلد دوم**

وضو کے مسائل، غسل و تیمم، پاکی سے متعلق عورتوں کے مسائل، نماز کے مسائل، جمعہ و عیدین کے مسائل

**جلد سوم**

نماز تراویح، نفل نمازیں، میت کے احکام، قبروں کی زیارت، ایصال ثواب، قرآن کریم، روزے کے مسائل۔ زکوٰۃ کے مسائل، منت و صدقہ

**جلد چہارم**

حج و عمرہ کے مسائل، زیارت روضۂ اطہر، مسجد نبوی، مدینہ منورہ، قربانی، عقیقہ، حلال اور حرام جانور، قسم کھانے کے مسائل

**جلد پنجم**

شادی بیاہ کے مسائل، طلاق، خلع، عدت، نان و نفقہ، پرورش کا حق، عائلی قوانین وغیرہ۔

**جلد ششم**

تجارت یعنی خرید و فروخت اور محنت و اجرت کے مسائل، قسطوں کا کاروبار، قرض کے مسائل، وراثت اور وصیت

**جلد ہفتم**

ہم تصویر، داڑھی، جسمانی وضع قطع، لباس، کھانے پینے کے شرعی احکام، والدین، اولاد اور پڑوسیوں کے حقوق، تبلیغ دین، کھیل کود، موسیقی، رقص، خاندانی منصوبہ بندی، تصوف

**جلد ہشتم**

پردہ، اخلاقیات، رسومات، معاملات، سیاست، تعلیم اور وظائف، جائز و ناجائز، جہاد اور شہید کے احکام

**جلد نہم**

ڈارون کا نظریہ اور اسلام، اعضاء کی پیوندکاری، خودکشی سے بچانے کے لئے تین طلاق کا حکم، کنٹیکٹ لینس کی صورت میں وضو کا حکم، القرآن ریسرچ سینٹر کا شرعی حکم وغیرہ۔

**جلد دہم**

مجوزہ شق قرآن کے مفاہیم کے بارے میں، مدارس و مساجد کی رجسٹریشن کا حکم، علمی دنیا سے معاشرتی بگاڑ، مسئلہ حیات النبی ﷺ


**مکتبہ لدھیانوی**

18 - اسلام کتب مارکیٹ بنوری ٹاؤن کراچی

دفتر ختم نبوت پرانی نمائش ایم اے جناح روڈ کراچی

فون: 7780337 فیکس 7780340